ISSN: 2394-5567

S.No. 28

Vol.:12, Issue: 1

Impact Factor: 5.0 (IIFS)

دبیر

جنوری - مارچ ۲۰۲۵م

مدیر اعلیٰ

احمد نوید یاسر ازلان حیدر

S. No. 28

DABEER

January-March 2025

ISSN: 2394-5567

S.No. 28

Vol.:12, Issue: 1

Impact Factor: 5.0 (IIFS)

DABEER

January – March 2025

Chief Editor

Ahmad Naved Yasir Azlan Hyder

ISSN:- 2394-5567 (UGC Care Listed) Impact Factor: 5.0 S.No. 28

بخواندم یکی مرد هندی دبیر سخن گوی و گوینده و یادگیر (فردوسیؔ)

دبیر

(بین الاقوامی پئیر ریویوڈ ریفیر یڈ سہ ماہی ادبی و تحقیقی جریدہ)

جلد:۔۱۲ شمارہ:۔۱

جنوری۔مارچ ۲۰۲۵ء

☆ایڈیٹر☆

احمد نوید یاسر ازلان حیدر

Mob. no. 09410478973

☆مراسلت کا پتہ☆

دبیر حسن میموریل لائبریری

۱۲۔چودھری محلّہ (جنوبی)، کاکوری، لکھنؤ۔۲۲۶۱۰۱

dabeerpersian@rediffmail.com

website: www.dabeerpersian.co.in

☆ریویو کمیٹی☆

پروفیسر آذرمی دخت صفوی، علی گڑھ

پروفیسر شریف حسین قاسمی، دہلی

پروفیسر مسعود انور علوی کاکوروی، علی گڑھ

پروفیسر عمر کمال الدین کاکوروی، لکھنؤ

پروفیسر طاہرہ وحید عباسی، بھوپال

پروفیسر مظہر آصف، نئی دہلی

☆ایڈیٹوریل بورڈ☆

پروفیسر سید حسن عباس، شعبہ فارسی، بی ایچ یو، وارانسی

پروفیسر سید محمد اسد علی خورشید، شعبہ فارسی، اے ایم یو، علی گڑھ

پروفیسر علیم اشرف خان، شعبۂ فارسی، دہلی یونیورسٹی، دہلی

پروفیسر سید محمد اصغر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

پروفیسر شاہد نوخیز اعظمی، ڈائرکٹر، مرکز مطالعات اردو ثقافت، مانو، حیدرآباد

ڈاکٹر محمد عقیل، شعبہ فارسی، دانشگاہ ھندوی، بنارس

ڈاکٹر محمد احتشام الدین، مرکز تحقیقات فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ڈاکٹر افتخار احمد، شعبۂ فارسی، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

ڈاکٹر محمد قمر عالم، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ڈاکٹر انجمن بانو صدیقی، شعبہ فارسی، کرامت کالج، لکھنؤ

☆جوائنٹ ایڈیٹرس☆

ڈاکٹر محمد توصیف خان کاکر، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

ڈاکٹر عاطفہ جمال، پی ایچ ڈی، شعبۂ فارسی، لکھنؤ یونیورسٹی، لکھنؤ

Indexed in:

فہرست مندرجات

	عنوان	مقالہ نگار	صفحہ
۱	اداریہ	ازلان حیدر	4
۲	لب لباب مثنوی از واعظ کاشفی: ایک تعارف	ڈاکٹر نکہت فاطمہ	5
۳	طبقات ناصری: ایک مطالعہ	ڈاکٹر زرینہ خان	14
٤	رومی کی شاعری میں محبت انسان دوستی اور عالمی......	ڈاکٹر محمد قمر عالم	20
٥	مہدی اخوان ثالث کی نظم کتیبہ کا تجزیاتی مطالعہ	ڈاکٹر علی اصغر	30
٦	مثنوی دول راں ی خضر خاں میں ہندوستانی تہذیب......	ڈاکٹر ناہید زہرا	41
۷	مفتی صدرالدین آزردہ کی فارسی غزلیات............	ڈاکٹر یاسر عباس	48
۸	دہلی کی تاریخی مساجد کے فارسی کتبے	ڈاکٹر محمد رضا اظہری	55
۹	داراشکوہ: عرفانی تفکر اور دینی رواداری	ڈاکٹر شاہنواز شاہ/ ڈاکٹر نصرت رشید	66
۱۰	عہد ساسانی کے مختلف مذاہب اور ان کی صورت	ڈاکٹر عمر خلیق	71
۱۱	فرشتہ مولوی کا معروف افسانہ کلاغ ہندی اور............	ڈاکٹر فرح پروین	77
۱۲	امیر خسرو دہلوی بحیثیت قصیدہ گو شاعر	علی زاہد ملک	82
۱۳	مولانا ضیاءالدین اصلاحی اور معارف کے شذرات	وصی الرحمٰن نعمانی	91
۱٤	طالب آملی کی شاعری میں کشمیر کا ذکر	محمد افضل زیدی	97
۱٥	فارسی زبان و ادب کی پیشرفت میں شاہ میری سلاطین......	محمد اقبال بابا	104
۱٦	حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی............	محفوظ احمد پوسوال	114
۱۷	ڈوگرہ دور کشمیر سے پہلے کی فوجی میراث کا تاریخی جائزہ	زاہد اقبال شیخ	120
	دکنیات		
۱۸	فتوح السلاطین: ہندوستانی تاریخ کا ایک اہم مآخذ	ڈاکٹر سید تصور مہدی	126
	شخصیات		
۱۹	پروفیسر عبالغفار انصاری	پروفیسر رضوان اللہ آروی	133
	چشم بینش		
۲۰	مثنوی بینش الابصار: ایک تحقیقی وتنقیدی جائزہ	زیب النساء	150

اداریہ

ادب، انسان کے دل ودماغ کی وہ ندی ہے جو فکر وخیال کو صاف وروشن کرتی ہے، ادب ہر عہد کے فکری، تہذیبی اور روحانی میلانات کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ فارسی ادب، اس ندی کی سب سے پر بہاؤ دھارا ہے، اور اس درخشاں روایت کا تسلسل ہے جس نے برصغیر اور ایران ہی نہیں، بلکہ پورے مشرق کی فکری وادبی زمین کو زرخیز کیا۔ یہ وہ ادب ہے جس میں عشق، معرفت، اخلاق، حکمت اور انسان دوستی کی خوشبو بسی ہوئی ہے۔ موجودہ زمانے میں جب مادیت پسندی اور ثقافتی انحطاط کی آندھیاں چل رہی ہیں، ایسے میں فارسی ادب کی معنوی اور فکری وراثت کی از سرِ نو بازیافت نہایت ضروری ہے۔ اسی مقصد کے پیشِ نظر جریدہ ''دبیر'' اپنی یہ کاوش پیش کررہا ہے تاکہ علمی تحقیق، تنقید اور تخلیقی اظہار کے ذریعے اس زبان وادب کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا جاسکے۔

اس شمارے میں شامل مضامین ومقالات اہلِ علم وتحقیق کی ان کوششوں کا مظہر ہیں جو فارسی ادب کی روایت، اس کے ادبی سرمائے اور فکری جہات کو نئے تناظر میں سمجھنے کی سعی کرتے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ مضامین نہ صرف محققین وطلبہ کے لیے رہنمائی کا ذریعہ بنیں گے بلکہ عام قارئین میں بھی فارسی ادب سے محبت وشغف کو تازہ کریں گے۔ اگر موضوعات کی بات کی جائے تو کلاسیکی ادب سے: لب لباب، طبقات ناصری، دہلی کے کتبہ جات، داراشکوہ، ساسانی عہد کے مختلف مذاہب، طالب آملی، شاہ میری سلاطین، ڈوگرہ سلاطین اور نظام الدین اولیاء۔ پر مقالات شامل شمارہ ہیں وہیں عہد جدید کی بات کی جائے تو۔ مہدی اخوان ثالث اور فرشتہ مولوی پو مقالے بھی فارسی ادب کے اس جریدہ کو قدیم وجدید کا امتزاج بنارہے ہیں۔ جریدہ کے گوشہ دکنیات میں ''فتوح السلاطین: ہندوستانی تاریخ کا ایک اہم آخذ'' شامل ہے۔ گوشہ شخصیات میں پروفیسر رضوان اللہ آروی کی بہار کے اساتذہ سیریز سے اس مرتبہ ''پروفیسر عبدالغفور انصاری'' شامل ہوا ہے۔ اور چشم بینش میں ''مثنوی بینش الابصار'' تنقیدی تجزیہ پیش کیا گیا ہے۔

اسی طرح انگریزی مقالات کی طویل فہرست شامل شمارہ ہے جس میں ۲۷ مقالات شائع کئے جارہے ہیں جو کہ فارسی ادب، تاریخ، فلسفہ، اسلامیات اور تعلیمات جیسے موضوعات پر ہیں۔ میں اپنے تئیں تمام اہل قلم جو کہ جریدہ کو اپنی علمی کاوشوں سے تعاون کرتے رہتے ہیں اور تمام قارئین جو کہ اس شائع ہونے کے منتظر رہتے ہیں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ دعاؤں کی درخواست!

ازلان حیدر

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

ڈاکٹر نکہت فاطمہ*

لب لباب مثنوی از واعظ کاشفی: ایک تعارف

گر عشق نبودی و غم عشق نبودی   چندین سخن نغز که گفتی که شنودی

ملا کمال الدین حسین واعظ کاشفی نویں صدی ہجری کے ایران کے اہم علماء اور مصنفین میں شمار کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے مختلف کتابوں اور تالیفات کے ذریعے فارسی و عربی زبان و ادب پر گہرا اثر ڈالا۔ وہ شہر سبزوار میں پیدا ہوئے، وہیں سے اپنی تعلیم کا آغاز کیا اور اپنے زمانے کے اکابر علماء کی صحبت میں رہ کر کسب فیض کیا۔ کاشفی کو زیادہ تر ایک واعظ اور مفسر قرآن کے طور پر جانا جاتا ہے۔ اپنی تقاریر کی غیر معمولی مہارت اور گہری دینی علم کی وجہ سے وہ ''واعظ کاشفی'' کے نام سے مشہور ہوئے۔ انہیں 'البیہقی' اور 'ہروی' کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ وہ مشہد اور نیشاپور بھی گئے۔ ملا حسین واعظ کاشفی نے اپنی باقی زندگی ہرات میں گزاری اور وہیں ان کی وفات ہوئی۔ ان کی آرامگاہ ہرات میں واقع ہے، اور آج بھی انہیں ایک اہم دینی اور ادبی شخصیت کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔

ملا حسین کاشفی نے دینی علوم کے علاوہ دیگر علوم و فنون میں بھی تعلیم حاصل کی۔ انہوں نے اپنی نوجوانی کے دوران ریاضی اور خوشنویسی سیکھی اور اس کے بعد عرفانی اور فلسفیانہ علوم کی طرف متوجہ ہوئے۔ وہ مختلف علوم میں اس قدر ماہر تھے کہ ان کے ہم عصر بڑے علما نے انہیں اپنے دور کے تمام علوم میں سرآمد قرار دیا۔

خواند میر کتاب حبیب السیر میں کاشفی کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"در علم نجوم و انشا بی مثل زمان خود بود و در سایر علوم نیز با امثال وا قران دعوی برابری می نمودو به آواز خوش و صوت دلکش با سر وعظ و نصیحت می پرداخت و به عبارات لایقه و اشارات رایقه معانی آیات بینات کلام الٰهی و غوامض اسرار احادیث حضرت رسالت پناهی را مبین می ساخت۔" (حبیب السیر، ج۴،ص۲۴۵)

سید نوراللہ شوستری کاشفی کو ایک فاضل اور جامع العلوم، دینی عالم قرار دیتے ہیں۔ ان کے مطابق کاشفی علم جفر، کیمیا گری اور نجوم میں مہارت رکھتے تھے اور ان کی گفتگو نہایت دلنشین اور مؤثر تھی۔

"مجموعه علوم دینی و سفینه معارف یقینی از علوم غربیه مانند جفر و تکسیر و سیمیا آگاه بودو در فن نجوم صاحب دستگاه بود۔ نفسی با تأثیر و عبارتی دلپذیر داشت در

LUB-E-LUBAB MASNAVI AZ WAIZ KASHFI: EK TAARUF (Pg.No. 5 TO 13)
DR. NIKHAT FATIMA, ASSOCIATE PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN, SCHOOL OF LANGUAGES, IINGUISTICS AND INDOLOGY,
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY, LUCKNOW CAMPUS, LUCKNOW

بلاغت فصیح عهد و مسیح مهد و سحبان زمان و حسان بود۔' (مجالس المؤمنین،ص ۵۴۷)

دینی اور فلسفیانہ علوم کے علاوہ وہ شاعری میں بھی مہارت رکھتے تھے، اور اسی وجہ سے انہیں ' کاشفی ' تخلص دیا گیا۔

واعظ کاشفی نے فارسی اور عربی میں تقریباً ۳۷ کتابیں مختلف علوم وفنون مثلاً اخلاق، تاریخ، تفسیر، حدیث، سلوک، تصوف، نجوم، ریاضیات، فقہ میں تحریر کیں۔ ان کی تصانیف محض دینی موضوعات تک محدود نہیں، بلکہ ان کی نثر کا انداز اور ان کے سماجی واخلاقی خیالات بھی اہل ادب اور محققین کے لیے نہایت دلچسپ اور قابل مطالعہ ہیں۔ انہوں نے اپنی کتابوں کے ذریعے اخلاقی، عرفانی اور اسلامی مفاہیم کی ترویج میں نمایاں کردار ادا کیا۔ انہوں نے اپنی خطابت اور تحریری مہارت کو بروئے کار لاکر دینی تعلیمات کو سادہ اور عام فہم انداز میں قارئین اور سامعین تک پہنچایا۔ ان کی تصانیف آج بھی دینی، اخلاقی اور ادبی موضوعات پر اہم مآخذ سمجھی جاتی ہیں اور فارسی ادب کی تاریخ میں ایک منفرد مقام رکھتی ہیں۔ ان کی چند نمایاں تصانیف درج ذیل ہیں:

جواہر التفسیر: یہ کتاب قرآن کریم کی تفسیر پر مبنی ہے، جس میں کاشفی نے آیات قرآنی کی تشریح کے ساتھ ساتھ عرفانی اور اخلاقی مفاہیم بھی بیان کیے ہیں۔ اس کتاب کی سادہ اور واضح نثر کی وجہ سے یہ عام لوگوں اور دینی علما میں مقبول رہی ہے۔

اخلاق محسنی: یہ کتاب کاشفی کی مشہور تصانیف میں سے ایک ہے، جس میں اخلاقی اور تربیتی موضوعات پر بحث کی گئی ہے۔ کاشفی نے اس تصنیف میں کہانیوں اور حکایات کے ذریعہ اخلاقی درس دینے کی کوشش کی ہے جو قاری کے لیے نہایت سبق آموز ہیں۔

روضۃ الشہداء: یہ کتاب کاشفی کی مشہور تصانیف میں سے ایک ہے، جو واقعہ کربلا اور امام حسینؑ کی شہادت کے بارے میں لکھی گئی ہے۔ کاشفی نے اس کتاب میں سادہ اور مؤثر زبان استعمال کرتے ہوئے اس تاریخی سانحے کو بیان کیا ہے، جو قاری کے دل میں گہرے جذبات پیدا کرتا ہے۔ یہ کتاب ایرانی ثقافت میں مجالس روضہ خوانی کے لیے ایک اہم ماخذ سمجھی جاتی ہے۔

فتوت نامہ سلطانی: یہ کتاب فتوت اور جوانمردی کے موضوع پر لکھی گئی ہے، جس میں اخلاقی اصولوں اور بہادری کے بنیادی نکات بیان کیے گئے ہیں۔ کاشفی نے اس کتاب کے ذریعے قاری کو سکھانے کی کوشش کی ہے کہ ایک بااخلاق اور باعہد زندگی کس طرح گزاری جائے۔

اس کے علاوہ کاشفی کی دیگر تصانیف میں انوار سہیلی، مواہب علیہ، لباب معنوی فی انتخاب، مثنوی مخزن الانشاء، اختیارات نجوم، آئینہ سکندری، اسرار قاسمی معروف ہیں، جو ان کے علمی ورثے کا حصہ ہیں۔ اس مقالہ میں ان کی معروف تصنیف 'لب لباب مثنوی' کا تعارف پیش کیا جائے گا۔

مثنوی معنوی کے کئی تراجم، شرحیں اور خلاصے لکھے گئے۔ کتاب 'لب لباب مثنوی'، مثنوی معنوی کا ایک خلاصہ اور تلخیص ہے، جسے کاشفی نے اپنی خاص مہارت اور ذوق کے ساتھ تحریر کیا ہے۔ اس تلخیص میں انہوں نے مثنوی معنوی کو مختلف

موضوعات میں تقسیم کیا اور ہر حصے کو اسی سے متعلقہ اشعار کے ذریعے بیان کیا۔

لب لباب معنوی کے مقدمہ میں استاد سعید نفیسی مثنوی معنوی رومی کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار ان الفاظ میں کرتے ہیں:

”کتابیست در شش دفتر شامل ۲۵۶۳۲ بیت که هفتصد و چهل سالست از کنار دریای روم گرفته تا کنار رود گنگ بر همه اندیشها حکمرانی می کند۔نسخه ها از آن برداشته اند شرحها بر آن نوشته اند، چاپها از آن کرده اند، ترجمه ها از آن کرده اند، خلاصه ها از آن پرداخته اند۔ یکی می خواند و بر اوراق آن می گرید یکی زمزمه می کند و بر اشعار آن دست می افشاند و پای می کوبد۔ یکی در نماز و طاعت آن را با راز و نیاز خود جفت می کند، یکی به اشعار آن مثل می زند، دیگری سخن آن را گواه خود می آورد۔ یکی را می خنداند، دیگری را می گریاند۔ خدا داند که این کتاب چه شورها در جهان افگنده و چه شورها را فرونشانده است۔“ (لب لباب مثنوی، مقدمہ، ص ب)

لب لباب مثنوی جو کہ مثنوی معنوی کا ایک مختصر خلاصہ تھا، بزرگان طریقت اور کاشفی کے صوفی دوستوں کی درخواست پر مرتب کی گئی۔ یہ کتاب پہلی بار ۱۳۱۹ھ ش میں تہران میں استاد سعید نفیسی کے مقدمہ کے ساتھ شائع ہوئی، جو حاج سید نصر اللہ تقوی کی لائبریری میں محفوظ ایک قدیم اور مستند خطی نسخہ سے نقل کی گئی تھی۔اس کے بعد یہ کتاب کئی بار شائع ہوئی، جن میں بنگاہ افشاری کی اشاعت بھی شامل ہے، جس نے ۱۳۸۳ھ ش میں اس کا دوسرا ایڈیشن شائع کیا۔اس کا تازہ ترین ایڈیشن ۱۳۸۶ھ ش میں مؤسسہ فرہنگی صراط نے شائع کیا۔

استاد نفیسی کے مطابق یہ کتاب مثنوی معنوی کے بہترین خلاصوں میں سے ایک ہے۔وہ لکھتے ہیں:

”خلاصه های بسیار با سلیقه های گوناگون و در زمانهای مختلف از مثنوی پرداخته اند، اما تردیدی نیست که بهترین خلاصه لب لباب معنوی است که دانشمند نامی سده نهم ایران کمال الدین واعظ کاشفی پرداخته است۔“ (ایضاً)

لب لباب مثنوی میں مثنوی معنوی کو منتخب اور خلاصہ شدہ انداز میں پیش کرنے کی دو وجوہات تھیں:

مثنوی معنوی ایک بہت طویل اور وسیع کتاب ہے، جس سے مکمل استفادہ صرف عارفوں اور اہل کمال کے لیے ممکن ہے۔بعض دوستوں اور رفقاء نے کاشفی سے درخواست کی کہ وہ مثنوی کے اہم نکات کا انتخاب کریں تاکہ ابتدائی سالکین اور راہ حقیقت کے مسافر بھی اس سے مستفید ہو سکیں۔

کتاب لب لباب مثنوی کو منظم انداز میں ایک نئی ساخت میں ترتیب دیا گیا ہے۔ملا حسین واعظ کاشفی نے اس کتاب کو تین بنیادی حصوں پر تقسیم کیا ہے، جنہیں 'عین' کہا جاتا ہے۔ ہر 'عین' مزید 'نہر' پر مشتمل ہے اور ہر 'نہر' مزید 'رشحہ' (چھوٹے نکات اور تفصیلات) میں تقسیم کیا گیا ہے۔مجموعی طور پر، کتاب میں ۳ عین، ۱۶ نہر اور ۸۷ رشحات شامل ہیں۔

کاشفی نے اس کتاب میں قاری کو' ای درویش 'یا' ای عزیز' کہہ کر مخاطب کیا ہے۔ مثلاً:

ای درویش غفلت است که آدمی را از رزاق حقیقی غافل می سازد ---" (ایضاً،ص۳۰۱)

"ای درویش دل آئینه جمال دوستست هر آئینه باید که صاف باشد تا روی در او نماید و آئینه تیره هیچ چیز را نشاید و هیچ کار نیاید" (ایضاً،ص۳۶۰)

وہ لب لباب مثنوی کا آغاز اس شعر سے کرتے ہیں:

نام این لب لباب معنویست　　　　انتخاب از انتخاب مثنویست

مناجات اور نعت کے بعد مثنوی کی تعریف و توصیف بیان کی ہے۔ ضیاء الحق حسام الدین کی صفت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ضیاء الحق والدین حسن بن محمد بن حسن المعروف به ابن اخی الترك قدس الله روحه که باعث نظم مثنوی مولوی مستدعی مقال معنوی او بوده کما اشار قدس سره

ای ضیاء الحق حسام الدین توئی　　　　که گذشته از مه بنورت مثنوی
همت عالی تو ای مرتجی　　　　می کشد این را خدا داند کجا
مثنوی را چون تو مبداء بوده ای　　　　گر فزون گردد تو اش افزوده ای
بیشکی مقصود من زین مثنوی　　　　ای ضاء الحق حسام الدین توئی

(ایضاً، ص ۲۰)

عین اول' در بیان حقایق اطوار شرع مبین و دین متین ورحیق تحقیق' کو ۲ نہر میں تقسیم کیا ہے- نہر اول' در بیان ایمان وشہادت وتحقیق عبادت وسلبیل لطائف' میں ۳ رشحات ہیں، جن میں ایمان شہادت اور عبادت کا ذکر کیا ہے۔ رشحہ اول میں ایمان کے بیان میں کاشفی لکھتے ہیں:

"ایمان تصدیق به اعتقاد بود و تحقیق به اجتهاد و چون سالك به اعتقاد تصدیق کند و در اجتهاد تحقیق نماید مومن حقیقی باشد۔ (ایضاً، ص۲۲)

نہر دوم' در بیان طہارت وصفت نماز وروزہ وزکوۃ وحج وجہاد' میں ۶ رشحات ہیں۔ اس نہر کے پانچویں رشحہ میں حج کے بارے میں لکھتے ہیں:

"و آن دو نوع است یکی قصد کوی دوست و آن حج عوام است و یك میل روی دوست و آن حج خاص انام است و چنانچه در ظاهر کعبه ایست قبله خلق و آن از آب و گل است، در باطن نیز کعبه ایست منظور نظر حق و آن دل صاحبدل است۔ اگر کعبه گل محل طواف خلایقست کعبه دل مطاف الطاف خالق است۔ آن مقصد زوار است و این محیط انوار، آنجا خانه است و اینجا خداوند خانه۔ چنانچه حضرت مولوی فرماید:

ای قوم به حج رفته کجائید کجائید   معشوق همین جاست بیائید بیائید
صد بار از آن راه بدانخانه برفتید   یکبار ازین راه بدینخانه در آئید" (ایضاً، ص ۳۵)

نہر سوم، چہارم وپنجم میں دو دو رشحات، نہر ششم میں ۳ رشحات اور نہر ہفتم میں ۸ رشحات ہیں۔ان میں قضا وقدر، جبر واختیار، علم وعقل، خوف، عدل، ظلم مکافات بہشت و دوزخ جیسی مضامین بیان کیے ہیں۔ اوران سے متعلق مثنوی کے اشعار پیش کیے ہیں۔

علم کے بارے میں کاشفی لکھتے ہیں:

"و علم نزد عرفا منقسم می باشد به سه قسم، علم شریعت و آن علمی است که متعلق باشد بدو تکمیل هیات بدنیه از افعال و اقوال و لوازم اینها از حسن و کمال و علم طریقت و آن علمی است که تعلق دارد به تکمیل صفات نفسانیه و روحانیه از جهت تجلی و تخلق به اخلاق الهی و علم حقیقت و آن معرفت حق است و شناخت اسماء و صفات و حقایق آن---" (ایضاً، ص ۵۰)

عین دوم کا عنوان 'در بیان دقایق اسرار طریقت' ہے جو کہ ۶ نہر پر مشتمل ہے۔ ہر نہر کا الگ عنوان ہے۔نہر اول 'در بیان آنکہ سالک در بدایت طریقت بکار آید' ۴ رشحات میں تقسیم ہے۔نہر دوم 'در بیان وسل بذیل ارشاد پیر کامل' دو رشحات، نہر سوم 'در بیان سیر وسلوک' میں ۴ رشحات، نہر چہارم 'در اقسام ریاضت' ۱۰ رشحات، نہر پنجم 'در آنچہ در وسط سلوک بہ کار آید' ۱۰ رشحات، نہر ششم 'در آنچہ سالک را بنہایۃ طریق رساند' ۸ رشحات پر مشتمل ہے، جس میں تنبیہ، بیداری از خواب، غفلت، توبہ، طلب، سلوک، جذبہ، ترک دنیا وترک ہوای نفس، صبر، دعا، شکر، رضا، قناعت، حلم، اخلاص، سماع، معرفت قلب و روح فقر جیسے مضامین بیان کیے ہیں۔

توبہ کے بارے کاشفی ان الفاظ میں رقمطراز ہیں:

"توبه در بدایت حال رجوع است از معاصی و اعراض از مناهی و این توبهٔ عوام است و در نهایت حال رجوع است از ظهور بقیهٔ انانیت و این توبهٔ خواص است --- توبه عوام مبنی بر سه اصل است۔ اول پشیمانی، از فعلی که در زمان ماضی واقع شده است، دوم رجوع است به حضرت تواب در حال، سوم عزیمت بر ترك آن در مستقبل و این را توبه نصوح خوانند و این نوع توبه کار مردانست۔"

آگے اس ضمن میں مثنوی کے اشعار پیش کرتے ہیں:

توبه مردانه کن آور سر براه   که فمن یعمل بمثقال یره
در فسون نفس کم شو غره ای   که افتاب حق نپوشد ذره ای
توبه را از جانب مغرب دری   باز باشد تا بوقت محشری

هست جنت را ز رحمت هشت در — یکدرش توبه است زان هشت ای پسر
آنهمه گاه باز باشد که فراز — وان در توبه نباشد جز که باز
تا از مغرب بر نزد سر آفتاب — باز باشد آن در از وی رو متاب

(ایضاً،ص ١١٤)

پیر کامل تک رسائی کے متعلق کاشفی فرماتے ہیں "که طالب چون طلب خود صادق باشد صدق طلب او را به ملازمت شیخ مکمل برساند یا ارادت تمام او شیخ را به سر وقت او آورد ـ "(ص ١٣٧۔١٣٨)

اولیا کے بیان میں کہتے ہیں:

"اولیای را بدیده سر باید دید نه بچشم سر که کافران بنظر ظاهر دیدند لاجرم از حقیقت باطن غافل ماندند که(ماهذا الا بشر مثلکم) و جاهلان حالت انبیا و اولیا و خواص راه خدا را بر حالات خود قیاس کردند که(ما لهذا الرسول یاکل الاطعام و یمشی فی الاسواق)

کار پاکان را قیاس از خود مگیر — گرچه باشد در نوشتن شیر شیر
جمله عالم زین سبب گمراه شد — کم کسی از ابدال حق آگاه شد
همسری با انبیاء برداشتند — اولیاء را هم چو خود پنداشتند
گفت اینك ما بشر ایشان بشر — ما و ایشان بسته خوابیم و خور
این ندانستند ایشان از عمی — درمیان فرقی بود بی منتهی
هر دوگون زنبور خورد از یك محل — لیك زین شد نیش زان دگر عسل
هر دو گون آهو گیا خوردند و آب — زین یکی سرگین شد و زان مشکناب
هر دو نی خوردند از یك آبخور — آن یکی خالی و آن پر از شکر
صد هزاران این چنین اشباه بین — فرق شان هفتاده سال راه بین
این خورد گردد پلیدی از او جدا — وان خورد گردد همه نور خدا
این خورد زاید همه بخل و حسد — وان خورد زاید همه عشق احد

(ایضاً،ص ١٤٧)

عین دوم کے نہر پنجم کا رشحہ نہم 'نرم دلی اور غضب' کے بیان میں کاشفی فرماتے ہیں کہ حلم و نرم دلی انبیا کے اخلاق کا خاصہ اور غضب وغصہ کتوں کی خصلت اور شیاطین کے وسوسوں کا نتیجہ ہے۔اور جب تک کوئی اپنے غصہ وغضب پر قابو نہیں پا لیتا،صدیقین کے درجہ تک نہیں پہنچ سکتا۔اس ضمن میں مولانا واعظ یہ حکایت بیان کرتے ہیں:

"آورده اند که جماعت حوارپین عیسیٰ علیه السلام را گفتند: یا معلم الخیر، ما را خبر

ده که چه چیز سخت ترین چیزها است؟ گفت: خشم خدا۔ گفتند: چگونه از آن ایمن شویم؟ گفت: به ترك خشم خود و کما اشاره الیه حضرت المولوی المعنوی قدس سره العزیز:

گفت عیسیٰ (ع) را یکی هوشیار سر — چیست در هستی از جمله صعبتر
گفت ای جان صعبتر خشم خدا — که ازان دوزخ همی لرزد چو ما
گفت زین خشم خدا چبود امان — گفت ترك خشم خود اندر زمان
پس عوان که معدن این خشم گشت — خشم زشتش از سبع هم در گذشت
چه امیدستش برحمت جز مگر — باز گردد زان صفت آن بی هنر
خشم و کین وصف سباع است و ددان — هر کرا خشم است و کین است از بدان
کین مدار آنها که از کین گمرهند — گورشان پهلوی گمراهان نهند
اصل کینه دوزخست و کین تو — جزو آن کل است خصم دین تو
چون تو جزو دوزخی بس هوش دار — جزو سوی کل خود گیرد فرار
ترك خشم و شهوت و حرص آوری — هست مردی و رگ پیغمبری

(ایضاً، ص۳۱۹۔۳۲۰)

نہرششم کا رشحہ اول سماع کے بیان میں ہے۔کاشفی کی نظر میں سماع عاشقوں کے دل کا درد، صادقین کے سینہ کا سرور اورسالکوں کے درد کی دوا ہے۔ان کے مطابق بانسری سماع کو احسن طریقے سے ادا کرتی ہے، آتش شوق وذوق بڑھاتی ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

"نی سر سماع را نیکو ادا میکند و نی آتش اشواق ارباب اذواق را تیز تر می سازد و نی به اصطلاح این طائفه اشارت است پیغام محبوب که با سماع محب صادق میرسد۔ اما در این ابیات که مذکور می شود اشارت است از کسی که زبان حال او آن پیغام ادا می کند و آن عارفیست دل از غیر پرداخته و با دم دوست در ساخته که شرح شوق بمبدأ که نیستان عالم غیبت می نماید و الیه اشار قدس سره

بشنو از نی چون حکایت می کند — از جدائیها شکایت می کند
کز نیستان تا مرا ببریده اند — از نفیرم مرد و زن نالیده اند
سینه خواهم شرحه شرحه از فراق — تا بگویم شرح درد اشتیاق
هر کسی کو دور ماند از اصل خویش — باز جوید روزگار وصل خویش
من بهر جمعیتی نالان شدم — جفت خوشحالان و بدحالان شدم

هــر کســی از ظــن خــود شــدیــار مــن	و از درون مــن نــجــســت اســرار مــن
ســر مــن از نــالــه مــن دور نیســت	لیك چشــم و گــوش را آن نــور نیســت۔۔۔"

(ایضاً،ص ۳۲۹۔ ۳۳۰)

عین سوم' در بیان لوامع انوار حقیقت وفرات' ۳ نہر میں منقسم ہے۔ نہر اول' در بیان عشق' جس میں ۶ رشحات، نہر دوم میں ۵ رشحات، نہر سوم' در مراتب سلوک' میں ۳ رشحات ہیں۔ ان رشحات میں صفات عشق، عشق مجازی، مشاہدہ، قرب، وصل، فنا و بقا جیسے مضامین بیان کیے ہیں۔

نہر اول کی رشحہ اول' در بیان صفت چند از لوازم عشق' کے تحت کاشفی مثنوی کے یہ اشعار پیش کرتے ہیں:

مــرحبــا ای عشــق خــوش ســودائی مــا	ای طبیــب جــمــلــه عــلتهــای مــا
ای دوای نــخــوت و نــامــوس مــا	ای تــو افــلاطــون و جــالیــنــوس مــا
جســم خــاك از عشــق بــر افــلاك شــد	کــوه در رقــص آمــد و چــالاك شــد
عشــق جــان طــور آمــد عــاشــقــا	طــور مســت و خــر مــوســی صٰعــقــا
بــاغ سبــز عشــق کــو بی مــنتهــا ست	جز غــم و شــادی در او بــس میوه هــاست
عشق خــود زیــن هــر دو حــالــت برترست	بــی بهــار بــی خــزان سبــز و تــرســت
بــا دو عــالــم عشــق را بیگــانگــی است	انــدر هــفتــاد و دو دیــوانــگــی اســت

(ایضاً، ص ۳۷۳)

لب لباب مثنوی کے آخر میں واعظ کاشفی نے مثنوی معنوی کے وزن میں کچھ اشعار لب لباب کے وصف اور اپنے حال میں بیان کیے ہیں اور اس کا اختتام کیا ہے:

"جامع این کتاب و مرتب این کلمات چند بیتی هم بر وزن مثنوی در بیان تاریخ این ترتیب و صفت حال خود می گوید و بدان این رساله را ختم می کند، ولله الحمد اولاً وآخراً و ظاهراً وباطناً

مــنــت ایــزد را کــزیــن بــاغ بهشــت	میــوه هــا پــاك روحــانــی ســرشــتــا
بــاز کــردم در لــطــافــت بــی نــظیــر	نــازك و زیبــا و نــغــز و دلپــزیــر
بهــر درویشــان نهــادم بــر طبــق	چــون از ایشــان داشتــم درس و سبــق
ایــن ســخــنهــا لــب لــب مثــنویســت	روح بــخــش عــاشــقــان مــعــنــویســت
مثــنــوی گــنــجیســت بیــرون از بیــان	و انــدر و نــقــد و حــقــایــق بیــکــران""

(ایضاً، ص ٤٥٢)

خاتمہ کے چند اشعار درج ذیل ہیں:

یـــا رب از بـــاران احســـان و عــطـــا
قـــطــــــرۂ ده مــــزرع خشك مـــــرا

تـــا شـــود ســـر سبــز و خـــرم زان كـــرم
بـــو كـــه روزی زان زراعـــت بـــر خـــورم

ایـــن نهـــل چـــنـــد سبـــز از مثـــنـــوی
كـــه فـــرو كشـــم بـــه بـــاغ معـــنـــوی

تـــا قیـــامـــت تـــازه و بـــر نـــور دار
دســـــــت دنـــــدان را ز میـــوش دور دار

پـــوســـت چـــنـــدان را از ایـــن لـــب لبـــاب
دیـــده هـــا بـــر دوز تـــا روز حســـاب

عشـــق بـــازان را ازیـــن مـــاء مـــعـــیـــن
فیـــض ده آمیـــن رب الـــعـــالـــمیـــن

(ایضاً ٤٥٤)

منابع وماٰخذ:

۱۔ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر،غیاث الدین ھمام الدین الحسینی 'خواند میر'،مقدمہ جلال الدین ھمائی، ج ۴،انتشارات خیام، ۱۳۸۰ھ ش

۲- ریحانۃ الادب محمد علی مدرس تبریزی، ج ۵ کتابفروشی خیام،۴ ۱۳۷ھ ش

۳۔لب لباب مثنوی مولانا ملاحسین کاشفی،نشریات بنگاہ افشاری، چاپخانہ شرکت مطبوعات،۱۳۸۳ھ ش

۴۔مجالس المؤمنین، ج ا،نور اللہ شوستری کتابفروشی اسلامیہ،تہران،۱۳۵۴ھ ش

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

ڈاکٹر زرینہ خان*

طبقات ناصری: ایک مطالعہ

ساتویں صدی ہجری کی معروف و مستند تاریخ طبقات ناصری ہے۔ منہاج سراج جوز جانی اگر چہ تربیت و پیشے کے اعتبار سے فقیہہ تھا لیکن تاریخ نویسی پر جب قلم برداشت کیا تو ایک سنجیدہ اور بالغ النظر مؤرخ کی حیثیت سے سامنے آیا۔ کتاب طبقاتِ ناصری پر تبصرے سے پہلے مصنف منہاج سراج کی ذاتی زندگی کے کچھ پہلوؤں کو اجاگر کرنا ضروری ہے[1]۔

مولانا ابوعمر منہاج الدین عثمان الجوز جانی، کا خاندان غوزگان یا جوز جان کا رہنے والا تھا۔ جوز جان غور کے قریب ایک علاقے کا نام ہے۔ اس لیے اس خاندان کے ہر فرد کے نام کے ساتھ جوز جانی جڑا ہوا ہے۔ اس خاندان کے مورث اعلیٰ امام عبدالخالق اپنے زمانے کے عالم و فاضل بزرگ تھے۔ منہاج کے والد سراج الدین کی ماں سلطان غیاث الدین سام کی بیٹی شہزادی ماہ ملک کی رضاعی بہن اور ہم مکتب تھیں اور شہزادی کے ساتھ ہی فیروز کوہ کے محل میں رہتی تھیں۔ منہاج الدین کی پیدائش ۵۸۹ھ/۱۱۹۳ء میں ہوئی۔ ان کی پرورش محل میں شاہی خاندان کے بچوں کے ساتھ ہوئی۔ جیسا کہ طبقات ناصری میں خود لکھتے ہیں:

> "آن ملکۂ جهان این ضعیف را در حجرۂ بادشاهی خود چون فرزندان در پرورش بادشاهانه داشتے وشب وروز در صغر سن درحرمِ اوبود۔ ودر نظر مبارك تربیت یافتے[2]۔"

منہاج الدین کی پرورش حکمران خاندان کے زیر تربیت ہوئی۔ اٹھارہ سال کی عمر تک وہ فیروز کوہ کے محل میں رہے۔ انھوں نے تمام مروجہ علوم اور علم فقہہ کی تعلیم حاصل کی۔ چنگیز خان کی یورشوں اور تباہ بربادیوں سے گھبرا کر انھوں نے ہندوستان کا رخ کیا۔ ہندوستان آ کر وہ "اُچ" میں سلطان ناصرالدین قباچہ کے دربار سے وابستہ ہوگئے۔ سلطان نے ان کی پزیرائی کی اور مدرسہ فیروزی ان کے سپرد کیا، اور قباچہ نے اپنے بیٹے علاء الدین بہرام شاہ کے لشکر کا قاضی بھی مقرر کیا[3]۔

منہاج الدین کو معاشی خوش حالی اور سکون حاصل ہوگیا، انھوں نے اپنے علم و فضل کے جوہر دکھائے اور سب کو متاثر کیا وہ اپنے عہد کے جید عالم اور ممتاز فاضل تھے۔

۶۲۵ھ میں سلطان شمس الدین التمش اور ناصرالدین قباچہ کے درمیان جنگ ہوئی اور شکست کھانے کے بعد قباچہ نے دریائے سندھ میں کود کر خودکشی کر لی۔ منہاج الدین نے التمش کے ساتھ دہلی آنے میں ہی عافیت جانی۔ دہلی قیام کے دوران

TABQAAT-E-NASIRI: EK MUTALA (Pg.No. 14 TO 19)
DR. ZARINA KHAN, ASSISTANT PROFESSOR OF PERSIAN (RET.)
WOMEN'S COLLEGE, ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY, ALIGARH

منہاج الدین کی علمی صلاحیتوں کو زیادہ جلا حاصل ہوئی ۔ یہاں کے علمی، سیاسی اور ثقافتی ماحول میں انھوں نے اپنی قابلیت کے دم پر امام قاضی اور خطیب کے فرائض کو بخوبی انجام دیا۔ دہلی کے سیاسی ماحول کو انھیں قریب سے سمجھنے اور دیکھنے کا موقع ملا۔ وہ التمش کے ساتھ سیاسی مہمات پر بھی گئے ۔گوالیار کی مہم کے بعد جب فتح حاصل ہوئی تو منہاج کو قاضی، خطیب اور امام کے عہدے پر فائض کر دیا گیا۔

التمش کے انتقال کے بعد منہاج سراج کو گوالیار کے عہدوں سے ہٹا دیا گیا۔ کچھ عرصہ گمنامی کی زندگی گزاری، لیکن غیاث الدین بلبن کی تخت نشینی کے بعد منہاج الدین کو دہلی کا قاضی مقرر کر دیا گیا۔۱۲۵۴ء میں ’صدر جہان‘ کے خطاب سے نوازا گیا۔لیکن اسی سال ان کا انتقال ہو گیا۔

کتاب طبقاتِ ناصری:

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ یہ کتاب سلطان التمش کے بیٹے ناصرالدین محمود کے زمانے میں مکمل کی۔ جن تاریخی کتابوں سے منہاج نے استفادہ کیا ہے ان میں تاریخ بیہقی، تاریخ ولایت خراسان، تالیف سلامی، تالیف ابن عبداللہ احداث الزمان، سنن ابوداؤد، تاریخ یمینی، اور قانونِ مسعودی قابل ذکر ہیں۔

طبقات ناصری، منہاج سراج کی واحد تصنیف ہے جو زمانے کی خرد و برد سے محفوظ رہی اور ہم تک پہونچی ہے۔ اس کتاب میں ظہور اسلام سے لے کر ۱۲۶۵ء تک کے حالات کو بیان کیا ہے۔

فارس، یمن اور عرب کے حالات، گذشتہ بادشاہوں اور سلطنتوں کا ذکر کیا ہے۔ انبیائے کرام کے حالات، ولادت پیغمبر، صحابہ کرام، خلفائے راشدین، ملوک عجم، یمن کے بادشاہوں کا ذکر، بعد از عرب، ایرانی سلطنتوں کا ذکر، طاہری، صفاری، سامانی، سلجوقی حکومت، افغان حکومتوں کا ذکر کیا ہے۔

یہ کتاب ۲۳ طبقات پر مشتمل ہے۔ اس کتاب کو منہاج نے ستر سال کی عمر میں مکمل کیا۔ مقدمہ میں منہاج کتاب کی تالیف کے محرکات کو بیان کرتے ہیں:

> ’’اس ناچیز وحقیر بندہ کو مصنف عمادی کی ’تاریخ مجدول‘ کا مطالعہ کرتے وقت یہ خواہش پیدا ہوئی کہ ایسی ہی کتاب لکھوں اسی انداز میں اور واقعات کا بیان التمش کے عہد تک بیان کروں[۴]۔‘‘

اگر چہ عمادی کی تاریخ اب ناپید ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ منہاج نے نہایت کسرِ نفسی اور انکساری سے کام لیا ہے۔ حتماً وہ علم تاریخ کا گہرا مطالعہ رکھتا تھا۔ اس کی دورس نظر تاریخی واقعات پر نہایت عمیق تھی۔ اس کی دانشمندی کا یہ تقاضہ تھا کہ وہ اپنے عہد کے حکمران طبقے، امراء اور اہل اقتدار کو جہانگیری اور جہانبانی کی تعلیم دے اور ان کی رہنمائی کرے۔ اس سنجیدہ مقصد کو اس نے اپنے سامنے رکھا۔

کتاب کو ’طبقات‘ میں تقسیم کرنے کا طریقہ عرب کے مؤرخین سے اخذ کیا۔ مسلمان مؤرخین اس فن میں پہلے سے مہارت رکھتے تھے۔ منہاج کے سامنے متعدد عمدہ نمونے دستیاب تھے۔ طبقات ناصری میں ۲۳ طبقات ہیں اور کتاب آفرینش عالم سے لے کر دہلی سلطنت کے بادشاہ سلطان التمش کے بیٹے ناصرالدین محمود کے زمانے تک کے حالات و واقعات سلسلے وار

طریقے سے بیان کیے ہیں، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ یہ کتاب سلطان ناصرالدین محمود کے نام معنون ہے۔ ان اشعار میں انکساری سے کام لیتے ہوئے اپنی کم علمی کے لیے معافی کا خواستگار ہے:

هرچه کردم سماع بنو شتم — اصل نقل و سماع گوش بود
در گزارد خطا چو دید کریم — زانکه با عزو عقل و هوش بود
هر که او ذوق مهتری دریافت — نزد صبرش صبر چو نوش بود
دامن عفو پروریش مدام — در ره علم عیب پوش بود
بدعا یاد داردش منهاج — گرچه اندر قفس خموش بود [۵]

منہاج نے جب کتاب ناصرالدین محمود کی خدمت میں پیش کی تو سلطان بیحد خوش ہوا اور منہاج کی کاوشوں کو سراہا اور انتہائی قدردانی کرتے ہوئے اپنے کندھے سے چادر اتار کر اس کو دیدی اور دس ہزار چیتل کا سالانہ وظیفہ، ایک گاؤں اور مزید انعامات سے سرفراز کیا۔ جیسا کہ منہاج نے اپنی کتاب میں تحریر کیا ہے:

"چون این تاریخ بخدمت سلطان ناصرالدنیا والدین خلدالله سلطانه عرض افتاد، خلعت بادشاهی فرمود و وثیقه ممزوج باستجاب خاص که بر کتف اوبود ، بداعی داد مشروحی و هرسالے ده هزار چیتل و یکپارۂ دهه انعام فرمود [۶]۔"

مولانا نے اپنی کتاب کا ایک نسخہ امیر الغ خان کی نذر کیا تو اس نے بھی انعام و اکرام سے نوازا۔ منہاج نے ان انعامات کا شکریہ ذیل کے قطعہ میں کیا ہے:

شهریار جهان الغ خان آنکه — خان البرزیست وشاه سمك
هر که از حضرتش قبولی یافت — پیش هرگز نگشت رد بفلك
بیش او کیست حاتم طائی — نزد او بیست کسی برمك [۷]

جیسا کہ قبلاً عرض کیا گیا ہے، ابتدائی طبقات میں آفرینش عالم سے لے کر ۶۵۸ھ/۱۲۶۵ء تک کے واقعات کو قلمبند کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں آخر کے دس طبقات نہایت مفید ہیں۔ جس میں سلاطین غزنی اور بعد کے شاہی خاندانوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس میں انتہائی نایاب اطلاعات محفوظ ہیں جو مصنف کی ذاتی معلومات پر مبنی ہیں۔ طبقات کی تقسیم میں سوانح نگاری کا عنصر نمایاں ہوتا ہے اور یہی ہم کو منہاج کی تاریخ میں نظر آتا ہے۔ آخر کے ابواب میں سلطان التمش اور اس کے جانشینوں کے متعلق ہیں، جو نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ التمش کی تخت نشینی سے لے کر جب مؤلف نے اس کتاب کو اختتام پر پہونچایا، یہ مدت تقریباً پچاس سال کا عرصہ ہے۔ منہاج اس پورے عہد کا عینی شاہد ہے۔ اس نے نہایت قریب سے تمام حالات کا گہرائی سے مشاہدہ کیا تھا اور جو اطلاعات اس نے نقل کی ہیں وہ نہایت معتبر اور مستند ہیں، جو معلومات اس میں فراہم کی گئی ہیں وہ انتہائی معتبر لوگوں سے سن کر تحریر کی ہیں اور اکثر واقعات کا وہ خود عینی شاہد تھا۔ اس نے تقریباً پچاس امراء کا ذکر کیا ہے جو

التمش کے زمانے میں نہایت اثر ورسوخ رکھتے تھے،ان کی آپس کی رقابتیں، سیاسی رشک وحسد کا تفصیل سے بیان کیا ہے۔ ان میں سے بیش تر کی زندگی بردہ فروشوں کے بازار سے شروع ہوئی تھی۔خود التمش بھی ایک غلام سے ترقی کرتے ہوئے تخت شاہی تک پہونچے تھے۔

منہاج نے ناصرالدین محمود کے عہد کے تقریباً بیس سالوں کا (۶۴۴ھ-۶۶۴ھ/۱۲۴۶-۱۲۶۵ء) ذکر نہایت تفصیل سے کیا ہے۔مصنف نے اپنا موضوع سخن دہلی دربار تک محدود رکھا ہے۔دیگر دہلی حکومت کی رنگ برنگی اور متنوع تفصیلات کو نظرانداز کیا ہے۔طبقات ناصری اس وقت واحد مآخذ ہے، دہلی سلاطین کی ابتدائی تاریخ کے لیے،تو یہ خواہش ہوتی ہے کہ مصنف کو اختصار کے بجائے تفصیل سے کام لینا چاہئے تھا۔ بہت سے واقعات جو دیگر کتابوں سے ملتے ہیں،ان سے صرفِ نظر کیا گیا ہے۔آج جب ہم کسی زمانے کی تاریخ پڑھتے ہیں تو نہ صرف اس دور کے سیاسی حالات جاننے کی خواہش ہی نہیں رکھتے ہیں، بلکہ سماجی،معاشرتی،علمی،عمرانی اور اقتصادی حالات بھی جاننا چاہتے ہیں۔اگر چہ خود منہاج جید عالم،صاحب دل صوفی اور شاعر تھے۔ان کو اپنے دور کے علماء،فضلاء اور صوفیہ سے شناسائی ہوگی لیکن انھوں نے بہت کم انکا ذکر کیا ہے۔پڑھنے والے کو تشنگی کا احساس ہوتا ہے۔اس دور میں جو صوفیائے کرام موجود تھے مثلاً حضرت معین الدین چشتی،قطب الدین بختیار کاکی،حمیدالدین ناگوری جیسے بزرگ رشد وہدایت کی محافل آراستہ کرتے تھے،لیکن منہاج نے ان کا بھی ذکر نہیں کیا ہے۔ ممکن ہے کہ منہاج خود حکومت کا حصہ تھے اور قاضی،خطیب کے عہدوں پر فایض تھے اس لیے انھوں نے محض حکمران طبقے کو ہی اپنے دائرۂ تحریر میں رکھا۔

دہلی سلاطین کی تاریخ کا مآخذ محض دو کتابیں ہیں' تاج المآثر' اور 'طبقاتِ ناصری'۔تاج المآثر کی طرز تحریر مسجع اور مقفیٰ عبارت ہے۔اندازِ بیان پیچیدہ اور مغلو ہے اسی لیے یہ کتاب عوام کی دسترس میں نہیں پہونچی اور مقبولِ عام نہ ہو سکی۔

برخلاف تاج المآثر کے 'طبقاتِ ناصری' کا طرز نگارش سادہ، سلیس اور عام فہم زبان میں ہے،عبارت آرائی سے مبرا ہے۔

منہاج نے تاریخی واقعات کو بغیر کسی رنگ آمیزی،عبارت پردازی کے سیدھے سادے انداز میں تحریر کیا ہے۔تاریخ نویسی کے لیے یہی طرز تحریر لایق تحسین ہے۔

منہاج نے واقعات کے مآخذ کا ذکر بھی کیا ہے۔اندازہ ہوتا ہے کہ انھوں نے دقت اور جستجو سے کام لیا ہے،اور حتی الامکان واقعات کو مستند مآخذ سے ہی نقل کیا ہے۔طبقات ناصری کی تحریر کا نمونہ ذیل میں نقل کیا جاتا ہے۔جس میں وہ سلطاطین التمش کا ذکر کرتا ہے اور انھیں بہترین انعامات سے نوازتا ہے:

> "آن سلطان عادل، بادل،منصف، کریم، نمازی، مجاهد، مرابط،عالم پرور وعدل گستر، فریدون فر، قبادنهاد، کاووس و ناموس، سکندر دولت، بهرام صولت، واز قبایل البرمی ترکستان یوسف وار به دست تجار داد، مرتبه به تخت سلطنت و مسند مملکت رسانید[۸]۔"

طبقہ بیس میں چنگیز خاں کا ذکر کرتے ہوئے پہلے اس پر لعنت کرتا ہے اور انتہائی سخت تبصرہ کرتا ہے کہ اگر کوئی انسانیت کو ختم کرنے والا ہے تو وہ چنگیز خاں ہے جس کے خون آشام کارناموں سے ارض دنیا کانپ اٹھی اور اس کی بربریت اور وحشت کی داستانیں تاریخ کے اوراق میں محفوظ ہیں۔ چنگیز خاں نے اپنے قبیلوں کو متحد اور مستحکم رکھنے کے لیے احکامات صادر کیے۔ ذیل میں منہاج نے اس کا بیان اس طرح کیا ہے:

"چنگیز خان از جمله آن قبایل خود را برانقیاد او امر، وامتثال فرمان و ثایق وعهود بسته، وبا آن طایفه به وجهی معهود آن قوم بود، قاعده آن مهمات را مستحکم گردانید و گفت، اگر فرمان مرا منقاد خواهید بود چنان باید که اگر پسران را به قتل پدران و پدران را به قتل پسران فرمان دهم جمله انقیاد نمایند، براین جمله عهد مستحکم بستنده۔[۹]"

اس فرمان سے ظاہر ہے کہ چنگیز خاں کس درجہ کا شقی القلب تھا جیسا کہ تاریخ کے اوراق میں مذکور ہے۔

مندرجہ بالا تحریر کے نمونوں سے طبقات ناصری کا سادہ اور سلیس اندازِ بیان اجاگر ہوتا ہے۔ فتنۂ مغول مؤلف کی زندگی میں برپا ہوا تھا اس لیے واقعات کو نہایت سلسلہ وار انداز میں منہاج نے بیان کیا ہے۔ طبقات ناصری ہر دور میں معاصر تاریخ کے لیے بہترین اور مستند مآخذ رہی ہے۔

طبقات ناصری ۱۸۶۴ء میں ایشیاٹک سوسائٹی بنگال سے چھپی ہے۔ فتنۂ مغول سے متعلق آخری ابواب کو کپتان لوئس، مولوی خادم حسین، اور مولوی عبدالحی نے مشترکہ طور پر ایڈٹ کر کے شائع کیا ہے۔ ۱۹۴۹ء میں آقا عبدالحی حبیبی قندھاری نے کوئٹہ سے طبقات ناصری کا جو نسخہ شائع کیا ہے وہ طبقہ اول سے اکیسویں طبقے تک ہے۔ عبدالحی حبیبی قندھاری منہاج سراج کے بارے میں رقم طراز ہے:

"مؤلف ودانشوران این کتاب طبقات ناصری، یکی از نویسندگان معروف و زبردست زبان پارسی است که کتابش از حیث سلاست و روانی انشاء، بے نظیر است، وهم درضبط وقایع تاریخی ومشاهدات خود مؤلف یکی از آثار برجسته بر شماری آید۔[۱۰]"

مجموعی طور پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ 'طبقاتِ ناصری' یوں تو عمومی تاریخ ہے لیکن آخر کے ابواب میں جو مملوک سلاطین اور حملہ مغول کے بارے میں ہیں نہایت معتبر اور مستند تاریخ کا درجہ رکھتے ہیں۔ طباتِ ناصری کے بعد جو تاریخیں لکھی گئی ہیں ان میں مآخذ کے طور پر طبقات ناصری سے استفادہ کیا گیا ہے۔

حواشی

۱۔ بزم مملوکیہ، ص: ۱۸۸

۲۔ طبقاتِ ناصری، ص: ۲۸

۳۔ بزم مملوکیہ ص:۴۱

۴۔ بزم مملوکیہ ص:۴۱

۵۔ طبقاتِ ناصری، ص:۴

۶۔ بزم مملوکیہ، ص ۱۸۸

۷۔ طبقات ناصری، ص ۴۵۲

۸۔ بزم مملوکیہ، ص ۱۵۳

۹۔ طبقات ناصر، ص ۱۱۷

۱۰۔ بزم مملوکیہ، ص ۱۹۰

ماٰخذ

۱۔ طبقات ناصری، مصنف منہاج سراج، ایشیاٹک سوسائٹی بنگال، طباعت ۱۸۶۴ء

۲۔ بزم مملوکیہ، مصنف صباح الدین عبدالرحمٰن، شبلی اکیڈمی، دارالمصنفین، اعظم گڑھ ۱۹۹۹ء

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

ڈاکٹر محمد قمر عالم*

رومی کی شاعری میں محبت، انسان دوستی اور عالمی ہم آہنگی کا پیغام

پیر رومی را رفیق راہ ساز   تا خدا بخشد ترا سوز و گداز
زانکہ رومی مغز را داند ز پوست   پای او محکم فتد در کوی دوست [۱]

مولانا جلال الدین رومی کا شمار اسلامی تصوف اور فارسی ادب کے عظیم شعراء میں ہوتا ہے۔ ان کی شاعری دنیا بھر میں تصوف، روحانی بیداری، اور انسانی اخوت کا ایک عظیم سرچشمہ سمجھی جاتی ہے، جس کا بنیادی پیغام، محبت، رواداری، انسان دوستی، اور خدا کی معرفت پر مبنی ہے۔ رومی نے اپنی شاعری کے ذریعے مذہب، رنگ، نسل، اور فرقہ واریت سے بالاتر ہو کر انسانیت کی قدر و منزلت کو اجاگر کیا۔ چنانچہ مولانا رومی کے افکار نہ صرف ان کے عہد میں بلکہ عصرِ حاضر میں بھی بے حد معنویت رکھتے ہیں۔ ان کی تصانیف مثنوی معنوی اور دیوان شمس تبریزی میں عشق، معرفت، اور انسان دوستی کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ عصرِ حاضر میں جہاں دنیا مختلف بحرانوں، فرقہ واریت، مادیت پرستی اور عدم برداشت کا شکار ہے، مولانا رومی کے افکار پہلے سے زیادہ اہم ہو گئے ہیں۔ اس مقالے کے ذریعہ مولانا رومی کی شاعری میں موجود وہ پیغام جو محبت، انسانیت، اور عالمی ہم آہنگی کو فروغ دیتا ہے، ان کے خیالات آج کے دور میں کیسے قابلِ عمل اور مؤثر ہیں اور عصرِ حاضر میں اس پیغام کی معنویت پر روشنی ڈالی جا رہی ہے۔

مولانا جلال الدین رومی کی شاعری صوفیانہ عشق، روحانیت اور انسانی فلاح و بہبود کے عمیق مضامین کی عکاس ہے۔ ان کے کلام میں محبت صرف جذباتی تعلق تک محدود نہیں بلکہ روحانی بیداری اور خودشناسی کا وسیلہ ہے۔ رومی کی تعلیمات میں محبت، انسان دوستی اور بھائی چارے کا پیغام بار بار ابھرتا ہے، جو فرد اور معاشرے دونوں کے اخلاقی اور معنوی ارتقاء کے لئے رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ موجودہ معاشرے میں جہاں مادیت اور نفسانفسی کا دور دورہ ہے، رومی کا پیغامِ عشقِ حقیقی، انسانوں کو روحانی سکون اور محبت کے جذبے سے روشناس کرواتا ہے۔ جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ رومی کا مرکزی تصور 'عشق' ہے۔ یہ عشق صرف مادی دنیا سے متعلق نہیں بلکہ ایک بلند و بالا، خالص اور الٰہی عشق ہے جس کا مقصد بندہ کو اس کے خالق سے مربوط کرنا ہے۔ ان کی شاعری میں عشق کو ایک ایسی قوت کے طور پر پیش کیا گیا ہے جو دلوں کو پاکیزہ کرتی ہے اور روحانی ترقی کی راہ ہموار کرتی ہے۔ مولانا ظلم و عداوت سے معاشرے کو پاک دیکھنے کے خواستگار تھے۔ وہ دنیا کے گوشے گوشے میں عشق کو بھر دینا چاہتے تھے۔ مولانا کے اشعار میں عشق و محبت کو غیر معمولی اہمیت و فضیلت حاصل ہے۔ عشق ان کی زندگی ہے، ہمزاد و ہمسفر ہے۔ وہ کہتے ہیں:

RUMI KI SHAYERI MEIN MOHABBAT, INSAN DOSTI AUR........... (Pg.No. 20 TO 29)
DR. MOHD. QAMAR ALAM, ASSISTANT PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN, ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY, ALIGARH

جز عشق نبود هیچ دمساز مرا — نی اوّل و نی آخر و آغاز مرا
جان می دهد از درونه آواز مرا — کی کاهل راه عشق درباز مرا [۲]

رومی عشق کو خوش سودائی کا نام دیتے ہیں اور اپنی تمام تر بیماریوں کا علاج عشق کے دامن میں ہی تلاش کرتے ہیں۔

شاد باش ای عشق خوش سودای ما — ای طبیب جمله علت های ما
ای دوای نخوت و ناموس ما — ای تو افلاطون و جالینوس ما [۳]

ان کے اشعار انسان کو یہ سکھاتے ہیں کہ حقیقی محبت میں ایثار، صبر اور دل کی صفائی شامل ہوتی ہے۔ یہ عشق فرد کو روحانی بصیرت اور اخلاقی ارتقاء کی جانب لے جاتا ہے، اور عصری زندگی کے تیز رفتاری اور ذہنی دباؤ میں ایک سکون اور رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ چنانچہ رومی عشق کو روحانی بلندی کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ ان کے نزدیک عشق ہی اصل معرفت کا ذریعہ ہے۔ عشق صرف دنیاوی محبت کا نام نہیں، بلکہ ایک ایسی طاقت ہے جو انسان کو خدا کی قربت تک لے جاتی ہے:

ای عاشقان ای عاشقان آن کس که بیند روی او
شوریده گردد عقل او آشفته گردد خوی او
جان ملك سجده كند آن را که حق را خاك شد
ترك فلك چاكر شود آن را که شد هندوی او
این عشق شد مهمان من زخمی بزد بر جان من
صد رحمت و صد آفرین بر دست و بر بازوی او [٤]

....

مُرده بُدم زنده شدم، گریه بُدم خنده شدم
دولت عشق آمد و من دولت پاینده شدم
گفت که سرمست نه ای رو که ازین دست نه ای
رفتم و سرمست شدم و ز طرب آکنده شدم [٥]

مولانا رومی کے تصوف میں تمام مخلوقات کی وحدت اور انسانیت کے ساتھ ہمدردی کو مرکزی اہمیت دی گئی ہے۔ ان کا کلام نسلی، مذہبی یا سماجی تفریق سے بالاتر ہو کر انسان دوست رویہ اپنانے کی تلقین کرتا ہے۔ آج کے دور میں یہ اصول معاشرتی ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے نہایت ضروری ہیں، کیونکہ عالمی اور مقامی سطح پر انسانیت کو در پیش چیلنجز کا حل صرف باہمی محبت اور تعاون میں مضمر ہے۔ مولانا رومی کا فلسفہ وحدت الوجود کائنات میں ہر شے کو خدا کے وجود کا عکس قرار دیتا ہے۔ ان کے نزدیک تمام انسان ایک ہی حقیقت کے مظاہر ہیں، اس لیے رواداری اور محبت ہی سب سے بڑی حقیقت ہے۔ رومی کے یہ اشعار دنیا کو محبت اور یگانگت کا پیغام دیتے ہیں اور مذہبی شدت پسندی کے خلاف برداشت کی تعلیم دیتے ہیں۔ جیسا کہ ان اشعار کے ذریعہ فرماتے ہیں کہ:

یک گهر بودیم همچون آفتاب | بی گره بودیم و صافی همچو آب
چون به صورت آمد آن نور سره | شد عدد چون سایه های کنگره
کنگره ویران کنید از منجنیق | تا رود فرق از میان این خریق۶
تفرقه بر خیزد و شرک و دویی | وحدت است اندر وجود معنوی
چون شناسد جان من جان ترا | یاد آرند اتهاد ماجرا ۷

مولانا فرماتے ہیں کہ انسان سے میل جول رکھنا، دلوں کو خوش کرنا ہی اصل عبادت ہے اس دنیا میں کوئی شخص چاہے بادشاہ ہو یا گدا، اسیر ہو یا فقیر، جوان ہو یا پیر، اگر پسندیدہ طبیعت کا مالک ہے تو کامیابی اسی کو حاصل ہوتی ہے۔ کہتے ہیں:

ای بسا هندو و ترک هم زبان | ای بسا دو ترک چون بیگانگان
پس زبان همدلی خود دیگر است | همدلی از همزبانی بهتر است ۸

رومی کی شاعری میں انسان کو اپنی ذات، نفس اور روحانی صلاحیتوں کی پہچان کرانے پر زور دیا گیا ہے۔ خود شناسی سے فرد کی معنوی ترقی ممکن ہے اور یہ انسان کو محبت، اخلاقی ذمہ داری اور اجتماعی فلاح کی طرف لے جاتی ہے۔ یہ تصور عصری نفسیاتی مطالعہ اور روحانی تعلیمات میں آج بھی نہایت موزوں اور اثر انگیز ہے۔ آج کے دور میں جہاں انسان مختلف ذہنی و جذباتی مسائل کا شکار ہے مولانا کی خود شناسی اور خدا سے تعلق جوڑنے کی تعلیمات بہت اہم ہیں۔ خود شناسی کے اسی پیغام کو رومی اس طرح بیان کرتے ہیں:

بیرون ز تو نیست هر چه در عالم هست
از خود بطلب هر آنچه خواهی که تویی ۹

....

ای خدا ای فضل تو حاجت روا | با تو یاد هیچ کس نبود روا
پیش یوسف نازش و خوبی مکن | جز نیاز و آه یعقوبی مکن
معنی مردن ز طوطی بد نیاز | در نیاز و فقر خود را مرده ساز
تا دم عیسی ترا زنده کند | همچو خویشت خوب و فرخنده کند
از بهاران کی شود سرسبز سنگ | خاک شو تا گل بروید رنگ رنگ
سالها تو سنگ بودی دل خراش | آزمون را یک زمانی خاک باش ۱۰

خود شناسی رومی کی شاعری کا اہم موضوع ہے، ان کے مطابق انسان کو اپنی اصل حقیقت کو پہچاننا ضروری ہے، کیونکہ اس کے بغیر روحانی ترقی ممکن نہیں۔ مولانا رومی اپنی شاعری میں جا بجا خود شناسی کی مکمل تلقین کرتے ہیں، ان کے مطابق جو زیادہ بیدار ہوتا ہے، اس پر زیادہ پردے پڑ جاتے ہیں اور جو زیادہ آگاہ ہوتا ہے وہ زیادہ مضطرب ہوتا ہے۔ رومی کہ

اس فلسفے کے مطابق موجودہ معاشرہ کے مسائل کا حل انسان کے اندر موجود ہے، بشرطیکہ وہ خود کو پہچان لے اور اپنی کمزوریوں کا ادراک کر کے خدا کی جانب رجوع کرے۔ چنانچہ رومی کہتے ہیں جس نے خود کو نہ پہچانا، اس نے اپنی روح کو نہ پہچانا، اور جس نے اپنی روح کو نہ پہچانا، اس نے خدا کو نہ پہچانا:

خویشتن نشناخت مسکین آدمی
از فزونی آمد و شد در کمی
خویشتن را آدمی ارزان فروخت
بود اطلس خویش بر دلقی بدوخت
صد هزاران مار و کُه حیران اوست
او چرا حیران شده است و مار دوست ۱۱

مولانا رومی کی یہ تعلیمات عصرِ حاضر میں بے حد اہمیت رکھتی ہیں، کیونکہ آج کی دنیا میں انسان خود کو کھو چکا ہے اور اسے اپنی حقیقت کو دوبارہ پہچاننے کی ضرورت ہے۔ رومی کے نزدیک محبت ہی انسانیت کی سب سے بڑی خوبی ہے، محبت وہ طاقت ہے جو دنیا کو جوڑتی ہے۔ وہ محبت کو ایک ایسی قوت سمجھتے ہیں جو انسان کو نفرت، تعصب، اور فرقہ واریت سے دور کر کے خدا کے قریب لے جاتی ہے۔ آج کے دور میں جب انسان نفرت اور عدم برداشت میں مبتلا ہو چکا ہے، رومی کے اشعار امید اور بھائی چارے کا پیغام دیتے ہیں۔ مولانا مختلف انداز اور مختلف پیرائے بیان میں اپنے اس پیغام محبت کو عام کرتے رہے۔ ان کا کہنا ہے کہ محبت چیزوں کی اصلیت کو بدل دیتی ہے، کہتے ہیں:

از محبت تلخها شیرین شود　　از محبت مسّ ها زرین شود
از محبت دردها صافی شود　　از محبت دردها شافی شود
از محبت مرده زنده می کنند　　وز محبت شاه بنده می کنند
از محبت گردد او محبوب حق　　گر چه طالب بود شد مطلوب حق ۱۲

مولانا کے یہ اشعار محبت کی طاقت اور اس کے اثرات کی گواہی دیتے ہیں، اس بات کو واضح کرتے ہیں کہ محبت کی طاقت تمام رکاوٹوں کو توڑ سکتی ہے اور انسانوں کو قریب لا سکتی ہے۔ ان کے نزدیک انسانیت کسی ایک مذہب، نسل، یا قوم تک محدود نہیں بلکہ پوری انسانیت ایک وحدت میں جڑی ہوئی ہے۔ ان کے مطابق، خدا کی محبت ہی اصل حقیقت ہے، اور ہر انسان میں خدائی نور موجود ہے۔ رومی کی تعلیمات میں انسانوں کے درمیان محبت، اخوت اور بھائی چارہ کو بہت اہمیت دی گئی ہے۔ یہ تعلیمات آج کے دور میں فرقہ واریت، تعصب اور سماجی فاصلے کو کم کرنے کے لئے عملی رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔ ان کے اشعار فرد کو سکھاتے ہیں کہ محبت اور اخوت صرف ذاتی تعلقات تک محدود نہیں بلکہ معاشرتی فلاح اور انسانی ہم آہنگی کی بنیاد ہیں۔ رومی مذہبی اور نسلی تعصّبات کے شدید مخالف تھے۔ وہ انسان کو ظاہری شناخت سے بالاتر ہو کر دیکھنے کی تلقین کرتے

ہیں، کہتے ہیں:

نه شرقیّم نه غربیّم نه بریّم نه بحریّم
نه از کان طبیعیّم نه از افلاك گردانم
نه از خاکم نه از بادمنه از آبم نه از آتش
نه از عرشم نه از فرشم نه از کونم نه از کانم
نه از هندم نه از چینم نه از بلغار سقسینم
نه از ملك عراقینم نه از خاك خراسانم
نه از دنیا نه از عقبیٰ نه از جنّت نه از دوزخ
نه از آدم نه از حوا نه از فردوس رضوانم
مکانم لامکان باشد نشانم بی نشان باشد
نه تن باشد نه جان باشد که من از جان جانانم
دویی از خود برون کردم یکی دیدم دوعالم را
یکی جویم یکی گویم یکی دانم یکی خوانم ١٣

رومی کا کلام ہر قسم کی تعصب، نفرت اور مذہبی/نسلی تقسیم کی مخالفت کرتا ہے۔ ان کے نظریات انسان کو سکھاتے ہیں کہ اختلافات کے باوجود محبت اور ہم آہنگی ممکن ہے۔ عصر حاضر میں جہاں دنیا مذہبی، نسلی اور سیاسی تنازعات کا شکار ہے، رومی کے یہ پیغامات ایک مستحکم اور پرامن معاشرتی نظام قائم کرنے میں مددگار ہیں، یہ اشعار ہمیں سکھاتے ہیں کہ مذہب، قوم، اور نسل کے بجائے انسانیت کو بنیاد بنانا چاہیے۔

رومی کی شاعری انسانیت کی خدمت اور ایثار کو روحانی ترقی کا ذریعہ قرار دیتی ہے۔ یہ تعلیمات موجودہ دور میں معاشرتی خدمت، رضا کارانہ کام اور انسانی ہمدردی کے فروغ میں رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔ رومی کا کلام واضح کرتا ہے کہ خدمت روحانی خوشی اور اخلاقی ترقی کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ اسی پیغام کو عام کرنے کی لیے رومی نے اپنی شاعری میں خدمتِ خلق اور ایثار کو بھی اہم مقام دیا ہے۔ ان کے مطابق، جو شخص دوسروں کی خدمت کرتا ہے، وہی حقیقی معنوں میں خدا کی راہ پر ہے۔

با دل گفتم ز دیگران بیش مباش
رو مرهم ریش باش چون نیش مباش
خواهی که ز هیچکس به تو بد نرسد
بد گوی و بد آموز و بد اندیش مباش ١٤

مولانا رومی تمام بنی نوع انسان کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ سخاوت اور یاری میں دریا کی مانند ہونا

چاہئے ،خورشید کی مانند مہربان اور دوست نواز بنو،ایک دوسرے کی خطاؤں اور غلطیوں کو معاف کرنے میں رات کی تاریکی کی مانند ہونا چاہئے ،اگر تم چاہتے کو دوسرے لوگ تمہارے ساتھ اچھا برتاو کریں اس کے لئے پہلے تمکو دوسروں کے ساتھ مثل آئینہ صاف وشفاف ہونا ہوگا، یہی اصل خدمت خلق اور ایثار ہے جسکو مولانا اپنی شاعری میں جا بجا پیش کیا ہے خدمت خلق سے متعلق مولانا کی یہ چند نصیحتیں سماعت فرمائیں:

رود باش، در سخاوت و یاری به دیگران، گشاده دست باش، جاری باش، کمك کن مثل رود،

خورشید باش، در مهر و دوستی، با صفت و مهربان باش مثل خورشید،

شب باش، در بخشیدن و پوشیدن خطای دیگران، اگر کسی اشتباه کرد آن را بپوشان مثل شب،

وقت عصبانی شدی خاموش باش مثل مرگ،

متواضح باش و کبر نداشته باش مثل خاك،

دریا باش، در کنار آمدن با دیگران، بخشش و عفو داشته باش مثل دریا،

اگر می خواهی دیگران خوب باشند، خودت خوب باش مثل آیینه، همان گونه که می نمایی.... [۱۵]

یہ تعلیم آج کے معاشرتی مسائل کے حل کے لیے بے حد ضروری ہے، کیونکہ رواداری اور درگزر کی کمی ہی زیادہ تر مسائل کی جڑ ہے۔

مولانا روی ان اشعار میں انسان کو حکمت اور اخلاقیات کا درس دے رہے ہیں۔وہ سکھاتے ہیں کہ محبت کو سمجھ بوجھ کے ساتھ اپناؤ، خاموش رہنا بہتر ہے اگر تمہارے پاس علم نہ ہو، دوسروں کی برائی تلاش کرنے کے بجائے اچھائی پر نظر رکھو، غلطیوں کو تسلیم کرو لیکن دوسروں کو بدنام مت کرو، دنیا کے غموں میں خود کو ضائع مت کرو، ہمیشہ سچائی اور روشنی کا راستہ اختیار کرو تب جا کر تم ایک بے مثال شخصیت کے حامل ہو سکتے ہو یہی دنیا وآخرت میں کامیابی کا اصل راز ہے۔

مولانا روم اپنے علم وفضل میں یکتائی روزگار ہونے کے ساتھ نہایت منکسر المزاج اور متواضع تھے۔وہ نہ صرف مسلمانوں کے ساتھ اپنی ہمدردی عنایت فرماتے تھے بلکہ غیر مسلموں، یہودی، عیسائیوں اور مجوسیوں کے ساتھ بھی ان کا یہی برتاؤ تھا۔مناقب العارفین میں ایسا ہی ایک اہم واقعہ درج ہے:

> ''ایک مرتبہ استانبول کا ایک بڑا پادری عالم مولانا کی خدمت میں حاضر ہوا،مولانا کی علمی جلالت وہیبت شان کو دیکھ کر اس پادری پر ایک وارفتگی طاری ہوگئی اور آپ کے سامنے زمین پر سجدہ ریزی شروع کر دی، جب اس کو ہوش آیا اور حالت کچھ بہتر ہوئی تو اس نے دیکھا کہ مولانا بھی اس کے سامنے اسی طرح زمین پر سر رکھ رہے ہیں، یہ دیکھ کر اس کی حالت میں تبدیلی آ گئی اور اس نے کپڑے پھاڑنا، چیخنا چلانا شروع کر دیا اور کہنے لگا کہ سلطان السلاطین ایک معمولی پادری کا یہ اعزاز اور آپ کی یہ انکساری وتواضع ،مولانا نے فرمایا، ہمارے آقا رسول ﷺ کا ارشاد ہے کہ اس بندے پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی انعام ہے جس کو اس نے دولت، عزت، شہرت، حسن وجمال اور طاقت عطا کیا اور اس نے اس دولت کو دوسروں پر خرچ کیا،

عزت کی حفاظت کی، اپنی شہرت و ناموری کے باوجود دوسروں کے ساتھ تواضع وانکساری کا رویہ اختیار کیا۔
جب میں ایسے نبی کی امت کا ایک ادنیٰ فرد ہوں تو بندگان خدا کے ساتھ تواضع وانکساری کیوں نہ کروں، یہ
سن کر وہ پادری عالم اوراس کے ہمراہی مشرف بہ اسلام ہوگئے۔" ۱۶

مولانا رومی کا پیغام نہ صرف مسلمانوں کے لیے بلکہ پوری انسانیت کے لیے ہے۔موجودہ معاشرہ جہاں تعصّبات، فرقہ واریت اور نفرت انگیزی عام ہے، مولانا رومی کا عالمگیر پیغام ہمیں انسانیت کی جانب متبذل ہونے اور ایک دوسرے کے ساتھ محبت اور خیر خواہی کا سلوک کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ وہ انسانوں کے درمیان اختلافات کو ختم کرنے اور سب کے ساتھ عدل واحسان کے ساتھ پیش آنے کی تعلیم دیتے ہیں۔آج کی دنیا نفرت، جنگ، اور تعصب کا شکار ہے، مگر رومی کے افکار ہمیں سکھاتے ہیں کہ حقیقی امن تبھی ممکن ہے جب انسان ایک دوسرے سے محبت کریں اور ایک دوسرے کو معاف کریں۔یہ تعلیم آج کے معاشرتی مسائل کے حل کے لیے بے حد ضروری ہے، کیونکہ رواداری اور درگزر کی کمی ہی زیادہ تر مسائل کی جڑ ہے۔مولانا رومی تمام بنی نوع انسان کو پیغام دیتے ہیں کہ اگر سکون اور خوشی کے ساتھ زندگی بسر کرنا ہے تو جتنا ممکن ہو سکے ریاکاری اور کینہ پروری سے پرہیز کریں:

کــــو ز آد م نــــنگ دارد از حســــد　　بــــا ســعـــادت جــنگ دارد از حســد
عــقبــۀ زیــن صـعـب تـر در راه نیسـت　　ای خُـنك آنـكـس حسـد هـمـراه نیسـت
چـون كـنـی بـر بی حسد مکر و حسد　　زان حســـد دل را سیـــاهـی هــا رسـد
خـــاك شـــو مــردانِ حــق را زیــر پـــا　　خــاك بر سر کـن حسـد را همچو مـا ۱۷

مندرجہ بالا اشعار کی روشنی میں ہم بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ رومی کے کلام میں عالمی امن، محبت اور ہم آہنگی کا پیغام نمایاں ہے۔ان کی تعلیمات انسانوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے اور تنازعات کے حل میں صوفیانہ بصیرت فراہم کرتی ہیں۔عصری دنیا میں جہاں سیاسی ارسماجی کشمکش عام ہے، رومی کی شاعری امن قائم کرنے اور محبت کے پیغام کو فروغ دینے میں رہنمائی کرتی ہے۔انہوں نے ہمیشہ بنی نوع انسان کے بارے میں گفتگو کی ہے۔رومی کا مخاطب کوئی مخصوص فرد یا کوئی منتخب قوم نہیں ہے۔وہ ہر قسم کے ظلم کو اس کے ظالمانہ اقدامات پر متنبہ بھی کرتے ہیں:

چـــاه مــظـلـم گشـت ظـلـم ظـالـمـان　　ایــن چــنیــن گـفتـنـد جـمـلـه عـالـمـان
هــر کـــه ظـــالـمتـر چهـــش بـا هـولتـر　　عـــدل فـــرمـــوده ســـت بـــدتـر را بتـر
ای کــه تــو از ظــلـم چــاهـی مـی کـنـی　　دان کــــه بهــر خـویــش دامـی مـی کـنـی
گــرد خـــود چـــون كــرم پيلـــه بر مـكـن　　بهــر خـــود چـــه مـــی کـنـی انـدازه کـن
مــر ضـعیفـان را تـو بی خـصـمـی مـدان　　از نبـــی ذا جـــاء نـصـر الـلّـــه خـوان
گــر ضـعـیـفـی در زمین خـواهـد امــان　　غـــلـــغـــل افتــد در سپـــاه آســمــــان
گــر بــدنـــدانـــش گزی پر خـون کـنـی　　درد دنـــدانـــت بـــگیـــرد چــون کـنـــی ۱۸

رومی نے اپنی شاعری کے ذریعہ اخلاقی مسائل کی تعلیم وترویج، کردار سازی، آدمیت کو انسانیت سے ہم کنار کرنے کے ضروری واہم نکات کی تفہیم کے طریقے کو اوج کمال پر پہنچا دیا۔اس کے ضمن میں نفس انسانی کے عیوب اور پوشیدہ اسرار اپنے لطیف پیرایہ میں پیش کئے اور موجودہ زمانے کے لئے ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل وتعمیر کے واسطے بیش نعمت نصیحتیں کی ہیں۔رومی لوگوں کو نصیحت کرتے ہوئے روزمرہ کی زندگی میں پیش آنے والی چند معمولی نصیحتوں پر عمل پیرا ہونے کی تلقین کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ دنیا میں ایک عمدہ اور بے مثال شخصیت والا بننے کے لئے آدمی کو باادب ہونا لازمی ہے، ادب ہی ایمان ہے ادب ہی حیوان وآدم کے درمیان تفریق کا سبب ہے:

ظاهر و باطن اگر باشد یکی — نیست کس را در نجات او شکی
قول و فعل بی تنافض بایدت — تا قبول اندر زمان پیش آیدت ۱۹

مولانا رومی کے فلسفے کی سب سے بڑی ضرورت آج کے دور میں بین المذاہب ہم آہنگی اور برداشت ہے، ان کی شاعری میں مذہبی ہم آہنگی اور بین المذاہب مکالمہ کہ اہمیت پر زور دیا گیا ہے۔رومی کے اشعار مذہبی شدت پسندی اور فرقہ واریت کے خلاف ایک پیغام دیتے ہیں کہ خدا تک پہنچنے کے راستے مختلف ہو سکتے ہیں، لیکن منزل ایک ہی ہے۔رومی کا فلسفہ دنیا کے تمام ادیان کے ماننے والوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کا درس دیتا ہے۔رومی کا پیغام ہمیں سکھاتا ہے کہ مذاہب کے اختلافات کے باوجود تمام انسان ایک ہیں، اور محبت ہی وہ قوت ہے جو سب کو جوڑ سکتی ہے۔رومی کی تعلیمات اختلافات کے باوجود محبت، احترام اور صلح کی راہ دکھاتی ہیں:

بیا تا قدر يك دیگر بدانیم — که تا ناگه ز يك دیگر نمانیم
چو مومن آیینه مومن یقین شد — چرا با آیینه ما رو گرانیم
غرضها تیره دارد دوستی را — غرضها را چرا از دل نرانیم
گهی خوشدل شوی از من که میرم — چرا مرده پرست و خصم جانیم ۲۰

مولانا رومی کی شاعری آج کے عالمی تناظر میں مختلف مذاہب اور ثقافتوں کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے اور انسانی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لیے نہایت اہم ہے۔رومی تمام مذاہب کو متحد اور ہم جہت جانتے ہیں، کہتے ہیں کہ ان کے رنگ اور زبان ظاہری ہیں مگر ان کی حقیقت ایک سے زیادہ نہیں جو کہ تمام مذاہب وادیان میں مشترک ہے، مولانا کی نظر میں تمام جامدات صرف اور صرف ندای حق کو ہی سنتے ہیں اور اسی سے راز و نیاز کی باتیں کرتے ہیں اور اسی حقیقت کے متلاشی ہیں:

آن ندای کاصل هر بانگ و نواست
خود ندا آن است و این باقی صداست
ترك و كرد و پارسی گو و عرب
فهم کردن آن ندای گوش و لب

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

خود چه جای ترك و تاجيك است و زنگ
فهم كرده آن ندا را چوب و سنگ
هر دمی از وی همی آید الست
جوهر و اعراض می گردند هست
گر نمی آید بلی ز ایشان ولی
آمدن شان از عدم باشد بلی ۲۱

رومی کے افکار آج کے دور میں نہایت مؤثر اور قابل عمل ہیں۔ان کی شاعری ہمیں سکھاتی ہے کہ عشق، وحدت، خود شناسی اور محبت ہی حقیقی زندگی کی بنیادیں ہیں اور انسانیت سب سے بڑی حقیقت ہے۔۔ان کے افکار آج بھی اس طرح زندہ ہیں جیسے آٹھ سو سال پہلے تھے۔ان کی شاعری محض الفاظ کا مجموعہ نہیں، بلکہ ایک ایسا پیغام ہے جو دنیا کو محبت، برداشت، اور خود شناسی کی طرف لے جاتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مذہب اور عقیدے سے زیادہ اہم محبت اور برداشت ہے۔خود شناسی اور روحانی ترقی ہی اصل کامیابی ہے۔اگر ہم ان کی تعلیمات کو اپنائیں تو ایک بہتر اور پرامن دنیا ممکن ہو سکتی ہے۔

چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ رومی نے اپنی شاعری کے ذریعہ مادیت پرستی کے خلاف روحانی پیغام عام کیا۔جدید دور میں انسان مادیت پرستی کا شکار ہو چکا ہے، آج کی دنیا مادی ترقی میں گم ہو چکی ہے، مگر رومی سکھاتے ہیں کہ اصل خوشی دولت یا طاقت میں نہیں، بلکہ روحانی بالیدگی اور اندرونی سکون میں ہے۔رومی کے نزدیک محبت ہی وہ قوت ہے جو دنیا کو جوڑتی ہے۔ آج کے دور میں جب انسان تنہائی اور نفرت کا شکار ہو رہا ہے، رومی کی تعلیمات موجودہ دور کے معاشرتی مسائل، جیسے نفرت، عدم برداشت، اور تشدد کے حل کے لیے ایک مشعل راہ ہیں۔آج کی دنیا آپسی اختلافات، جنگ اور تعصب کا شکار ہے، مگر رومی کے افکار ہمیں سکھاتے ہیں کہ حقیقی امن تبھی ہے جب انسان ایک دوسرے سے محبت کریں اور ایک دوسرے کو معاف کریں۔رومی کا فلسفہ غربت، ناانصافی، اور معاشرتی بے حسی جیسے مسائل کے حل کے لیے ایک بہترین راستہ پیش کرتا ہے، جس کا بنیادی اصول محبت، خدمت، اور ایثار ہے۔

حواشی:

۱. جاوید نامہ، علامہ اقبال، شارح پروفیسر یوسف سلیم چشتی، اعتقاد پبلشنگ ہاؤس، نئی دھلی، سنہ اشاعت ۱۹۹۳ء، ص.۴۳۵،
۲. دیوان شمس، رباعیات، رباعی شمارہ ۴۱،
۳. مثنوی معنوی، دفتر اول، بخش ا، سرآغاز (۲۳..۲۴)
۴. دیوان شمس، غزلیات، غزل شمارۂ ۲۱۳۰،
۵. دیوان شمس، غزلیات، غزل شمارۂ ۱۳۹۳،
۶. مثنوی معنوی، دفتر اول، بخش ۳۳،
۷. مثنوی معنوی، دفتر چھارم، بخش ۱۳۹،

۸. مثنوی معنوی، دفتر اول، بخش ۶۶،

۹. دیوان شمس، رباعیات، رباعی شمارۂ ۱۷۵۹

۱۰. مثنوی مولانا روم، قاضی سجاد حسین، دفتر اول، سب رنگ کتاب گھر، دھلی، ص ۲۱۰

۱۱. مثنوی معنوی، دفتر سوم، بخش ۳۷،

۱۲. مثنوی معنوی، دفتر دوم، بخش ۳۱،

۱۳. دیوان شمس، غزلیات، غزل شمارۂ ۶۳۳،

۱۴. دیوان شمس، رباعیات، رباعی شمارہ ۱۰۲۰،

۱۵. بحوالہ مثل رود، پژوہ علوم انسانی واسلامی، پژوھشکدہ باقر العلوم، بزرگترین بانک مقالات

۱۶. مقامات مولانا روم، اردو ترجمہ مناقب العارفین، از شمس الدین افلاکی، مترجم حافظ احمد علی خان، مطبع احمدی کوچہ لنگر خانہ، ریاست رامپور، سنہ ۱۹۲۱ء

۱۷. مثنوی معنوی، دفتر اول، بخش ۱۷،

۱۸. مثنوی معنوی، دفتر اول، بخش ۲۷،

۱۹. مثنوی معنوی، دفتر پنجم، بخش ۱۱،

۲۰. دیوان شمس، غزلیات، غزل ۱۵۳۵،

۲۱. مثنوی معنوی، دفتر اول، بخش ۱۰۴،

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

ڈاکٹر علی اصغر *

مہدی اخوان ثالث کی نظم کتیبہ کا تجزیاتی مطالعہ

مہدی اخوان ثالث (م،امید) ایران کے جدید معروف شعراء میں شمار ہوتے ہیں۔انہوں نے اپنی شاعری کے لئے عام ایرانی معاشرے سے مضامین کشید کئے ہیں البتہ عام زندگی کے وقائع کی تصویر کشی بھی ان کا خاص اسلوب سخن رہا ہے۔اخوان ثالث ۱۹۲۹ء شہر مشہد میں پیدا ہوئے۔شعری اسلوب میں مکتب نیما کی پیروی کی ہے۔پروفیسر شریف قاسمی نے لکھا ہے۔

''ان کا شمار ان چند گنے چنے شعراء میں ہوتا ہے جو صرف مکتب نیما کے پیروکار ہی نہیں بلکہ اس کے شارح اور مفسر بھی ہیں مکتب نیما کی خصوصیات کو بیان کرنے، نیما کے معترضین کا مدلل اور اطمینان بخش جواب دینے میں، اخوان ثالث نے نمایاں حصہ لیا ہے۔''

(جدید فارسی شاعری،صفحہ۱۴۲)

اخوان کی شعری قدر و قیمت کے سلسلے میں ناقدین کے ملے جلے تاثرات پائے جاتے ہیں۔لیکن بہر حال جدت پسندی کے باوجود،سبک خراسانی میں طبع آزمائی ان کا طرۂ امتیاز ہے۔مکتب نیما اور سبک خراسانی کے امتزاج سے اخوان ثالث کی شاعری ایک نئے رنگ و آہنگ اور صورت سے آشنا ہوتی ہے اور ان کی یہی خصوصیت دیگر معاصر شعراء سے انہیں ممتاز و منفرد بناتی ہے۔معروف ناقد اور افسانہ نگار جمال میر صادقی نے اخوان کے سلسلے میں لکھا ہے۔

"من اخوان را، از "آخر شاهنامه" شناختم. شعرهای اخوان جهان بینی و بنیشی تازه به من داد و باعث شد که نگرش من از شعر به کلی متفاوت شود و شاید این آغازی برای تحول معنوی و درونی من بود"

(اخوان،شاعر حماسہ وشکست،فارسی انٹرویو،بی بی سی،۱۱مئی ۲۰۱۵ء)

(ترجمہ: میں نے اخوان کو اس کے مجموعۂ کلام'' آخر شاہنامہ'' سے پہچانا۔ان کی شاعری نے مجھے دنیا کو دیکھنے کا ایک نیا زاویہ دیدیا اور اس شاعر نے شاعری کے متعلق میرے نظریات کو بدل دیا۔شاید میرے دروں میں معنوی تحول کی یہ ابتداء

MAHDI AKHWAN SALIS KI NAZM KATEEBA KA TAJZIYATI MUTALEA (Pg.No. 30 TO 40)
DR. ALI ASGHAR, ASSISTANT PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN, JAWAHARLAL NEHRU UNIVERSITY, NEW DELHI

تھی)

اخوان ثالث کی شاعری درحقیقت، نیما یوشیج کے مکتب کا ایک سلسلہ ہے۔ان کی تربیت جس ماحول میں ہوئی تھی۔وہ ماحول شعریت، کلاسیت اور روایتی حسن و لطافت شعر سے تشکیل پاتا ہے۔لیکن نئے رجحانات اور مطالبات سے یکسر انحراف بھی رجعت قہقری کے مرادف تھی۔اس مشکل کو انہوں نے اپنی بے پناہ قوت تخلیق و تخیل سے حل کیا۔کلاسیک و جدید کے امتزاج نے انہیں تنقید کا محور بھی بنایا۔رضیہ اکبر نے درست لکھا ہے:

''مہدی اخوان ثالث (م،امید) کے بارے میں اکثر ناقدین دو متضاد آرا کا اظہار کرتے ہیں۔بعض اسے اچھا ترقی پسند شاعر مانتے ہیں اور بعض کا خیال ہے کہ اس کی شاعری شکست و غم اور ماضی پرستی کے سوا اور کچھ نہیں''

(فارسی ادب کے پچاس سال،صفحہ ۲۶۶)

یہ اخوان کی ماضی پرستی ہی تھی جس کے سبب اس کی شاعری میں ایرانی روایات اور قدیم تہذیب کے کردار نظر آتے ہیں۔وہ شاہنامہ سے الہام لے کر بعض کردار کو جدید درپیش مسائل کا حل بناتا ہے۔وہ محض ماضی پرست یا ایران دوست نہیں ہے بلکہ اس کے احتجاج سے لبریز دل میں اعراب کے متعلق کینہ و نفرت بھی دکھائی دیتا ہے۔ایران کی قدیم تہذیب،ادب اور زبان کے خاتمے کا سبب ایک طرح سے عرب تھے۔پھر اخوان کے عہد میں عراق۔ایران ۸ سالہ جنگ میں بھی عرب،بدترین حلیف ثابت ہو رہے تھے۔نادر ابراہیمی نے اخوان ثالث کی عرب بیزاری کے متعلق اس طرح رائے قائم کی ہے:

" مهدی اخوان ثالث، کینه اش به عرب، یك کینهٔ ایستای به میراث رسیده است نه کینهٔ اندیشگی و پویا، او عرب را دقیقاً و برای همیشه همان عرب، هزار و پانصد سال پیش می داند که برجای مانده است و تکان نمی خورد-یك ملت واحد یکپارچه، بدون کمترین تغییر قشری، طبقاتی، ملّی، تاریخی، اجتماعی و سیاسی، بد خون، بد نژاد، فاسد بالذات...... او صدام را به دلیل عرب بود نش، یزید می داند نه به دلیل عامل استعمار بودنش"

(یادنامۂ اخوان ثالث،صفحہ ۸۲)

اخوان ثالث،ایرانی تہذیب کے شیفتہ ہیں۔وہ قدیم داستان کو اپنے عہد کی زندگی سے مربوط کرنا جانتے تھے۔وہ ان داستانوں کو معاصر حقائق کی تمثیل بنا لیتے تھے۔اخوان اگرچہ جدت پسند تھے لیکن یہ جدیت کبھی بھی قدیم روایت پہ غالب نہ آسکی۔وہ جدید رجحانات کو شعر کا حاصل مانتے ہیں لیکن اوزان کو بھی شعر کا لازمی جز خیال کرتے تھے مکتب نیما کے بہت سے مقلدین جیسے احمد شاملو وغیرہ نے شعر کے نیمائی تصور سے بھی قدرے دوری قائم کر لی تھی۔ان لوگوں نے وزن شعر کو بھی اظہار خیال کی زنجیر تصور کر لی تھی جبکہ اخوان،آزاد شاعری میں بھی اوزان برتنے کو لازمی اور ضروری سمجھتے تھے۔مہدی اخوان ثالث

کے متعدد مجموعۂ کلام شائع ہوئے۔

۱- ارغنون(۱۳۳۰ ش) ۲- آخرشاہنامہ(۱۳۳۸ ش) ۳- ازین اوستا (۱۳۴۴ ش)

۴- شکار (۱۳۴۵ ش) ۵- پائیز درزندان (۱۳۴۸ ش)۶- عاشقانہ ہاوکبود (۱۳۴۸ ش)

۷- زندگی می گوید اما باید زیست (۱۳۵۷ ش) ۹- دوزخ اما سرد (۱۳۵۷ ش)

۱۰- ترا ای کہن بوم وبر دوست دارم (۱۳۶۸ ش)

شرح وتفسیر شعر کتیبہ از مہدی اخوان ثالث:-

کتیبہ، مہدی اخوان ثالث (م، امید۔م، صبح) کی نہایت مشہور ترین نظم ہے۔اس نظم کی بنیادی بافت میں نماد گرائی کا ایک اہم حصہ صرف کیا گیا ہے۔ مذکورہ نظم کا اصلی عنصر، رضا خانی حکومت کے استبدادی آغاز اور ایران کے بیسویں صدی عیسوی کے انقلاب مشروطہ کے تجربہ پر مشتمل ہے۔اس میں انقلاب کی کامیابی کے باوجود، دردناکامی، حسرت ویاس، قنوطیت وحرماں نصیبی کی آنچ کا احساس بڑی شدت کے ساتھ نظم کیا گیا ہے۔ مذکورہ نظم، آسان لفظوں میں ایک ایسی دردانگیز اور غم آور داستان پر مشتمل ہے جو ایک گردہ انسانی کا المیاتی بیان پیش کرتی ہے۔اس گروہ میں بچے، جوان، بوڑھے عورتیں سب ہی شامل ہیں۔اور ستم یہ ہے کہ یہ تمام افراد، پابہ زنجیر ہیں۔ممکن ہے کہ یہ زنجیر، جبر وتسلط اور حکومتی استبداد کے جوہری مصالح سے ملکر بنائی گئی ہو۔ یہ گروہ، نہایت سست روی سے ایک پہاڑ کے مقابل آکر تھم جاتا ہے۔ یہ انسانی گروہ، آزادیٔ فکر کا متلاشی تھا، جس کے پاؤں میں جبر کی بیڑیاں بندھی تھیں۔ یہ بندش اس قدر سخت اور پیوستہ تھی کہ حرکت وتکان کا ایک موقع بھی فراہم نہیں ہوتا تھا۔

اچانک ایک بلند آواز آتی ہے کوئی کہہ رہا تھا کہ، پہاڑ کے دوسری جانب، پتھر کے تختے پہ ایک راز چھپا ہوا ہے۔رات کا سناٹا اور اندھیرا، اوج کمال پہ تھا، لعنت کی بارش ہورہی تھی سبھی خستہ وبے حال تھے۔اس آواز نے ایک فرد کی روح میں تاثیر پیدا کی۔ وہ بڑی جرأت اور نئے ولولہ سے گویا ہوا کہ ہمیں پہاڑی کے دوسرے کنارے جاکر دیکھنا چاہئے کہ وہاں کیا شے پوشیدہ ہے۔شاید وہ ہماری غلامی کی زنجیروں کو کاٹ دے۔

سبھی آواز کی سمت میں ہولئے۔لیکن زنجیر کی باہمی پیوستگی نے بہت جلد نڈھال کردیا۔اس میں ایک فرد کی زنجیر ذرا ڈھیلی تھی۔ وہ آہستگی سے آگے آتا ہے۔اور غیبی آواز کے ایما پہ تختۂ سنگ کی عبارتوں کو پڑھنے کی کوشش کرتا ہے۔اس پر کندہ تھا کہ

''میرا راز وہ ہی جان سکتا ہے جو مجھے اس طرف سے اس طرف پلٹا دے''

یہ ایک مژدۂ بے ہنگام تھا۔سبھی کے چہرے، ناانجام نوید کے انتظار میں کھل اٹھے۔اب لعنت کی بارش تھم سی گئی تھی۔ رات کی تاریکیاں، نور وچراغ کی آمد کے خوف سے اپنا سر چھپانے کے لئے جتن کرنے لگیں نہایت جوش وولولے اور زحمتوں کے ساتھ، سب ہی نے باہمی تعاون سے تختۂ سنگ کو پلٹ دیا۔ پھر ایک شخص اس پر کندہ عبارت پڑھنے کی کوشش کرنے لگا۔ غبار آلود راز کو ہر کوئی جان لینا چاہتا تھا۔صبر وشکیبائی، رخصت ہوا چاہتی تھی۔لیکن پڑھنے والے نے کچھ پڑھا اور حیرت زا

خاموشی اختیار کرلی۔

لوگ اصرار کررہے تھے کہ وہاں آخر کیا راز لکھا ہے ہمیں بتاؤ تا کہ ہم آگاہ ہوکر آزادی کو ممکن الحصول بنا سکیں۔لیکن اس کے چہرے پہ لایعنی سی خاموشی طاری تھی۔ کچھ لمحے سکوت کے اور بیت گئے۔ بالآخر وہ تھکے اور ہارے لہجے میں بڑبڑایا۔ وہی مذکورہ جملہ لکھا ہوا ہے کہ

''میرا راز وہی جان سکتا ہے جو مجھے اس طرف سے دوسری طرف پلٹ دے''

منتظر نگاہیں، پھر سے مایوسانہ انداز میں جھک سی گئیں۔خاموشی اور لعنت کی چادر پھر سے تن گئی۔غلامی پھر نوید آزادی کا انتظار اور اب پھر غلامی۔گویا قاجاری دور حکومت کے خاتمہ سے جہاں غلامی کا اختتام ہوا تھا اور مشروطہ کی آمد آمد سے جہاں آزادی کا طوفان آیا تھا لیکن کچھ ہی مدّت میں اچانک وہاں رضا خانی حکومت کی غلامی کا دور شروع ہوگیا۔محنت کے رائیگاں جانے کا کرب بہت اذیت ناک ہوتا ہے۔وہی اذیت ناک حالت،آزادی کا خواب لئے پابہ زنجیر انسانی گروہ کی تھی۔

مہدی اخوان ثالث، نے اس نظم کی بافت وترکیب میں،ایران کے قدیم اور اساطیری اجزا کو بھی شامل کیا ہے جس سے شاعر کی حد درجہ وطن دوستی کا اندازہ ہوتا ہے۔درحقیقت،ثالث کی شاعری کا بیشتر حصہ،قدیم ایران کے اسطورائی نظام پر استوار ہے۔البتہ یہ بات قابل ملاحظہ ہے کہ وہ ماضی کے دلفریب افسانوں میں کھو نہیں جاتا بلکہ ان واقعات کی بازخوانی کا مقصد، اپنے معاصر ایران کی اجتماعی اور فردی زندگی کی اصلاح ہے۔ثالث نے اپنی مذکورہ نظم میں تین رنج فزا اور غم انگیز دوروں کا ذکر کرتا ہے۔

(۱) شبی کہ لعنت از مہتاب می بارید
(۲) شب شطّ جلیلی بود پر مہتاب
(۳) وشب،شط علیلی بود

یہ تین راتیں، دراصل، تین مختلف ادوار ہیں۔شاعر نے ''شب'' کا استعمال نہایت درجہ علامتی طور پر کیا ہے۔پہلی شب، جس میں چاند سے لعنت چھن کر برس رہی تھی ''قاجاری دور'' کی علامت ہے۔دوسری شب، جو جلالت و نور کا مظہر نظر آرہی تھی وہ مشروطہ طلبی اور آزادی خواہی کی علامت ہے جس میں قاجاری دور کی ستم رانیاں، ختم ہونے کو آ گئی تھیں۔تیسری شب، جو علیل اور نحیف سی تھی، وہ پہلوی حکومت کے آغاز کا سمبل ہے۔

واضح ہے کہ فارسی ادب میں ''شب'' کا استعمال اپنے حقیقی معنی کے علاوہ، جداگانہ علامتی معنوں میں بھی ملتا ہے اس نظم میں بھی لفظ شب، ظلم واستبداد، جہالت وخفقان کا علامتی متبادل ہے۔البتہ وسط میں مستعمل لفظ شب علم ودانش اور آزادی وخوشحالی کی تعبیر ہے۔

اب ہم اس نظم کو مختلف جزئیات میں مطالعہ کرتے ہیں تا کہ حتی الامکان، تفہیم کو آسان کرسکیں۔

''فتاده تخته سنگ آنسوی تر، انگار کوهی بود/وما این سو، نشسته، خسته انبوهی/زن و مرد و جوان و پیر/همه بایکد گر پیوسته، لیك از پای/و بازنجیر/اگر دل می

کشیدت سوی دلخواهی/به سویش می توانستی خزیدن، لیك تا آنجا که رخصت بود/تا زنجیر/ندانستیم/ندای بود در رویای خوف و خستگیهامان/ویا آوای از جایی............ کجا؟ هرگز نپرسیدیم"

(ترجمہ)

اس طرف پتھر کا پڑا ہوا ٹکڑا گویا ایک پہاڑ تھا
اور ہم اس طرف بیٹھے، تھکے ماندے گروہ
عورت، مرد، جوان اور بوڑھے
آپس میں ایک دوسرے سے متصل، لیکن پیروں سے
اور زنجیر میں جکڑے ہوئے
اگر دل، اندرونی خواہش پہ آگے بڑھتا بھی تو
بس وہیں تک سرک پاتا جہاں تک اجازت تھی
بس زنجیر تک
ہم سمجھے نہیں
یہ کوئی آواز تھی جو ہماری تھکن اور خوف کے خوابوں میں بلند ہوئی تھی
یا کہیں سے کوئی مدھم سی صدا............کہاں سے؟ ہم نے پوچھا ہی نہیں''

اخوان ثالث نے نظم کے مذکورہ فقروں میں غلامانہ دور اور استبدادی زمانے کی تصویر کشی کی ہے۔ تمام مرد و زن، جوان و پیر پا بہ زنجیر ایک راستے سے گزر رہے ہیں۔ وہاں انہیں ایک بڑا پتھر کا ٹکڑا نظر آتا ہے۔ یہ قافلہ ہے لیکن غلامی کی زنجیروں میں جکڑا ہوا جس میں سروں کی تعداد ہے لیکن فکر سے لبریز اور آزادی کا متوالا ذہن نہیں ہے۔ سب ایک ساتھ ایک دوسرے سے متصل ہیں۔ درحقیقت یہ جسمانی اتحاد شاید اس استبدادی فشار کا نتیجہ ہے جو مسلسل بلا کی صورت انسان پہ نازل ہوا ہے۔

اس میں بعض الفاظ جیسے ''خستہ'' اور ''زنجیر'' علامتی الفاظ ہیں جس میں جہان معانی کی کئی دبیز تہیں موجود ہیں۔ خستگی، انجماد و انحطاط کو جنم دیتی ہے۔ حرکت بدنی دراصل فکری پرواز کی غماز ہوتی ہے۔ یہاں پر شاعر نے ''خستہ'' لفظ کا استعمال، اس کیفیت کے اظہار کے لئے کیا ہے، جس سے اس رژیم کے افراد متاثر تھے۔ اسی طرح ''زنجیر'' بھی جبر اور بیچارگی کی علامت ہے۔ شاعر جس دور کی گفتگو کر رہا ہے اس دور میں اکثر عوام جہالت، ناخواندگی اور بے سوادی کا شکار تھی۔ ایسے نازک حالات میں ایک صدا کی چنگاری نے انہیں متوجہ کرنے کی کوشش کی کہ کب تک غلامانہ طوق اپنی گردن میں ڈالے رہو گے۔ اٹھو اور تختۂ سنگ پہ منقوش راز کو پڑھو۔

''فتادہ تختۂ سنگ آنسوی، وز پیشیان پیری/ براو رازی نوشتہ است/ ہر کس طاق،...... ہر کس جفت''

(ترجمہ)

اس طرف پڑے ہوئے پتھر پر، پرانے واقت میں ایک ضعیف العمر نے

ایک راز لکھا ہے

ہر آدمی، طاق...... ہر آدمی، جفت"

ظلم کی اس شب یلدا میں، زنجیر کی گرفت سے آزاد ہونے کی ایک راہ تھی "تختہ سنگ۔ لیکن وہ بھی ایک راز کی صورت ۔راز ایک ایسی چیز ہے جو ہمیشہ انسان کو جستجو اور تجسس پہ آمادہ کرتی ہے مزید قدم بڑھانے پہ ابھارتی ہے "ہر گز نپرسیدیم" اس جملے سے اس گنگ اور بے حس قافلہ کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

"و ما چیزی نمی گفتیم/و ما تا مدّتی چیزی نمی گفتیم/پس از آن نیز تنها در نگه مـان بود اگر گاهی/گروهی شك و پرسش ایستاده بود/و دیگر سیل و خیل خستگی بودو فـرامـوشی/وحتی در نگه مان نیز خاموشی/و تخته سنگ آنسو اوفتاده بود/شبی که لعنت از مهتاب می بارید/وپا هامان ورم می کرد و می خارید"

(ترجمہ)

"ہم نے کچھ نہیں بولا

ایک لمبے وقفے تک کچھ بھی نہیں کہا

اس کے بعد بھی اگر کبھی ہماری نظروں میں کچھ تھا تو

سوالات وتردید کا ایک ہجوم آن کھڑا تھا

یا پھر خستگی کا سیلاب یا فراموشی کا طوفان

حتیٰ کہ ہماری نگاہوں میں خاموشی تیر رہی تھی

اور اس طرف وہ تختہ سنگ پڑا ہوا تھا

ایک ایسی رات تھی کہ چاند لعنت برسا رہا تھا

اور ہمارے پیر ورم دیدہ اور خار آشنا تھے"

اس اقتباس میں سب سے اہم اور کلیدی جملہ "نمی گفتیم وتامدّ تی چیزی نمی گفتیم" ہے جو اس مظلوم گروہ کے ذہنی کرب اور اندرونی تردد کو پیش کرتا ہے۔ فیصلہ کرنے اور عزم بالجزم کی عدم صلاحیت کو قاری کے سامنے لاکر کھڑا کر دیا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ اس گروہ نے مسلسل جبر وتشدد کو اپنی شومیِ قسمت سمجھ کر قبول کر لیا تھا۔ لہٰذا اس کے خلاف کسی طرح کے ردّعمل کا مظاہرہ نہیں نظر آتا۔ شاعر نے اسی لئے یہ کیفیت بیان کی ہے کہ اگر چہ ان کی نظروں میں خوف و ہراس کے باوجود، ہزاروں سوالوں کی موجیں تھیں۔

اس طرح کے ناگفتہ بہ حالات، خاص طور سے ایران میں فتح علی شاہ کے عہد سلطنت میں نظر آتے ہیں۔ روس سے

ایران کی شکست اور گلستان وترکمن چائے جیسے معاہدے نے ایرانی عوام کی رگ حمیت اور جوش اندرون کو ماند کر دیا تھا۔لیکن ایسے مشکل انحطاطی دور میں امیر کبیر کی شکل میں ایک روشنی نمودار ہوئی جس نے ایران کی شکست خوردہ عوام کو استعماریت و استثماریت سے گلوخلاصی کے حل پیش کئے۔

یـکی از ما که زنجیرش کمی سنگین تر از مابود، لعنت کرد گوشش را/و نا لان گـفـت! بـایـد رفت!/و مـا بـاخستـگی گفتیم!/لعنت بیش باد ا گوشمان را، چشمان را نیـز/بـایـد رفت/و رفتیـم و خـزان رفتیـم تـاجائی که تخته سنگ آنجا بود/یکی از ما که زنـجیـرش رهـا تـربود، بالا رفت، آنگه خواند/کسی راز مرا داند/که از ین رو به آنرویم بـگـردانـد/و مـا با لذتی این راز غبار آلود را مثل دعایی زیرلب/تکرار می کردیم/و شب شط جلیلی بود پر مهتاب

(ترجمہ)

''ہمارے ہی گروہ کے ایک آدمی نے ،جس کی زنجیر نسبتاً گراں تر تھی ،اپنے کانوں پہ لعنت بھیجی
اور روندھی آواز میں کہا: جانا چاہئے
اور ہم نے بھی تھکاوٹ کے ساتھ کہا:
ہمارے کانوں اور آنکھوں پہ لعنت ہو
وہاں جانا چاہئے
اور ہم گئے، بڑی آہستگی کے ساتھ وہاں تک گئے جہاں پتھر کا ٹکڑا پڑا ہوا تھا
ہم میں سے ایک فرد،جس کی زنجیر ذرا ڈھیلی تھی ،وہ اوپر چڑھ گیا اور پھر پڑھا
میرا راز وہی جان سکتا ہے
جو مجھے ادھر سے دوسرے جانب پلٹادے
اور ہم نہایت لذت بھرے انداز میں دعا کی طرح اس غبار آلود راز کو زیرلب
دہرارہے تھے
اور یہ رات (گویا اب) وقار وعزت کا چشمہ اور چاندنی میں نہائی ہوئی محسوس ہونے لگی تھی''

شاعر کے یہاں پر اس دور کی تصویرکشی کی ہے جب ایران میں فکری اور جسمانی آزادی کی تحریکیں زور پکڑنے لگی تھیں۔مشروطہ طلبی اور قانون کے نفاذ کی خواہش نے عام ایرانی کو بھی ایک نئی راہ سے آشنا کر دیا تھا۔دراصل اس بیداری کے متعدد اسباب اور وجوہات تھیں۔یورپی ممالک سے روابط،جدید یورپین انکشافات واختراعات کی بھرمار نے ایرانی عوام کے ذہنوں میں ایک نئے انقلاب کی روح پھونک دی تھی۔

شاعر نے اس جملے'' یکی از ما کہ.....'' سے اندازہ ہوتا کہ اسی قوم کے مختلف افراد نے مختلف ادوار میں انقلابات زمانہ

سے واقفیت بہم کرائی۔ لوگوں کو استثمار پسند حکومت کے خونی پنجوں سے نجات دلانے کی کوششیں کی۔ لوگ ان اولوالعزم رہبروں کی مسلسل تنبیہات سے بیدار ہوئے اور متحد ہو کر ایک صف میں کھڑے ہو گئے۔ وہ افراد جن میں علم وعمل اور فکر وشعور تھا۔ جن کے قلب میں خدمت قوم کا جذبہ تھا۔ علم و دانش کے نور نے ان کی ذہنی صلاحیتوں پہ روشنی کے نئے دریچے وا کر دئے تھے اور یوں سماج اور معاشرے نے ان کے پاؤں کی آہنی زنجیروں کو ڈھیلا کر دیا تھا۔ وہ آگے بڑے۔ لوگوں کو بتلایا کہ ان کی زندگی پہ حاکمیت کے عنوان سے کوئی قبضہ یا اختیار نہیں جتلا سکتا۔ لوگ بھی آزادی خواہ تھے اور اپنی اقدار، نخوت اور وقار کو پہچان چکے تھے۔ لیکن غلامی کی زنجیروں کو توڑنا اتنا آسان نہ تھا۔ لیکن انہوں نے مجتمعانہ قوت کو اکٹھے کیا اور اپنی سرنوشت وانجام جاننے کے لئے بے چین ہو گئے۔ یہ سرنوشت، مشروطیت تھی جسے قرآنی آیات کی طرح کوچہ و بازار میں گنگنایا جانے لگا تھا۔ لوگ اپنی آزادی کے پروانے "راز غبار آلود" کو پانے کے لئے کوششیں کر رہے تھے۔

هلا، یك ...... دو ...... سه...... دیگر بار/هلا، یك ......دو......سه......دیگر بار/عرق ریزان، عزا، دشنام، گاهی گریه هم کردیم/هلا، یك ، دو، سه ، زینسان بارها بسیار/چه سنگین بود امّا سخت شیرین بود پیروزی/و ما با آشنا تر لذتی/هم خسته هم خوش حال/از شوق و شور مالامال

(ترجمہ)

"بلند آواز میں چیختے ہوئے، ایک......دو......تین......پھر ایک بار
بلند آوازیں ہلا بولتے ہوئے، ایک......دو......تین......پھر ایک بار
پسینے میں ڈوبے ہوئے، کبھی مایوسی، کبھی گالی اور کبھی کبھی گریہ بھی کرتے رہے
ہلا بولتے ہوئے، ایک......دو......تین...... مسلسل کئی بار تکرار کرتے رہے
کتنا بھاری پتھر تھا......کتنا مشکل کام لیکن کامیابی بہت میٹھی تھی
ہم اس کی لذت سے آشنا تر ہو رہے تھے
بدحال و نڈھال لیکن خوش بھی تھے
شوق اور شور سے بھرے ہوئے"

استعماری طاقتیں اور اس عہد کی موجودہ مستبد حکومت نے لوگوں کے افکار پہ قفل لگا دئے تھے لیکن مختلف اہل نظر کی کوششوں سے لوگوں میں بیداری آ چکی تھی۔ لوگ علم و حکمت اور سائنس کی اہمیت کو جان چکے تھے۔ شاعر نے "ہلا، یک......دو......سہ......دیگر بار" کے ذریعہ ایران میں قیام کرنے والی مختلف تحریکوں منجملہ "کودتائے مرداد" کو مراد لیا ہے۔ اس کے علاوہ، استعمار کے خلاف پہلی تحریک "نہضت تنباکو" بھی مراد ہے۔ یہ تحریک اپنے ابتدائی دنوں میں سید علی اکبر خال اسیری اور شیراز کے بزرگ علماء کی رہبری میں شروع ہوئی اور پھر بتدریج شیراز سے تبریز، مشہد، اصفہان، تہران اور ایران کے دیگر شہروں تک پھیل گئی اس تحریک کا بنیادی مقصد استعمار کے بڑھتے ہوئے زور کی روک تھام تھا۔ تحریم تنباکو کے سلسلے میں عوامی معاونت نے

اس کو خاص زاویہ دے دیا تھا۔ آیت اللہ میرزائے شیرازی کا فتوائے تحریم تنبا کو، اس تحریک کا بنیادی پہلو ثابت ہوا۔ انہوں نے فتوا دیا تھا کہ

"الیوم، استعمال تنبا کو و توتون بای نحوِ کان در حکم محاربه با
امام زمان علیه السلام است"

(پیشین، حسین بن علی اصفہانی صفحہ ۱۷۷)

''عرق ریزان، عزا، دشام......'' جب انقلاب کی تحریکیں چلتی ہیں تو محض قربانی جاں کا تقاضا نہیں کرتیں بلکہ انسان نفسیاتی طور پہ اذیت کا شکار ہوتا ہے۔ کپی چولیشن (Capitulation) نے ایران اور وہاں کی عوام کے لئے عملی طور پر مصیبت میں ڈال دیا تھا۔ روسی حکومت نے ''عہد نامۂ ترکمانچائے'' کے ذریعہ ایرانی عوام کے وقار کو سخت ٹھیس پہچائی تھی۔ ''زین سان...... بارہا...... بسیار......'' سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلسل آزمائشوں کے سائے میں بھی ایرانی عوام نے اپنی مزاحمت، مقاومت اور تحریکوں کے تسلسل کو نہیں روکا۔ کیونکہ ان تحریکات کا انتہائی نقطہ بہر حال فتح و پیروزی تھا۔ اس مزاحمت میں دماغی توانائیاں صرف ہوئیں۔ حوصلے بھی ٹوٹے لیکن جب تحریک عوام میں مقبول ہو جائے تو حکومتی آلۂ کار اسے سرکوب نہیں کر سکتے۔

یکی از ما که زنجیرش سبك تر بود/به جهد ما درودی گفت و بالا رفت/خط
پوشیده را از خاك و گل بسترد و باخود خواند/و ما بی تاب

(ترجمہ)

''ہم میں سے ایک جس کی زنجیر سب سے ہلکی تھی
اس نے ہماری کوششوں کی داد دی اور اوپر چڑھ گیا
دھول مٹی سے اٹے ہوئے خط کو صاف کیا۔ اور سرگوشی کے لہجے میں پڑھنے لگا
اور ہم بے تاب سے رہ گئے''

یہ جملے اس نظم کا اہم ترین جزو ہیں جو فکر و نظر کی دعوت دیتے ہیں۔ مسلسل عوامی مزاحمت کے باوجود ہنوز زنجیر و سلاسل سے آزادی ممکن نہیں ہو سکی تھی۔ ''سبک تر'' کی ترکیب نے اس بات کو واضح کیا ہے کہ مسلسل جہد نے مشکلات میں تخفیف ضرور کی تھی اور تسلط کی نوعیت بھی مختلف ہو چکی تھی۔ عوامی جہد سے ایک فرد آگے بڑھتا ہے اور غبار آلود پتھر کو صاف کرتا ہے۔ اس پتھر پہ کندہ حروف کو گنگناتا ہے۔ اس کیفیت نے ہم نوا مزاحمت کاروں کے دل میں بے تابی بھر دی تھی کیونکہ ہر ایک موجود نفس، اس راز کی حقیقت اور اپنی سرنوشت جان لینا چاہتا تھا۔ لیکن جو شخص ان کی سرنوشت حیات پڑھ رہا تھا، اس کے چہرے کے بدلتے رنگ سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ حالات کیسے منقلب ہو چکے تھے۔ اس کی ظاہری کیفیت اور اس کا اندرون، درد تحیر سے لبریز ہو چکا تھا۔

لبش را با زبان تر کرد، مانیز آنچنان کردیم/و ساکت ماند/نگاهی کرد سوی ما

و ساکت ماند/دو باره خواند، خیره ماند، پنداری زبانش مرد

(ترجمہ)

''اس نے اپنے ہونٹوں کو زبان سے تر کیا، ہم نے بھی ویسے ہی کیا

وہ خاموش متحیر تھا

ہماری طرف نگاہ کی اور چپ سا ہو گیا

پھر دوبارہ سے خط پڑھا، آنکھیں پھٹی رہ گئیں، گویا اس کی زبان اینٹھ گئی تھی''

مہدی اخوان ثالث نے یہاں پہ عجیب حقیقی رنگ کی تصویر کشی کی ہے۔ذرا جملوں کی ساخت ملاحظہ کریں۔

''لبش را با زبان تر کرد''''خیرہ ماند''''ساکت ماند''اور''زبانش مرد'' جیسے جملے ایک ایسے انسان کی منظر کشی کرتے ہیں جسے اپنے غیر متوقع مستقبل کی ہولناک خبر ملی ہو۔ ہر ایک ایرانی فرد نے قیام مشروطہ کے لئے خون پسینہ بہائے تھے۔انہیں اس بات کا یقین تھا کہ ان کی زندگی بدلے گی۔ان کے انسانی حقوق اور کرامتیں باز یاب ہوں گی،لیکن جب مشروطہ کا نفاذ ہوا تو انہیں اس سے کوئی خاطر خواہ فرق محسوس نہیں ہوا۔انگریزی امپریالزم، اور روسی مداخلت نے ایران کی سیاسی حالات کو بالکل متغیر کر رکھا تھا۔لوگوں نے ان کی بے جا دخل اندازیوں کے خلاف متحد ہو کر قیام کیا۔مختلف تحریکیں منجملہ نہضت جنگل، قیام خیابانی، قیام محمد تقی خان پسیان اور آخر کار کودتائے ۱۲۹۹ چلی۔لیکن آمریت نے ہر ایک مقاومت کی سرکوبی کر دی تھی۔

نگاهش را ربوده بود، ناپیدای دوری، ماخروشیدیم/بخوان! اوهمچنان خاموش/برای ما بخوان! خیره به ما ساکت نگاهی کرد

اس حصے میں ''ناپیدائے دور'' کی ترکیب معنی کی کئی ابعاد اور وسعت سمیٹے ہوئے ہے۔شاید اس ترکیب سے کرب آمیز مدت انتظار کا دورانیہ مراد ہو سکتا ہے۔ایران عوام، ایک انقلاب کی محض منتظر نہیں تھی بلکہ واقعیت میں اس کے لئے ہاتھ پیر مار رہی تھی۔ بڑے پاپڑ بیلنے کے بعد، قاجاری استبداد کا خاتمہ ہوا تھا۔اب مشروطہ کی عطر آگیں ہوائیں چلنے لگی تھیں۔ یہ زمانہ نسبتاً ترقی یافتہ تھا۔لیکن اس کا دورانیہ نہایت مختصر ثابت ہوا۔اور پہلوی استبداد کے خونیں پنجوں نے دوبارہ ان کی زندگی کو اجیرن بنا ڈالا۔

پس از لختی/در اثنائی که زنجیر ش صدا می کرد/فرود آمد، گرفتیمش که پنداری که می افتاد/نشاندیمیش/به دست ما و دست خویش لعنت کرد/چه خواندی، هان؟/مکید آب دهانش را و گفت آرام/نوشته بود/همان/کسی راز مرا داند/که از این رو به آنرویم بگر داند/نشستیم/و به مهتاب وشب روشن نگه کردیم/و شب شط علیلی بود

(ترجمہ)

تھوڑی دیر کے بعد/اس حال میں کہ اس کی زنجیریں شور کر رہی تھیں/ وہ نیچے آ گیا/ ہم نے اسے پکڑ لیا گویا وہ گر رہا تھا

/ ہم نے اسے بٹھایا/ اس نے ہمارے اور اپنے ہاتھوں (کی کوتاہ رسائی) پہ لعنت بھیجی/ کیا پڑھا؟ بتاؤ۔ اس نے تھوک نگلا اور بہت آہستہ سے بولا/ وہی لکھا ہوا تھا کہ/

''میرا راز وہی جان سکتا ہے/ جو مجھے ایک سمت سے دوسری سمت پلٹا دے/
ہم بیٹھ گئے۔ روشن رات اور چاند کو غور سے دیکھا/ رات کی تاریکی میں تھکن تھی۔

وہ شخص جو راز کے انکشاف کے لئے اوپر چڑھا۔ اس نے غیر متوقع عبارت پڑھی۔ از خود رفتگی کی حالت میں نیچے آیا۔ اگر وہاں پہ موجود دوسرے احباب اسے تھام نہ لیتے تو شدت تحیر اور صدمے سے وہ ڈھہ جاتا۔ اس اقتباس میں ''بالا رفتن و پائین افتادن'' سے وہ وقائع مراد ہیں جو مشروطہ کے آغاز وانجام اور پہلوی جبر وتسلط پہ مشتمل تھے۔'' مکید آب دہانش'' سے اس فرد کی درونی کیفیت کی اضطرابانہ حالت کو محسوس کیا جا سکتا ہے۔ یہ کیفیت و حالت اس وقت پیدا ہوتی ہے جب ایک انسان کسی نصب العین اور ہدف کے لئے اپنی اوقات و ہمت سے بڑھ کر قربانی دے لیکن قربانی اور جانثاری کے باوجود اسے اپنا مقصد ہاتھ لگتا نظر نہ آئے۔ بہر نوع پتھر کے دونوں جانب ایک ہی عبارت لکھی تھی۔

''کسی راز مرا داند که از این رو به آن رویم بگرداند''

گویا راز یوں تھا کہ مقاومت ومزاحمت کے لئے تحرک لازمی ہے۔ احساس خستگی، انسان کو اس کے نصب العین سے دور کر دیتی ہے۔

کتابیات

۱- جدید فارسی شاعری، پروفیسر شریف حسین قاسمی، انڈو پرشین سوسائٹی، دہلی، ۱۹۷۷ء
۲- ایران میں جدید فارسی ادب کے پچاس سال (۱۹۰۰-۱۹۵۰ء) ڈاکٹر رضیہ اکبر، اعجاز پریس حیدرآباد، ۱۹۹۱ء
۳- اخوان، شاعر حماسہ وشکست، ابوالحسنی لیلی، بی بی سی (انٹرویو) فارسی، ۱۱ مئی ۲۰۱۵ء
۴- یادنامہ مہدی اخوان ثالث (باغ بی برگی) مرتضی کاخی، انتشارات زمستان، ۱۳۸۵ ش
۵- از این اوستا، مہدی اخوان ثالث، انتشارات مروارید، تہران، ۱۳۴۴ ش
۶- حماسہ سرائی در آثار مہدی اخوان ثالث، عتیق الرحمٰن، ماڈرن پبلشنگ ہاؤس، نئی دہلی، ۲۰۰۹ء

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

ڈاکٹر ناہید زہرا*

مثنوی دول رانی خضر خاں میں ہندوستانی تہذیب وتمدن کی عکاسی:
ایک اجمالی جائزہ

امیر خسرو فارسی زبان وادب کے آسمان پر وہ روشن اور درخشندہ ستارہ ہے جس کی علمی وادبی تابناکی رہتی دنیا تک باقی رہیں گی۔ وہ ہندوستان کی زمین سے پیدا ہونے والے وہ گہر نایاب ہیں جس کی کوئی مثال نہیں ہے۔ وہ ایک بلند پایۂ شاعر، نثر نگار، موسیقی داں اور بزرگ صوفی ہیں۔ انہوں نے جس بھی اصناف سخن میں اپنے اظہارِ خیال کے لئے قلم اٹھایا اس کو مالا مال کر دیا۔ غزل، مثنوی قصیدہ ہر صنف میں اپنے صلاحیت اور قابلیت کے جو ہر دکھائے ہیں اور تمام اصناف سخن میں اپنی حکومت کا پرچم لہرایا۔ علامہ شبلی نعمانی امیر خسرو کی شاعرانہ استعداد کے بارے میں تحریر کرتے ہیں :

> ”فردوس، سعدی، انوری، حافظ، عرفی، نظیری بے شبہ اقلیم سخن کے جم وکے ہیں، لیکن ان کی حدِ حکومت ایک اقلیم سے آگے نہیں بڑھتی۔ فردوسی مثنوی سے آگے بڑھ سکتے۔ سعدی قصیدہ کو ہاتھ نہیں لگا سکتے، انوری مثنوی اور غزل کو چھو نہیں سکتے۔ حافظ، عرفی، نظیری غزل کے دائرہ سے باہر نہیں نکل سکتے۔ لیکن خسرو کی جہانگیری میں غزل، مثنوی، قصیدہ، رباعی سب داخل ہیں اور چھوٹے چھوٹے خطبہ ہائے سخن یعنی تضمین، مستزاد اور صنائع بدائع کا تو شمار نہیں۔ تعداد کے لحاظ سے دیکھو تو اس خصوصیت میں کسی کو ان کی ہمسری کا دعویٰ نہیں ہوسکتا۔ فردوسی کے اشعار کی تعداد کم وبیش ستر ہزار ہے۔ صائب نے ایک لاکھ سے زیادہ شعر کہے ہیں، لیکن امیر خسرو کا کلام کئی لاکھ سے کم نہیں ہے۔“
>
> (علامہ شبلی شعر العجم، ص:۱۱۹)

مذکورہ سطور سے امیر خسرو کی جامعیت کا احساس ہوتا ہے وہ بلند پایہ شاعر ہیں امیر خسرو استادِ سخن ہیں۔ ان کا کلام اپنے عہد کی تہذیب وتمدن کی عکاسی کرتا ہے اور تاریخی اہمیت رکھتا ہے۔ امیر خسرو کا نام یمین الدین خسرو معروف بہ امیر خسرو ۶۵۱ھ بمطابق ۱۲۵۲ء میں پٹیالی میں ضلع ایٹہ میں متولد ہوئے۔ والد کی جانب سے ترک تھے مگر ان کی والدہ ہندوستانی تھیں۔ خسرو نے ہندوستانی ہونے پر فخر جا بجا اپنے کلام میں پیش کیا ہے۔ جس کا ذکر مقالہ میں آگے کیا جائے گا۔ خسرو تین بھائی تھے لیکن سب سے زیادہ ہوشیار اور ذہین خسرو ہی تھے۔ ابتدائی تعلیم کے لئے والد ماجد نے مکتب میں بٹھا دیا اور وہاں وہ خطاطی کے ہنر سے واقف ہوئے لیکن طبیعت موزوں تھی۔ شعر گوئی کی دُھن تھی۔ لہٰذا ان کے استاد قاضی اسدالدین اپنے ہمراہ خواجہ عزالدین کے پاس لے گئے۔ ان سے خسرو کی شاعرانہ صلاحیت کا امتحان لینے کو کہا۔ خواجہ صاحب اپنے زمانے کی

MASNAVI DAOL RANI KHIZR KHAN MEIN HINDUSTANI TAHZEEB...... (Pg.No. 41 TO 47)

DR. NAHEED ZAHRA, ASSISTANT PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN, MILLAT COLLEGE, DARBHANGA (BIHAR)

یگانہ روزگار علمی شخصیت تھی۔ انہوں نے پہلے خسرو کو چند اشعار پڑھنے کو کہا۔ خسرو نے خواجہ صاحب سے بیاض لی اور خوش الحانی پڑھنے لگے۔ خواجہ صاحب بہت متاثر ہوئے اور بعد میں کہا کہ مو، بیضہ، تیر اور خربزہ ان چار بے جوڑ چیزوں کو موزوں کرو۔ خسرو نے برجستہ کہا۔

هر موی که در دوزلف آن صنم است
صد بیضه عنبرین بران موئے صنم است
چون تیر مدان راست دلش را زیرا
چون نربزه دندانش میان شکم است

خواجہ صاحب خسرو کی اس رباعی کو سن کر بہت متاثر ہوئے اور انہوں نے امیر خسرو کا تخلص ''سلطانی'' رکھنے کو کہا۔ علامہ شبلی نعمانی شعرالعجم میں لکھتے ہیں کہ ان کے ابتدائی کلام یعنی دیوان تحفۃ الصغر میں ان کا تخلص سلطانی تھا۔

خسرو کے والد ایک معرکہ میں شہید ہوگئے۔ اس کے بعد ان کی کفالت و سرپرستی ان کے نانا عماد الملک کے ذمہ آ گئی اور وہ دہلی آ گئے۔ عماد الملک کی سرپرستی خسرو کے لئے نعمت تھی۔ عماد الملک سلطان ایلتتمش کے عہد سے بلبنی عہد تک عرض ممالک کے عہدے پر فائز تھے۔ تمام علاقہ میں ان کا رعب و دبدبہ تھا۔ ان کے نانا بڑے امراء میں شمار ہوتے تھے۔ صاحب مال وثروت تھے۔ خسرو کی پرورش اسی ماحول میں ہوئی۔ عماد الملک کی محفل میں تمام اہل فن ارباب نشاط جمع ہوتے جس کا اثر خسرو کی شخصیت پر ہوا۔ خسرو میں شعر و شاعری علم و ادب و موسیقی کی جانب ذوق و شوق اور ان کے فنکارانہ صلاحیت میں اضافہ ہوا۔ خسرو بارہ سال کی عمر میں شعر کہنے لگے اور دیگر شعراء مثلاً سنائی اور انوری وغیرہ کے کلام کی پیروی کی۔ امیر کوئی زبانوں میں مہارت حاصل تھی وہ عربی، فارسی، ہندی، سنسکرت سب میں ماہر تھے۔

خسرو ایک بزرگ صوفی تھے۔ ان کے والد نے آٹھ سال کی عمر میں خسرو کو حضرت نظام الدین اولیاء کے قدموں پر ڈال دیا۔ اور حضرت کے دست ارادت پر بیعت کرا دی۔ امیر خسرو اس وقت کم سن تھے لیکن جب وہ بڑے ہوئے تو انہوں نے دوبارہ بیعت کی اور ان کے حلقہ ارادت میں داخل ہوگئے۔ امیر خسرو اور خواجہ صاحب کا تعلق عشق کے درجہ کو پہنچا تھا۔ ہر وقت ساتھ ساتھ رہتے تھے اور ان کو دیکھ کر زندگی بسر کر رہے تھے۔ یہی حال مرشد بزرگ کا تھا وہ بھی اپنے مرید کے عشق میں گرفتار تھے۔ فرمایا کرتے تھے۔ جب قیامت میں سوال ہوگا کہ نظام الدین کیا لایا ہے؟ خسرو کو پیش کر دوں گا۔ دعا مانگتے تھے تو خسرو کی جانب اشارہ کر کے فرماتے تھے الٰہی بہ سوزِ سینہ این ترک را مرا بہ بخش۔

حضرت نظام الدین اولیاء کے وصال کے بعد خسرو بھی اس دنیا سے چلے گئے اور اپنے مرشد کامل سے جا ملے۔

امیر خسرو کے آثار :

امیر خسرو ہمہ گیر اور جامع کمالات شخصیت تھے۔ وہ بلند درجہ کے شاعر و ادیب اور بسیار نویس تھے۔ علامہ شبلی نعمانی نفحات الانس کے حوالہ سے ان کی تصانیف کی تعداد ۹۲ لکھتے ہیں۔ اور خود امیر خسرو اپنے اشعار کے متعلق بیان کرتے ہیں کہ ان کے اشعار کی تعداد ۵ لاکھ سے کم اور چار لاکھ سے زیادہ ہے۔ یہ تو فارسی کا عالم ہے۔ اس کے علاوہ ہندی میں بھی ان کے

دیوان ہیں جو دستیاب نہیں ہے۔ بہر حال ان کی تصانیف کا مختصر جائزہ حسب ذیل ہے جس سے شاعر کی ارزش و اہمیت کا اندازہ ہو سکے۔

امیر خسرو نے اپنے غزلیات کے دیوان کو پانچ حصّوں میں تقسیم کیا ہے ان کا پہلا دیوان تحفۃ الصغر ہے جو ان کے ابتدائی عمر کے کلام کا مجموعہ ہے غالباً ۱۶ سے ۱۹ سال کی عمر کا کلام ہے۔ دوسرا دیوان وسط الحیات ہے یہ ان کے جوانی کا کلام ہے۔ تیسرا دیوان غرۃ الکمال ہے یہ دیوان ۳۴ برس کی عمر کے بعد کے کلام پر مبنی ہے۔ اس ترتیب انہوں نے اپنے بھائی کے مشورہ پر ہی اس میں غزل اور قصائد ہیں۔ چوتھا دیوان بقیہ نقیہ ہے۔ یہ ان کے بڑھاپے کا کلام ہے اور پانچواں دیوان نہایۃ الکمال ہے جس میں غزل قصیدہ مرثیہ وغیرہ ہیں یہ ان کی آخری عمر کا کلام ہے۔

غزلیات و قصائد کے دیوان کے علاوہ امیر خسرو نے مثنوی بھی نظم کی ہیں۔ مثنوی گوئی میں بھی امیر خسرو صفِ اوّل کے شاعر ہیں۔ انہوں نے نظامی گنجوی کے خمسہ کی پیروی کرتے ہوئے پانچ مثنوی کا خمسہ نظم کیا ہے۔ نظامی گنجوی کے خمسہ کا بہترین جواب دیا ہے۔ انہوں نے مطلع الانوار، شیرین خسرو، آیئنہٗ اسکندری، لیلیٰ مجنون اور ہشت بہشت کے نام پانچ مثنوی لکھی ہے اور یہ تمام مثنوی سلطان علاء الدین خلجی کے نام معنون کی ہیں۔

خمسہ کے علاوہ امیر خسرو نے مثنوی مفتاح الفتوح نظم کی ہے جس میں سلطان جلال الدین فروز شاہ کے جلوس کے سال اول تک کے واقعات درج کئے ہیں۔ نہ سپہر بھی ان کی اہم مثنوی ہے یہ مثنوی خسرو نے قطب الدین خلجی کے نام پر لکھی ہے۔ خسرو نے مثنوی نہ سپہر کو نو ابواب میں تقسیم کیا ہے اور ہر باب کو مختلف بحر میں نظم کیا ہے اسی وجہ سے اس کا نام نہ سپہر رکھا گیا۔ اس مثنوی کی شہرت کا اہم سبب وہ باب ہے جس میں شاعر نے اپنے وطن ہندوستان کے لئے حب الوطنی کے جذبہ کو آشکار کیا ہے۔ انہوں نے وطن عزیز ہندوستان کی تعریف و توصیف میں ایک مکمل باب نظم کیا ہے۔

امیر کی ایک اور اہم مثنوی دول رانی خضر خاں ایک عشقیہ داستان ہے جس کا ذکر ہم مقالے میں آگے چل کر کریں گے۔

افضل الفوائد میں امیر خسرو نے خواجہ نظام الدین اولیاء کے ملفوظات کو جمع کیا ہے۔ شاعری کے علاوہ خسرو نے نثر میں بھی اپنے قلم کے جوہر دکھائے۔ اعجاز خسروی کے نام سے انہوں نے نثر میں تصنیف لکھی جس میں نثر نویسی کے اصول درج کئے ہیں۔ اس کے علاوہ تغلق نامہ، خزائن الفتوح اور مناقب ہند، تاریخ دہلی یہ بھی امیر خسرو کی تصنیف ہیں۔

مثنوی دول رانی خضر خاں اور ہندوستانی تہذیب :

امیر خسرو فارسی زبان و ادب کے ممتاز شاعر ہیں اور ان کا تمام کلام اہمیت و ارزش کا حامل ہے۔ ان کی تمام مثنوی اس کے عہد کی تاریخی اور تہذیب و تمدن کی عکاسی کرتی ہیں۔ امیر خسرو دراصل ایک محبِّ وطن تھے۔ لہٰذا ان کی فکر کا دائرہ ہندوستان کی تہذیب و تمدن کو نمایاں کرنے کی سمت گھومتا رہتا تھا۔ نتیجتاً محققین نے ان کے کلام کو تاریخ و تمدن کا گنجہائے گراں مایہ لکھا ہے۔ مثنوی دول رانی خضر خاں بھی اسی گراں قدر خزانے میں سے چند جواہرات کا مجموعہ ہے جو امیر خسرو کی وطن سے محبت اور ہندوستان کی تہذیب و تمدن اور ان کی شاعرانہ اور فنکارانہ مہارت کی دلیل دیتا ہے۔ مثنوی دول رانی خضر خان ایک

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

تاریخی عشقیہ داستان ہے۔اس مثنوی کی کہانی شاہزادہ خضر خاں اور راجہ کرن والی گجرات کی بیٹی دیولدی کی عشق ومحبت کی داستان ہے۔اس کو امیر خسرو نے خود شاہزادہ کی فرمائش پر نظم کیا ہے اور اس کا نام عشقیہ رکھا ہے۔اس داستان میں امیر خسرو نے خضر خاں کی دیولدی سے محبت وجدائی،خضر خاں کی الپ خان کی بیٹی سے عقد کی رسومات،اور پھر دیولدی سے دوسرا نکاح کی داستان رقم کی ہے۔مثنوی کے ضمن میں شاعر کو جہاں بھی موقع ملا وہاں انہوں نے ہندوستان سے اپنی عقیدت ومحبت کے جذبہ کا اظہار جا بجا کیا ہے۔مثنوی ۴۲۰۰ اشعار پر مشتمل ہے اور ۴ مہینے کی مدت میں پایۂ تکمیل کو پہنچی۔بعد میں اس میں ۳۱۹ اشعار کا اضافہ کیا گیا ہے۔یہ داستان ۷۱۵ھ میں لکھی گئی۔اس مقالہ میں امیر خسرو کے عہد میں رائج شادی کی رسومات پر روشنی ڈالی جائے گی۔اس میں سے اس عہد کی تہذیب کا مکمل اندازہ ہوگا۔ساتھ ہی امیر خسرو کی وطن دوستی کے جذبہ کا ذکر بھی کیا جائے گا۔

شادی کی رسومات :

شاہزادہ خضر خان کی پہلی شادی الپ خاں کی بیٹی سے ہوتی ہے۔اس شادی کے جشن کو بہت شاہی انداز میں برپا کیا گیا۔امیر خسرو نے شادی کے جشن میں ہونے والی تمام آرائش وزیبائش کا ذکر مفصل کیا ہے۔کس طرح مکمل شہر کو سجایا گیا۔ہر طرف پردہ،شامیانے لگائے گئے در و دیوار پر حسین وجمیل نقاشی کی گئی۔تمام علاقے اور راستوں پر خوبصورت فرش بچھائے گئے اور الگ الگ خیمہ نصب کئے گئے۔

ان خیموں میں مختلف ہنرمندی اور فنکاری دکھائی جارہی تھی۔مہمانان کو متوجہ کرنے اور ان کو لطف اندوز کرنے کے لئے نوع نوع کے کرتب دکھائے جارہے تھے۔مثلاً جادوگری،شعبدہ بازی،رقص ونغمہ وسرود کی محفل وغیرہ۔غرض کے اس مثنوی خسرو میں امیر خسرو نے اس عہد میں مروجہ تمام رسومات،آرائش وزیبائش کا ذکر بڑی فنکاری سے کیا ہے۔جشن کی تیاریوں کو امیر نے بڑی ہی باریک بینی سے رقم کیا ہے۔بطور مثال چند اشعار پیش کرتے ہیں جس سے امیر خسرو باریک بینی اور جزئیات نگاری کا ثبوت ملتا ہے :

چنان در نغمۂ و شادی آفاق	کہ در رقص آمد این بہ سقف و شش طاق
بگردا گرد د قصر شاہی	برآمد قبہ از مہ تا بماہی
جہاں از قبۂ ہائے کارداران	شدہ چون روئے دریا روز باران
بچرخ قبہ حیران قبہ چرخ	برابر ہر دو چون بغداد با کرخ
مرصع پردھا چون چرخ ز انجم	شدہ انجم دراں رزّد گہر گم
بہر زردوزی مہر زر انگیز	نظر باصد تعجب دوختہ تیز
کشیدہ تا بگردوں سایہ بانہا	فرو پوشیدہ عیب آسمان ہا
بہر دیوار نقشے کردہ پرکار	فلك حیران در و جون نقش دیوار

مثنوی میں جن کھیلوں کا ذکر کیا ہے ان کو ایک ایک کر کے بیان کیا ہے۔مندرجہ ذیل اشعار امیر خسرو کی شاعرانہ فنکاری کی دلیل

میں اوراس عہد کی تہذیب کونمایاں کرتے ہیں ملاحظہ ہو۔

ز دست یوالعجب گوئی آسمان گیر   بسان گرد و مهر توسن میر

فرو برده شعبد تیغ چون آب   چو مستسقی که نوشد شربت ناب

نموده چهره بازان گونه گون ریو   گهی خود را پر کرده گهی دیو

مثنوی دول رانی خضر خاں راگوں کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتی ہے۔اس میں جوراگ رائج تھے ان میں چنگ، دف بربط، طیور کدو، مین تال وغیرہ ہیں۔اس کے علاوہ اس عہد کا پسندیدہ لباس دیوگیری لباس کے متعلق بھی مثنوی معلومات دستیاب ہوتی ہے۔امیر خسرو نے مثنوی میں اس بات کی جانب خصوصی توجہ دلائی ہے۔کہ جس طرح سے شادی کے جشن میں کھیل کرتب رقص ہوتا ہے اسی طرح سے پندوواعظ اور قرآن وحدیث کا بھی ذکر الگ خیموں میں ہوتا ہے۔امیر خسرو نے اس مثنوی میں ہندوستانی اعلیٰ طبقوں کے مسلمانوں کے شادی کے رسومات کونمایاں کیا ہے۔ برات کے چلنے کے منظر کو بیان کیا ہے دلہن سے عقد اور پھر رونمائی کے منظر کو بیان کیا ہے۔یہ تمام رسومات آج بھی ہندوستانی سماج میں جاری ہیں اور امیر خسرو نے حس دیدہ ریزی سے ان رسومات کو نظم کیا ہے اس کی کوئی نظیر نہیں ہے چند اشعار بطور مثال پیش ہیں۔

برات کے چلنے کا منظر :

چنان شد بانگ بسم الله سوئے ماه   که گفتند اختران الحمدلله

دوان پیش وخنجر رسته رسته   ره چشم بد از پولاوبسته

طبقهائے زر و یاقوت گلگون   چو روئی عاشقان در گریه چون

عقد کے وقت کا منظر ۔

بتقریب آنچنان کا قبال می خواست   نشستند اهل اقبل از چپ و راست

بلقدائے که ملکی را بود نقد   هم بست آفتاب و ماه را عقد

بهر کس هدیه دادند از خزائن   خراتے مصر و محصول مدائین

رونمائی کے منظر کی پیشکش ۔

همی بارید سیارات پر نور   که ابر از پیش مه شد ناگهاں دور

مشاطه پرده مهے کاندر نظاره   دل مه پاره شد ز آن ماه پاره

ہندوستان سے محبت :

امیر خسرو نے مثنوی دول رانی خضر خان میں اس عہد میں مروجہ روایات ورسومات کا ذکر کرکے ہمیں عہد وسطہ کے حال واحوال اور تہذیب وتمدن سے روبرو کرایا۔ ہندوستان سے شدید محبت وعقیدت کے اظہار سے اور عہد وسط کے ہندوستان کی تہذیب کے متعلق معلومات فراہم کرائی۔مثلاً مثنوی دول رانی خضر خان میں انہوں نے ہندوستانی کپڑا، پھول، حسیناؤں، زبان ہندی ہندو برہمن کے عقائد وغیرہ کی معلومات فراہم کی ہے۔

امیر خسرو کے دل میں حب الوطنی کا جذبہ اس قدر ہے کہ تمام عالم میں انہیں ہندوستان سے بہتر کوئی ملک نظر نہیں آتا وہ ہندوستان کی سرزمین کو عرض بہشتی کہتے ہیں۔

بهشتی فرض کن هندوستان را کز انجا نسبت ست این بوستان را

ہندوستان سے اس قدر محبت ہے کہ اسی مٹی کی بھی تعریف کرتے ہیں اور شعر ملاحظہ ہوں۔

سه گونه رنگ هندوستان زمین است سیاه سبز و گندم گون همین است

به گندم گونست میل آدمی زاد که ابن فتنه آدم یافت بنیاد

یکی گندم بکام اندر نمك ده ز صد قرص سپید بی نمك به

سیه را خود بدیده جانگاه است که اندر دیده هم مردم سیاه است

ز بهر دیده باید سرمه را سود سپید عارضی رنگی است بی سود

برنگ سبز رحمت با سرشت است که رنگ سبز پوشان بهشت است

جو رحمت بار گرددابر افلاك نتیجه سبز زاید اوّل از خاك

موجودہ زمانے میں ہمیں اس بات کا علم ہے کہ ہندوستان میں کتنی طرح کی مٹی ہے لیکن امیر خسرو نے صدیوں پہلے اس بات کا ذکر اپنے اشعار میں کیا ہے۔ ہندوستان کی مٹی تین رنگ کی ہے گندم، سیاہ اور سبز۔ گندم سے مراد غالباً ریتیلی زمین یا ریگستانی علاقہ، سیاہ مٹی ہندوستان کے جنوبی علاقے اور بیشتر علاقوں میں پائی جاتی ہے۔ ہندوستانی پھولوں کا ذکر آتا ہے تو امیر خسرو گل ھای ہندی کی ستائش میں گویا ہوجاتے ہیں اور عہد وسطیٰ میں پائے جانے والے پھولوں کے بارے میں خوش اسلوبی سے اشعار میں بیان کرتے۔ ہر ایک کی تعریف کرتے وہ کہتے ہیں کہ ہمارے پھولوں کے نام خوبصورت نہیں ہیں مگر ہمارے پھول بہشتی ہیں۔

گل مارا بهندی نام زشت است
وگر نه هر گلی باغ بهشت است

امیر خسرؔو نے تقریباً ۴۸ اشعار میں ہندی پھولوں کے نام اور ان کے اوصاف بیان کئے ہیں۔ جن پھولوں کا ذکر کیا وہ بنفشہ، کبود، بیلا، سمن، گل سرخ، صد برگ، گل زرین، سوسن، گل لالہ، گل گوزہ، ریحان، دونا، کرنا، یاسمین، نیلوفر، ڈھاک، چمپا، جوہی، کیوڑا، گلاب، مولسری وغیرہ ہیں۔

امیر خسرؔو کے کلام سے نہ صرف ہندوستان بلکہ دیگر ممالک کی حسیناؤں کی خوبیاں معلوم ہوتی ہیں۔ وہ ہندوستانی عورت کو بتان ہند کہتے ہیں اور دنیا کی تمام عورتوں پر ہندی عورت کو فوقیت دیتے ہیں۔ مثنوی میں انہوں نے ہندوستانی حسیناؤں کو روم مصر قندھار سمرقند، خطاوختن وغیرہ سے زیادہ حسین وجمیل بتایا ہے اور بتان ہند پر وہ چین کو بھی قربان کر دیتے ہیں۔

سو بتان هندرا نسبت همیں است

بهـــريك مـــوئـــے شـــاں صـــدمـــلك چيـــن اســـت

مختصر یہ کہ امیر خسرو عہد وسطیٰ کے بزرگ شاعر ہیں۔ وہ یکجہتی اور اتحاد کے علم بردار ہیں۔ وہ مشترکہ تہذیب کے آئینہ دار ہیں۔ ان کے یہاں ہندو اور مسلمان ایک صف میں ہیں وہ ہندو برہمن اور آگ کی پوجا کرنے والے سب کا احترام کرتے ہیں اور ان کے عقیدہ کو اہمیت دیتے ہیں۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ امیر خسرو نے ہندوستان کو جنت کہا ہے اور ہندوستان سے اپنی عقیدت کا اظہار کیا ہے۔ راقم الحروف کی نظر میں ہندوستان سے اس درجہ محبت و عقیدت اور اس کے بارے میں معلومات امیر خسرو سے پہلے اور بعد کسی دوسرے شاعر کے کلام میں نظر نہیں آتی۔ امیر خسرو کی مثنوی دول رانی خضر خان ہندوستانی ثقافت، تہذیب اور رسم و رواج کی آئینہ دار ہے اور ان کے دیگر کلام کے مانند تاریخی اہمیت رکھتی ہے۔

کتابیات

۱۔ مثنوی دول رانی خضر خان بہ تصحیح رشید احمد مطبع انسٹی ٹسوٹ علی گڑھ، ۱۹۱۷ء

۲۔ ہندوستان امیر خسرو کی نظر میں، سید صباح الدین عبد الرحمٰن معارف پریس اعظم گڑھ، ۱۹۶۶ء

۳۔ بزم مملوکیہ، سید صباح الدین عبد الرحمٰن دار المصنفین شبلی اکیڈمی اعظم گڑھ، ۲۰۰۹ء

۴۔ شعر العجم ج۔۲، علامہ شبلی نعمانی مطبع معارف اعظم گڑھ ۱۹۴۷ء

۵۔ امیر خسرو اور ہندوستان ڈاکٹر تارا چند امیر خسرو اکیڈمی، نئی دہلی

۶۔ طوطیانِ ہند ڈاکٹر نظام الدین ایس گوریکر، رائٹرس ایمپوریم لمیٹڈ بمبئی، ۱۹۷۸ء

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

ڈاکٹر یاسر عباس*

مفتی صدرالدین آزردہ کی فارسی غزلیات کا تنقیدی جائزہ

مفتی صدرالدین آزردہ ابن مولوی لطف اللہ کشمیری اکبر شاہ ثانی کے زمانے میں ۱۲۰۴ھ کو دہلی میں پیدا ہوئے تاریخ ولادت لفظ ''چراغ'' چ۳+ ر۲۰۰+ الف ۱+ غ ۱۰۰۰= ۱۲۰۴ سے نکلتی ہے۔ مفتی صاحب نے ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی۔ عربی ادب، علم معانی و بیان، فقہ واصول اور کلام وتفسیر وغیرہ میں حضرت شاہ عبدالعزیز سے کسب فیض کیا۔ مفتی صدرالدین آزردہ کا شمار انیسویں صدی کے ان مشاہیر میں ہوتا ہے جن کی مقبولیت، عظمت وشہرت محدود نہیں ہے۔ علوم معقولہ ومنقولہ پر مہارت رکھتے تھے۔ صرف ونحو، منطق وفلسفہ، معانی و بیان، ادب وانشاء میں یگانہ روزگار تھے۔ ذوق علمی وادبی کے علاوہ درس وتدریس سے خاصی دلچسپی تھی۔ مفتی صدرالدین آزردہ کے سلسلے میں لالہ سری رام لکھتے ہیں:

> ”وحید العصر ،یکتاے دھر ،افضل العلما مولوی مفتی صدر الدین خاں صاحب خلف الرشید مولوی لطف اللہ کشمیری شاگرد رشید مولانا شاہ عبد العزیز محدث دھلوی و مولوی فضل امام والد مولوی فضل حق منطقی خیر آبادی قبل از غدر حکام وقت کی طرف سے عھدۂ صدر الصدور پر ممتاز تھے۔اوائل میں چند غزلیں شاہ نصیر صاحب کو دکھائیں اور کچھ دنوں میاں مجرم اکبرآبادی سے بھی مشورہ لیا، انجام کار میر ممنون کے شاگرد ھوکر اس فن میں کمال حاصل کیا۔ ان کی تاریخ ولادت لفظ ”چراغ“ ۱۲۰٤ھ اور تاریخ وفات ”چراغ امم“ ۱۲۸۵ھ سے نکلتی ھے“۔۱ے

مفتی صدرالدین آزردہ کی تاریخ وفات ''چراغ امم'' سے برآمد ہوتی ہے اور جائے مدفن بھی درگاہ چراغ دہلی ہے۔ دہلی ''اکمل الاخبار'' عرصے تک تاریخ وفات شائع کرتا رہا۔ ان سب میں مفتی آزردہ کے شاگرد شمس الشعراء مولوی ظہور علی کا لکھا قطعۂ تاریخ بہت مشہور ہوا:

چہ مولانائے صدر الدین کہ در عصر — امام اعظم آخر زمان بود
زھی صدر الصدور نیك محضر — بہ عدل و داد چو نوشیروان بود
بہ روز پنجشنبہ کرد رحلت — کہ این عالم نہ جای جاودان بود
ربیع الاول و بست وچھارم — وداع او سوی دار الجنان بود

MUFTI SADRUDDIN AZURDAH KI FARSI GHAZALIYAAT KA........... (Pg.No. 48 TO 54)
DR. YASIR ABBAS, ASSISTANT PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN, JAMIA MILLIA ISLAMIA, NEW DELHI

ظهـــور افســـوس آن استــــاد ذی قــدر   پــدر دارم هـــمیشـــه مهـــربـــان بـــود
”چـــراغ“ش هســـت تـــاریـــخ ولادت   کـنـون گـفـتـم ”چراغ دوجهـان بود“۲ ؎
چ۳، ر۲۰۰، ا ۱، غ۱۰۰۰: سنہ۱۲۰۴ھ   چـراغ ۱۲۰۴، دوجهـان۶۹، بود۱۲: سنہ۱۲۸۵ھ

مفتی آزردہ اپنے دوستوں کا ہر طور خیال رکھتے تھے، جتنا ان سے ہوسکتا تھا اتنا ان کی اعانت و مدد فرماتے تھے، تذکروں میں ان کی غرباء پروری وضرورتمندوں کی حاجت روائی کا ذکر موجود ہے۔ جس مدرسے میں درس وتدریس کا فریضہ انجام دیتے تھے وہاں کے اکثر طلاب کی ضروریات کا خیال بھی خود ہی رکھتے تھے۔ مفتی آزردہ اور مرزا غالب میں جو باہمی ربط ومحبت تھی اس کا اثر اکثر واقعات میں نظر آتا ہے۔ مرزا غالب کے قرض کی ادائیگی کا ایک واقعہ لالہ سری رام نے نقل کیا ہے:

”آنریبل ڈاکٹر سرسید احمد خاں بہادر بانی محمڈن کالج علی گڑھ جیسے فرزمانہ اصحاب کے نام آپ کے سلسلۂ تلامذہ میں منسلک ہیں۔ سرسید کے حال پر تو آپ کی خاص نظر عنایت تھی۔ آپ کاملین کے نہایت قدرداں تھے۔ انہیں کے اجلاس میں حضرت غالب مرحوم نے یہ شعر بطور جواب دعوی پڑھا تھا:

قرض کی پیتے تھے مے اور یہ سمجھتے تھے کہ ہاں
رنگ لائے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

مفتی صاحب نے یہ شعر سن کر ان کے قرضہ کا روپیہ اپنے پاس سے ادا کردیا“۔ ۳؎

مولانا شاہ عبدالعزیز دہلوی، مولانا عبدالقادر اور مولانا اسحاق دہلوی جیسے جید علماء کے سامنے زانوئے ادب تہہ کیا۔ شہر دہلی کی شعری وادبی پیشرفت میں آزردہ نے بھی اپنا کردار بخوبی نبھایا ہے۔ آزردہ اور شیفتہ کے یہاں ہر ہفتے باری باری مشاعرہ ہوتا تھا۔

ہر انسان کی طبیعت کی موزونیت جداگانہ ہوتی ہے، سب کا اندازِ شاعری مختلف ہوتا ہے، اس لیے مفاہیم ومطالب بھی جدا ہوتے ہیں۔ ایک ہی طرحی مصرعہ پر سب شاعر اپنے اپنے انداز سے تضمین کرتے ہیں اور اپنی روش ولہجے میں کلام نظم کرتے ہیں۔ دلی جذبات واحساسات کو ظاہر کرنے کے لیے شاعری بہترین ذریعہ ہے۔ شاعر اگر عالم وفاضل بھی ہوتو شاعری میں گہرائی وگیرائی بہ آسانی پیدا ہوجاتی ہے۔ مفتی صدرالدین آزردہ چونکہ فقہ، حدیث وتفسیر کے ماہر تھے، لہذا ان کی شاعری پر اس کا اثر غالب آنا چاہیے تھا لیکن مفتی صدرالدین کا کمال یہی ہے کہ ان کی شاعری نہایت آسان، سادہ اور زود فہم ہے۔

مفتی صدرالدین کا باقاعدہ کوئی دیوان تو نہیں ملتا لیکن جداگانہ تذکروں میں ان کے جو اشعار پائے جاتے ہیں وہ آزردہ کی شاعری کو سمجھنے کے لیے کافی ہیں۔ آزردہ کے معاصرین میں غالب، ذوق، مومن جیسے مستند شعراء شامل ہیں جن کی صف میں آزردہ کو شامل تو نہیں کیا جاسکتا لیکن ان کی شاعری میں دلکشی وجاذبیت بخوبی پائی جاتی ہے۔ تلاش بسیار کے بعد عبد الرحمٰن پرواز اصلاحی کی تصنیف میں آزردہ کی تین فارسی غزلیں صفحہ ۲۰۱ سے ۲۰۴ پر دستیاب ہوئی ہیں۔ ان تین غزلوں میں پہلی

غزل عرفی شیرازی کی غزل کی پیروی میں لکھی گئی ہے، عرفی شیرازی کی غزل کا مطلع ہے:

گشود برقع و طوفان حسن عالم سوخت
متاع شادی و غم جمع بود درهم سوخت ٤؎

دوسری غزل طالب آملی کی پیروی میں لکھی گئی ہے، طالب آملی کی غزل کا مطلع ملاحظہ فرمائیں:

باعث راندنم از بزم بجز عار نبود
ورنہ کس را بمن و بودن من کار نبود ٥؎

تیسری غزل پھر سے عرفی شیرازی کی پیروی میں ہے جس کا مطلع مندرجہ ذیل ہے:

دانی کہ چیست مصلحت ما گریستن
پنہان ملول بودن و تنہا گریستن ٦؎

لہذا اس مقالے میں مذکورہ غزلوں کا فنی جائزہ لیکر آزردہ کی شاعری کو پرکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ انہیں غزلوں میں سے تیسری غزل کے مقطع میں آزردہ نے جو تعلّی فرمائی ہے وہ مبالغہ سے بھرپور نظر آتی ہے۔ ساتھ ہی ساتھ اس سے یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ عرفی شیرازی و طالب آملی کا کلام مفتی آزردہ کے مطالعے میں رہا ہے، اس لیے اپنے پڑھنے اور رونے کو ان دونوں سے بہتر گردانتے ہیں کہتے ہیں کہ آزردہ اٹھ، عرفی و طالب تجھ سے قصیدہ خوانی و اشک فشانی سیکھنے آ چکے ہیں:

آزردۂ خیز کامدہ عرفیؔ و طالبؔ
از تو قصیدہ خواندن و زینہا گریستن ٧؎

طالب آملی کی پیروی میں لکھی گئی غزل کا مطلع ہی اتنا دلکش ہے کہ امیر خسرو کی مشہور و معروف غزل خود بخود ذہن میں کوند جاتی ہے:

کافر عشقم مسلمانی مرا در کار نیست
ہر رگ من تار گشتہ حاجت زنار نیست٨؎

عشق کی اسی کیفیت کو آزردہ نے الگ انداز سے بیان کرنے کی کوشش کی ہے۔ صنعت تضاد سے استفادہ کرتے ہوئے مفہوم کو واضح اور آسان بنا دیا ہے۔ کہتے ہیں کہ حسن کب کافر و دیندار کا راہزن نہیں رہا۔ اس نے کب کافر و دیندار کو یکساں طور پر نہیں لوٹا۔ یہ حسن ہی ہے کہ جب اس کا جادو اپنا اثر دکھاتا ہے تو پھر تسبیح و زنار کا فرق نہ یہ کہ ختم ہو جاتا ہے بلکہ اس کی ضرورت بھی باقی نہیں رہتی۔ وہ کون سا وقت ہے جب حسن کافر و دیندار کو نہیں بہکاتا ہے جب حسن اپنا کام کر جاتا ہے تو تسبیح و زنار کی حاجت باقی نہیں رہتی۔ وہ دن بھی مجھے یاد ہیں جب اس کے سوا کچھ نظر نہیں آتا تھا حتی کہ اس کے دیدار کے لیے آنکھوں کی پتلیوں کی ضرورت بھی نہیں پڑتی:

حسن کی راہزن کافر و دیندار نبود
آفتِ سُبحہ بلائِ بت و زنّار نبود

یـــاد روزی کـــه جـــز او هیـــچ پـــدیـــدار نبـــود
پـــــردۀ دیـــد مـــــرا مـــــانـــع دیـــدار نبـــود ۹؎

چونکہ آزردہ ایک عالم دین ہیں لہذا قرآنی تلمیحات کا استعمال ان کے یہاں بخوبی پایا جاتا ہے، ایک ہی شعر میں دو تاریخی واقعوں کو اس طرح سے موزوں کیا ہے کہ معلوم ہوتا ہے یکے بعد دیگرے قرآن مجید میں متواتر مذکور ہیں جبکہ مصرع اولی کی تلمیح خلیل اللہ حضرت ابراہیمؑ سے متعلق ہے جس میں خلیل اللہ رب کائنات سے عرض گذار ہیں:

''واذ قال ابراھیمُ ربِّ اَرِنِی کیفَ تُحیِ الموتیٰ '' ۱۰؎ اور ابراہیم نے کہا پروردگار مجھے دکھا تو مردے کو کیسے زندہ کرتا ہے''

تو خدا نے کہا کیا تم ایمان نہیں رکھتے ہو تو حضرت ابراہیمؑ نے کہا: ہاں لیکن اطمینان قلب کے لئے دیکھنا چاہتا ہوں۔ مصرع دوم کی تلمیح کلیم اللہ حضرت موسیٰؑ سے متعلق ہے جب حضرت موسیٰ نے اپنی قوم والوں کی خدا کو دیکھنے والی ضد خدائے عزوجل کے سامنے پیش کی تو جواب ملا:

''قال لن ترانی ولٰکنِ انْظُر الی الجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَکانَہُ فَسَوفَ تَرانِی'' ۱۱؎

فرمایا تم مجھے نہیں دیکھ سکتے لیکن اس پہاڑ کی طرف دیکھو اگر یہ اپنی جگہ مستقر رہا تو تم مجھے دیکھ پاؤ گے۔

طوالت واقعہ کے باعث باقی قصے سے صرف نظر کرتے ہوئے مفتی آزردہ کے شعر کا جائزہ لیتے ہیں۔ شعر مذکور میں خواہش دید اور لن ترانی کے ذریعہ جسارت خواہش دید پر تنبیہ کو بہ آسانی نظم کیا ہے، کہتے ہیں رب ارنی سے عالم مستی میں دید کی خواہش پیدا ہوئی تو لن ترانی نے پاس وادب سکھا دیا اب وہ دید کی طلب نہ رہی:

رَبِّ اَرِنـــــی ز لـــــبِ مستـــــیٔ مـــــن ســــر ریـــــزد
لَـــنْ تَــــرَانِـــــیْ ادب آمــــوز طـــلبـــگـــار نبـــود ۱۲؎

طوفان نوح میں دنیا غرقاب ہوگئی پوری زمین پانی پانی تھی ہر طرف پانی کا قبضہ تھا بس جو کشتی نوح میں سوار ہوئے وہی امان پائے اوران بچ جانے والے افراد کی تعداد ۸۰ بیان کی جاتی ہے لہذا اس دنیا کو ۸۰ لوگوں کی بستی بھی کہا گیا ہے۔ ان ڈوبنے والوں میں حضرت نوح علیہ السلام کا بیٹا بھی تھا جس کے لیے نبی خدا نے بھیگی ہوئی پلکوں سے دعا کی تو اللہ نے ''لَیْسَ مِـــنْ اَھْـلِکْ'' ۱۳؎ کہہ کر حضرت نوحؑ کو اس کے لیے حیران و پریشان ہونے سے روک دیا۔ تیسری غزل میں اسی جانب آزردہ نے بہت خوبصورت انداز میں اشارہ کیا ہے کہ میری آنکھوں کی اس تری نے مجھے رسوا کر دیا:

طـــوفـــــان نـــوح بـــود حـــدیثـــی شـــنیـــده ای
چشـــم تـــرم نـــمـــود ز رســـوا گـــریستـــن ۱۴؎

صنعت تضاد کا کمال یہ ہے کہ الفاظ ایک دوسرے کی ضد ہوتے ہیں لیکن ان الفاظ کے معنی تقابل کی بنا پر اور واضح ہو جاتے ہیں اس لیے شعراء حضرات صنعت تضاد کا بہت استعمال کرتے ہیں۔ مفتی آزردہ نے طالب آملی کی پیروی میں لکھی غزل میں اکثر شعر اسی صنعت سے سجائے ہیں۔ کہتے ہیں تیری نظر کی گردش سے میرا دل گلزار تھا اس شادمانی میں کسی کا کوئی دخل نہیں تھا۔ مجھے زلف سیاہ سے غرض تھی مجھے تسبیح و زنار کی کچھ خبر نہ تھی:

بود از گردشِ چشمِ تو گلستان، دلِ ما
درمیان واسطۂ ثابت وسیّار نبود
بود سر رشتۂ کارم بہ سر زلف سیاہ
قصۂ کشمکش سُبْحَہ و زنار نبود ۱۵؎

صائب تبریزی کہتے ہیں کہ شب وصال میں شکوہ وشکایت نہ کر پایا جس وجہ سے مرا دل شکایات سے خالی نہ ہو سکا یہ وادی گزر گئی اور میرے پاؤں کا چھالا ٹھیک بھی نہ ہو پایا:

دل نگردید شب وصل تھی از گلہ ھا
طی شد این وادی و ھموار نشد آبلہ ھا ۱۶؎

اردو زبان میں بھی اس طرح کے مضامین پائے جاتے ہیں:

ملے، نہ اذن ملا ہم کو لب کشائی کا
ہزاروں شکووں کو دل میں دبا کے رکھنا پڑا

کچھ اسی طرح کا مضمون آزردہ نے بھی موزوں کیا ہے، کہتے ہیں کل رات میرے اور محبوب کے درمیان عجیب سی ملاقات ہوئی میرے لبوں پر سینکڑوں شکوے تھے لیکن کہنے کی اجازت نہ ملی:

صحبتی بود عجب دوش میان من و یار
صد شکایت بہ لب و رخصت اظھار نبود ۱۷؎

اسی فراق و وصل کی کیفیت کو جداگانہ طور پر بیان کرنے کی کوشش کی ہے عاشق کو اگر وصل نصیب ہو بھی جائے تو ہر لمحہ جدائی کا ڈر لگا رہتا ہے:

تمام رات جدائی کا غم ستاتا رہا
شب وصال بڑی بے قرار گزری ہے

مفتی آزردہ وصل و فراق کی کیفیت کو اور خوبصورت انداز میں کہتے ہیں تری جدائی کے دن میری خواہش وصل کو جلاتے رہے اور جب وصال کی رات نصیب ہوئی بھی تو تیری جدائی کے خوف نے اس ملاقات کا لطف ختم کر دیا:

روز ھجران تو می سوخت مرا حسرت وصل

در شب وصلِ تو اندیشۂ هجرانم سوخت ۱۸؎

صنعت لف ونشر مرتب اکثر شعراء با آسانی نظم نہیں کر پاتے ہیں لیکن اس صنعت کی خاصیت یہی ہے کہ اس سے شعر کی خوبصورتی میں اضافے کے ساتھ ساتھ معنی ومفہوم میں بھی خاصہ اضافہ ہو جاتا ہے۔مفتی آزردہ نے نہ صرف صنعت لف ونشر مرتب کو بخوبی نظم کیا ہے بلکہ ساتھ ساتھ صنعت تضاد کو بھی بخوبی شامل کر لیا ہے عیش وغم، خندیدن وگریستن متضاد ہیں ۔آزردہ نے الفاظ کو اس سادگی سے موزوں کیا ہے کہ قاری وسامع بہت لطف اندوز ہوتا ہے:

در عیش بی قرارم و در غم بہ پیچ و تاب

خندیدنم شبیہ بود با گریستن ۱۹؎

یا ایک اور شعر میں کہتے ہیں کہ جنت تیرے حسن سے اور دوزخ میری آہ وفغاں سے جل گیا۔اس شعر میں بھی لف ونشر مرتب کو صنعت تضاد سے مکمل کیا ہے جنت ودوزخ متضاد ہیں لیکن آزردہ ان متضاد الفاظ سے مفہوم کو بہت خوبصورت کر دیا ہے:

برگ و جمعیت دیوان جزا برهم خورد

جنت از حسن تو و دوزخ از افغانم سوخت ۲۰؎

شعراء حضرات اکثر مقطع میں تعلّی یا مبالغہ آرائی سے کام لیتے ہیں یا کچھ اشعار میں اپنی کوشش وکاوش کو بھی بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں ۔شعر وسخن کی ترقی میں ہر شاعر اپنا کردار بیان کرتا ہے لیکن سب کا اپنا اپنا انداز ہے۔صائب تبریزی نے جب اس مفہوم کو بیان کیا تو اپنے لبوں کی خشکی کو سخن کی تروتازگی کا موجب قرار دیا ہے:

گلستان سخن را تازه رو دارد لب خشکم

که جز من می رساند در سفال خشك ریحان ها ۲۱؎

جہاں صائب تبریزی نے اپنی خشک لبی کو سخن کی تروتازگی کا موجب قرار دیا ہے وہیں آزردہ نے گریہ کو زمین غزل کی سیرابی کو موجب قرار دیا:

سیراب تا زمین غزل کرد گریه ام

بینم که می رسد به کجا ها گریستن ۲۲؎

خدا کے نیک بندوں کی یہ خاصیت ہے کہ وہ اپنی خطا پر نادم اپنی تقصیر پر پشیماں اور اپنے گناہوں کا بارگاہ الٰہی میں اقرار کرتے ہوئے توبہ واستغفار کرتے رہتے ہیں اور خداوند عالم کو بندے کا احساس ندامت وپشیمانی بہت پسند ہے آزردہ دہلوی بھی اس راز کو جانتے ہیں تبھی تو کہتے ہیں اے جہنم کی آگ عذاب کی زحمت مت اٹھا میرے وجود کو میری شرمندگی و پشیمانی نے جلا دیا ہے:

زحمت از بهر عذابم مکش ای نار جحیم

که سراپای مرا خجلت عصیانم سوخت ۲۳؎

مفتی آزردہ کا کلام کم ضرور ہے لیکن معنی ومفاہیم سے بھرپور ہے فارسی کے مقابلے میں اردو کلام قدرے زیادہ ہے لیکن اکثر محققین نے اردو کلام کو ملحوظ خاطر رکھ کر آزردہ کی شاعری سمجھا ہے فارسی کا طالب علم ہونے کے ناطے فارسی کلام کا ناقدانہ جائزہ لینا بہتر معلوم ہوا۔اس مختصر سے جائزے کے بعد یہ کہنے میں کوئی دشواری معلوم نہیں ہوتی کہ غالب یونہی مفتی صدرالدین آزردہ کے قدردان نہیں ہیں۔

منابع ومأخذ:

۱۔خمخانۂ جاوید،لالہ سری رام،ج اول،ص۵۳

۲۔مفتی صدرالدین آزردہ،عبدالرحمٰن پرواز اصلاحی،مکتبہ جامعہ لمیٹڈ،نئی دہلی،جولائی ۱۹۷۷ء،ص۹۸

۳۔خمخانۂ جاوید،لالہ سری رام،ج اول،ص۵۴

۴۔دیوان غزلیات عرفی شیرازی،مرتب ڈاکٹر محمد ولی الحق انصاری،مطبع خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری،پٹنہ،ص۲۵۵

۵۔کلیات اشعار ملک الشعراء طالب آملی،تصحیح وتحشیہ طاہری شہاب،از انتشارات کتابخانہ سنائی،ص۱۱۳۳

۶۔دیوان غزلیات عرفی شیرازی،مرتب ڈاکٹر محمد ولی الحق انصاری،مطبع خدابخش اورینٹل پبلک لائبریری،پٹنہ،ص۵۲۱

۷۔مفتی آزردہ،ص۲۰۴

۸۔غزل شمارہ۱۹۰۔غزلیات امیر خسرو،گنجور

۹۔مفتی آزردہ،ص۲۰۲

۱۰۔قرآن کریم،سورہ بقرہ،آیت نمبر۲۶۰

۱۱۔قرآن کریم،سورہ اعراف،آیت نمبر۱۴۳

۱۲۔قرآن کریم،سورہ ہود،آیت نمبر۴۶

۱۳۔مفتی آزردہ،ص۲۰۳

۱۴۔مفتی آزردہ،ص۲۰۴

۱۵۔مفتی آزردہ،ص۲۰۲

۱۶۔صائب تبریزی،غزل نمبر۵۷۳، www.ganjoor.net

۱۷۔مفتی آزردہ،ص۲۰۲

۱۸۔مفتی آزردہ،ص۲۰۲

۱۹۔مفتی آزردہ،ص۲۰۴

۲۰۔مفتی آزردہ،ص۲۰۲

۲۱۔صائب تبریزی،غزل نمبر۱، www.ganjoor.net

۲۲۔مفتی آزردہ،ص۲۰۴

۲۳۔مفتی آزردہ،ص۲۰۱

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

ڈاکٹر محمد رضا اظہری*

دہلی کی تاریخی مساجد کے فارسی کتبے

یہ دلی جسے اہل ذوق ونظر ہندوستان کا دل کہتے ہیں دراصل یہ ہندوستان ہی کا دل نہیں بلکہ سارے جہاں کا دل ہے اور بڑا دردمند دل ہے. دلی کی دردمندی کی اپنی ایک تاریخ ہے .یہی وجہ ہے کہ دلی کی عظمت ہر دور میں تسلیم کی جاتی رہی ہے اور اس کا نام بڑی محبت سے لیا جاتا رہا ہے. طبقات ناصری کا مصنف منہاج سراج جوز جانی نے دلی کو بڑے پروقار لفظ ''حضرت دہلی'' سے یاد کیا ہے. مشہور صوفی شاعر حضرت امیر خسرو کے عہد زرین میں بھی عوام وخواص ''حضرت دہلی'' کہتے تھے.

ہندوستان کے مسلم حکمرانوں میں فن تعمیر اور آرٹ کا بڑا صاف ستھرا ذوق تھا. انہوں نے ہندوستان کی سرزمین پر عمارت وصناعی کے نئے نئے نمونے کھڑے کئے اور فنون لطیفہ کو نئے آفاق سے روشناس کرایا. انھوں نے مختلف مقامات پر قلعے، محلات، حوض، باؤلیاں، سرائے، خانقاہیں، مقبرے اور مسجدیں تعمیر کرائیں. مساجد وہ مقدس وپاکیزہ عبادتگاہیں ہیں جن کی تزئین وتعمیر کی تڑپ ہر مسلمان اپنے دل میں رکھتا ہے اور اس یقین واعتماد کے ساتھ کرتا ہے کہ اگر کسی نے خلوصِ دل کے ساتھ دنیا میں کوئی خانۂ خدا تعمیر کیا تو آخرت میں اس کا نعم البدل ضرور ملے گا، ان شاء اللہ.

دلی کے سلاطین وامراء اور ان کی بیگمات اور ان کی شاہزادیوں کو بھی طرح طرح کی عمارتیں خاص طور سے مساجد تعمیر کروانے کا شوق تھا. قطب الدین ایبک سے لے کر مغل سلاطین تک ہر ایک بادشاہ کو مسجد تعمیر کرنے کا شرف حاصل ہوا. دلی کے سلاطین وامرا اور ان کی بیگمات کے تعمیری جذبے کو دیکھتے ہوئے ان سلاطین کے وزراء ومصاحبین نے بھی مسجدیں تعمیر کرائیں اور آج بھی دہلی میں ان کی تعمیر کردہ مسجدیں اچھی خاصی ہیں، اگر ان تمام مسجدوں پر کچھ لکھا جائے تو کئی ضخیم کتابیں مرتب ہو سکتی ہیں.

دہلی جیسے طویل وعریض شہر میں مسجدوں کا ایک کہکشاں سجا ہوا ہے جن میں سے بہت سی مسجدیں منہدم ہو چکی ہیں اور بہت سی انہدام اور ویرانی کے دہانے پر ہیں، بہت کم ایسی تاریخی مسجدیں باقی رہ گئیں ہیں جن کو دیکھ کر دل سے آہ نہ نکلے! راقم الحروف نے ایک جذبۂ ایمانی اور ذمہ داری کے تحت اس مہم کو عنوان تحقیق قرار دیا اور اپنی بساط کے مطابق مساجد پر تحقیقی کام کرنے کا شرف حاصل کیا. ظاہر ہے دہلی میں رہ کر اس طرح کا کام کرنا بہت آسان ہے بہ نسبت یہ کہ دہلی سے دور رہ کر. راقم الکلمات نے چار دن کے مدت قیام میں یہ کام سرانجام دیا اور ذاتی طور پر ان تمام مساجد کا دیدار ومعائنہ کیا. مساجد کی تلاش بغیر کسی رہنما کے مشکل ہے اور ہفت خان رستم سے کم نہیں. وقت اور پیسے کی تنگی مزید بر علت بن گئے، اسی لئے خاکسار کو

DEHLI KI TAREEKHI MASAJID KE FARSI KATBE (Pg.No. 55 TO 65)
DR. MOHAMMAD REZA AZHARI, ASSISTANT PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN, LUCKNOW UNIVERSITY, LUCKNOW (U.P.)

جن مساجد کا سراغ ملا اور ان تک دسترس حاصل ہوئی اپنی حیثیت کے مطابق ان کا مشاہدہ کیا اور کتبوں کو محفوظ کر لیا۔کتبوں کا پڑھنا اور سمجھنا بہر حال ایک تخصصی ،شاقہ اور غور طلب کام ہے۔ناچیز اپنی علمی صلاحیت کی کم مائیگی کا اعتراف کرتے ہوئے اس بات کا معترف ہوں کہ پوری کوشش رہی ہے کہ کتبوں کی نقل صحیح رہے،امید ہے کہ تحقیقی و ادبی حلقوں میں اس ادنیٰ کوشش کو بہ طیبِ خاطر قبول کیا جائے گا،انشاءاللہ۔یقیناً کوئی کام حرف آخر نہیں ہوتا لہٰذا مضمون میں خاص طور سے کتبوں کے حوالے سے کوئی خامی یا کمی کی معذرت چاہتے ہوئے اربابِ علم وفراست سے اصلاح اور رہنمائی کی التجا ہے۔

۱۔دہلی جامع مسجد:

قلعہ معلیٰ (لال قلعہ) سے ایک ہزار گز کے فاصلے پر مغرب میں ایک پہاڑی پر یہ تاریخی اور شاندار شاہجہانی جامع مسجد واقع ہے جسے ''مسجد جہان نما'' بھی کہتے ہیں اور کبھی اس پہاڑی کو ''بھوجلہ پہاڑی'' کہتے تھے۔شہاب الدین محمد شاہ جہاں بادشاہ نے ۱۰رشوال المکرّم ۱۰۶۰ھ مطابق ۱۶۵۰ء مطابق سال بست و چہارم جلوس شاہی میں اس جامع مسجد کا سنگ بنیاد رکھا اور اس کی بنیاد رکھنے کے سلسلے میں مصنف یادگار دہلی نے ایک بڑا عجیب وغریب واقعہ لکھا ہے۔موصوف رقم طراز ہیں :''جب بنیاد رکھنے کا وقت آیا تو بادشاہ نے فرمایا کہ اس کی بنیاد وہ شخص رکھے گا جس کی نماز تہجد اور تکبیر اولی کبھی فوت نہ ہوئی ہو۔یہ سن کر سبھوں نے گردنیں جھکالیں ،کچھ جواب نہ دیا جب بہت دیر ہوگئی تو بادشاہ نے کہا الحمدللہ مجھ میں یہ دونوں باتیں موجود ہیں مگر افسوس ہے کہ آج یہ راز افشاں ہوتا ہے۔''

اس مسجد کی تعمیر کے منتظم ونگراں نواب سعداللہ خاں دیوان اعلی اور فاضل خاں خانساماں تھے۔کہتے ہیں کہ شاہجہاں نے اس مسجد کا نقشہ خواب میں دیکھا تھا اور اسی نقشہ کے مطابق اس مسجد کی تعمیر ہوئی ہے۔تاریخ کی پرانی کتابوں میں مرقوم ہے کہ پانچ ہزار راج مزدور، بیلدار مزدور،سنگ تراش اور کتبہ نویس چھ برس تک روزانہ اس کے بنانے میں مصروف رہے اور اس زمانے میں مسجد کی تعمیر پر دس لاکھ روپے خرچ ہوئے تھے۔مسجد کے وسط میں ایک خوبصورت وخوش نما حوض ہے جو صحن کے فرش سے ایک ہاتھ اونچا خالص سنگ مرمر سے بنا ہوا ہے۔حوض کے غربی حصہ میں ایک کٹہرہ ہے یہ بھی سنگ مرمر کا بنا ہوا ہے۔یہ کٹہرہ ۱۱۸۰ھ مطابق ۱۷۶۴ء میں تعمیر ہوا ہے۔اس کی وجہ یہ ہوئی کہ محمد تحسین خاں محلی خواجہ سرا نے خواب میں اس جگہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تشریف فرما دیکھا تھا،خواجہ سرا نے جب یہ واقعہ لوگوں سے بیان کیا تو اس جگہ کو کٹہرہ سے گھیر دیا گیا تاکہ وہ جگہ محفوظ ہو جائے اور اس کا احترام وتقدس بھی باقی رہ جائے۔اس کٹہرہ کے اندر یہ اشعار موجود ہیں۔

کوثر محمد رسول الله ۱۱۸۰ھ

رسول دیده اند این جا ولی و اهل الله   به جاست گر شود این سنگ هم زیارتگاه
بنای سال به تحسین و آفرین هاتف   بگفت احاطهٔ جای نشست رسول الله

(۱۱۸۰ھ/۱۷۶۶ء)

اس مسجد کے اندرونی و بیرونی حصے میں بڑے خوبصورت ودلکش کتبے لگے ہوئے ہیں جو کسی ماہر فن خطاط کے قلم کا شاہکار ہیں ،کچھ کتبے عربی کے ہیں مگر ان کتبوں کے علاوہ فارسی کے دس اور کتبے بھی موجود ہیں جو نگاہِ اول میں کوئی قرآنی سورہ

یا آیت یا حدیث معلوم ہوتے ہیں، کیونکہ خط کی نوعیت اور لکھنے کا انداز ہی کچھ اس طرح کا ہے، راقم الحروف بھی پہلی نظر میں اس غلطی فہمی کا شکار ہو گیا لیکن غور و خوض کے بعد اصل ماجرا کا انکشاف ہوا. کتبے ترتیب کے ساتھ دائیں سے بائیں منقول ہیں:

پہلا کتبہ) بـه فـرمان شهنشاه جهان پادشاه زمين و زمان گيهان خديو كشورستان گيتى خـداونـد، گردون توان موسس قوانين عدل و سياست مشيد، اركان ملك و دولت، بسيار دان، عالى فطرت، قضا فرمان، قدر قدرت، فرخنده راى، خجسته منظر، فرخ طالع، بلند اختر، آسمان حشمت، انجم سپاه، خورشيد عظمت، فلك بارگاه،

دوسرا کتبہ) مـظهـر قـدرت الهى، مورد كرامت نامتناهى، مُظهر كلمة الله العليا، مروّج الـملة الحنفية البيضاء، ملجأ الملوك و السلاطين، خليفة الله فى الارضين، الخاقان الاعدل الاعـظـم، والـقـاآن الاجلّ الاكرم، ابوالمظفر شهاب الدين محمد صاحب قران ثانى شاه جهـان پـادشـاه غـازى لازالـت رايـاتُ دولتـه مـنصوره واعداء حضرته مقهوره ،كه ديدهٔ بصيرت حق بينش از شعشعه انوار هدايت انما يعمر مساجد الله.

تیسرا کتبہ) مـن آمـن بـالله و اليوم الآخر مستنيرست و آيينهٔ ضمير صدق گزينش از اشعه مشـكـوة روايت احبّ البلاد الى الله مساجد ها فـروغ پذير اين مسجد كوه اساس گردون مماس كه كريمهٔ لمسجدٌ اسّس على التقوى بيان بنيان پايدار اوست و بينه والقى فى الارض رواسى ان تميد بكم كتابه ايوان استوار او قمهٔ قبهٔ فلك شأنش از طبقات آسمان گذشته و شرفهٔ طاق سپهر نشانش به اوج كيوان پيوسته.

چوتھا کتبہ)

گـر زطاق و قبهٔ مقصوره اش جوئى نشان   هيـچ نتـوان گـفت غير از كهكشان و آسمان
فـرد بـودى قبـه گر گردون نبودى ثانيش   طاق بودى طاق اگر جفتش نبودى كهكشان

فـروغ شـمسيـه پيـش طاق جهان نمايش روشنى بخش مصابيح سمٰوات، پرتوكلسِ گنبدِ عالم آرايش نور افزاى قناديل جنات،منبر سنگ مرمرش چون صخره مسجد اقصى.

پانچواں کتبہ) مرقات مقام قاب قوسين او ادنى،محراب فيض گسترش مانند صبح صادق گشاده پيشانى بشارت رسان ولقد جاء هم من رّبهم الهدى، ابواب رحمت ايابش صلاى والـلّـه يـدعـو الـى دارالسـلام به مسامع خاص و عام رسانيده، منار سپهر مدارش نداى و يـجـزى الـذيـن احسـنـوا بـالـحسـنـى از نُـه رواق گنبد فيروزه فام گذرانيده،سقف رفيع باصفايش تماشاگاه روحانيان كره افلاك، (يا هادى،به خط طغرى)

چھٹا کتبہ) صـحـن وسيـع دلـگشايش سجده گاه پاك نژادان، معمورهٔ خاك روح فضاى

فیض اثما و طیب هوای روح افزایش از روضه رضوان حکایت کرده و عذوبت ماء معین،حوض دلنشین نظافت آمایش از چشمۂ سلسبیل خبر داده.در روز جمعه دهم شهر شوال سال هزار و شست (شصت) هجری ۱۰۶۰ ھ موافق سال چهارم از دور سیوم جلوس میمنت مانوس به ساعت خجسته.

ساتواں کتبہ) و طالع شایسته سرمایۂ ابتنا و پیرایۂ تاسیس یافت و در عرض مدت شش سال به حسن سعی کارپردازان کاردان کارگزار و فرط اعتنا و اهتمام کارفرمایان صاحب اقتدار و بذل جد و جهد استادان ماهر دانشور و وفور کوشش پیشه کاران چابك دست صاحب هنر و انفاق مبلغ ده لك روپیه صورت انجام و طراز اختتام پذیرفت و مقارن اتمام در روز عید فطر.

آٹھواں کتبہ) به فرّ قدوم اقدس پادشا ه ظل اللّٰه صافی نیت خدا آگاه زیب و زینت گرفت و به اقامت نماز عید و ادای وظایف اسلام چون مسجد الحرام در روز عید اضحی مرجع طوایف انام گردید و مبانی اسلام و ایمان را متانت و رصانت کرامت فرمود.سیاحان ربع مسکون و مسالك نوردان کوه و هامون را آراسته عمارتی به این رفعت و حصانت در آیینۂ بصر.

نواں کتبہ) و مرآت خیال مرتسم نگشته و حقایق گزاران وقایع دهر و فکرت پردازان نظم و نثر را که سوانح نگاران بدایع ارباب ملك و دولت و صنایع شناسان اصحاب مکنت و قدرتند افراخته بنائی به این شکوه و عظمت بر زبان قلمرو قلم زبان نگذشته فرازندۂ کاخ هستی و طرازندۂ بلندی و پستی این بنیان رفیع را که قرة العین بینش و زینت بخش کارخانۂ آفرینش است.

دسواں کتبہ) پایدار داشته ،صدای تسبیح مسبحانش را هنگامه آرای ذاکران مجامع ملکوت و زمزمۂ تهلیل مهللانش را نشاط افزای معتکفان جوامع جبروت داراد و رؤس منابر معمورۂ جهان را به خطبۂ دولت جاوید طراز این پادشاه دادگر دین پرور که به میامن ذات مقدس مبارکش ابواب امن و امان بر روی روزگار کشاده است آراسته داراد .بحق الحق و اهله.کتبه نور اللّٰه احمد.

۲۔فتح پوری مسجد:

لال قلعہ کے سامنے سیدھے میں مغرب میں چاندنی چوک ہے.چاندنی چوک کی بڑی خوش قسمتی ہے کہ انقلاب زمانہ کے باوجود اپنی روایتی رونق وخوبصورتی کوقائم رکھی ہے.اسی چاندنی چوک کے مغربی سرے پر یہ ''مسجد فتح پوری'' اپنی

شاندار فتح وکامرانی کی تاریخ لئے ہوئے کھڑی ہے.مسجد فتح پوری گنجان آبادی میں کھاری باولی کے ملحق جنوب میں اور لال کنواں سے شمال ومشرق کے گوشے میں واقع ہےاوراس کے مغرب میں لاہوری دروازہ ہے.

شاہجہاں بادشاہ کی چار بیویاں تھیں.ایک بیوی قندہاری محل تھی جوممتاز محل کے نام سے مشہورتھی جس کی تعمیری یادگارتاج محل ہے،دوسری بیوی اعزازالنساء بیگم تھی جواکبرآبادی کے خطاب سے مشہورتھی اس کی یادگاراکبرآبادی مسجد ہے جو شہید ہوگئی.تیسری بیوی سرہندی بیگم تھی جس کی یادگار سرہندی مسجد ہے جوآج بھی لاہوری دروازہ کے باہرموجود ہے.چوتھی فتح پوری بیگم تھی جس کا لقب فتح پوری محل تھا.فتح پوری بیگم نے اس مسجدکو۱۰۶۰ھ مطابق ۱۶۵۰ء میں تعمیرکرایا تھا.البتہ یہ بات ضرور ہے کہ اگرتاریخ تعمیرکاتعین کتبات والواح سے کیاجائےتوزیادہ معتبرومستندثابت ہوسکتا ہے.

مسجد فتح پوری کے تین عظیم الشان دروازے ہیں،ان تینوں دروازوں کے پیشانی پرصرف ''مسجدفتحپوری'' لکھا گیا ہے.صحن سے مسجد خاصہ اونچائی پر ہے.یہ پوری مسجد سنگ سرخ سے بنی ہوئی ہے .۱۲۸۹ھ مطابق۱۸۷۲ء میں اس مسجد کی مرمت وترمیم ہوئی تھی،مرمت کے بعد پیش طاق کےاوپرسنگ مرمر کی یہ تختی نصب کردی گئی جس کی ایک تاریخی اہمیت ہے. کتبہ ملاحظہ ہو

دید چو ن این مسجد رفعت پناه	پشت گردون خم پی تعظیم شد
سال ترمیم از سر اوجش بگفت	مسجد عالی نکو ترمیم شد(۱۲۸۹ھ)

منجانب حاجی محمد تقی به اهتمام حاجی قطب الدین و غلام محمد ،طالبان دعای خیر

۳)سنہری مسجد:

نیتاجی سبھاش پارک (ایڈورڈ پارک) جامع مسجد سے ایک وسیع وکشادہ راستہ شمال میں لال قلعہ اور پرانی دلی ریلوے اسٹیشن کی طرف جاتا ہےاورایک صاف ستھراراستہ مشرق میں گاندھی مارگ اورشانتی ون کی جانب نکلتا ہے جس کوکبھی سبھاش مارگ کہتے تھےلیکن اب اس راستے کا نام ''نیودریاگنج روڈ'' ہے.اسی روڈ کے بالکل شروع میں سبھاش پارک سے ملحق لال قلعہ کے میدان کی طرف ایک اورسڑک نکلتی ہے جولال قلعہ کےاندر چلی جاتی ہے.اسی سڑک سے متصل مغرب میں یہ سنہری مسجدواقع ہے.

اس مسجدکو۱۱۶۵ھ مطابق ۱۷۵۱ء میں نواب بہادر جاوید خاں خواجہ سرانے بنوایا تھا.یہ شخص محمد شاہ بادشاہ کی ایک بیگم نواب قدسیہ کامشیرخاص اور بڑامقرب تھا.یہ مسجد کوکوئی خاص بڑی نہیں لیکن نفاست ولطافت میں بےنظیر ہے.پوری مسجد سنگ باسی سے بنی ہوئی ہے.اس کے دونوں مینار بھی بڑے عمدہ اورسنگ باسی کے ہیں.تین گنبد ہیں،پہلے سب کے سب سنہرے تھےمگرگنبد کے ٹوٹنے کے بعد بہادرشاہ ظفرنے ۱۲۶۹ھ مطابق ۱۸۵۲ء میں سنگ باسی کا بنوایا تھا.مسجد کی پیشانی پر سنگ مرمر کی پانچ تختیاں لگی ہوئی ہیں جن برسنگ موسیٰ کی پچی کاری سے یہ اشعار کندہ ہیں.کتبہ نہایت صاف ستھرا ہے.

شکر حق در عهد احمد شاه غازی بادشاه	خلق پرور دادگر شاهان عالم راپناه
مسجدی کرده بنا نواب قدسی منزلت	باد دایم فیض عام آن ملایك سجده گاه

سعـی نـواب بهـادر صـاحـب لطف و کـرم	سـاخـت تـعميری چنين جاويد عالی دستگاه
چـاه و حـوض صـاف صـحنش آبروی زمزمست	هـر کـه از آبـش طهارت کرد شد پاك از گناه
سـال تـاريـخـش چـه خرم يافت از الهام غيب	مسـجـد بيـت مـقـدس مـطـلـع نـور الـه

۴)شاہی سنہری مسجد:

یہ مسجد چاندنی چوک میں گرودوارہ سیس گنج کے بالکل پاس میں ہے البتہ گرودوارہ کی عمارت کی غیر معمولی اونچائی کی وجہ سے سنہری مسجد کی موجودہ رونق وخوبصورتی ختم ہوگئی ہے لیکن مسجد کی تاریخی حیثیت بہرحال اپنی جگہ قائم ہے.

اس مسجد کونواب روشن الدولہ ظفر خان نے ۱۱۳۴ھ مطابق ۱۷۲۱ء محمد بادشاہ کے دور اقتدار میں شاہ بھیکؒ کے لئے بنوائی تھی .شاہ بھیک اپنے دور کے مشہور صوفی تھے . یہ مسجد دومنزلہ ہے، مسجد میں داخل ہونے کے لئے گرودوارہ کی طرف سے ایک تنگ زینے کی سیڑھیوں پر چڑھنا ہوگا. پوری مسجد اینٹ اور چونے سے بنی ہوئی ہے، فی الحال تعمیری کاموں کا سلسلہ جاری اور مسجد کی توسیع بھی کی جارہی ہے . یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ مسجد ہندوستان کی گنگا جمنی تہذیب کی نہایت عمدہ مثال ہے جہاں اذان کی آواز گرودوارہ میں گونجتی ہے وہیں گرودوارے کے پاٹھ مسجد کی فضا کو پُر کرتے ہیں. مسجد کے تین گنبد ہیں،ان میں درمیانی گنبد بڑا خوش نما ہے.ان گنبدوں پر پیتل کی قیمتی چادروں کا خول چڑھا کر گہرا سنہرا ملمع کردیا گیا ہے. مسجد کے تین محرابی در ہیں، تینوں درمجموعی طور پر بہت خوبصورت ہیں اوران پر نقش ونگار بنے ہوئے ہیں .صدر محراب کی پیشانی پر یہ فارسی کتبے موجود ہیں۔

بـه عهـد پـادشاه هـفـت کشـور	سـليـمـان فـر مـحـمـد شـاه داور
بـه نـذر شـاه بهيكـه آن قطب آفـاق	شـد ايـن مسـجـد بـه زينـت در جهـان طـاق
خـدايـا نيست ليك از روی احسـان	بـه نـام روشـن الـدولـه ظـفـر خـان
بـه تـاريـخش زهجرت تا شمار است	يك هـزار و يكصد و سی و چهار است(۱۱۳٤ه)

۵)مسجدنواب رکن الدولہ:

شاہجہان آباد(پرانی دلی) کی جامع مسجد کے عقب میں چاوڑی بازار ہے جو حوض قاضی پر ختم ہوتی ہے .اسی چاوڑی بازار میں حوض قاضی سے کچھ پہلے چوڑی والان سے چاوڑی بازار میں ضم ہونے والی سڑک کے مقابل میں مسجد نواب رکن الدولہ ہے .اس مسجد کو دلی والے ''مسجد نواب والی'' ''لال مسجد'' اور ''مسجد پتھر والی'' کے ناموں سے یاد کرتے ہیں. مسجد رکن الدولہ کا بانی معین الدین محمد اکبر شاہ ثانی جو مغل فرمانروا محمد شاہ عالم کا فرزند تھا ہے .اس مسجد کی پیشانی پر ایک فارسی کتبہ موجود ہے،اسی فارسی کتبہ کے نیچے ایک اردو کتبہ بھی نصب ہے جو تعمیر جدید کے موقع پر لگایا گیا تھا. کتبے ملاحظہ ہوں۔

الله اکبر

در زمـان اکبـر ثـانـی کـه او	رشك دارا و فـريـدون و جـم اسـت
آنـکـه رکـن الـدولـه فياض زمان	بـخشـی الـمـلـك و اميـر اعـظـم اسـت

شکر لله کرد در دهلی بنا مسجد و چاهی که در عالم کم است

بی تکلف گفت تاریخش نصیر کعبه ی ثانی و چاه زمزم است(۱۲۲۸)

تاریخ تعمیر جدید:

اس مسجد کو نواب رکن الدولہ وزیر حضرت اکبر شاہ ثانی نے بہ اهتمام شیخ پیربخش معمار ۱۲۲۲ میں تعمیر کرایا تھا بعد ازان نصیر الدین احمد خان نبیرہ نواب ممدوح نے بہ اهتمام شیخ عبدالحق نبیرہ معمار مذکور ۱۳۳۲ میں از سر نو بنوایا.(کتبه فیاض خان سنگ تراش)

اگرچہ دونوں کتبے مختلف زمانے کے ہیں مگر اس خوش اسلوبی کے ساتھ نصب ہیں کہ دونوں ایک ہی زمانے کے معلوم ہوتے ہیں.

۶) مسجد مبارک بیگم:

یہ مسجد بازار کی دالان، قریب حوض قاضی کے واقع ہے. یہ مسجد سرتا پا سنگ سرخ سے بنی ہوئی ہے اسی لئے اس کو ''لال مسجد'' بھی کہا جاتا ہے. یہ مسجد ایک طوائف ''مبارک بیگم'' کی بنائی ہوئی ہے جو ایک انگریز ''ڈیوڈ آکٹرلونی'' کی داشتہ تھی جس کی بنا پر اس مسجد کو ''رنڈی کی مسجد'' بھی کہا جاتا ہے. پیش طاق پر سنگ مرمر کی تختی پر یہ فارسی کتبہ نصب ہے:

مبارك بیگم این مسجد بنا کرد که باشد برتر از چرخ مقوّس

کم از بیت المقدس نیست شانش بگو"این ثانی بیت مقدس"(۱۲۳۸ھ)

اس کے علاوہ چھوٹے محراب پر ایک اور فارسی کتبہ ہے، ملاحظہ ہو:"الحمد لله كه این مسجد مع عمارات متعلقهٔ آن در ۱۳۱۶ھ به عهد میجر ڈیوس صاحب بهادر ڈپٹی کمشنر دهلی سرکار دولت مدار به انجمن مؤید الاسلام دهلی مفوض گشت و مرمت و درستی آن به صرف دو هزار روپیه عطیهٔ شیخ الٰهی سوداگر زیر اهتمام انجمن موصوف به عمل آمد' 'افسوس اس مسجد کا درمیانی گنبد ۱۹ جولائی ۲۰۲۰ء میں تیز بارش کی سبب شہید ہو گیا. گنبد کمزور ہو چکا تھا اور اس کی وجہ یہ تھی کہ بجلی کے ہائی ٹینشن وائر مسجد کے بڑے گنبد کے اوپر سے گذر رہے تھے.

۷) کلاں مسجد (چاندنی چوک):

یہ مسجد اندرون فصیل شہر ترکمان گیٹ سے کچھ فاصلے پر ایک گنجان آبادی میں اتر جانب واقع ہے جو علاقہ کلاں مسجد سے مشہور ہے. اسے فیروز شاہ تغلق کے وزیر اعظم خان جہان جونا نشہ نے ۲۸ جون ۱۳۸۷ء میں تعمیر کرایا تھا. یہ مسجد بالکل قلعہ کی شکل میں بنی ہے اور حقیقتاً کلاں مسجد ہے لیکن عوام الناس اسے ''کالی مسجد'' کہتے ہیں جو تاریخی حیثیت سے غلط ہے. ۳۲ سیڑھیوں پر چڑھنے کے بعد بالکل سامنے ایک پرشکوہ بڑا سا کتبہ زائرین و مصلیان کی نظر اپنی طرف جذب کرتا ہے. کتبہ کی نوعیت کی وجہ سے پڑھنے میں کافی دشواری ہوئی. صدر دروازہ کی پیشانی پر یہ فارسی کتبہ منقش ہے:

بسم الله الرحمن الرحيم

"به فضل و عنایت آفریدگار، در عهد دولت بادشاه دین دارالواثق به تائید الرحمن ابوالمظفر فیروزشاه السطان خلّد الله ملکه این مسجد بنا کرده، بنده زاده درگاه جونانشه مقبول المخاطب به خان جهان ابن خان جهان خدا بر آن بنده رحمت کند هر که درین مسجد بیاید به دعای خیر بادشاه مسلمانان و این بنده را به فاتحه و اخلاص یاد کند. حق تعالیٰ این بنده را بیامرزد و به حرمة النبی و آله مساجد مرتب شده به تاریخ دهم ماه جمادی الاخری سنه تسع و ثمانین و سبع مائة هجری. (۷۸۹ھ)"

۸) مسجد کلاں (نظام الدین بستی):

احاطہ پولیس تھانہ اور مسجد بنگلہ والی (مرکز تبلیغی جماعت) سے کچھ پہلے جہاں ٹیکسیاں کھڑی رہتی ہیں ایک ناہموار راستہ سمت مشرق میں دفتر نئی دنیا کی طرف جاتا ہے اور اسی راستے پر چند قدم چلنے کے بعد ایک اور تنگ اور پتلا راستہ بائیں ہاتھ کو پھوٹتا ہے یہ راستہ بھی مشرق کی طرف جاتا ہے. اسی راستے پر چند قدم چلنے کے بعد دائیں ہاتھ پر ایک گلی جنوب کی طرف نکلتی ہے. گلی کے دونوں طرف گنجان آبادیاں ہیں. یہ گلی کلاں مسجد یا کالی مسجد کے دروازے پر ختم ہوتی ہے. اس مسجد کو بھی فیروز شاہ تغلق کے وزیر اعظم خان جہاں جوناں شاہ نے ۷۷۲ھ مطابق ۷۱-۱۳۷۰ء میں تعمیر کروائی تھی جو کافی حد تک ترکمان گیٹ کی کلاں مسجد سے مشابہت رکھتی ہے یہاں تک کہ کتبہ بھی کچھ مختصر تغیر کے ساتھ بعینہ اسی مضمون کا حامل ہے. مسجد کے صدر دروازے کی پیشانی پر یہ کتبہ نصب ہے:

"به کرم و فضل حق سبحانه وتعالی، در عهد دولت سلطان السلاطین الزمان الواثق به تائید الرحمان ابوالمظفر فیروز شاه السلطان خلد الله ملکه و اعلی امره و شانه این مسجد بنا کرد. بنده زادۀ درگاه آسمان جاه معالم پناه جونان شه مقبول الملقب به خان جهان ابن خان جهان در سال هفصد و هفتاد دو از هجرت پیغامبر صلّی الله علی و سلم. خدای بر آن بنده رحمت کند هر که در این مسجد نماز بگزارد، این بنده را به فاتحه و دعای ایمان یاد کند."

۹) مسجد روشن الدولہ:

نواب روشن الدولہ ظفر خان کی دوسری سنہری مسجد ہے جو تاریخی کتابوں میں قاضی زادوں کی مسجد کے نام سے مشہور ہے. یہ مسجد فیض بازار (دریا گنج) میں لب سڑک مغرب میں اور دریا گنج سبزی منڈی سے چند قدم کے فاصلے پر شمال میں واقع ہے. مسجد کا مدخل اس قدر تنگ و باریک ہے کہ کسی نئے متلاشی کو بہت مشکل سے دکھائی دے گا اور دو لوگ بیک وقت مسجد میں داخل یا خارج نہیں ہو سکتے. مسجد پر کوئی گنبد نہ تھا کیونکہ ۱۹۴۷ء کے بعد غیر مسلموں نے مسجد کے تینوں گنبد کو توڑ دیا تھا. اس مسجد کو نواب شرف الدولہ نے ۱۱۵۷ھ مطابق ۴۵-۱۷۴۴ء میں محمد شاہ بادشاہ کے دور میں مشہور صوفی و درویش شاہ بھیکؒ (سید محمد سعید) کے لئے تعمیر کرایا تھا. روشن الدولہ کا اصلی نام خواجہ مظفر تھا. یہ چند شعر مسجد کی پیشانی پر بہ طور تاریخ مرقوم ہیں۔

شکر حق کز یمن فیض سید عرفان پناه — شاه بهیکه آن مرشد کامل ولایت دستگاه
در زمان شاه اسکندر نشان،جمشید قدر — معدلت گستر ،محمد شاه غازی بادشاه
روشن الدوله ظفر خان صاحب جود و کرم — کرد تعمیر طلائی مسجد عرش اشتباه
مسجدی که اندر فضا صحن قدرش آسمان — کرده از خط شعاع مهر جاروب پگاه
حوض صاف او نشان از چشمۀ کوثر دهد — هر که از آبش وضو سازد شود پاك از گناه
سال تاریخش رسائی یافت از الهام غیب — مسجدی چون بیت اقصی مهبط نورٌ اله(۱۱۵۷ھ)

۱۰)فخر المساجد:

یہ مسجد کشمیری گیٹ پر مدرسہ امینیہ سے چند قدم کے فاصلے پر شمال میں گرجا گھر اور پارک سے بالکل سامنے مغرب میں دوکانوں کی قطاروں میں لب سڑک واقع ہے۔اس مسجد کو ''فخر النساء خانم'' نے ۱۱۴۱ھ مطابق ۱۷۲۸ء میں اپنے شوہر شجاعت خان کی یادگار میں تعمیر کروایا تھا۔ مسجد کے دوخوبصورت مینار ہیں جن میں سنگ مرمر اور سنگ سرخ کی عمودی پٹیاں پڑی ہوئی ہیں۔ان میناروں کے پیچھے نہایت خوبصورت شاندار گنبد ہے،ان پر بھی میناروں کی طرح کی ایک ایک سفید ایک ایک سیاہ پٹیاں پڑی ہوئی ہیں اوراوپر ملمع کے کلس ہیں۔مسجد کی پیشانی پر ایک بڑا تاریخی کتبہ موجود ہے، کتبے کی صفائی کی وجہ سے تمام حروف نمایاں تھے۔

خان دین پرور شجاعت خان به جنت یافت جا — با رضای حق تعالیٰ از طفیل مرتضی
صدر خاتونان کنیز فاطمه فخر جهان — یادگارش ساخت این مسجد به فضل مصطفی

۱۱)مسجد نواب لطف اللہ خان صادق:

کشمیری گیٹ کے گردونواح میں بہت ساری قدیم تاریخی عمارتیں اور عہد مغلیہ کی یادگاریں ہیں،ان ہی تاریخی عمارتوں اور یادگاروں میں مسجد نواب لطف اللہ خاں صادق بھی ہے جو اب مسجد''پانی پتیاں'' کے نام سے زیادہ مشہور ہے۔اس مسجد کو نواب لطف اللہ خاں صادق پانی پتی نے ۱۱۳۸ھ مطابق ۱۷۲۵ء میں شاہی دور میں تعمیر کی تھی۔یہ مسجد صادق بازار نصیر گنج میں واقع ہے جسے بڑا بزار بھی کہتے ہیں۔اس کی دلکشی و دل آویزی دراصل ان الواح اور کتبوں کی وجہ سے ہے جو صدر دروازہ کی پیشانی پر منقش ہیں:

دائیں طرف کا فارسی کتبہ:

تاریخ آغاز قیام مدرسه امینیه عربیه ،دهلی

امین الدوله به یمن فضل یزدان — نهاده طرح باغ علم و عرفان
بزرین مسجدی فرخنده جایی — بنا شد مدرسه اخلاص عنوان
چو شد معمور گنج علم و حکمت — سن تاسیس او جستند یاران
رسید الهام حق به کفایت الله — که تاریخش بگو گلزار رضوان(۱۳۱۵ھ)

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

بائیں طرف کا فارسی کتبہ:

تاریخ تعمیر جدید مدرسه امینیه عربیه ،دهلی:

سپس این نغز و فرخنده مقامش — عطا فرمود حق از روی احسان
به بذل همت اهل کرم شد — مثال گنبد خضرا ش بنیان
قبولش کن خداوندا به رحمت — لوجه الله وقف ست این دبستان
به ا رخش مخزن علم و کیاست(١٣٣٤ه) — بخوان و ز حق طلب کن امن و ایمان

اندر جانے کے بعد سامنے ہی مسجد ہے، مسجد کی روکار کی محراب پر فارسی اشعار خوبصورت نسخ میں بڑے الفاظ میں کندہ ہیں، کتبہ یوں ہے۔

هوالباقی

این مسجد مقدس این بیت رب اکبر — تعمیرش از سر نو شد دل پسند و خوشتر
در عهد اهتمام آن صاحب معالی — کز نکهت علوش هندوستان معطر
جمعی از اهل ایمان کرده مسابقتها — صدقاً و احتساباً در بذل همت و زر
دارالعلوم بینی گردش مثال ها له — وین سجده گه درونش مثل مه منور
علامه یگانه مفتی کفایت الله — عزمش همه مبارك سعیش همه مظفر
گر بعد سیزده صد پنجاه و سه ز هجرت — گیری رسی به سال این معبد مطهر

کتبه حفیظ الرحمن واصف

۱۲) مسجد حامد علی خان (شیعہ جامع مسجد):

اس کا اصل نام کوئی نہیں جانتا مگر آج کل یہ مسجد ''شیعہ جامع مسجد'' کے نام سے جانی جاتی ہے۔ پہلے مسجد کا بورڈ لگا ہوا تھا مگر کسی سبب اب ہٹا دیا گیا ہے۔ اگر ہم پرانی دلی ریلوے اسٹیشن پلیٹ فارم نمبر ۱۶ (کشمیری گیٹ) سے باہر نکلیں تو سب سے پہلے بالکل ہمارے سامنے یہی مسجد نظر آئے گی۔ یہ مسجد اعتماد الدولہ حامد علی خان وزیر اعظم بہادر شاہ ثانی کی بنائی ہوئی ہے۔ پیش طاق پر غالب کا یہ قطعہ کندہ ہوا ہے:

اعتماد الدوله کز افراطِ جود — هست در پیش کفش قلزم غدیر
دیده ور حامد علی خان کز صفا — بیند اسرار ازل را در ضمیر
ساخت در دهلی همایون مسجدی — تا شود طاعت گهِ برنا و پیر
غالبؔ آن طوبی نشین عندلیب — زد به اندازِ سخن سنجی صفیر
شد نظیر کعبه در عالم پدید — سا ل تعمیرش بود "کعبه نظیر"(۱۲۵۷)

به اهتمام مولوی تیغ علی ۱۲۵۷ه

منابع وماخذ:

۱۔تاریخ فیروز شاہی،ضیاءالدین برنی،تصحیح شیخ عبدالرشید،شعبۂ تاریخ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی،علی گڑھ،۱۹۵۷ء

۲۔طبقات اکبری،خواجہ نظام الدین احمد،ترجمہ وترتیب محمد ایوب قادری،ج ا،اردو سائنسی بورڈ،لاہور،۱۹۹۰ء

۳۔آئین اکبری،ابوالفضل فیضی،ترجمہ،مولوی محمد فدا علی صاحب طالب،دارالطبع جامعہ عثمانیہ سرکار عالی حیدر آباد دکن،۱۳۵۷ھ/۱۹۳۹ء

۴۔آثارالصنادید،سرسید احمد خان،مرتبہ خلیق انجم،قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان،ج ۳،۲۰۱۲ء

۵۔طبقات ناصری؛منہاج سراج جوزانی،مترجمہ غلام رسول مہر،۱۸۶۲ء

۶۔یادگار دہلی؛مولوی سید احمد،مطبع احمدی متعلق بہ مدرسہ عزیزیہ،۱۹۰۵ء

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

ڈاکٹر شاہنواز شاہ*
ڈاکٹر نصرت رشید*

داراشکوہ: عرفانی تفکر اور دینی رواداری

چکیدہ:

داراشکوہ، شہنشاہ شاہ جہاں کا بڑا بیٹا، ایک آزاد خیال مسلمان کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ انہیں ہندوستان میں ادیان کے باہمی تفہیم کی سائنسی تحریک کے پیشوا کے طور پر جانا جاتا ہے۔ وہ بڑے مذاہب، خاص طور پر ہندومت اور اسلام کے بارے میں گہری سمجھ رکھتے تھے۔ ان کی تصانیف ہندومت اور اسلام کے درمیان قریبی روابط کے قیام کے لیے وقف ہیں۔ داراشکوہ نے ہندوستانی ثقافت اور ہندو مذہبی افکار کو مقبول بنایا۔ انہوں نے قدیم ہندوستانی روحانیت کے مطالعے میں اسلامی صوفی روایات کے ساتھ بڑا حصہ ڈالا اور ہندو اور اسلامی تصوف کی کلاسیکی تعلیمات کے درمیان اشتراکات کو اجاگر کر کے ان مطالعات میں اہم کردار ادا کیا۔ اس مضمون میں داراشکوہ کے عرفانی تفکر اور دینی نقطہ نظر کو ان کی تحریروں کی روشنی میں زیر بحث لایا گیا ہے۔

کلیدی الفاظ: لبرلزم، عرفان، اسلام، ہندومت، تعلیم۔

مقدمہ:

داراشکوہ، وہ شہزادہ جو بدقسمتی سے تخت ہند پر قبضہ نہ کر سکا، لیکن آج بھی اپنی وسیع ذہنیت اور کشادہ نظری کی وجہ سے لاکھوں لوگوں کے دلوں اور دماغوں پر حکومت کرتا ہے۔ وہ ایک ایسا شخص تھا جو واقعی مذہبی رواداری، سماجی ہم آہنگی، وحدت، باہمی محبت اور تنوع میں یکجہتی اور ایک مخلوط معاشرے اور ثقافت پر یقین رکھتا تھا۔ وہ وہ شخص تھا جو جانتا تھا کہ " گلہائے رنگا رنگ سے ہے زینتِ چمن" اور اس کے ساتھ ساتھ وہ یہ بھی جانتا تھا کہ اس ملک کی خوبصورتی اس کے تنوع میں پوشیدہ ہے۔

داراشکوہ ایک ممتاز عالم، شاعر، مترجم اور فلسفی تھا جو ثقافتی تنوع اور سیکولرازم کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ مغل شہزادوں میں، وہ اپنے اسلامی تصوف اور ہندو کلاسیکی فلسفے کے تقابلی مطالعے کی وجہ سے ایک خاص مقام رکھتا تھا۔ اس کا عقیدہ تھا کہ دونوں مذاہب کی صوفیانہ روایات ایک ہی سچائی کا اظہار کرتی ہیں۔ داراشکوہ نے ہندوستان کی قدیم روحانیت اور اسلامی تصوف میں اہم کردار ادا کیا اور ان دونوں کے مشترکہ نکات کو نمایاں کرتے ہوئے ان دونوں میدانوں کو وسعت دینے میں

DARA SHIKOH: IRFANI TAFAKKUR AUR DEENI RAWADARI...... (Pg.No. 66 TO 70)
DR. SHAHNAWAZ SHAH & DR. NUSRAT RASHEED
DEPARTMENT OF PERSIAN, KASHMIR UNIVERSITY, JAMMU & KASHMIR

بڑی مدد کی۔

وہ صوفی ازم کا ایک پر جوش پیروکار اور رواداری کا نمونہ تھا۔ وہ ایک عارف اور شاعر تھا اور سکھوں کے ساتویں گرو، گرو ہررائے کے ساتھ قریبی دوستی رکھتا تھا۔ ان خصوصیات نے اسے عوام میں مقبول اور مذہبی قدامت پسندوں میں غیر مقبول بنا دیا۔

داراشکوہ نے ہندوستانی مذاہب اور فلسفیانہ ادب میں گہری دلچسپی ظاہر کی۔ اس کے حکم پر کئی رسائل، جن میں یوگا واسشتھا، بھگوت گیتا، اور پرابودھا چندرودایا جیسا صوفیانہ ڈرامہ شامل ہیں، فارسی زبان میں ترجمہ کیے گئے۔ اسے یہودی اور عیسائی مذہبی ادب کا بھی اچھی طرح سے علم تھا۔ صوفی ازم کی تعلیمات نے دارا کے عالمی نظریے پر گہرا اثر ڈالا۔ نمایاں صوفی، جیسے میاں میر، ملا بادشاہی، اور ہندو یوگی بابا لعل داس بیراگی نے اس پر گہرا اثر ڈالا۔ اس کے علاوہ، داراشکوہ نے صوفی ازم پر بہت سی کتابیں پڑھ رکھی تھیں۔ اس کا شاہ محبّ اللہ الہ آبادی، ملا شاہ بدخشی، میاں جیبو اور مجذوب سرمد سے بھی قریبی تعلق تھا۔ برصغیر کے دیگر مذاہب، بشمول ہندومت میں اس کی دلچسپی نے اسے سنسکرت متون کے فارسی میں ترجمے کی نگرانی کرنے پر مجبور کیا، جن میں یوگا واسشتھا بھی شامل ہے، جو کہ لارڈ رام اور ان کے استاد واسشتھا کے درمیان گفتگو ہے۔

مزید برآں، یوگیوں میں جن سے اس کا رابطہ تھا، وہ بابا لال یوگی، پانڈت گارگن ناتھ اور ویدانت کے دیگر ماہرین سے رابطے میں تھا، اور ان کے ساتھ مسلسل رابطے کے نتیجے میں، اس کے ذہن اور سوچ کے دروازے کھل گئے۔ وہ شنکرآچاریہ، رامانوج، اور بھگتی کبیر سے شدید متاثر ہوا۔ اسی وجہ سے وہ سنسکرت زبان اور اس کی امیر ادبیات سیکھنے کے قابل ہوا اور سنسکرت کتابوں کا فارسی میں ترجمہ کیا۔

بحث: داراشکوہ کے مذہبی نظریات کو بہت سے محققین نے مطالعہ کیا ہے اور زیادہ تر نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ شہزادہ حقیقت میں ایک عارف تھا، جو مذاہب کے امتزاج میں دلچسپی رکھتا تھا اور اس نے مختلف نظریات کو ایک ساتھ لانے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ داراشکوہ کے مذہبی خیالات کو عموماً اورنگزیب اور شاہ جہاں کے بیٹوں کے درمیان تخت کے حصول کی جنگ کے تناظر میں دیکھا گیا ہے، جس میں اورنگزیب اور داراشکوہ اہم دعوے دار تھے۔ یہ نقطہ نظر زیادہ سیاسی ہے اور اقتدار کی جدوجہد پر توجہ دیتا ہے جبکہ شہزادے کے مذہبی رویے پر کم توجہ دیتا ہے۔ تاہم داراشکوہ کی زندگی، اس کے کثیر تعداد میں ادبی کام اور اس کے مذہب پر خیالات کو بعض محققین نے آزادانہ طور پر بھی مطالعہ کیا ہے۔

محقق رینوکا ناتھ کے مطابق: "مغل بادشاہ شاہ جہاں کا سب سے بڑا بیٹا آزاد خیال شخص تھا۔ وہ شروع سے ہی سوالات کرنے والا اور تنقیدی بصیرت کا حامل تھا۔ اولیاء کرام کی زندگیاں اور ان کے معجزات ہمیشہ اسے اپنی طرف متوجہ کرتے تھے۔ وہ ہندو اور مسلمان اتحاد کا پر جوش حامی تھا اور ہندو یوگیوں اور پنڈتوں کو اسی طرح احترام دیتا تھا جس طرح وہ مسلمان علماء کو دیتا تھا۔"

اسے زیادہ تر صوفیانہ اور ویدانتی روایات پر اپنے پیچیدہ مطالعے اور ان کی عملی تفہیم کو فراہم کرنے کے لیے یاد کیا جاتا ہے۔ اس کی تحریروں میں صوفیانہ نقطہ نظر کا واضح طور پر مشاہدہ کیا گیا ہے کہ وہ کس طرح موضوع کا باریک بینی سے تجزیہ

کرنے کے بعد اپنے نتائج تک پہنچتا ہے۔اس کی تحریروں میں کبھی بھی یہ نہیں دیکھا گیا کہ وہ کسی خاص مکتب فکر یا مذہب کی حمایت کرتا ہو۔اس کا یہ نتیجہ کہ تمام مذاہب میں اعلیٰ ترین سچائی موجود ہے، مذہبی علماء کے لیے قابل نفرت تھا۔لیکن دارا کبھی ہچکچایا نہیں۔اس نے صوفیاء اور ویدانتی عرفاء کے ساتھ وسیع مباحثے کیے اور اپنے تمام مطالعات کو اُس دور کے مذہبی ماحول کے بارے میں اپنی کتاب "مجمع البحرین" یا "دو سمندروں کا ملاپ" میں جمع کیا۔

داراشکوہ بچپن سے صوفی پس منظر رکھتا تھا۔اس کی پہلی کتاب "سفینۃ الاولیاء" تھی جو اس وقت کے ممتاز صوفی رہنماؤں کی زندگی اور سوانح عمریوں پر مشتمل تھی۔دارا ان کو "پیر کامل" کے طور پر یاد کرتا ہے اور یقین رکھتا تھا کہ اللہ نے ان کو اپنے بندوں کی رہنمائی کے لیے بھیجا ہے۔وہ لکھتا ہے:"ان اولیاء کے سلسلے کے افراد سے زیادہ مہربان، شفیق، علم و عمل والے، متواضع اور باادب، بہادر اور سخی کوئی نہیں۔"

دارا خود سلسلہ قادریہ سے تعلق رکھتا تھا اور اس کی دوسری سوانح عمری "سکینۃ الاولیاء" اس سلسلے کے بعض بڑے اولیاء کی زندگی اور تعلیمات پر مشتمل تھی۔دارا نے میاں میر سے، جو قادریہ سلسلے سے تعلق رکھتے تھے، ملاقات کے بعد یہ کتاب لکھی۔دارا نے لکھا:" کچھ بھی مجھے سلسلہ قادریہ سے زیادہ متوجہ نہیں کرتا، جس نے میری روحانی خواہشات کو پورا کیا ہے،" جو اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ وہ خود بھی سلسلہ قادریہ سے تعلق رکھتا تھا۔قادریہ اپنا سلسلہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے جوڑتا ہے اور اس کے پہلے مروج شیخ عبدالقادر جیلانی تھے، جو بغداد سے تعلق رکھتے تھے۔

تاہم یہ بات قابل غور ہے کہ میاں میر اور ملا شاہ بدخشی کا داراشکوہ کے نظریات پر زبردست اثر تھا۔پھر بھی، دارا ماضی کی طرح مختلف مذاہب کے علماء کے ساتھ مذہبی مباحثوں میں مصروف رہا۔داراشکوہ کے زیادہ تر کام کشمیر میں مکمل ہوئے اور بعض محققین نے یہ تجویز دی کہ وہاں اس کے پسندیدہ مقامات کو محفوظ کیا جائے۔

آرتھر شوپنہار، ایک عظیم روشن خیال شخص، اوپنشادوں کے حقیقی مداح تھے، لیکن مغرب میں اوپنشادوں کا تعارف کرانے کا سہرا داراشکوہ کے سر ہے۔اس نے نہ صرف اسلام اور ہندومت کی مشترکہ روایت اور ورثے پر زور دیا بلکہ یہ بھی کہا کہ " کتاب مکنون"، جس کا قرآن میں ذکر ہے، دراصل اوپنشاد ہے۔

"إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ ، فِي كِتَابٍ مَكْنُونٍ ، لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُ وِنَ، تَنْزِيلٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ "

اس کتاب کے مقدمے میں، داراشکوہ نے لکھا:"میں نے ہندو علما اور بنارس میں مقیم سنیاسیوں کو اکٹھا کیا، جو ہندو مطالعات کا مرکز تھا، اور ان کی مدد سے اوپنشادوں کا ترجمہ دہلی میں چھ ماہ کے اندر مکمل کیا۔"

(داراشکوہ: سکینۃ الاولیاء، اردو ترجمہ از پروفیسر مقبول بیگ بدخشانی، نشر خانہ ناز، پہاڑی بھوجلا، دہلی-۶)۔

داراشکوہ نہ صرف صوفی فارسی شاعری میں ماہر تھا، بلکہ فارسی کے کلاسیکی ادب کا بھی اچھی طرح علم رکھتا تھا۔دارا شکوہ نے ایک قابل ذکر ادبی ورثہ چھوڑا ہے۔"سفینۃ الاولیاء"، "سکینۃ الاولیاء" اور "رسالہ حق نامہ" اس کی ابتدائی تصانیف میں شامل ہیں۔اس کی آخری تین کتابوں، یعنی "مجمع البحرین"، "سرالاسرار" اور "اکسیر اعظم" کو سب سے زیادہ قیمتی سمجھا جاتا ہے۔

داراشکوہ خدا کی وحدت کو سمجھنا چاہتا تھا۔اس کا عقیدہ تھا کہ سچائی کسی ایک مذہب تک محدود نہیں ہے اور اسے تمام مذاہب میں پایا جا سکتا ہے۔اپنی کتاب "مجمع البحرین" میں، اس نے اسلام اور ہندومت کا موازنہ کیا اور رسالت، نبوت اور خدا سے ملاقات جیسے تصورات پر روشنی ڈالی۔اس کی کوششوں سے ظاہر ہوتا تھا کہ اس کا بڑا مقصد وحدت الوجود کا راز معلوم کرنا تھا۔دارا کا یہ ماننا تھا کہ انسان خدا کی ذات کا ایک حصہ ہے، اسی لیے وہ اپنے آپ کو پہچاننے پر زور دیتا تھا تاکہ خدا کی حقیقت کو سمجھ سکے۔

اپنی تصانیف میں، دارا نے ہر چیز کی فانی حیثیت اور خدا کی ابدیت پر زور دیا ہے۔وہ اضداد کی وحدت پر یقین رکھتا تھا۔اس کی تحریروں میں انسان کی عظمت کی تعریف بھی نظر آتی ہے۔اس کے تحریری کاموں میں ملا مخالفت کے رجحانات بھی دیکھے جا سکتے ہیں۔اس کی شاعری میں مسلم علماء کی روحانی بے حسی اور ملاوں کی ریاکاری پر تنقید کی گئی ہے۔وہ اپنے ایک رباعی میں کہتا ہے:

بہشت آن جا کہ ملائی نہ باشد

ز ملا شور و غوغائی نہ باشد "۔

داراشکوہ مذہبی تعصب کے مخالف تھا۔وہ کہتا ہے:"میرا مذہب 72 ملتوں کا مذہب ہے"۔

اس کے مذہبی نظریات صوفی شاعر مولانا جلال الدین رومی کے خیالات سے ملتے جلتے تھے۔داراشکوہ کے مذہبی نظریات کو توحید پرستی کے ساتھ ہمہ خدائی کی جھلک کے طور پر بیان کیا جا سکتا ہے۔ابتدا میں، وہ تصوف کے گہرے اثرات کے تحت تھا، لیکن وقت کے ساتھ ساتھ اور ہندی ہمہ خدائی کے اثرات کے تحت، مذہبی علماء نے اسے کافر قرار دیا۔اسے غداری کا الزام دیا گیا اور اس کی سرگرمیوں کو اسلام کے لیے خطرہ سمجھا گیا۔داراشکوہ کی المناک پھانسی مغل بادشاہوں کی پُر امن بقائے باہمی کی بنیاد پر ایک مضبوط، پائیدار اور مستحکم حکومت قائم کرنے کی کوششوں کو زبردست دھچکا تھی۔

ان تمام مشکلات کے باوجود، اسلامی تصوف اور ہندو مقدس متون پر اس کا کام، خاص طور پر اوپنشادوں کا فارسی ترجمہ، مغرب کے علمی حلقوں میں برصغیر کی حکمت کی طرف توجہ مبذول کرانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔اس طرح، داراشکوہ نے مغربی فکری حلقوں کے لیے ہندوستانی تصوف اور فلسفے کی ایک کھڑکی کھولی۔

نتیجہ:

داراشکوہ کا نظریہ بہت وسیع تھا۔اس نے ہندوستانی ثقافت اور روایات کو ایک نئی سمت دی۔وہ تشدد اور نفرت کے خلاف تھا اور انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتا تھا۔یہی خدمت کا جذبہ اسے تصوف کی طرف لے گیا، ایسا تصوف جو دلوں کے اتحاد پر ایمان رکھتا تھا۔آج ہم مذہبی برداشت کی بات کرتے ہیں، لیکن ہم کم ہی جانتے ہیں کہ اس تصور کی حقیقی پیشکش دارا شکوہ نے کی تھی۔وقت کی واحد ضرورت اس خیال کو عام کرنا ہے تاکہ داراشکوہ کا خواب حقیقت بن سکے۔داراشکوہ مشترکہ تہذیب کی ایک حقیقی مثال تھا جو پورے ہندوستانی معاشرے کو، جو مختلف طبقات اور گروہوں میں بٹا ہوا تھا، ایک ساتھ لانے کا خواہاں تھا۔اس کے خیال میں تمام مذاہب ایک جیسے ہیں، حالانکہ راستے مختلف ہو سکتے ہیں، لیکن منزل ایک ہی ہے۔ہر

مذہب میں سچائی اور اصالت پائی جاتی ہے۔ ہر مذہب ایک روشنی کی مانند ہے، اور سب سے اہم بات یہ کہ اس نے ہندو دھرم اور اسلام کے درمیان مشترکہ زمین دریافت کی۔ ہندو دھرم اور اسلام کے درمیان بہت سی مماثلتیں ہیں، خاص طور پر توحید کا نظریہ، جزا اور سزا کا تصور وغیرہ۔

منابع و مآخذ

1. داراشکوہ، سفینت الاولیاء، اردو ترجمہ از محمد علی لطفی، اکادمی نفیس، اردو بازار، کراچی، مئی 1982
2. داراشکوہ، سکینت الاولیاء، اردو ترجمہ از پروفیسر مقبول بیگ بدخشانی، انتشارات ناز، پہاڑی بوجلہ، دہلی 6
3. داراشکوہ، مجمع البحرین، مرتب کردہ محمد محفوظ الحق، انجمن آسیائی بنگال، کلکتہ 1929
4. داراشکوہ، مجمع البحرین، ترجمہ از پروفیسر طلحہ رضوی برق، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، دہلی نو، 2019
5. حافظ کرناٹکی، ہندوستان کا صوفی اور سیکولر شہزادہ: داراشکوہ، فرید بک ڈپو، دریائے گنج، دہلی نو 2، جولائی 2019
6. محمود علی: داراشکوہ، سلیم پور، دہلی، مارچ 1999
7. شکیل الرحمٰن: محمد داراشکوہ، نیرالی دنیا پبلیکیشنز، دہلی نو، 2012
8. محمد سلیم: داراشکوہ: احوال و افکار، کاروان لائبریری، لاہور
9. عادل اسیر: رباعیات داراشکوہ، مالک بک ڈپو، دروازہ ترکمان، دہلی، 2011

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

ڈاکٹر عمر خلیق*

عہد ساسانی کے مختلف مذاہب اوران کی صورت

عام طور پر یہ تصور کیا جاتا ہے کہ ما قبل اسلام کی تمام ایرانی سلطنتوں مین دین زرتشت کو رسمی حیثیت تھی۔ جب کہ یہ تصور جس قدر عام ہے اتنا ہی بے بنیاد بھی ہے۔ ایران باستان کی تاریخ پر مبنی کتب کے مطالعے سے یہ بات واضح ہے کہ ساسانی سلطنت سے قبل عہد اشکانی، ہخامنشی اور سلطنت ماد میں دین زرتشت کا تصور کم وبیش ہمیشہ رہا ہے لیکن اسے رسمی حیثیت ہرگز حاصل نہیں تھی البتہ ساسانی عہد میں نہ صرف دین زرتشت کو رسمی حیثیت حاصل ہوئی بلکہ اس سلطنت کی بنیاد ہی "ایک سلطنت ایک دین" کے اصول پر پڑی جس سے نہ صرف دین زرتشت کو فروغ حاصل ہوا بلکہ ملوک الطّوائفی کی جگہ ایک محکم حکومت کا قیام بھی عمل میں آیا جو اصول جہانداری کی تمام شان وشوکت کے ساتھ تقریبا چار سو سال تک سرزمین ایران پر رواں دواں رہی۔

عہد زرتشت کے تعین میں شدید اختلاف درپیش ہے۔ مورخین نیاس کیعہد کو ساتویں صدی قبل مسیح سے سترہویں صدی قبل مسیح کیدرمیان نقل کیا ہے۔ عربی و فارسی ماخذ پر مشتمل تمام کتب ومنظومے بشمول شاہنامہ فردوسی نے زرتشت کو ایران کی اساطیری تاریخ یعنی کیانی سلطنت میں جگہ دی ہے جبکہ یونانی ماخذ پر مشتمل تاریخی کتب میں اساطیری عہد یعنی پیشدادی وکیانی سلسلے سرے سے غائب ہیں۔ البتہ ان دو سلطنتوں کی جگہ ماد وہخامنش نامی دو مختلف سلطنتوں کا ذکر موجود ہے لیکن ان دونوں سلطنتوں میں گشتاسپ نامی کسی بادشاہ کا ذکر نہیں جس کی بنیاد پر عہد زرتشت کو بآسانی مطئین کیا جا سکے۔ گمان غالب ہے کہ زرتشت کی ولادت سلطنت ماد کے قیام سے قبل ہوئی ہوگی اور اس کا مذہب قبل از اسلام کی تمام ایرانی سلطنتوں میں مختلف مراحل سے گزرتا ہوا عہد ساسانی میں اوج کمال کو پہنچا ہوگا یہی وجہ ہے کہ قبل از اسلام کی ایرانی سلطنتوں بشمول ماد، ہخامنشی اور اشکانی میں بھی دین زرتشت کے مختلف عناصر گاہ بگاہ دکھائی دیتے ہیں۔ اس ضمن میں گئومات مغ کا واقعہ، اسکندر کے حملے میں اوستا کو نذر آتش کیا جانا، ہخامنشی کتبوں میں لفظ اھورا کا استعمال اور بلاش اشکانی کے ذریعے اوستا کی گردآوری کے حکم جیسے واقعات اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ گرچہ ساسانی عہد سے قبل دین زرتشت کو رسمی حیثیت حاصل نہیں تھی لیکن قبل از اسلام کی تمام ایرانی سلطنتوں میں کم وبیش زرتشتی پیروکار موجود تھے اور گاہ گاہ اس مذہب کو بادشاہوں کی سرپرستی بھی حاصل تھی۔

مورخین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ساسانی سلطنت اور دین زرتشت ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم کی حیثیت رکھتے تھے اور تاسیس سلطنت سے ہی ساسانی بادشاہوں کو زرتشتی رہنماؤن اور زرتشتی رہنماؤں کو ساسانی بادشاہوں

DR. UMAR KHALEEQ
DR. KHALIL RESIDENSY, DR. AMBEDKAR NAGAR, BILARIYAGANJ, AZAMGARH (U.P.)

Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

کی حمایت حاصل تھی جو اخیر تک برقرار رہی۔ اشکانی دور کے اواخر میں جب سلطنت اندرونی تنازعات اور غیر ملکی مہمات کی وجہ سے کمزور پڑی تو اردشیر بابکان ایک نئی سلطنت کی بنیاد کے لیے کوشاں ہوا۔ بقول اس کے ایران میں ملوک الطّوائفی نہ صرف سیاسی، اقتصادی اور سماجی انتشار کا سبب تھی بلکہ مختلف مذاہب کا وجود دین زرتشت کی بقاء وفروغ کے لیے خطرہ بھی تھا۔ چنانچہ اس نے یہ عہد کیا کہ اگر وہ بادشاہت سے سرفراز ہوا تو اس کی سلطنت میں نہ صرف دین زرتشت کو رسمی حیثیت حاصل ہوگی بلکہ ملوک الطّوائفی کی جگہ ایک محکم و مضبوط حکومت کا قیام بھی ہوگا جس کی سرحدیں ہخامنشی و اشکانی سرحدوں سے وسیع تر ہونگی۔ اس عہد کے ساتھ اس نے توسیع سلطنت کے باب کا آغاز کیا اور سب سے پہلے کرمان پر فتح حاصل کی اور پھر خلیج فارس کے ساحلوں تک جا پہنچا۔ رفتہ رفتہ اس کی فتوحات کا دائرہ اتنا وسیع ہوا کہ اصفہان و اہواز کی سرزمینیں اس کی سلطنت کا جزء بن گئیں اور بالآخر اشکانی بادشاہ اردوان پنجم کی شکشت کے بعد نہ صرف اشکانی سلطنت کا خاتمہ ہوا بلکہ ایران میں ساسانی سلطنت کی بنیاد بھی رکھی گئی۔ 224 عیسوی میں شہر تیسفون میں تاجگزاری کے بعد اردشیر بابکان نے اپنے وعدے کے مطابق نہ صرف اپنی سلطنت کو وسعت دی بلکہ دین زرتشت کو ایران کا رسمی مذہب بھی قرار دیا۔ اس کے حکم سے ایران کے مختلف شہروں میں آتشکدوں کی تعمیر ہوئی اور دین زرتشت کے فروغ کے لیے مغان (زرتشتی مبلغین) منتخب کیے گئے۔ اوستا کی مقدس کتاب جو سکندر اعظم کے حملے میں منتشر ہو چکی تھی، اس کی جمع و تدوین کے لیے زرتشتی علماء کی ایک انجمن تشکیل دی گئی جس نے اوستا کی گردآوری کل اکیس نسک میں کی۔ لیکن چونکہ ساسانیوں کی زبان پہلوی تھی اور اوستا کی مقدس کتاب اوستائی زبان میں تھی لہٰذا اوستا کے نصوص کو سمجھنے میں مشکلات پیش آئیں۔ ان مشکلات کو دور کرنے کے لیے تصحیح و تدوین شدہ اوستا کو ژند نام سے پہلوی زبان میں ترجمہ کیا گیا۔ پاژند جسے ژند کی تفسیر سمجھا جاتا ہے وہ دراصل ژند کا حاشیہ ہے۔ اوستا کی وہ کتاب جو صرف اوستائی زبان میں لکھی جاتی ہے اسے اوستا کہا جاتا ہے جب کہ اوستا کے حقیقی متن کے ساتھ اگر پہلوی ترجمہ بھی نقل کیا گیا ہو تو اسے ژند کے نام سے جانا جاتا ہے اور اگر اوستا کے متن اور پہلوی ترجمہ کے علاوہ بغرض تفسیر و تشریح حاشیہ بھی نقل ہو تو اسے ہم پاژند کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

ساسانیوں کے چار سو تیئیس سالہ دور حکومت میں دین زرتشت کو جو بے نظیر اثر و رسوخ حاصل ہوا اس کا بیان ایک مختصر سے مقالے میں ناممکن ہے۔ اختصارا یہ کہ ساسانیوں کی پوری تہذیب و تمدن دین زرتشت کے زیر اثر تھی۔ ان کی زندگیاں زرتشتی اصول و تعلیمات پر مبنی تھیں۔ ان کیسکوں پر آتش بھرام کا عکس کندہ تھا۔ اس عہد کے تمام سیاسی و معاشرتی معاملات زرتشتی رہنماؤں کی مشاورت سے طے پاتے تھے حتی بادشاہوں کی تاج پوشی بھی پیر مغان (زرتشتی پیشوا) کے دست مبارک سے عمل میں آتی تھی لیکن ان سب کے باوجود بھی ساسانی سلطنت میں مختلف ادیان اور اس کی تبلیغ کی گنجائش باقی تھی۔ اگرچہ ایرانی معاشرے میں مختلف مذاہب کی ترویج و توسیع سے قومی اتحاد و ساسانی سلطنت کو خطرہ تھا لیکن جب تک دوسرے مذاہب نمایاں طور پر نہیں پھیلے تب تک ساسانی بادشاہوں نے ان مذاہب اور ان کے پیروکاروں کے ساتھ نرمی کا سلوک کیا۔ یہاں تک کہ بعض ساسانی بادشاہوں نے ایرانیوں میں مذہبی آزادی قائم کرنے کی کوشش کی لیکن ان کا یہ نیک کام بسا اوقات اپنے ساتھ خطرات بھی لے آیا۔ مثلاً یزدگرد اول نے جب عیسائیوں کو مذہبی آزادی دی تو انھوں نے زرتشتی آتشکدوں کو

نقصان پہنچانے کی کوشش کی جس کے نتیجے میں زرتشتی علمائے کرام نے یزگرد پر لعن وطعن کی اور اس کو مجرم قرار دیا چنانچہ یزگرد کو مجبوراعیسائیوں کے خلاف سخت اقدامات کرنے پڑے۔ (تاریخ جنبش مزدکیان ص 52وبعد)

ایران باستان کی تاریخ کے مطالعے سے یہ بات واضح ہے کہ عہد ساسانی میں دین زرتشت کے علاوہ مختلف ادیان موجود تھےاور ساسانی بادشاہ اپنے سیاسی فائدے کے پیش نظر ان مذاہب سے سختی ونرمی سے پیش آتے تھے۔اس عہد میں دین زرتشت کیعلاوہ جن ادیان کا سراغ ملتا ہیوہ حسب ذیل ہیں۔

دین یہود:

ساسانی عہد میں یہودی مذہب کے بیشتر پیروکار سرزمین بابل اورمشرقی سطح مرتفع میں رہتے تھے جہاں انھوں نے نہ صرف ساسانی حکمرانوں کے تحفظ میں امن وسکون کے ساتھ اپنی زندگیاں جاری رکھیں بلکہ ساسانی بادشاہوں کی مشاورت سے اپنا ایک مذہبی رہنما بھی منتخب کیا جسے راس الجالوت (مذہبی پیشوا) کہا جاتا تھا۔عہد ساسانی میں ایران کے مشرق میں بھی یہودی آباد تھے جس بناء پر شہر بلخ کے ایک دروازے کا نام "دروازہ یہود" رکھا گیا تھا جسے ایران میں اسلام کے پھیلنے کے برسوں بعد بھی اسی نام سے یاد کیا جاتا تھا۔ (ایران درزمان ساسانیان ص 29)

بدھ مت:

ہندوستان کی سرزمین سے ابھرنے والے بدھ مت نے عیسائیت سے قبل ہی ایرانی سرزمین کا رخ کیا۔بعض ماہرین آثارقدیمہ کا خیال ہے کہ بدھ مت کوایران کے مشرق میں یونانی دورحکومت میں فروغ حاصل ہوا جو کسی نہ کسی صورت عہد ساسانی تک باقی رہا۔چینی سیاح "ہیون تسینگ" جس نے 629 سے 645 عیسوی کے درمیان دنیا کا سفر کیا وہ اپنے سفر ایران کے ضمن میں بیان کرتا ہے کہ ایران کے مشرقی حصے میں بدھ مت کے کم وبیش پیروکار موجود ہیں جن کی عبادت کے لیے مختلف مندریں اورمراکز بھی مختص ہیں۔ (تاریخ افغانستان ص 26)

عیسائیت:

عیسائیت یا دین مسیح کو ساسانی دورمیں زرتشت کے سب سے اہم حریفوں میں شمار کیا جانا چاہئے جس نے اپنے ابتدائی ایام میں ہی روم کی سرحدوں سے فارس کی زرخیز زمین تک اپنا راستہ ہموار کیا۔ بعض مورخین کی روایت کے مطابق، شاپور ساسانی نے رومی اسیروں کو جو عیسائیت کے پیروکار تھے، ایرانی شہروں میں آباد کیا جس کی وجہ سے ایران کی سرزمین میں عیسائیت کوفروغ حاصل ہوا۔شاپور کی طرح دوسرے ساسانی بادشاہ بھی جب شام کی سرزمین پر قابض ہوئے تو انھوں نے باشندگان شام کو جن میں اکثر وبیشتر دین مسیح کے پیروکار تھے، ایران کے ایک ہی شہر میں منتقل کیا جہاں اکثریت کی وجہ سے عیسائیوں کوفروغ دین کی ایک مناسب فضاء میسر ہوئی اور بادشاہوں کے حکم سے لوگوں کی منتقلی کا یہ عمل ایران میں دین مسیح کے حق میں معاون ثابت ہوا۔ (ایران درزمان ساسانیان ص 29)

جب تک رومی سلطنت میں عیسائیت کو رسمی حیثیت حاصل نہیں ہوئی تب تک سرزمیں ایران میں مقیم عیسائی بھی امن واطمنان کے ساتھ ایران میں سکونت پذیر تھے لیکن جب رومی سلطنت نے عیسائیت کو رسمی طور پر قبول کیا تو ایرانی عیسائی

بھی رومی حکومت کے حامی بن گئے۔ چونکہ ان کی تعداد بہت زیادہ تھی چنانچہ ساسانی حکومت ایک سیاسی خطرے کی طرف متوجہ ہوئی جس سے نجات کے لیے ایرانی عیسائیوں پر ظلم وستم آغاز ہوا اور پھر جب مذہبی ش اخت کی بناء پر ظلم وستم کی انتہا ہوئی تو ایرانی عیسائی رومی عیسائیوں سے اپنا تعلق منقطع کرنے پر مجبور ہوئے جس وجہ سے ایران میں عیسائیت کی ایک نئی شاخ نے جنم لیا جو ساسانی حکومت کی اس حد تک وفادار تھی کہ جب ساسانی بادشاہ قباد کے زمانے میں رومیوں سے جنگ ہوئی تو ایرانی عیسائی نی صرف ایرانی فوج میں شامل ہوئے بلکہ اپنے دینی بھائیوں کے خلاف نبرد آزما بھی ہوئے۔ (*تاریخ ایران، جلد 3،ص 272 وبعد*)

دین مانی:

مانی کے ظہور اور اس کے مذہب کو عہد ساسانی کے سب سے بڑے مذہبی مظاہر میں شمار کیا جانا چاہیے۔ مانی جو اس مذہب کے بانی تھا، بابل کے قریب ایک گاؤں میں 215 یا 216 عیسوی میں پیدا ہوا۔ اپنی جوانی میں اس نے توران، مکران اور ہندوستان کا سفر کیا۔ بدھ مت، ویدک نظریات اور وسط ایشیا کے لوگوں کے مذہبی عقائد سے آشنا ہوا اور مختلف مذاہب وعقیدے کی آمیزش سے ایک نئے مذہب کی تخلیق کی اور ساسانی بادشاہ شاپور اول نے اس نئے دین کی تبلیغ وفروغ میں اس کی مدد کی۔شاپور اول کی تاج پوشی کے وقت نہ صرف مانی کو مدعو کیا گیا بلکہ اس امید کے ساتھ کہ یہ نیا مذہب نہ صرف موجودہ تمام مذاہب کی ضروریات کو پورا کرے گا بلکہ ایک عالمگیر مذہب کی شکل اختیار کر کے مملکت کو تقویت بھی بخشے گا،خود بادشاہ نے اپنے ہاتھوں سے مانی کا استقبال کیا اور مقامی حکمرانوں کو ایک خط لکھ کر اس بات کی تاکید کی کہ وہ نہ صرف اس نئے مذہب کو قبول کریں بلکہ اس کی تبلیغ کے لیے کوشاں بھی رہیں۔شاپور اول کو رومیوں کے خلاف جنگ میں تمام قومی فوجوں کو مرکزیت دینے کی ضرورت تھی اور وہ سمجھتا تھا کہ یہ نیا دین اس عظیم مقصد کی حصولیابی کی بنیاد رکھے گا۔قومی اتحاد کے عظیم مقصد کی حاصولیابی کے لیے اس نئے دین کے فروغ کو شاپور اول کی پشتپناہی حاصل رہی اور پچیس سالہ جہد مسلسل کے نتیجے میں دین مانی کی وسعت ایران کی سرحدوں سے باہر مصر، شام، روم، اسپین، شمالی افریقہ اور چین تک پھیل گئی۔لیکن شاپور اول کی موت کے بعد مانی کو بہت سی مشکلات سے دوچار ہونا پڑا اور سرانجام زرتشتی راہبوں کے اکسانے پر اسے ساسانی بادشاہ بھرام اول کے حکم سے قتل کر دیا گیا۔

دین مانی سب سے واضح ثنوی مذہب ہے۔اس مذہب کے پیروکاروں کا بنیادی عقیدہ نور ظلمت کے دو اہم ذرائع پر یقین ہے اور وہ تخلیق جہاں میں تین ادوار (ماضی، حال اور مستقبل) پر یقین رکھتے ہیں۔ان کے عقیدے کے مطابق ماضی میں یعنی تخلیق جہان سے قبل نور اور ظلمت دونوں ایک دوسرے سے جدا تھے۔ جہان نور میں نظم وضبط، افہام وتفہیم، امن وخوشی اور حسن سلوک کا راج تھا جبکہ جہان ظلمت میں انتشار کی حکمرانی تھی۔ جب ظلمت نے ن ور پر فتح حاصل کی تو موجودہ دنیا یعنی حال کی باری آئی جہاں نور وظلمت (اچھے اور برے) کا امتزاج ہے۔مستقبل میں ظلمت پر نور کی فتح ہوگی اور وہی آخری دور یعنی آخری دنیا ہوگی جہاں ماضی کی طرح عدل وانصاف اور امن وخوشی کا بول بالا ہوگا۔

(*مانی وتعلیمات او،ص 52-55*)

دین مزدک:

دین مانی کے بعد دین مزدک کے بناء پر بھی عہد ساسانی میں بڑی تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ اگرچہ آج دین مزدک سے متعلق تفصیلی معلومات میسر نہیں ہیں لیکن مزدک نامہ اور قباد نامہ جیسی قدیم کتب اس بات کی نشاندہی فرماتیں ہیں کہ مزدک، پیروز اول (ساسانی بادشاہ) کے اس زمانے میں نمودار ہوا جب ایران ایک سخت سیاسی اور معاشی افراتفری سے دوچار تھا۔ افراتفری کی یہ فضاء مزدک کو خوب راس آئی اور اس نے سیاسی اور معاشی صورت حال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے مضبوط قدم سرزمین ایران پر جمالئے اور پیروکاروں کی ایک بڑی جماعت تیار کر کے خود داخلی افراتفری سے نجات حاصل کرنے کی مختلف کوششیں کیں۔ پیروز اول کے بیٹے قباد کو جب مزدک کے افکار و نظریات کی مقبولیت کی خبر ہوئی تو خود اس نے مزدک سے رابطہ کیا اور اپنی حکومت کو مضبوط کرنے کے لیے اس کے اثر و رسوخ کا استعمال کیا۔ فردوسی طوسی نے اپنے شاہنامہ میں مزدک اور قباد کی کہانی اس طرح بیان کی ہے۔

بیامد یکی مرد مزدك بنام ‏ سخنگوی با دانش و رای کام
گرانمایه مردی و دانش فروش ‏ قباد دلاور بدو داد گوش
به نزد جهاندار دستور گشت ‏ نگهبان آن گنج و گنجور گشت

(شاھنامہ، پادشاہی قباد)

پھر فردوسی لکھتا ہے کہ مزدک کے منصوبے اور قباد کے حکم سے ساسانی بادشاہ نے حکومت کے خزانے کو عوام کے لیے کھول دیا اور مزدک کے اس فیصلے سے اس کی اور قباد کی مقبولیت میں اضافہ ہوا۔

دین زروان:

دین زروان کا شمار بھی ان ادیان میں ہوتا ہے جس کے پیروکار و مقلد عہد ساسانی میں موجود تھے۔ زروانی در حقیقت زرتشتی مذہب سے مشتق ایک فرقہ تھا جس کے پیروکار عبادات و معاملات میں دین زرتشت کے طریقوں سے متفق تھے جس بناء پر ان کی عبادات کے طریقوں میں اشتراک تھا، لیکن ان کے عقائد و اصول دین زرتشت سے قدرے مختلف تھے۔ زاروان مذہب کے پیروکار دنیا کی تنظیم میں اھورا مزدا اور اھریمن سے برتر ایک خدا پر یقین رکھتے تھے جسے زاروان کے نام سے جانا جاتا تھا۔ ان کے عقیدے کے مطابق اھورا مزدا و اھریمن، زاروان کی جڑواں اولادیں تھیں جو دنیاوی نظام کو چلانے میں زروان کی معاون تھیں۔ نیکی کی تمام ذمہ داریاں اھورا مزدا کے سپرد تھی جبکہ اھریمن بدی کے فروغ کے لیے کارفرماں تھا۔

عہد ساسانی میں یہ زروانی عقیدہ حکمرانوں اور بزرگوں میں بھی کافی مقبول تھا چنانچہ تاریخی کتب میں زروانیون اور زرتشتیوں کے درمیان مختلف کشمکشوں کا سراغ ملتا ہے لیکن زروانی اصول وعقاید کا ذکر ناپید ہے۔ اس ضمن میں گمان غالب ہے کہ جب دین زرتشت نے دین زروانی پر غلبہ حاصل کیا ہوگا تو ان کی دینی شناخت کو مکمل طور پر نیست و نابود کرنے کی کوشش کی گئی ہوگی یا ان کے اصول وعقاید کو مسخ کر کے اپنی دینی کتب میں جگہ دی گئی ہوگی تاکہ اس فرقے کو ہرگز دوبارہ آبیاری کا موقع

فراہم نہ ہو سکے۔عہد ساسانی میں دین زروان کی مقبولیت کو ثابت کرنے کے لیے محققین نے اس بات پر توجہ مرکوز کی ہے کہ عہد ساسانی میں لفظ زروان کو ایک عام نام کی حیثیت حاصل تھی اور بیشتر لوگ اسے بطور اسم مرکب اپنے نام کا حصہ گردانتے تھے۔زروان داد اور زروان دخت جیسے ناموں کی کثرت مورخین کے اس گمان کو تقویت بخشتے ہیں۔ (دیکھا ی ایران پیش از اسلام، 85-87)

☆☆☆

ڈاکٹر فرح پروین*

فرشتہ مولوی کا معروف افسانہ کلاغ هندی اور هندوستانی تہذیب

رح

یوں تو معاصر ایرانی ادب میں مرد و زن دونوں ہی برابر کے حصہ دار ہیں مگر یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ کم سے کم افسانوی ادب میں عورتوں نے مردوں سے زیادہ کام کیا ہے اور کر رہی ہیں اور خصوصی طور پر افسانہ نویسی کے میدان میں مردوں پر سبقت لے گئی ہیں۔ان خواتین لکھنے والیوں نے نہ صرف ایرانی معاشرہ اور زندگی کے گوناگوں مسائل، خصوصاً حقوق نسواں اور اس کے مختلف پہلوؤں پر قلم اٹھایا ہے بلکہ بیرون ایران بالخصوص ہندوستانی معاشرہ اور تہذیب، یہاں کے لوگوں کے طور طریقہ، ان کے رویے، ان کے تہوار وغیرہ کو بھی قلم بند کیا ہے۔ان افسانہ نویسوں میں سیمین دانشور، منیر وروانیپور، شہرنوش پارسی پور، گلی ترقی اور فرشتہ مولوی وغیرہ کے نام سرفہرست آتے ہیں، جن میں سے فرشتہ مولوی قابل الذکر ہیں۔ یوں تو سیمین دانشور کے ناول سووشون کے کردار بھی هندوستانی معاشرے میں زندگی گزار رہے ہیں لیکن جو جاذبیت فرشتہ مولوی کے افسانہ کلاغ هندی میں ہے وہ کہیں اور نہیں ملتی۔اسکی سب سے بڑی وجہ دراصل یہ ہے کہ یہ افسانہ هندوستان میں رہ کر لکھا گیا ہے اور کہانی کا راوی کوئی دوسرا کردار نہیں بلکہ مولوی خود ہیں۔

معاصر ایرانی ادب میں فرشتہ مولوی اہم مقام رکھتی ہیں۔ وہ پہلی مصنفہ ہیں جو ایک ببلوگرافر بھی ہیں، ایک روانشناس بھی ہیں ایک مئولف بھی ہیں اور ایک بہترین مترجم بھی۔ جب تک وہ ایران میں رہیں انہوں نے متعدد کتابیں اور مقالے شائع کیے۔ان کی کتابوں میں ناول خانہ ابر و باد، شنودن نے، پری آفتابی اور سگ ها و آدمها نامی افسانوں کے مجموعے قابل ذکر ہیں۔ان کی داستانیں وافسانے مستقل طور پر ایران کی متعدد میگزینوں اور رسالوں میں چھپتی رہی ہیں۔

فرشتہ مولوی کی داستانوں کی عورتیں مردوں کے ہم پلہ ہیں۔ جو اپنے حقوق کو پانے کے لیے دنیا سے لڑ رہی ہیں۔انکا ناول خانہ ابر و باد شہرنوش پارسی پور کے ناول سگ و زمستان بلند کی یاد دلاتا ہے۔اس ناول کی ہیروئن حوری نامی لڑکی ہے۔جو رسمی گھرانے سے تعلق رکھتی ہے۔ یہ لڑکی اپنی خاموش نگاہوں سے اپنے گھر کی کھڑکی پر کھڑی آزاد فضا کی متلاشی ہے۔

پری آفتابی نامی داستانی مجموعے میں بھی مولوی نے عورت کی نفسیات کو مورد بحث بنایا ہے جو آج کل یعنی امروزہ حالات کی تکلیف سے دوچار ہے اور بچپن کی یادوں میں علاج ڈھونڈھ رہی ہے۔اس مجموعے کی داستانوں کی عورتیں کچھ ایسی ہی تکالیف سے دوچار ہیں۔وہ تمام گزرے ہوئے زمانے سے ڈرتی ہیں اور بڑھاپے تک پہنچنے سے گھبراتی ہیں۔ ماضی میں جن لوگوں کو کھو چکی ہیں انکو ڈھونڈنے کی کوشش کرتی ہیں لیکن حاصل نہیں کر پاتی ہیں۔کہانی پری آفتابی کی راوی ایک چھوٹی بچی

FARISHTA MAULVI KA MAROOF AFSANA KULAGH-E-HINDI AUR .... (Pg.No. 77 TO 81)
DR. FARAH PARVEEN
ALIGARH

ہے۔جو خیال انگیز ہے،افسانہ پرداز ذہن کی مالک ہے اور دنیا کی نیرنگیوں کی عاشق ہے۔اسکی دوستی پری آفتابی سے ہوجاتی ہے۔جواس بچّی کو کچھ رنگین خوبصورت پتھر نذر کرتی ہے جن میں سے روشنی کی کرنیں پھوٹتی ہیں۔کچھ عرصے بعد پری کہیں غائب ہوجاتی ہے۔بچّی ان رنگین پتھروں میں ہی گم رہتی ہے۔لیکن جیسے جیسے بچّی بڑی ہوتی ہے ان پتھروں کی چمک کم ہوتی جاتی ہے اورلڑکی بھی جوان ہوکرتمام خوشیاں کھودیتی ہے اورتنہا رہ جاتی ہے۔

مولوی کی داستانوں کا نیا مجموعہ **سگ ھا و آدم ھا** کے نام سے شائع ہوا ہے۔یہ مجموعہ ۱۱ کہانیوں پر مشتمل ہے۔اس مجموعہ کی دوداستانیں **طبل نیمہ شب** اور **کلاغ ھندی** معروف ترین اور ہردل عزیز ہیں۔طبل نیمہ شب میں بھی ایک عورت کی کئی طرح کے نفسیات،اس کے احساسات و جذبات کے بارے میں ہی بتایا ہے۔اس کہانی میں ایک ایسی عورت کا ذکر کیا گیا ہے جس کا شوہراس کوآدھی رات کوچھوڑکرکہیں چلا جاتا ہے،جس کے سبب وہ بےانتہا پریشان ہوجاتی ہے اوروہ خودکوسمجھاتی ہے کہ ابھی آجائے گا،کچھ دیر پہلے ہی تو گیا ہے،لیکن اس پرذہنی خوف طاری ہوتا چلا جاتا ہے اوروہ سوچنے پر مجبور ہوجاتی ہے کہ کہیں کوئی اورعورت تو اس کی زندگی میں نہیں آگئی ہے،کہیں اس کا شوہرتو اس کو دھوکا تونہیں دے رہا ہے۔کبھی وہ اپنے بچّے کے مستقبل کولیکرفکرمند ہوجاتی ہے توکبھی اپنی تنہازندگی کے متعلق سوچنے پر مجبور ہوجاتی ہے۔لیکن پھر بھی وہ اپنے دل کومطمعین کرنے کی کوشش کرتی ہے اوررات کے اندھیرے میں سڑک سے آنے والی ہرچہل قدمی کی صداکو اپنے شوہر کے قدموں کی آوازسمجھتی ہے لیکن ہر باروہ نہیں ہوتا ہے_______۔اس کہانی کے ذریعے فرشتہ مولوی نے عورت کی دلی و ذہنی کیفیت کو بیان کیا ہے۔کیونکہ وہ خودایک عورت ہے اورعورت کے نفسیات اس کے خیالات،اس کی تکالیف سے ایک عورت جتنی واقف ہوسکتی ہے،اسکوسمجھ سکتی ہے اتنا ایک مردنہیں سمجھ سکتا۔

اس کہانی میں مصنفہ نے ایک عورت کے حالات کواس طرح سے قلم بند کیا ہے کہ قاری کی نگاہ پرنم ہوجاتی ہے اور وہ سوچنے پرمجبور ہوجاتا ہے کہ کیا یہ مصنفہ کے خود کے حالات زندگی ہیں یا یہ صرف ایک کہانی ہے۔

کہانی کلاغ ھندی جو ہمارے اس مقالے کا مطمح نظر ہے کی راوی ایک عورت دراصل خودمصنفہ ہے جو ہندوستان کی سیاحت کے لیے آئی ہے۔اس کہانی کے ذریعے مصنفہ نے ہندوستانی تہذیب کو، یہاں کے رہن سہن کو یہاں کے طور طریقوں کواتنی خوبصورتی سے بیان کیا ہے جیسے وہ خود ایک ہندوستانی ہوں۔ وہ جس زمانے میں ہندوستان پہونچتی ہے وہ دور ہندووں کے اہم و پاکیزہ تہوار ہولی کا ہے جو مخصوص طور پر رنگوں کا تہوار ہے۔ جس ہوٹل میں وہ ٹھہرتی ہے وہاں کے کارندوں سے باہر جانے کو کہتی ہے لیکن کارندے اس کو باہر جانے سے روکتے ہیں،اس کو منع کرتے ہیں،وہ کہتے ہیں کہ آج ہولی کا دن ہے آپ باہر جائینگی تو بھیگ جائینگی لیکن وہ نہیں مانتی اور وہ ضد کرتی ہے۔اس ہوٹل میں ایک اورایرانی فیملی آئی ہوئی ہے۔یہ لوگ ہندوستان عیدمنانے کے لیے آئے ہیں۔جب راوی سے ان لوگوں کی ملاقات ہوتی ہے تو اس فیملی کی خاتون راوی سے ملکر بہت خوش ہوتی ہے۔ان کی خوشی کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ وہ دونوں ایک ہی وطن کے ہیں اور ہم زبان ہیں۔ راوی اس عورت کے ساتھ دہلی گھومنے چلی جاتی ہے۔وہ ان سیاحوں کودیکھتی ہے جوخصوصی طور پر ہولی کے تہوار کے دوران ہندوستان گھومنے آیے ہیں اوراپنے کھلی ہویی ٹانگوں اور بازووں کے ساتھ دھوپ میں ایک دوسرے کے گلے میں

ہاتھ ڈالے ٹہل رہے ہیں ان لوگوں نے اپنے گلوں میں پیلے اور نانجی پھلوں کے ہار ڈال رکھے ہیں۔ جب وہ لوگ پرانی دہلی پہونچتے ہیں تو سڑک کے لوگ جو ہولی کھیل رہے ہیں ان کے اوپر بھی رنگ پاشی کر دیتے ہیں۔ مصنفہ اس ھندوستانی تہذیب وتمدن کر دیکھ کر خوش بھی ہوتی ہے اور حیران بھی۔ اس کی حیرانی اور بڑھ جاتی ہے جب وہ ہندوستانی عورتوں کر دیکھتی ہے جو سر سے پیر تک رنگ میں ڈوبی ہوئی ہیں۔ جن کے چہرے تک پہچان میں نہیں آرہے ہیں، رنگین ساڑیوں میں جوڑہ باندھے ہوئے ہولی کے رنگوں کو ایک دوسرے پر ڈال رہی ہیں۔ راوی بھی یہ سب دیکھ کر اپنی تکالیف کو بھول جاتی ہے اور خوش ہوتی ہے۔ وہ محلوں میں گھومنے والی گایوں کو دیکھتی ہے جن کے سروں پر پھولوں کے تاج رکھے ہوئے، پھولوں کے ہار ان کے گلوں میں ڈالے گئے ہیں۔ ان کے ماتھے پر تلک لگا ہوا ہے اور لوگ ان کی تعظیم کر رہے ہیں وہ یہ سب دیکھ کر حیران ہوجاتی ہے کہ کس طرح لوگ ایک جانور کی عبادت کرتے ہیں، کس قدر عزت کرتے ہیں۔ وہ ابھی یہ سب سوچ ہی رہی تھی کہ کچھ ساڑی پہنی ہوئی عورتیں جن کے ماتھے پر بندی لگی ہوئی تھی جن کے سانولے شکم کھلے ہوئے تھے، اور انکے پیروں میں موزے بھی نہیں تھے ان لوگوں کے نزدیک آتی ہیں اور ان کو بھی رنگ میں بھگو دیتی ہیں جس کے سبب یہ لوگ بھی ان کے جشن میں شامل ہوجاتے ہیں۔ مصنفہ کو اس جشن کے دوران ہر امیر ہر غریب سب ایک ہی رنگ میں نظر آتے ہیں، ایک جیسے دکھتے ہیں اس جشن سے یہ ایرانی لوگ بے حد خوش ہوتے ہیں۔

"توریست ها با ران هاو بازوهای لخت آفتاب خورده، با دست های آویخته از گردن و شانه ، با سندل ها و حلقه گل های کوچك زرد و نارنجی و سفید۔ گاو های گلپوش خرامان۔ سیك های عبوس عمامه به سر۔ زن ها و ساری های حریر و ابریشم و نخ ، با گیس های سیاه بافته ، شکم های قهوه ای گوشتالو و عریان ، پاهای بی جوراب ، لب های رنگی، چشم های درشت سرمه کشیده ، بیندی های دلفریب۔" ۱

مصنفہ نے اس کہانی میں ہولی کی منظر کشی بہت جاذب انداز میں کی ہے، ہندوستانی تہذیب وتمدن کو بہ خوبی بیان کیا ہے۔ یہاں کے لوگوں کے اخلاق کے متعلق بتایا ہے۔ کیونکہ یہ تہذیب مصنفہ کو بے حد متاثر کرتی ہے۔ جب وہ عورتیں راوی پر رنگ ریزی کرتی ہیں اور راوی بھیگ جاتی ہے، ان رنگوں میں ڈوب کر راوی اپنے خیالات میں گم ہوجاتی ہے۔ یہ خیالات اس کا ماضی ہیں اور اس کو ۱۷ سال پہلے کے دور میں کھینچ لے جاتے ہیں جس کے سبب راوی اپنے کھوئے ہوئے عشق کی یادوں میں ڈوب جاتی ہے یعنی flash back میں کھو جاتی ہے اور اس کا یہ سفر ذہنی طور پر جوانی کے سفر میں تبدیل ہوجاتا ہے۔ پھر جب وہ اس ذہنی سفر سے نکلتی ہے تو اپنی ۱۷ سالہ بیٹی کو یاد کرتی ہے جو تہران میں جنگ کے سائے میں ہے) یہ وہ دور تھا جب ایران وعراق کے مابین جنگ چھڑی ہوئی تھی (۔ ان تمام باتوں کو یاد کر کے اس کا زخمی دل قصر شیریں کی مانند ہوجاتا ہے۔ جو جنگ خوردہ ہے، اس کے وجود کا شیرازہ بکھر کے رہ جاتا ہے۔

یہ لڑکی اسی رات ایک بار پھر ۱۷ سال بعد اپنے محبوب سے ملتی ہے لیکن اب وہ جانتی ہے اس شخص سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ اب وہ ایک تنہا عورت ہے اور اپنے عشق کو ہمیشہ کے لیے کھو چکی ہے۔ اب وہ ان تمام باتوں کو ایک برے

خواب کی مانند بھلا دینا چاہتی ہے لیکن نہ چاہتے ہوئے بھی وہ تمام چیزیں اس کے سامنے آتی رہتی ہیں اور یہ مسافرت اس کے پرانے عشق کو طراوت بخشتی ہے اور اس کا ویران اور تنہا دل ایک بار پھر ۷ اسال بعد اور زیادہ تکلیف میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

راوی نے کہانی کی منظر کشی نہایت ہی خوبصورت انداز میں کی ہے۔ دہلی کی صبح کا منظر کچھ اس طرح کھینچا ہے:-

" خش خش جاروی رفتگر بر پرده نازك سکوت خط می اندازد از تل برگ های خشك سوخته دود بلند شد؛ در هوای صاف پیچ تاب می خورد و ناپیدا می شود، و راجی کنجشك ها، آواز پرنده های کوچك چند رنگی که نامشان را نمی دانم، و قار قار کلاغ ها! گاه پیاده ای یا دو چرخه سواری بی شتاب می گذرد۔ دور از هیا هو و هجوم فلز، صبح تازه و تر د را با حواسم مزه مزه می کنم۔ روشنی، گرما و تازگی زیر پوستم می دود۔ "۲

''جھاڑو کی آواز، سوکھے پتوں کے ڈھیر کا سڑک کے کنارے پر جلنا اور اسکے دھوئیں کا فضا میں ناچتے ہوئے اوپر اٹھنا، گوریوں کی چہک، چھوٹی چھوٹی رنگ برنگی چڑیوں کی آوازیں، کووں کی کائیں کائیں راوی کو رجھاتی ہیں اور صبح کی تر وتازہ ہوا اس کی روح کو معطر کر دیتی ہے اور اس کو تر و تازگی بخشتی ہے۔

راوی نے اس منظر کو اس طرح سے بیان کیا ہے کہ ایسا محسوس ہوتا ہے گویا پورا منظر قاری کی نگاہوں کے سامنے ایک فلم کی مانند تیر رہا ہو''۔

ہندوستانی تہذیب اور یہاں کے ماحول کو بہت دلچسپ انداز میں لکھا ہے۔ لوگوں کے حلیے ان کے پہناوے کو بڑی ہی خوبصورتی سے بیان کیا ہے۔ ہندوستانیوں کے دل میں گائے کے لیے جو تعظیم ہے کو بے حد دلکش انداز میں رقم کیا ہے، راوی نے ہر ایک چھوٹی سے چھوٹی بات کو جو ہندوستان میں اس کی نظروں سے گزری ہے بڑے ہی کشادہ الفاظ میں اس کہانی میں درج کیا ہے، خصوصی طور پر کوے کی آواز کو----۔ اس کہانی کے ذریعے سے راوی نے عورت کے احساسات کو اجاگر کیا ہے، ان جذبات کو دکھایا ہے جن کو وہ کتنا ہی دبانے کی کوشش کرتی ہے لیکن کسی نہ کسی وجہ سے سامنے آجاتے ہیں۔

راوی نے کہانی کا آغاز کچھ یوں کیا ہے—'' به آواز کلاغی بر شاخه بیدی ، به رقص نور بر سایه رؤیا ، به بوی صبح گرمسیری در دهلی از خواب پریدم ۔ بیداری۔ بهار۔ بیداری بهار۔سر خوشی سفر۔ پرده کتانی را کنار می کشم ۔ پنجره را باز می کنم ۔ حیاط دنج هتل، آفتابی تنی نرم بید و زبان گنجشك و اوکالپتیس باغچه کوچك آن ، و همهمه آشنای گنجشك ها، دلهره غربت را پر می زند۔ بلند می شوم ۔ حمام میروم۔ دوش می گیرم۔ به آینه خیره می شوم۔'' ۳

فرشتہ مولوی کی نوشتاری کی ایک اہم خصوصیت یہ بھی ہے کہ اپنے اطراف سے اپنے سماج سے اچھی طرح آشنا ہیں۔انہوں نے اپنی کہانیوں میں ایک چھوٹی بچی سے لیکر ایک بوڑھی عورت تک کو کہانی کا ہیرو بنادیا ہے۔ مختصر یہ کہ فرشتہ مولوی موجودہ دور کی معروف مصنفہ ہیں، ان کی کہانیاں اتنی دلچسپ ہیں کہ ایران میں ہر دل عزیز ہیں۔انہوں نے اپنی کہانیوں میں زیادہ تر عورت ہی کو موضوع بنایا ہے اور اس کی زندگی کے ہر پہلو پر قلم اٹھایا ہے۔خواہ وہ ایک ماں ہو، ایک بیٹی ہو، ایک بہن ہو یا پھر ایک بیوی ہو یا پھر کوئی عشق میں دھوکا کھائی ہوئی عورت ہی کیوں نہ ہو، ان کی کہانیاں دل میں اترنے والی ہیں۔

حواشی:

۱۔مجموعہ سگھا و آدمھا، صفحہ۵، داستان کلاغ ھندی۔فرشتہ مولوی۔تھران، انتشارات ققنوس، ۱۳۸۸ھ ش۔سال اشاعت ۱۳۸۸۔ چاپ اول

۲۔ھمین

۳۔ھمین

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

علی زاہد ملک*

امیر خسرو دہلوی بحیثیت قصیدہ گو شاعر

خسرو کا شمار ساتویں اور آٹھویں صدی ہجری کی متبحر العلوم شخصیات میں ہوتا ہے۔ وہ بیک وقت مشہور شاعر، بے نظیر مورخ، نثر نگار، قصیدہ نگار، انشاء پرداز اور غزل گو تھے۔ انھیں فارسی، عربی اور ترکی کے علاوہ ہندوستان کی متعدد زبانوں پر کامل عبور تھا[۱]۔ وہ حضرت نظام الدین اولیاء کے محبوب ترین مرید تھے[۲]۔ اِن کی زندگی کا بیشتر حصہ دربار داری میں گذرا۔ اُنہوں نے ہندوستان کے گیارہ بادشاہوں کا دور دیکھا جن میں سات بادشاہوں کے دربار سے وابستہ رہے[۳]۔ شہزادوں اور امیروں میں وہ ملک چھجو، شہزادہ خان شہید، امیر علی سرجاندار، ناصر الدین بغرا خان وغیرہ کے دربار سے منسلک رہے۔ اسی طرح بادشاہوں میں سلطان معز الدین کیقباد، جلال الدین خلجی، علاء الدین خلجی، مبارکشاہ خلجی اور غیاث الدین تغلق کی دربار داری میسر رہی۔ خسرو نے اِن امیروں اور سلاطین کی مدح میں کئی قصائد کہے جن کا اجمالی خاکہ ذیل میں پیش کیا جائے گا۔

قصائد میں خسرو نے خدائے تعالیٰ کی حمد و ثنا، رسول اللہ کی مدح میں نعت، اپنے پیر و مرشد حضرت نظام الدین اولیاء کی منقبت کے علاوہ امیروں اور سلاطین کی مدح سرائی کی ہے۔ ایک قصیدے کا موضوع پند و مواعظ ہے جس میں خسرو نے ہر خاص و عام کو پند و نصائح کی ہیں۔ سنہ ۱۸۷۴ء میں مطبع نول کشور لکھنو سے خسرو کے جملہ دواوین کلیات کی شکل میں شائع ہوئے جو غالباً کلیات کی پہلی اشاعت تھی۔ اس کلیات میں خسرو کی غزلیات، قصائد، قطعات اور رباعیات کو شامل کیا گیا ہے جن میں کل ۲۱ قصائد شامل ہیں۔ سنہ ۱۹۲۴ء میں سعید نفیسی نے خسرو کے دواوین کو کلیات کی شکل میں شائع کیا جس میں ۱۹ قصائد ہیں۔ اسی طرح سنہ ۱۹۶۷ء میں ڈاکٹر انوار الحسن انصاری نے نول کشور کے مطبوعہ دیوان میں پائی جانے والی غلطیوں کی نشان دہی کرتے ہوئے اسے ازسرنو شائع کیا۔ اگرچہ مذکورہ دواوین کی بنسبت یہ دیوان بہت ضخیم ہے لیکن اس میں بھی ۱۹ قصائد شامل ہیں۔ سعید نفیسی کے تصحیح کردہ دیوان میں فارسی کے متروک حروف یا مجہول کے بجائے معروف حروف کا استعمال کیا ہے لیکن ڈاکٹر انوار الحسن انصاری چونکہ ہندوستانی تھے لہذا اُنہوں نے ہندوستانی طرز تحریر کے مطابق مجہول حروف کو بھی بروئے کار لایا ہے۔ مثلاً لفظ زہی کو زہے، گیسوی کو گیسوے، سوی کو سوئے، روی کو روئے، عالمی کو عالمے وغیرہ کے طور پر لکھا ہے۔ یہاں اس بات کا ذکر کرنا بے جا نہ ہوگا کہ مطبوعہ نول کشور کے علاوہ دونوں دواوین میں کلام کو حروف تہجی کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا ہے۔

پانچوں دواوین کی مرتبہ کلیات میں مذکورہ ۲۱ قصائد میں سے چار قصیدوں میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا، پانچ قصائد میں رسول اللہ کی مدح اور ایک قصیدے میں اپنے روحانی پیشوا حضرت نظام الدین اولیاء کی مدح کی گئی ہے۔ امیروں اور سلاطین

AMIR KHUSRO DEHLAVI BAHAISIYAT QASEEDA GO SHAYAR (Pg.No. 82 TO 90)
ALI ZAHID MALIK, RESEARCH SCHOLAR
DEPARTMENT OF PERSIAN, ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY, ALIGARH (U.P.)

کی مدح میں کل سات قصائد ہیں جن میں تین قصائد سلطان جلال الدین خلجی، تین سلطان علاء الدین خلجی اور ایک قصیدہ سلطان معزالدین کیقباد کی مدح میں ہے۔ علاوہ ازین ایک قصیدہ ملک چھجو کی مدح میں بھی کہا ہے۔ مذکورہ قصائد کے علاوہ ایک قصیدہ پند و مواعظ کے موضوع پر ہے۔

امیر خسرو کے سب سے پہلے محسن و مربی علاء الدین کشلی خان عرف ملک چھجو تھے جن کی مدح میں خسرو نے کئی قصائد کہے۔ ایک قصیدہ بہاریہ تمہید سے شروع ہوتا ہے جس کے آغاز میں لکھا ہے کہ ایک روز صبح کے وقت جب بادِ صبا فضا میں خوشبو بکھیر رہی تھی لیکن سورج طلوع نہ ہوا تھا تو میں نے صبح سے دریافت کیا کہ تیرا خورشید کہاں ہے؟ آسمان نے جواباً ملک چھجو کا چہرہ دکھا دیا۔ جیسا کہ مندرجہ ذیل اشعار سے واضح ہوتا ہے:

بود پنہان آفتاب آن دم کہ صبح   ہمدمی با باد عنبر بو نمود
صبح را گفتم کہ خورشیدت کجاست؟   آسمان روی ملك چھجو نمود[٤]

اس کے بعد میدان کارزار میں ملک چھجو کی جراتمندی، بہادری اور دشمن پر اس کے رعب و دبدبہ کی تعریف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اے بادشاہ! تیرے مقابلے میں شیر صفت بہادر بھی ہرن کی طرح پشت دکھا کر بھاگ جاتے ہیں یعنی کسی کی جرات نہیں ہوتی کہ تجھ سے مقابلہ کریں۔ سینکڑوں نگاہیں تیری تیراندازی کا نظارہ کرتی ہیں۔ جب میں نے آسمان سے اُس کے ستون کے متعلق دریافت کیا تو اُس نے بھی تیرے زورِ بازو کی طرف اشارہ کر دیا یعنی آسمان جو درحقیقت بے ستون ہے لیکن وہ بھی تیرے بازو کو اپنا ستون گردانتا ہے۔ ہر وہ دشمن جس کا مقابلہ تجھ سے ہو وہ نالاں کناں ہی نظر آتا ہے جیسا کہ مندرجہ ذیل اشعار سے واضح ہوتا ہے:

شہسوارا گاہ نخچیر آمدن   شیر پیشت پوز چون آھو نمود
تیر تو نظارۂ صد چشم را   صد دریچہ بر سر یك مو نمود
چرخ را گفتم کہ ستونی پشت ھست   دست پر زور توؤ بازو نمود
دشمنت نالان بود روزی دویست   پیش تو چون خشك زرد آلو نمود[٥]

اس قصیدے کے آخر میں خسرو نے ملک چھجو کے دربار سے وابستگی اور اس کے لئے درازی عمر کی دعائیں کی ہیں۔
خسرو کا بچپن اور تعلیم و تربیت شاہی دربار میں ہوئی لیکن ذاتی خواہش کے باوجود بھی وہ دربار سے وابستہ نہ تھے۔ سلطان معزالدین کیقباد کی تخت نشینی کے بعد جب باپ بیٹے کے درمیان جنگ کا وقوع یقینی ہو گیا تھا اور سلطنت کے خیرخواہ امیروں کی کاوشوں سے جنگ نے صلاح کی صورت اختیار کر لی تو اس واقعے کو نظم کرنے کرنے کے لئے کیقباد نے خسرو کو طلب کیا[٦]۔ خسرو بھی اس موقعے کے متلاشی تھے لہذا شاہی دربار کی خدمت گری کو اُنہوں نے دل و جان سے قبول کیا۔ چھ ماہ کی انتھک کاوشوں کے بعد سنہ ٦٨٨ھ میں اُنہوں نے مثنوی قران السعدین مکمل کی جس میں کیقباد اور بغرا خان کے واقعے کو نظم کیا گیا ہے۔ خسرو کی خدمت گری صرف اسی واقعے کو نظم کرنے تک محدود نہ رہی بلکہ سلطان معزالدین کیقباد کی مدح میں اُنہوں نے کئی قصائد بھی کہے جن میں سے ایک قصیدہ مذکورہ کلیات میں شامل ہے۔ اس قصیدے میں خسرو نے کیقباد کو دین و دنیا کا

بادشاہ کہہ کر مخاطب کیا ہے۔علاوہ ازیں میدان کارزار میں اس کی جنگی صلاحیتوں، جود وسخا، بخشش وعنایات کی تعریف کرتے ہوئے درازی عمر کی دعا کی ہے۔ کیقباد کے رعب ودبدبہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جب وہ تیغ کو اپنے ہاتھ میں لیتا ہے تو اس سے خوفزدہ ہوکر کفار بھی مسلمان ہوجاتے ہیں۔ یہاں کفار کے مسلمان ہونے سے لفظی معنی مرادنہیں ہے بلکہ یہ مفہوم لیا گیا ہے کہ دشمن اس کی اطاعت کرنے پر مجبور ہوجاتے تھے۔دیگر قصائد کی طرح خسرو کا یہ قصیدہ بھی نہایت ہی دلچسب ہے۔ذیل میں چنداشعار بطور نمونہ پیش کیے جاتے ہیں جن میں مندرجہ مضامین کی نشاندہی ہوتی ہے:

منت ایزد را که شه بر تخت سلطانی نشست در دماغ مملکت باد سلیمانی نشست
شه معزالدین و الدنیا که از دیوان غیب نام او بر نامۂ دولت به عنوانی نشست
کیقباد آن گوهر تاج کیان کز زخم تیغ تاج از ایران بسته و بر تخت تورانی نشست
انس و جان از مهر گردون در خیال افتاده اند مهر او تا در خیال انسی و جانی نشست
در دلِ بد خواه پیکانش که از خون لعل گشت گوئیا در سنگ خارا لعل پیکانی نشست
چون بر تخت سلطنت به نشستی از حکم ازل تا ابد بنشین که آن جا هم تو می دانی نشست
خطبه را از نام تو تا آسمان آوازه رفت سکه ای می خواستی در ملك بنشانی نشست
دید قصر شاه را با برج جوزا هم کمر بنده خسروؔ چون عطارد در ثنا خوانی نشست۸؎

سلطان معزالدین کیقباد نوجوانی میں تخت نشین ہوا تھالہذا سلطنت کے بدخواہ امیروں کی چالبازیوں سے وہ شراب وکباب، عیش وعشرت اور ہوس رانیوں میں ملوث ہوگیا۔اس کی رنگین مزاجی کا نتیجہ یہ ہوا کہ کم عمری میں ہی لقوا کے مرض میں مبتلا ہوگیا۔ بیماری کی حالت میں جب کیقباد حکمرانی کے قابل نہ رہا تو اس کی زندگی میں ہی چند روز کے لیے اس کا بیٹا کیامورث تخت نشین ہوا۹؎ جسے جلال الدین نے معزول کر کے تخت وتاج حاصل کرلیا تھا۔تخت نشین ہونے کے بعد سلطان جلال الدین خلجی نے خسرو کی خاص طور پر قدردانی کی بلکہ موروثی خطاب امیر سے بھی نوازا۔۱۰؎اس سے قبل خسرو سلطان معز الدین کیقباد کے دربار سے وابستہ تھے۔حالانکہ درباری وابستگی بہت پہلے سے تھی کیونکہ خسرو امیروں، وزیروں اور شہزادوں کے دربار سے وابستہ رہ چکے تھے۔جلال الدین خلجی کے دربار میں خسرو نہایت ہی خوش وخرم اور آرام وسکون کی زندگی بسر کر رہے تھے۔سلطان نے ان کی قدرومنزلت اس طرح کی کہ اس پرسکون ماحول میں انھیں دوست واحباب کی کمی کا احساس بھی نہ ہوتا تھا۔جیسا کہ ایک قصیدہ کے چند اشعار سے مترشح ہوتا ہے:

شیرین دهان یار که راحت به جان دهد آب حیات از آن لب شکر فشان دهد
اینك ز کشتگان فراقت یکی منم کس را مباد کان لب شیرین زبان دهد
عمری رود که یاد نیارد ز دوستان آن شوخ را خدائی دل مهربان دهد
گم شده دلم کنون من و شبها و کوئی دوست باشد کسی ز گم شدۂ من نشان دهد
شیرین سوارِ من چه خبر دارد از جهان مسکین کسی که بیندش از دور جان دهد۱۱؎

سلطان جلال الدین خلجی نے برسر اقتدار آتے ہی اپنی ذہانت، قوت بازو اور خداداد صلاحیتوں کی بدولت مملکت میں امن و امان قائم کیا۔ خسرو نے مذکورہ قصیدے میں دیگر صفات کے ساتھ ساتھ اس کی بے پناہ صلاحیتوں کی بھی تعریف کی ہے۔ علاوہ ازیں لکھا ہے کہ جب وہ تخت شاہی پر جلوہ افروز ہوتا تو آسمان اپنی ساتوں کرسیوں سے اس کے لیے نردبان تیار کرتا۔ جب آسمان کا مقابلہ اس کے لشکر جرار سے ہوتا تو اس (آسمان) کا چاند زمین کو بوسہ دیتا ہوا نظر آتا ہے۔ یعنی سلطان کے سامنے بڑے بڑے بہادروں کے حوصلے بھی پست ہو جاتے ہیں۔ جیسا کہ مندرجہ ذیل اشعار سے واضح ہوتا ہے:

سلطان جلال الدین که گه تخت بر شدن ‌‌— چرخش ز هفت کرسی خود نردبان دهد
فیروز شه که صیت بلدش زمان زمان — از شرق تا به غرب ندائی امان دهد
آن دم که گرد لشکر او بر دود به چرخ — پیشش به خاك بوسه مه آسمان دهد۱۲ ـ

اسی قصیدے میں جلال الدین خلجی کی جنگی صلاحیتوں کے علاوہ عدل و انصاف، جود و سخا اور بخشش و عنایات کی بھی تعریف کی ہے۔

خسرو نے سلطان جلال الدین خلجی کی مدح میں کل تین قصائد کہے۔ ایک قصیدے میں اپنے ممدوح کی مدح سرائی کرتے ہوئے اپنی کم مائیگی کا اظہار کیا ہے۔ لکھتے ہیں کہ ''اے دین و دنیا کے بادشاہ! تیرے اوصاف بیان کرتے کرتے میری زبان بال کی مانند باریک ہوگئی ہے لیکن اب بھی میری زبان سے تیری ہی تعریف نکلتی ہے۔ اے بادشاہ! مجھ فقیر کی طرف بھی دیکھ جو تیری وصف میں اپنی زبان سے گل افشانی کر رہا ہے۔ فن شعر میں اگرچہ میں بال کی مانند باریک ہوں یعنی کوئی حیثیت نہیں رکھتا لیکن تیری مدح سرائی اس انداز میں کرتا ہوں کہ میرا شمار بھی ماہرین فنون میں ہوتا ہے۔'' خسرو نے اس قصیدے میں سلطان جلال الدین خلجی کی تعریف و توصیف نہایت ہی بہترین انداز میں کی ہے۔ ذیل میں چند اشعار بطور نمونہ پیش کیے جاتے ہیں:

زبان به وصف میان تو موی گشت و هنوز — زبان موی شده در سخن همی پیچد
ز بهر بندگیت گل فروش را بنگر — که ریحان به گلوی سخن همی پیچد
جلال دنیا و دین خسروی که از پیشش — عناد و کینۀ دو تهمتن همی پیچد
به امتحان سخن بهر پاسخ دگری — ردیف چستی از این ممتحن همی پیچد۱۳ ـ

اسی طرح ایک اور قصیدے میں خسرو نے سلطان جلال الدین خلجی کی مدح سرائی کرتے ہوئے اس کی دینی خدمات، بخشش و سخاوت اور بالخصوص تیغ زنی کی تعریف کی ہے۔ اس قصیدے کے آخر میں اپنے ممدوح کی فتوحات، درازی عمر اور سلطنت کی پائیداری کے لئے دعائیں کی ہیں۔

سلطان جلال الدین کی تقریباً چھ سالہ حکومت کے بعد اس کے بھتیجے علاء الدین خلجی نے سنہ ۶۹۵ھ میں اپنے چچا کو دھوکے سے قتل کر دیا اور خود تخت و تاج کا وارث بن گیا۔[۱۴] خسرو کے دل و دماغ پر اگرچہ اس حادثے کا شدید صدمہ تھا لیکن اس کے باوجود بھی انھیں علاء الدین خلجی کی درباداری قبول کرنی پڑی۔ اس دوران دیگر خدام کی طرح انھیں بھی کئی سختیوں

Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

سے ہمکنار ہونا پڑا۔تمام سختیوں اور دشواریوں کے باوجود خسرو نے ایک نثری کتاب خزائن الفتوح اور خمسہ کی پانچوں مثنویاں نیز مثنوی دولرانی خضر خان مکمل کی۔یہی وہ دور تھا کہ جب خسرو نے نظام الدین اولیاء کے حلقہ ارادت میں شامل ہو کر تصوف کے اسرار و رموز سے آشنائی حاصل کی۔علاوہ ازین سلطان علاء الدین خلجی کی مدح میں قصائد بھی کہے جن میں سے تین قصائد مذکورہ کلیات میں شامل ہیں۔اِن قصائد میں ایک قصیدہ بہاریہ تمہید سے شروع ہوتا ہے۔اس قصیدے میں خسرو نے علاء الدین کو دین و دنیا کا بادشاہ گردانتے ہوئے کہا ہے کہ اس نے عدل وانصاف کی بدولت تمام فتنے وفسادات کو قابو کر کے مملکت میں امن وامان قائم کر دیا ہے۔عرش کے کنگرے بھی اس کی بلند ہمتی کی قدر کرتے ہیں۔اس قصیدے کے آخر میں لکھا ہے کہ آسمان بھی علا الدین کی تعریف وتوصیف کے ساتھ اس کے لئے دعا گو ہے۔ذیل میں چند اشعار بطور نمونہ پیش کیے جاتے ہیں جن میں مذکورہ مضامین کی بھرپور عکاسی ہوتی ہے:

علائی دنیا و دین آن شهی که عالم را	به عدل خویشتن از حادثات امان فرمود
همای همت او چون پرید بر گردون	قدر به گنگرهٔ عرش آشیان فرمود
کمان ترا چو پسندیده نیست ابر چرا	برای شاه ز قوس قزح کمان فرمود
شها شکوه تو بگسست عقد جوزا را	وزان حمائل شمشیر خضرخان فرمود
خورد به مرتبه لاف عطاردی خسرو	فلك دعا و ثنایش به امتحان فرمود[15] ؎

اس میں شبہ نہیں کہ سلطان علاء الدین خلجی نہایت ہی رعب ودبدبہ والا بادشاہ تھا لیکن عدل وانصاف بادشاہوں کا خاصا ہوتا ہے۔اس لئے علاء الدین نے برسر اقتدار آتے ہی بلند فکری، ذہانت، رعب ودبدبہ اور خداداد صلاحیتوں سے تمام امیروں کو اپنی گرفت میں لے لیا۔چونکہ کامیابی اس کا مقدر بن چکی تھی اس لئے دشمنوں کی ہمت نہ تھی کہ اس کے خلاف لشکر کشی کریں۔اس نے تمام فتنے وفسادات کو سر کر کے ملک میں امن وامان قائم کیا۔علاء الدین جہانگیری اور کشور کشائی کا خواہاں تھا لہذا مملکت کے تمام معاملات کو استوار کرنے کے بعد وہ اپنے مقصد کی حصولیابی کے لیے عمل پیرا ہوا۔خسرو نے اس کے عدل و انصاف، جود وسخا، خوش خلقی، جہانگیری، ظفریابی اور ہنرمندی کو نہایت ہی خوش اسلوبی سے بیان کیا ہے۔ذیل میں چند اشعار پیش کیے جاتے ہیں جن میں مندرجہ مضامین کو نہایت ہی خوبی سے بیان کیا ہے:

در آ ای همچو شاخ گل لطیف و نازنین و تر
نشاط انگیز و عیش افزاء و راحت بخش و جان پرور
بیا تا باد و شاد و خرم و آسوده و خندان
شوم همدم کنم عشرت خورم باده کشم ساغر
که هست از عون و عدل و بذل و احسان شه عالم
جهان بی غم امان محکم طرب بی حد خوشی بی مر
جهانداری نکوکاری فلك قدری ملك صدری

علا الدین علو حق محمد نام احمد فر
سر افرازد سراندازد جهان گیرد و مخالف کش
ظفریاب و گهرپاش و جهان بخش و کرم گستر
ره رائ و دم خلق و فن علم و هنر صافش
خرد را بیخ و جان را شاخ و تن را رگ و حق را بر
امان و امن و عدل و راحت ست اندر زمان او
به شرق و غرب و شهر و ده و کوه و دشت و بحر و بر
جمال زیب و یمن و فر گرفت از خطبۂ نامش
رخ جمعه صف قبله در مسجد سر منبر١٦؎

مذکورہ اشعار میں جہاں ایک طرف خسرو نے اپنے ممدوح کے خصائص بیان کیے ہیں تو وہیں دوسری جانب ایسے الفاظ کا استعمال کیا ہے جن میں نغمگی کا عنصر کوٹ کوٹ کر بھرا پڑا ہے یعنی اس قصیدے کو پڑھتے ہوئے قاری کی طبیعت میں خود بخود نغمگی آ جاتی ہے۔

مذکورہ بالا سطور میں ذکر ہوا کہ سلطان علاء الدین خلجی کے دور حکومت میں خسرو اُس وقت کے مشہور و معروف صوفی حضرت نظام الدین اولیاء کے دربار سے وابستہ ہوئے۔ خسرو کا شمار حضرت نظام الدین اولیاء کے چہیتے مریدوں میں ہوتا تھا۔ پیر و مرشد کے درمیان مثالی محبت تھی۔ درباری وابستگی اور ذاتی ذمہ داریوں کے باوجود بھی خسرو اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں حاضر ہو کر روحانی تعلیمات سے مستفید ہوتے رہتے تھے۔ بیشتر مثنویوں کے شروع میں شیخ کی منقبت کہی ہے۔ علاوہ ازین ان کی مدح میں ایک پرزور قصیدہ بھی کہا ہے جس میں اپنے مرشد کے کشف و کرامات کا ذکر کیا ہے۔ خسرو نے اس قصیدے کے آغاز میں لکھا ہے کہ جو شخص ازل سے ہی خدا کا محبوب ہو وہ ہمیشہ صلاحِ کار کے لئے کوشاں رہتا ہے۔ حضرت نظام الدین اولیاء میں یہ تمام صفات موجود تھیں۔ علاوہ ازین ہر وہ شخص جو غوثِ وقت یعنی نظام الدین اولیاء کے ساتھ پیوست ہو گیا وہ فرشتہ صفت ہو جاتا ہے اور تمام زمینی و آسمانی آفات و بلیات سے محفوظ رہتا ہے۔ پیر کامل نے اپنی کرامات سے خفتگان کو بیدار کرنے میں نمایاں خدمات انجام دیں ہیں۔ اس سرزمین میں اگر ان کا قیام نہ ہوتا تو یہ زمین بھی فتنہ و فسادات کا محور ہوتی۔ انھیں کے فیوض و برکات سے اس سرزمین پر امن و امان قائم ہے۔ قصیدہ طویل ہے الغرض نمونے کے طور پر چند اشعار پیش کیے جاتے ہیں جن میں مندرجہ مضامین کی نشاندہی ہوتی ہے:

کسی که از ازلش عون غیب یار بود
همیشه کوشش او در صلاح کار بود
هوا به زیر قدم کن اگر همی خواهی
به بارگاه فرشته و شانت بار بود

تو خود فرشته شو اما ز خویش نتوان شد
جز آن صحبت خاصان کردگار بود
فرشته می شود و جبرائیل روحانی
کسی که در پنه غوث روزگار بود
نظام دین که ز نیروش اهل دین پیوست
ز حادثات سمادی به زینهار بود
همیشه نور تجلی ست شمع مجلس او
درون پرده باری شبی که بار بود
شیوخ خفته از آن زنده گشتگان داری
نیام را همه رونق ز ذوالفقار بود
شود خراب بسیط زمین ز خیل فتن
اگر نه در پنه این بزرگوار بود
صله به بخشش در این مدحم آن که درحضرت
نه خواهی آن که چو این سگ به خواب غار بود۱۷ ؎

خسرو نے ایک قصیدہ"فی الموعظة و النصائح" کے عنوان سے لکھا ہے۔قصیدے کے عنوان کو پڑھ کر گمان ہوتا ہے کہ یہ عربی زبان میں ہوگا جبکہ یہ قصیدہ بھی فارسی زبان میں ہے۔اس قصیدے میں خسرو نے عمومی طور پر پند و نصائح کی ہیں۔اُنہوں نے ہر خاص و عام کو غرور و تکبر کے بجائے عاجزی و انکساری کے ساتھ زندگی گذارنے کی تلقین کی ہے۔دوسروں کے مال و دولت پر حرص کرنے کے بجائے عطیۂ الٰہی پر قناعت کا درس دیا ہے۔کمزور و ناتواں پر ظلم و تشدد اور ناحق کی سختی سے ممانعت کی ہے۔حد سے زیادہ بولنے اور کھانے کے بجائے کم گفت و کم خورد کی ہدایت کی ہے۔آخر میں کہا ہے کہ ہوش والوں کے لئے پند و نصائح آئینہ پر زنگار کی مانند ہیں۔یعنی آئینہ کی ایک طرف اگر پالش کی جائے تو اس میں عکس نمایاں ہوتا ہے لیکن جاہلوں کے لیے یہ باتیں دردسر اور بے معنی ہوتی ہیں۔یہ قصیدہ بھی بہت طویل ہے البتہ چند اشعار بطور نمونہ پیش کیے جاتے ہیں:

مرد همه جا به سرکار به — شخص معطل بخل و خوار به
بهره مقصود چو بی رنج نیست — کاهل بی کار به بیکار به
مرد که شبلی به شود گاه کار — زو سگ بازار به مقدار به
کار بزرگی ست که خوانند علم — بی عمل آن کانپندار به
در حق میشی که رسید از شبان — تربیت گرگ کم آزار به

طاعت اگر از پی مال و زرست — کاسه که خالی ست نگون سار به
نزد معاشر که نه باشد خسیس — برگ گل از تنکۂ دینار به
فرض به جا آرد مجو بیش از آنك — حرص کم از طاعت بسیار به
کم خورد کم گوست چه باز ملك — طعمۂ او کبك و بط و سار به
هر سخن در محل خود نکوست — زمزمۂ مرغ به گلزار به
چون سخن خوش گهر مردم ست — بانگ سگ از نعرۂ جاندار به
شکر رزاق و خروش عوان — بر سر حیلت گر طرار به
پند و نصیحت ز سفیهان هوش — آئینه در زنگ به زنگار به
بر جهلا جهل نکوتر ز پند — درد خراز دو روی بیطار به
گرچه که خسرو سخنت گوهرست — هم خمشیت از همه گفتار به۱۸ے

مذکورہ اشعار کی روشنی میں کہا جا سکتا ہے کہ قصائد میں خسرو نے جہاں ایک طرف شاہوں کی مدح سرائی کی ہے تو وہیں دوسری جانب حسب موقع پند و نصائح بھی کی ہیں۔ جہاں ایک طرف ان کی جراتمندی، بہادری اور جنگی صلاحیتوں کو بیان کیا ہے تو وہیں دوسری جانب بادشاہوں کو عدل و انصاف کا درس بھی دیا ہے۔اس لحاظ سے کہا جا سکتا ہے کہ خسرو کا شمار فارسی ادب کے نامور قصیدہ نگاروں میں ہوتا ہے۔ان کے قصائد صرف مدح سرائی تک محدود نہیں ہیں بلکہ اس عہد کی تہذیب و ثقافت کا بہترین سرمایہ بھی ہیں۔

حواشی:

۱-خسرو اور عہد خسرو، عبدالرؤف عروج، ص۳۶-۳۷، پاکستان ہیرالڈ لمیٹڈ، کراچی، ۱۹۷۵ء
۲-کلیات خسرو، جلد اول، اقبال صلاح الدین، ص ص۸۳-۸۵، پیکیجز لمیٹڈ، لاہور، ۱۹۷۲ء
۳-امیر خسرو، شیخ سلیم احمد، حیات خسرو، منشی محمد سعید مارہروی، ص-۱۶۸، ادارہ ادبیات دلی، ۱۹۷۶ء
۴-دیوان امیر خسرو دہلوی، ڈاکٹر انوار الحسن، ص۹۳۰، راجہ رام کمار بکڈ پو (وارث) نولکشور بکڈ پو لکھنؤ، ۱۹۶۷ء
۵-ایضاً
۶-امیر خسرو-احوال و آثار، ڈاکٹر نور الحسن نقوی، ص۱۷۹، مطبع کوہ نور پریس دہلی، ۱۹۷۵ء
۷-امیر خسرو-سوانح عمری، ڈاکٹر وحید مرزا، ص۷۹، مطبع عفیف آفسیٹ پرنٹرس، دہلی، ۲۰۰۶ء
۸-دیوان امیر خسرو دہلوی، ڈاکٹر انوار الحسن، ص ص۹۲۸-۹۲۹، راجہ رام کمار بکڈ پو (وارث) نولکشور بکڈ پو لکھنؤ، ۱۹۶۷ء
۹-امیر خسرو-سوانح عمری، ڈاکٹر وحید مرزا، ص ص۸۱-۸۰، مطبع عفیف آفسیٹ پرنٹرس، دہلی، ۲۰۰۶ء
۱۰-ایضاً، ص۷۹
۱۱-دیوان امیر خسرو دہلوی، ڈاکٹر انوار الحسن، ص۹۳۷، راجہ رام کمار بکڈ پو (وارث) نولکشور بکڈ پو لکھنؤ، ۱۹۶۷ء
۱۲-ایضاً، ص۹۳۷

۱۳- ایضاً، ص ۹۳۴

۱۴- جامع تاریخ ہند، محمد حبیب- خلیق احمد نظامی، ص ص ۶۴ - ۴۶۱، مطبع فہمی کمپیوٹرس، دین دنیا ہوؤس، جامع مسجد دہلی، ۱۹۸۴ء

۱۵- دیوان کامل امیر خسرو دہلوی، سعید نفیسی، بکوشش: م- درویش، ص ص ۵۸۷، چاپخانہ سعدی، ۱۳۶۱ھ

۱۶- دیوان امیر خسرو دہلوی، ڈاکٹر انوار الحسن، ص ۹۴۰، راجہ رام کمار بکڈ پو (وارث) نولکشور بکڈ پو لکھنؤ، ۱۹۶۷ء

۱۷- ایضاً، ص ص ۹۳۱ - ۹۳۳

۱۸- دیوان کامل امیر خسرو دہلوی، سعید نفیسی، بکوشش: م- درویش، ص ص ۵۹۲ - ۵۹۵، چاپخانہ سعدی، ۱۳۶۱ھ

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

وصی الرحمٰن نعمانی*

مولانا ضیاء الدین اصلاحی اور معارف کے شذرات

مولانا ضیاء الدین اصلاحی ۳/ جولائی ۱۹۳۷ء میں اپنے نانیہال میں پیدا ہوئے۔ابتدائی تعلیم وتربیت نظام آباد کے ایک مدرسہ سے حاصل کی۔فارسی کی تعلیم اپنے داداحاجی عبدالرحمٰن سے پائی۔اس کے بعدمدرسۃ الاصلاح سرائمیر میں داخل ہوئے اور اصلاح سے تعلیم مکمل کر کے سنہ ۸۵ء میں دارالمصنفین آئے اور رفیق بنائے گئے۔مضمون نگاری سے اپنے تحقیقی سفر کا آغاز کیا۔سیدصباح الدین کے سانحہ ارتحال کے بعدمولانا ضیاء الدین دارالمصنفین کے ناظم ہوئے۔نظامت کے فرائض کے ساتھ انہوں نے معارف کی ادارت کی ذمہ داری بھی سنبھالی،تقریباً پچاس باون سال کے بعدوہ اس دنیا سے اس طرح رخصت ہوئے کہ سنہ ۲۰۰۸ء میں ۲/فروری کوایک موٹرحادثے کے بعد بنارس کے بی،ایچ،یو ہاسپٹل میں ان کا انتقال ہوگیا۔اس پورے عرصے میں انہوں نے دارالمصنفین میں رہ کر جو خدمات انجام دیں اس کے لیے تفصیل کی ضرورت ہے لیکن ان کا تعلق معارف سے سب سے پہلے اس لحاظ سے ہوا کہ ان کو کتابوں پر تبصرہ کی ذمہ داری دی گئی جس کو انہوں نے بحسن وخوبی پورا کیا اور جب صباح الدین صاحب کا انتقال ہوگیا تو شذرات لکھنے کی ذمہ داری بھی ان کے سر آن پڑی۔یوں تو وہ بہت بڑے عالم تھے،مصنف تھے اورفکرفراہی کے گویاعلمی نمائندہ تھے۔قرآن،حدیث،تفسیراورشعروادب پران کی گہری نگاہ تھی۔مولانا کی متعددتصنیفات منظرعام پرآیں جوانہوں نے دارالمصنفین میں رہ کرلکھیں ان کتابوں کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ ہندوستان عربوں کی نظر میں،تذکرۃ المحد ثین،مولانا ابوالکلام آزادمذہبی افکاراورقومی جدوجہداورمسلمانوں کی تعلیم، یہوداورقرآن وغیرہ۔مولانا کوادارتی تحریرلکھنے کا پہلاموقع اس وقت ملاجب وہ معارف کے مدیرہوئے،ان کے سامنے دارالمصنفین اورمعارف کے پیش رو مدیرحضرات تھے جوان کے لیے ایک نمونہ تھے۔لیکن یہ ایک احتمال تھا کہ مولانا سیاسی معاملات کے بارے میں زیادہ دلچسپی نہیں رکھتے تھے اس لیے ان کے شذرات کا کیارنگ ہوگا۔لیکن وقت نے بتایا کہ ان کے شذرات میں وہی روح،وہی شائستگی تھی اور وہی علم وہی جذبہ تھا اوراسلوب بھی وہی تھا جوان سے پہلے کے مدیران کے یہاں ملتا ہے اور جس کا ذکر ہم کر چکے ہیں ان کے بارے میں ایک چیزاور کہنے کی ضرورت ہے کہ جب سیاسی موضوعات پر وہ لکھنے لگے تو ان سے ایک صاحب نے خط لکھ کرکہا کہ آپ کے اداریوں میں سیاسی پہلوغالب ہوتا ہے یہ نہیں ہونا چاہیے انہوں نے جوجواب دیا وہ پڑھنے کے لائق ہے کہ:

”آپ نے شذرات میں موجودہ سیاست سے تعرض کونامناسب بتایاہے،آپ کی یہ

MAULANA ZIYAUDDIN ISLAHI AUR MAARIF KE SHIZRAAT (Pg.No. 91 TO 96)
WASIUR RAHMAN NOMANI, RESEARCH SCHOLAR
DEPARTMENT OF URDU, SHIBLI COLLEGE, AZAMGARH, U.P.

رائے بالکل صائب اورمناسب ہے،اولاً تو اس میں جن لوگوں کے تعلق سے اظہارخیال کیاجاتاہے ان تک یہ آواز پہنچتی ہی نہیں،اوراگر کسی واسطے اور وسیلہ سے پہنچ بھی جائے تو کون سنتاہے فغان درویش،ثانیاً اس طرح کا اظہارخیال دارالمصنفین اورخود میرے لیے بھی کبھی کبھی مضرہوسکتاہے،باقی میں جہاں تک سمجھتاہوں اس طرح کے موضوعات سے تعرض کرنے سے صرف مسلمانوں کے جذبات کی ترجمانی ہوتی ہے اوروہ مرحباواحسنت کہنے لگتے ہیں لیکن اس سے زیادہ اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلتا،اس لیے واقعی اس سے احتراز لازمی ہے۔البتہ کچھ مسائل قومی وملی نوعیت کے ہوتے ہیں،ان میں اکثر کاتعلق صرف مسلمانوں سے ہوتا ہے، جیسے مسلمانوں کاانتشاروافتراق،ان کی تنظیمیں،مسلم یونیورسٹی وغیرہ۔اسی میں اردو کا مسئلہ بھی ہے جس کاتعلق اگرچہ صرف مسلمانوں سے نہیں تاہم اب یہ بھی بڑی حدتک انہیں سے متعلق ہوگیاہے،ان مسائل پرمیرے خیال میں کسی جانب داری کے بغیر تعرض روا اورمناسب ہے،ان سے اغماض نہیں برتا جاسکتا۔میرے خیال میں اس معاملہ میں آپ کوبھی اختلاف نہ ہوگا۔''(۱)

شذرات کے تعلق سیان کا یہ نقطۂ نظر گویاپورے معارف کا نقطۂ نظرہے اور دیکھا جائے توروزاول سے اسی چیز پرعمل ہوتارہاہے۔ضیاء الدین صاحب کی تحریروں میں زیادہ ترملی مسائل اورخاص طورسے اردو اورمسلم یونیورسٹی کے مسائل یامسلمانوں کے ملی مسائل پربہت ہی گہرائی سے اور بہت ہی دردمندی سے اظہارخیال کیاگیاہے۔دبستان شبلی کے اسلوب کی وجہ سے بھی یہ نگارشات علم ومعرفت اورادب وانشاء کاعمدہ نمونہ بنتی گئیں۔اردو سے متعلق یہ تحریرجومولانا کی ہمت،بیباکی اوربےخوفی کاعمدہ نمونہ ہے پیش کرنے کے لائق ہے وہ لکھتے ہیں:

''دارالمصنفین کے ترجمان ماہنامہ معارف کے شذرات کی یہ خوبی رہی ہے کہ اس نے اپنی زندگی کے روزاول سے اردو کے مقدمے کوانتہائی بیباکی اور بےخوفی کے ساتھ عوام اورحکومت کی عدالت میں پیش کیااوراردوکوبہرصورت زندہ وسلامت رکھا''۔

مولاناضیاءالدین اصلاحی صاحب نے اس کے سابق مدیروں کی طرح اپنے زمانہ ادارت میں اس کے شذرات کوایک کارگرحربے کے طورپراستعمال کیااورجب جب انہوں نے محسوس کیاکہ ہندوستان کے کسی حصے میں علی الخصوص اترپردیش میں اردو کے ساتھ کوئی ناانصافی ہورہی ہے تووہ اپنے شذرات کے ذریعے اس ناانصافی کے خلاف پوری ہمت اورجوانمردی کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوتے۔ان کے شذرات ان کے پیش روشذرات نگارعلامہ سیدسلیمان ندوی،مولاناشاہ معین الدین احمدندوی اورمولاناصباح الدین عبدالرحمٰن کی طرح فکرآمیزاورکارآمدہواکرتے تھے،زبان کی سلاست اور موضوع کاتنوع ان کے شذرات نگاری کی خاص پہچان ہواکرتی تھی۔(۲)

ملک کی آزادی کے بعدجس طرح فرقہ پرست ذہنیت کےلوگ ہندومسلم کے درمیان نفرت پھیلانے اورلسانی تعصب کی آگ لگانے کی منصوبہ بندسازشیں کی گئیں تو دوسری طرف کچھ لوگ ملک کی یک جہتی اورہندومسلم اتحادکوقائم رکھنے

کے لیے اوراردو کو ملک کی دوسری سرکاری زبان بنانے کے لیے بھی جمع ہوتے رہے۔ایک بارایک کانفرنس کے ذریعہ اردو کو سرکاری زبان بنانے کے لیے ایک قرارداد منظور کی گئی،اس کے ذکر میں اردو زبان اور ہندو مسلم اتحاد کے تعلق سے مولانا اصلاحی کا یہ شذرہ پڑھنے کے لائق ہے وہ لکھتے ہیں کہ:

''تقسیم کے بعد ملک میں فرقہ وارانہ جنون اورلسانی تعصب کی جوآگ بھڑک اٹھی تھی اس کی لپیٹ میں اردو زبان بھی آ گئی تھی،مگر اب اس کی شدت میں کمی ہوگئی ہے اوراردو کے بارے میں صورت حال بدل رہی ہے، ہندی والوں کے دل میں بھی اس کے لیے نرم گوشہ پیدا ہونے لگا ہے،مدھیہ پردیش میں حال ہی میں ہندی کے ادیبوں اور دانشوروں نے اردو کی حمایت میں بیان دیا ہے اورلکھنو میں جن وادی لیکھک سنگھ کی اتر پردیش شاخ کے ایک اجلاس میں جو۲۷فروری کوگنگا پرشاد میموریل ہال میں ہوا،اردو کو یو پی کی دوسری سرکاری زبان بنانے کی قرارداد منظور کی گئی،اس اجلاس میں اردو کے ادیب وشاعر بھی موجود تھے مگر ہندی کے ادیبوں کی اکثریت تھی،ان کی جانب سے یہ مطالبہ ایک اچھی علامت اوراردو کے لیے فال نیک ہے،ایسی فضا میں گزشتہ ماہ انجمن ترقی اردو (ہند) کی کانفرنس کا یہ فیصلہ کہ ہندی والوں سے اورزیادہ قربت حاصل کی جائے،بہت مناسب اوردانش مندانہ ہے،اس پرعمل کرنیکی صورت پر بھی غور کرنا چاہیے''۔(۳)

ہندوستانی مسائل میں نفرت،تعصب اور مذہبی تشدد کی بات ہمیشہ سے ہوتی چلی آئی ہے۔جس کی وجہ سے سب سے زیادہ نقصان ملک کی اجتماعیت اور جمہوری نظام کو پہنچا ہے اس کے ذمہ دارکون لوگ ہیں اوراس طرح کے مسائل پیدا کرنے سے ان کو کیا فائدہ ملتا ہے اس سے متعلق یہ شذرہ نہایت ہی اہم اور پڑھنے کے لائق ہے۔مولانا ضیاء الدین صاحب رقمطراز ہیں:

''ہندوستان کی نئی حکومت کوپچھلی حکومت سے جومسائل ورثے میں ملے ہیں ان میں بعض اتنے نازک،پیچیدہ اورالجھے ہوئے ہیں کہ ان کوجلدی اورآسانی سے حل کرنا ممکن نہیں،تاہم وزیراعظم مسٹر وشوناتھ پرتاپ سنگھ کے رویے سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ان کا حل تلاش کرنے میں واقعی مخلص اورسنجیدہ ہیں،انہوں نے اپنے پہلے نشریے میں ان اولین اہمیت کے حامل مسائل کا تذکرہ خاص طور سے کیا تھا اوران پر پوری توجہ دینے کے لیے اپنے مکمل عزم وارادہ کا اظہار بھی کیا تھا،مگر پنجاب کے سوا ابھی تک کوئی اور مسئلہ ان کی حکومت کا مرکز توجہ نہیں بن سکا ہے،یہ الگ بات ہے کہ اب بھی نہ وہاں تشدد اور دہشت گردی میں کمی آئی ہے اور نہ خون خرابہ بند ہوا ہے۔

نئی حکومت کوترکہ میں فرقہ وارانہ فسادات کا مسئلہ بھی ملا ہے،حال میں وزیراعظم نے بھاگل پور کا دورہ کیا ہے جہاں ع ہوگیا مانند آب ارزاں مسلماں کا لہو

Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

اور حکومت کی مشینری اور انتظامیہ نے ایسی قیامت ڈھائی ہے کہ

ع آسماں راحق بود گرخوں بیارد برزمیں

دراصل ہر جگہ کے فساد میں امن وامان کے ذمہ دار ہی قتل و غارت گری میں ملوث ہوتے ہیں، بہار کے ریاستی وزیر محنت محمد حسین آزاد نے کہا ہے ''بہار میں جس جگہ بھی فساد ہوئے وہاں بہار پولیس کا رول بہت ہی گھناؤنا اور خراب رہا، بھاگل پور کا فساد بہت ہی منصوبہ بند طریقے سے اور سازش کے تحت کرایا گیا ہے، اس میں کچھ کانگریسی لیڈر بھی شامل ہیں، بہار کی افسر شاہی خصوصی طور پر بھاگل پور انتظامیہ ایماندار اور غیر جانب دار ہوتا تو فساد پر پوری طرح قابو پالیا جاتا، مرکزی ریلوے وزیر جارج فرنانڈیز نے کہا ہے کہ بھاگل پور کا حالیہ فساد اس دور کا بدترین فساد تھا اور ہندوستان کے سیاسی اور سماجی ڈھانچہ پر ایک دھبہ ہے، قابل افسوس بات یہ نہیں ہے کہ اس فساد کے دوران ضلع انتظامیہ لڑکھڑا گئی تھی اور ایڈمنسٹریشن نام کی کوئی چیز باقی نہیں تھی، بلکہ سب سے زیادہ بدقسمتی کی بات یہ تھی کہ انتظامیہ فرقہ وارانہ بنیاد پر فسادات سے نپٹنے کی کوشش کر رہی تھی''۔(۴)

تعلیم کا موضوع ہر زمانہ میں سب سے اہم رہا ہے چاہے وہ دینی تعلیم ہو یا دنیاوی۔ دینی تعلیم مسلمانوں بلکہ ہر مذہب والوں کے لیے ہر دور میں ضروری رہی ہے اس تعلیم کے ذریعہ سے ایمان وعقیدہ، قومی وملی خصوصیات، تہذیب، پرسنل لا غرض یہ کہ زندگی سے جڑے سبھی مسائل دینی تعلیم کے ذریعہ حل کیے جاتے ہیں اس لیے دینی تعلیم کا حاصل کرنا اور اس کے لیے تربیت گاہ کا ہونا ضروری ہے اور یہ تربیت گاہ وہ مدارس ہیں جن کو گاؤں، قصبہ، بستی اور شہر جیسی جگہوں پر قائم کرنا اور اس کو باقی رکھنا اہم فریضہ ہے۔ دینی تعلیم پر لکھا گیا یہ شذرہ پیش کرنے کے لائق ہے۔ ضیاالدین صاحب لکھتے ہیں کہ:

''دینی تعلیم مسلمانوں کے لیے ہر زمانہ اور ہر دور میں ضروری رہی ہے، لیکن اس زمانہ میں اس کی جانب سے کسی قسم کی کوتاہی اور معمولی غفلت بھی ان کے لیے روا نہیں ہے کیونکہ اس کے بغیر نہ ان کا عقیدہ وایمان سلامت رہ سکتا ہے اور نہ ان کی قومی وملی خصوصیات باقی رہ سکتی ہیں، مسلمانوں کی تہذیب وتمدن ان کے پرسنل لا اور گزشتہ روایات کا تحفظ بھی اسی پر موقوف ہے، ان کو یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ وہ اپنے دین ومذہب سے وابستہ رہ کر ہی دنیا وآخرت دونوں میں کامیابی وکامرانی سے ہم کنار ہو سکتے ہیں اور یہ بدیہی حقیقت ہے کہ دین ومذہب سے مسلمانوں کی وابستگی اور تعلق اور نئی نسلوں کو ایمان اور اسلامی عقائد پر قائم رکھنے کے لیے دینی تعلیمی اداروں اور مذہبی درسگاہوں کا وجود نہایت ضروری ہے۔

گو آزادی کے بعد سے مسلمان بڑے نازک اور پرآشوب دور سے گزر رہے ہیں لیکن وہ مدرسوں اور مذہبی تعلیم گاہوں سے بالکل بے پروا نہیں رہے، انہوں نے اپنے قدیم اداروں

اور دینی درسگاہوں کو نہ صرف باقی رکھا بلکہ نئے دینی مدرسے بھی قائم کیے، ان کی دلچسپی اور دینی شغف سے اب چھوٹے چھوٹے شہروں اور قصبوں میں بھی بڑے بڑے دینی تعلیمی ادارے قائم ہوتے جارہے ہیں، جن کو اور قدیم مدارس کو بھی مسلمانوں کی حرارت ایمانی مزید وسعت، ترقی و استحکام عطا کررہی ہے، یہ بات جہاں خوشی و مسرت کی ہے وہیں یہ صورت حال تکلیف دہ اور دکھ کی بھی ہے کہ مدارس سے مسلمانوں کو جو فیض پہنچنا چاہیے تھا وہ نہیں پہنچ رہا ہے، کیونکہ اب ان کی حیثیت اسلام کے مضبوط قلعوں اور مستحکم کارخانوں کی نہیں رہ گئی ہے، جن سے کبھی دین وایمان کے محافظ اور قوم وملت کے پاسبان پیدا ہوتے تھے اور ایسے افراد ڈھل کر نکلتے تھے جو محبت، معرفت اور یقین سے سرشار ہو کر اسلام کی عظمت وصداقت کا جیتا جاگتا نمونہ ہوتے تھے اور جن کا وجود نہ صرف مسلمانوں بلکہ تمام انسانوں کے لیے باعث خیر و برکت ہوتا تھا''۔(۵)

بابری مسجد کا قضیہ ہندوستان کی جدید تاریخ میں ناقابل فراموش بن چکا ہے۔ بابری مسجد کو توڑنے اور وہاں رام مندر بنانے کی پوری داستان تاریخ، سیاست اور عدل وانصاف کے ساتھ کھلواڑ کرنے سے عبارت ہے اس سے متعلق معارف نے ہمیشہ اپنے قارئین کو باخبر کیا کہ کس طرح عبادت گاہوں کو ڈھا دینے اور ایک فرقہ کے لوگوں کیساتھ ظلم وتشدد اور ان کی عزت وآبرو سے کھیلنے کی وجہ سے ملک بدنام ہو رہا ہے اس سلسلے میں مولانا ضیاءالدین صاحب نے لکھا کہ:

''ہندوستان جنت نشان کہلاتا تھا، یہاں انسان تو درکنار جانوروں کو مارنا اور انہیں ایذا دینا گناہ سمجھا جاتا تھا، لوگ نفرت وعداوت، ظلم وتشدد اور وحشت وبربریت سے نا آشنا اور ہمدردی، رحم دلی، صلح وآشتی اور الفت ومحبت کے دلدادہ تھے، عفو ودرگذر سے کام لینا اور اینٹ کا جواب پتھر سے نہ دینا ان کی خصوصیت تھی، بدھ جی سے لے کر گاندھی جی تک کے تمام رشیوں منیوں کی تعلیم وتلقین یہی تھی اور گاندھی جی نیتو ہندو مسلم اتحاد اور ملک کو خون خرابہ سے بچانے کے لیے اپنی جان ہی دے دی تھی لیکن اب قومی ایکتا اور ہندو مسلم اتحاد خواب وخیال ہو گیا ہے اور ظلم وتشدد اور وحشت وبربریت اپنی انتہا کو پہنچ گئی ہے قتل وغارت گری کا بازار گرم ہے، کسی کی جان و مال عزت وآبرو اور عورتوں کی عصمتیں محفوظ نہیں ہیں، دوسروں کی دل آزاری اور ان کی عبادت گاہوں کو ڈھا دینے میں خوشی محسوس کی جارہی ہے اور کبھی اس پر غور نہیں کیا جاتا کہ ان مجنونانہ حرکتوں سے آزاد ہندوستان کی تصویر کتنی بدنما ہوتی جارہی ہے۔(۶)

مسلمانوں کے تعلق سے لکھا گیا ایک اور شذرہ اس لیے بہت اہم ہے کہ موجودہ حالات کے پیش نظر یہ مولانا اصلاحی کی دور بینی کا گواہ ہے جس میں وہ مسلمانوں کی تباہی وبربادی کا اصل ذمہ دار کون ہے؟ کے سوال پر لا جواب شذرہ سپرد قلم کرتے ہیں کہ:

شکست خوردہ قوموں کا یہ دستور رہا ہے کہ وہ اپنی ہزیمت اور تباہی کا ذمہ دار دوسروں کو سمجھتی ہیں

اورخود اپنی غفلت وکوتاہی سے چشم پوشی کرلیتی ہیں،مسلمانوں کا حال بھی یہی ہے کہ وہ اپنی موجودہ زبوں حالی اور بربادی کا ذمہ دار دوسروں کو سمجھتے ہیں اس لیے ان کے خلاف غصہ اورنفرت میں مبتلا رہتے ہیں اورانہیں اپنی غلطی اور بے تدبیری کا احساس نہیں ہوتا۔اپنے باہمی اختلاف کورفع کرنے کے بجائے ایک دوسرے کی کردارکشی ان کا وطیرہ بن گئی ہے جس سے ان کے اختلاف ونزاع کی خلیج مزید بڑھتی جارہی ہے۔ہندوستان میں مسلمانوں کی ایک ہی یونیورسٹی ہے جوان کا سب سے بڑا قومی سرمایہ ہے لیکن گذشتہ کئی برس سے اس کے حالات بدسے بدتر ہوتے جارہے ہیں،ان کودرست کرنے کے بجائے ہرفریق دوسرے کی ہواخیزی،اسے نیچا دکھانے اوراس پر جاوبیجا الزام عائد کرنے میں لگا ہواہے اورخود اپنے طرزعمل کا محاسبہ کرنے کے لیےکوئی بھی آمادہ نہیں ہے اس وقت جوطفلانہ حرکتیں ہورہی ہیں،ان سے یونیورسٹی کا رہا سہاوقاربھی ختم ہوجائے گا،اگرواقعی تڑپ،بے چینی اوراخلاص ہے تو سب کومل جل کراس پر ہمدردی اوردلسوزی سےغورکرنا چاہیے۔(۷)

حواشی

(۱) مولانا ضیاءالدین اصلاحی حیات وخدمات،مرتب،محمد طارق،سنہ اشاعت۔۲۰۱۳ء،ناشر،شبلی چلڈرن اسکول،نظام آباد۔اعظم گڑھ۔

(۲) مولانا ضیاءالدین اصلاحی اورمعارف کے شذرات مولانا ضیاءالدین اصلاحی حیات وخدمات،مرتب:محمد طارق،ص۔۱۷۱۔سنہ اشاعت۔۲۰۱۳ء،ناشر،شبلی چلڈرن اسکول،نظام آباد۔اعظم گڑھ۔

(۳) معارف،دارالمصنّفین شبلی اکیڈمی،اعظم گڈھ۔اپریل،۱۹۸۸ء۔

(۴) معارف جنوری ۱۹۹۰ء۔

(۵) معارف مئی ۱۹۹۰ء۔

(۶) معارف جنوری۱۹۹۱ء

(۷) معارف جولائی۱۹۹۴ء

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

محمد افضل زیدی*

طالب آملی کی شاعری میں کشمیر کا ذکر

کشمیر ہندوستان کا وہ حسین وجمیل خطہ ہے جسے ''جنتِ بےنظیر'' کہا جاتا ہے۔ یہ علاقہ اپنی فطری خوبصورتی، خوشگوار آب وہوا، سرسبز وشاداب وادیوں، بہتے جھرنوں اور برف پوش پہاڑوں کے سبب نہ صرف سیاحوں کا مرکزِ نگاہ رہا ہے بلکہ ادبا اور عرفا کے لیے بھی ہمیشہ باعثِ کشش رہا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ کشمیر کی سرزمین صدیوں سے بادشاہوں، شہزادوں، وزرا، امیرا، صوفیوں، علما، مفکرین، اور خاص طور پر شعرا کی توجہ کا مرکز بنی رہی ہے۔ اس خطے نے نہ صرف سیاسی وسماجی طور پر اہم کردار ادا کیا بلکہ علمی وادبی میدان میں بھی اس کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ اسی تناظر میں معروف محقق اور نقاد ڈاکٹر سید کلیم اصغر نے اپنی اہم تصنیف "استشمامِ ادب" میں ایک گراں قدر مقالہ بعنوان ''شاعران کشمیر در دفتر دوم سفینۂ خوشگو'' تحریر کیا ہے۔ آپ لکھتے ہیں:

"خطه زیبا و جنت نشان کشمیر در هندوستان، همواره و از گذشته های دور در مَعرِض توجه عرفا و متصوّفانِ اسلامی، شاهان و امرا، نویسندگان و متفکران قرار داشته است .هوای خنك و ملائم این دیار با صفا و زیبا رویان آن از موضوعاتی بوده که اغلب شعرا و نویسندگان را بر آن داشته تا پیرامون آن قلم فرسایی نمایند۔ همچنین مَزّیت های فراوان این سرزمین زیبا باعث شده تا شاهان، امرا، شعرا و عرفا و نویسندگان از شهرهای و سرزمین های مختلف روی به صوب آنجا نهاده، گاه حتیٰ به صورت دایم ماندگار آن بلد گردند .چنانچه در دوره های متوالی شاهان قدرتمند هندوستان دارای دو مرکز سیاسی(تابستانی و زمستانی) در هندوستان بوده اند یعنی زمستان را "دارالخلافه دهلی" و تابستانها را به "کشمیر" میگزراندند."(۱)

فارسی شعرا کی وہ طویل فہرست جنھوں نے کشمیر کی خوبصورتی، دلکشی اور دلربائی کے متعلق نظمیں اور غزلیں کہی ہیں، بہت وسیع ہے۔ ان شعرا کو ہم چار مختلف طبقات میں تقسیم کر سکتے ہیں:

(۱) وہ شعرا جو اصلاً کشمیری تھے — یعنی جن کی جائے پیدائش بھی کشمیر تھی، وہیں انہوں نے زندگی گزاری، اور آخرکار اسی سرزمین پر انہوں نے وفات پائی۔ ان شعرا کا تعلق کشمیر کی تہذیبی وادبی فضا سے براہِ راست تھا، اوران کے کلام

TALIB AMULI KI SHAYERI MEIN KASHMIR KA ZIKR (Pg.No. 97 TO 103)
MOHAMMAD AFZAL ZAIDI, RESEARCH SCHOLAR
DEPARTMENT PERSIAN, JAMIA MILLIA ISLAMIA, NEW DELHI

میں کشمیر کی سرزمین کا رنگ اوراس کی فکری و جمالیاتی جھلک صاف نظر آتی ہے۔

(۲) وہ شعرا جو ایران اور دیگر فارسی زبان علاقوں سے کشمیر ہجرت کر کے آئے—انھوں نے کچھ مدت کشمیر میں قیام کیا، وہیں کے ماحول، ثقافت اور قدرتی حسن سے متاثر ہو کر شعر کہے۔ ان شعرا نے فارسی ادب کو کشمیر میں رواج دینے میں بنیادی کردار ادا کیا اور کشمیر کے حسن کو اپنی شاعری کا موضوع بنایا۔

(۳) وہ شعرا جو ہندوستان کے مختلف شہروں سے آ کر کشمیر میں مقیم ہوئے—انھوں نے اپنی عمر کا ایک بڑا حصہ اسی خطے میں گزارا، اور بالآخر وہیں وفات پائی۔ ان شعرا نے کشمیر کی سرزمین کو نہ صرف رہائش کے لیے اختیار کیا بلکہ اسے اپنے کلام میں بھی مرکزِ خیال بنایا۔

(۴) وہ شعرا جن کا نہ تو تعلق کشمیر سے تھا، نہ ہی انھوں نے کشمیر کی طرف سفر کیا، اور نہ ہی ان کا تعلق ایران یا ہندوستان کے ایسے علاقوں سے تھا جن کا کشمیر سے کوئی براہِ راست تعلق ہو۔ مگر انھوں نے کشمیر کے حسن و جمال اور دلنواز مناظر کی شہرت سن کر، محض سماع کی بنیاد پر کشمیر کی تعریف میں اشعار کہے۔ ان شعرا نے کشمیر کو گویا تخیّلی جنت کی صورت میں اپنی شاعری کا موضوع بنایا۔ مثال کے طور پر لسان الغیب حافظ شیرازی—جو خود کبھی کشمیر نہیں گئے، انھوں نے کشمیری دوشیزاؤں کی سیاہ آنکھوں کی اس طرح تعریف کی ہے، جیسے خود کشمیر کی سرزمین کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہو اور ان حسین چہروں کا مشاہدہ کیا ہو:

به شعر حافظ شیراز می نازند و می رقصند
سیه چشمان کشمیری و ترکان سمر قند (۲)

ان معروف فارسی شاعروں میں سے ایک ممتاز شاعر، جنھوں نے "ایرانِ صغیر" یعنی کشمیر کے متعلق شاعری کی،

"طالب آملی" بہ شعر حافظ شیرازی¬ نازندوی¬ رقصند سیہ چشمان کشمیری وترکان سمرقند

ان معروف فارسی شاعروں میں سے ایک ممتاز شاعر، جنھوں نے "ایرانِ صغیر" یعنی کشمیر کے بارے میں شاعری کی، "طالب آملی" ہیں۔ وہ گیارہویں صدی ہجری میں آمل (ایران) سے بادشاہ جہانگیر کے عہد میں ہندوستان ہجرت کر کے آئے، اور دربارِ جہانگیری میں انھیں "ملک الشعرا" کا معزز لقب عطا ہوا۔ طالب آملی نہ صرف جہانگیر کے دربار میں سر بلند ہوئے بلکہ جہانگیر کے ساتھ کشمیر کا بھی سفر کیا۔

اس فہرست میں عرفی شیرازی، نظیری نیشاپوری، ظہوری ترشیزی، منیر لاہوری، کلیم کاشانی، قدسی مشہدی وغیرہ شامل ہیں کہ جنھوں نے کشمیر کی فطری و جمالیاتی خوبصورتی سے متاثر ہو کر اس سرزمین کو اپنے طبع سخن قرار دیا۔ طالب آملی کی درج ذیل غزل، جس کا عنوان ہے "در توصیفِ کشمیر و مدحِ جہانگیر پادشاہ"، کشمیر کی آب و ہوا، گلی کوچوں، مناظر اور بادشاہ جہانگیر کی عظمت کو انتہائی لطیف اور حسین انداز میں پیش کرتی ہے:

فیض پیاله بخشد آب و هوای کشمیر
از خِشت خُم نهادند گوئی بنای کشمیر

چون خاک عشقبازان هر لحظه بر مشامم
بوی محبت آید از کوچه های کشمیر

کشمیر می ستانم از حق بجای جنّت
اما نمی ستانم جنت بجای کشمیر

مشاطهٔ لطافت از بهر رونق کار
بیرون نما نگردد برقع گشای کشمیر

جان برد دوست گیرم مانند عذر خواهان
و آنگاه برفشانم کین رونمای کشمیر

شاهنشاه جهانگیر چند از هوای او گل
خوش مستجاب گردید آخر دعای کشمیر

گردی ز نور بنمود همرنگ نور گفتم
کین سرمهٔ بهشت است یا توتیای کشمیر

جنت کجا تواند با او برابری کرد
چون لطف پادشه گشت رونق فزای کشمیر

وصف بهشت جاوید از عاشقان او پرس
ما را زبان نگردد جز در ثنای کشمیر

هر صبح در مشامم از راه آشنائی
پیغام جنت آرد باد صبای کشمیر

هر کس پی تماشا کردند خوش فضائی
رضوان فضای جنت طالب فضای کشمیر (۳)

طالب کو کشمیر کی آب و ہوا میں وہ سرور ولذت محسوس ہوتی ہے جو شراب کے پیالے سے حاصل ہوتی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ کشمیر کی بنیاد گویا مے خانے کی خاک سے رکھی گئی ہے—یہ ایک خوبصورت اور تخیلاتی مبالغہ ہے جس کے ذریعے شاعر یہ بتانا چاہتا ہے کہ اگر کوئی شخص کشمیر جائے، تو وہاں کی فضا میں سانس لینے سے ایسا کیف و سرور حاصل ہوتا ہے گویا وہ شراب نوشی کر رہا ہو:

فیض پیاله بخشد آب و هوای کشمیر
از خِشت خُم نهادند گوئی بنای کشمیر

وہ کشمیر کی فضاؤں اور گلی کوچوں کو ایسی خاک سے تشبیہ دیتے ہیں جیسے وہ عاشقوں کے قدموں کی خاک ہو۔ شاعر اسی خاک کو ہر

لمحہ محسوس کرتا ہے۔ یہ ایک نہایت نازک اور لطیف خیال ہے، جس میں محبت، یاد، سرور اور جمال سب کچھ شامل ہے:

چون خان عشقبازان هر لحظه بر مشامم

بوی محبت آید از کوچه های کشمیر

مندرجہ ذیل شعر میں شاعر ایک نہایت بلند اور پراثر دعویٰ کرتا ہے کہ اگر خدا اُسے جنت عطا کرے تو وہ اس کے بدلے کشمیر کو ترجیح دے گا، لیکن اگر اُسے کشمیر کے بدلے جنت دی جائے تو وہ اُسے قبول نہیں کرے گا۔ اس اظہار سے معلوم ہوتا ہے کہ طالب آملی کے نزدیک کشمیر محض ایک جغرافیائی یا طبیعی خطہ نہیں، بلکہ ایک محبوب، ایک معشوق، اور ایک روحانی جنت ہے۔ جنت کو ترک کرنا اور کشمیر کو اختیار کرنا شاعر کے لیے روحانی لذت، جمالیاتی تکمیل اور عشقیہ وابستگی کا مظہر ہے:

کشمیر می ستانم از حق بجای جنت

اما نمی ستانم جنت بجای کشمیر

اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ کشمیر کو جنت سے بھی بہتر، زیادہ محبوب اور اعلیٰ سمجھتا ہے۔ یہ وہی جذبہ ہے جو اس مشہور قول میں ظاہر ہوتا ہے: ''اگر فردوس بر روی زمین است، ہمین است و ہمین است و ہمین است'' یعنی اگر زمین پر کہیں جنت ہے، تو وہ یہی (کشمیر) ہے، یہی ہے، اور صرف یہی ہے۔

طالب آملی دیگر ابیات میں بھی کشمیر کی خوبصورتی، دلکشی اور روحانی عظمت کو نہایت مبالغہ آمیز مگر پراثر انداز میں بیان کرتے ہیں۔ وہ کشمیر کو جنت سے بلندتر مقام دیتے ہیں، جیسا کہ اس شعر میں فرماتے ہیں:

جنت کجا تواند با او برابری کرد

چون لطف پادشه گشت رونق فزای کشمیر

پہلے مصرع میں وہ سوالیہ انداز میں جنت کی حیثیت کو کم کر کے کہتے ہیں کہ جنت بھلا کہاں کشمیر کا مقابلہ کر سکتی ہے؟ اور دوسرے مصرع میں اس برتری کی وجہ بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جہانگیر بادشاہ کے لطف و عنایت نے کشمیر کو اور بھی زیادہ رونق، عظمت اور جاذبیت عطا کی ہے۔ یہ شعر نہ صرف کشمیر کی فطری خوبصورتی کی مدح ہے بلکہ ساتھ ہی بادشاہ جہانگیر کی شخصیت اور سرپرستی کی عظمت کو بھی خراجِ تحسین پیش کرتا ہے۔ یوں طالب، کشمیر کو جمالِ فطرت اور کرمِ سلطنت دونوں کا حسین امتزاج قرار دیتا ہے—ایسا امتزاج جو جنت کو بھی پیچھے چھوڑ دیتا ہے۔

مذکورہ غزل میں ایک مقام پر طالب آملی کہتے ہیں کہ اگر تم جنت کا حال جاننا چاہتے ہو، تو ان لوگوں سے پوچھو جو جنت کے عاشق ہیں—یعنی وہ لوگ جو متقی، پرہیزگار اور نیک اعمال انجام دینے والے ہیں، کیونکہ جنت میں وہی جا سکتے ہیں جنہوں نے دنیا میں نیک کام کیے ہوں۔ لیکن میری زبان کو کشمیر کی تعریف کے سوا کچھ اور کہنا نہیں آتا۔ ہماری جنت یہی کشمیر ہے۔ ہم تو کشمیر کی خوبصورتی کو بہترین طریقے سے بیان کر سکتے ہیں، کیونکہ ہم نے اسے دیکھا اور محسوس کیا ہے—جبکہ جنت کو تو ہم نے ابھی تک دیکھا ہی نہیں۔ فی الحال ہماری جنت کشمیر ہی ہے، اور ہم کشمیر کو جنت ہی کے مانند سمجھتے ہیں۔

وصف بهشت جاوید از عاشقان او پرس

مارا زبان نگردد جز در ثنای کشمیر

کشمیر کی بادِ صبا ہر روز جنت کا پیغام لے کر آتی ہے۔ طالب آملی اس شعر میں کہنا چاہتے ہیں کہ ہمیں جنت کی طلب نہیں ہے، کیونکہ جس جگہ ہم موجود ہیں، یعنی کشمیر؛ وہ خود جنت سے کم نہیں۔ ہر صبح کشمیر کی خوشگوار بادِ صبا ہمیں جنت کی خوشبو، اس کا پیام اور اس کی یاد لے کر آتی ہے۔ گویا ہم جنت میں ہی سانس لے رہے ہیں:

ہر صبح در مشامم از راہ آشنائی

پیغام جنت آرد باد صبای کشمیر

ہر وہ شخص جو پاکیزہ اور خوشگوار فضا میں سانس لینا چاہتا ہے، اسے صاف ستھری اور خوش آئند فضا کی ضرورت ہوتی ہے، کیونکہ انسانی صحت کے لیے تازہ ہوا نہایت اہم ہے۔ طالب کے نزدیک، اگرچہ جنت کی فضا سب سے زیادہ پاک و مقدس سمجھی جاتی ہے، لیکن وہ کشمیر کی فضا کو جنت سے بھی زیادہ بہتر اور دلکش قرار دیتا ہے۔

ہر کس پی تماشا کردند خوش فضائی

رضوان فضای جنت طالب فضای کشمیر (٤)

طالب آملی نے ایک دوسرے قصیدے ''در مدح جہانگیر و توصیف ہند'' میں کشمیر کو حسن و جمال کا مرکز قرار دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ آؤ، کیونکہ دلربا حسینوں کا اجتماع یہیں ہے، اور تمام ناز و کرشمے یہی پر جمع ہیں۔ اس کے ذریعے شاعر نے کشمیر کو نہ صرف فطری حسن کی علامت بنایا بلکہ اسے ایک ایسی سرزمین کے طور پر پیش کیا ہے جہاں جمال، لطافت، نزاکت اور دلکشی اپنی انتہا کو پہنچی ہوئی ہے۔ یہ مبالغہ آمیز توصیف شاعر کے کشمیر سے عشق اور اس کے روحانی و جمالیاتی حسن کے اعتراف کا اظہار ہے۔ اس قصیدہ کا مطلع یہ ہے:

بیا کہ مجمع خوبان دلربا اینجاست

کرشمہای ہمہ اینجا و نازہا اینجاست (٥)

طالب آملی کشمیر سے اس قدر محبت کرتا تھا کہ وہ کبھی بھی اسے چھوڑنا نہیں چاہتا۔ اُس کی نظر میں کشمیر صرف ایک زمین کا ٹکڑا نہیں بلکہ اُس کے عشق کا مرکز، اُس کا معشوق تھا۔ جیسے ہر عاشق چاہتا ہے کہ اپنے محبوب پر سب کچھ قربان کر دے، ویسے ہی طالب نے بھی اپنی زندگی کا آخری سانس کشمیر میں لیا۔ وہ خود کو کشمیر کا مقیم سمجھتا ہے اور اعلان کرتا ہے کہ اب وہ یہاں کا ہو چکا ہے، یہی اس کا مقامِ عشق ہے، یہی اس کا دائمی ٹھکانہ ہے۔ جیسا کہ اس نے خود کہا:

قدم ز خطۂ کشمیر بر نمیدارم

مقیم مرکز عشقم و جای ما اینجاست (٦)

طالب آملی نہ صرف خود کشمیر کی تعریف کو فرض جانتا ہے، بلکہ وہ اس کی توصیف کو اس قدر مؤثر سمجھتا ہے کہ وہ تلخ مزاج اور سخت دل انسان کو بھی نرم و شیریں بنا دیتی ہے۔ اس کے نزدیک کشمیر کا ذکر صرف ایک شاعرانہ انداز نہیں بلکہ ایک روحانی و قلبی ذمہ داری ہے، اسی تناظر میں وہ کہتا ہے:

چــون وصف گــلشــن کشــمیــر کــنـم فــرض اســت

کــه شــویـم ایـن دهــن تــلـخ را بـــه شــکــر و شیــر(۷)

طالب آملی کے نزدیک کشمیر صرف ایک خوبصورت سرزمین نہیں بلکہ وہ جنت سے بھی بڑھ کر ہے۔اسی لیے وہ تصور کرتا ہے کہ اگر جنت کی حوریں بھی کبھی خواب میں کشمیر کی جھلک دیکھ لیں، تو وہ جنت کی نعمتوں سے دل بھر کر کشمیر کی طرف مائل ہو جائیں گی۔ کیونکہ کشمیر کا حسن، اس کی فضا، اس کی کشش اس قدر جاذبیت رکھتی ہے کہ وہ بہشت کی لذتوں کو بھی پسِ پشت ڈال سکتا ہے۔ طالب کے نزدیک کشمیر جنت کا ایک نمونہ نہیں بلکہ اس سے بھی اعلیٰ و افضل مقام رکھتا ہے۔ وہ کشمیر کو نہ صرف دنیاوی جنت سمجھتا ہے بلکہ روحانی و عشقیہ طور پر بھی ایسی سرزمین مانتا ہے جو دلوں کو مسحور کر دیتی ہے، اور جس کی یاد خود حوروں کو بھی جنت چھوڑنے پر آمادہ کر سکتی ہے۔

گــر ایـــن نـــمـــونـــه جــنـــت بــخــواب بیــنــد حــور

دلـــــش ز لـــذت سیــــر بهشـــت گــــردد سیــــر(۸)

اگرچہ طالب آملی نے بیشتر اشعار میں کشمیر کی تعریف و توصیف کو جنت سے بڑھ کر بیان کیا ہے، لیکن وہ کشمیر کی دشوار راہوں، پہاڑی راستوں اور مشکل گذرگاہوں کا بھی ذکر کرتا ہے۔مگر یہ دشواری اس کے عشق و محبت میں حائل نہیں ہوتی، کیونکہ اس کی محبت شہنشاہ جہانگیر سے وابستہ ہے، اور اسی محبت کے سہارے وہ ان مشکل راہوں کو بھی خوشی سے طے کرتا ہے۔ طالب کے نزدیک، جب منزل محبوب سے وابستہ ہو تو راستے کی سختی کوئی معنی نہیں رکھتی۔ جیسا کہ وہ ایک شعر میں اس مضمون کو یوں بیان کرتا ہے:

شـــــد آســــــــان طـــــی ره دشـــوار کشـــمیـــــــر

بــــــاقبـــــال شهــــنشــــاه جهـــــانـــگیــــر(۹)

مختصراً یہ کہا جا سکتا ہے کہ طالب آملی فارسی زبان کے اُن ممتاز شعرا میں سے ہیں جنہوں نے عرفی، نظیری، کلیم اور دیگر مغلیہ دور کے شعرا کی طرح کشمیر کو نہ صرف دیکھا بلکہ دل سے محسوس بھی کیا اور اس کی خوبصورتی کو اپنی شاعری میں سمو دیا۔ اُن کی شاعری صرف کشمیر کی مناظرِ فطرت کا بیان نہیں، بلکہ ان کے ذاتی جذبات، محبت، اور اس خطے سے وابستگی کا بھی بھرپور اظہار ہے۔ یہاں پیش کیے گئے اشعار اور تشریحات طالب آملی کے کشمیر سے متعلق صرف ایک مختصر مثال ہیں۔ یہ موضوع تحقیق کے لیے نہایت وسیع اور پُر مایہ میدان رکھتا ہے۔ اگرچہ کشمیر میں اس موضوع پر کئی اہم کام ہو چکے ہیں، لیکن اب بھی کئی پہلو ایسے ہیں جو مزید تحقیق اور توجہ کے طالب ہیں، خاص طور پر اُن فارسی شعرا کے موازناتی مطالعے کے ضمن میں جنہوں نے کشمیر کو اپنی شاعری کا موضوع بنایا ہے۔

حواشی:

(۱) استشمام ادب، ص:88

(۲)دیوان حافظ،ص:316

(۳) کلیات طالب آملی،ص:608

(۴) کلیات طالب آملی،ص:608

(۵)کلیات طالب آملی،ص:387

(۶)کلیات طالب آملی،ص:387

(۷)بزمی تیموریہ،جلد دوم. ص:91

(۸)بزمی تیموریہ،جلد دوم. ص:91

(۹)(۸)بزمی تیموریہ،جلد دوم. ص:90

کتابیات:

(۱)بزم تیموریہ،سید صباح الدین عبدالرحمٰن ،معارف،اعظم گڑھ،1973

(۲)تذکرہ شعراے پنجاب،خواجہ عبدالرشید،اقبال اکادمی، پاکستان،1981

(۳)دیوان حافظ،انتشارات اتلیۂ ہنر،1288

(۴)کلیات اشعار ملک الشعرا طالب آملی، باہتمام وتصحیح وتحشیہ؛ طاہری شہاب،انتشارات کتابخانہ سنائی،تہران،ایران

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

محمد اقبال بابا*

فارسی زبان وادب کی پیشرفت میں شاہ میری سلاطین کا کردار

وادی گُل پوش (کشمیر) کوھای فلک بوس کے درمیان، ہندوستان کے شمال میں واقع ہے۔اس کے مشرق میں چین، شمال مغرب میں پاکستان وافغانستان اور جنوب میں ہندوستان واقع ہے۔وادئ کشمیر سطح سمندر سے ۱۵۸۵ تا ۲۴۳۹ میٹر کی بلندی پر واقع ہے۔کشمیر کی آب وہوا معتدل اور بہت ہی خوشگوار ہے۔ بقول عرفی شیرازیؔ

هر سوخته جانی که به کشمیر در آید گر مرغ کباب است با بال و پر در آید

کشمیر جنت نظیر فی الحقیقت وادئ فردوس ہے۔اس کی ہر شے کو محبت اور حسن نے نکھارا ہے۔اس کی ہر خوبصورت چیز عاشق زار بنی نظر آتی ہے۔محبت، حسن اور عشق سے یہاں کا ذرہ ذرہ تابان، گلی گلی قدم قدم، حسن وعشق اور محبت کے جلوے نگاہوں کو خیرہ کرتے ہیں۔قدرت نے اپنے حسن و جمال کی ساری چاندنی کشمیر کے سُرخ چہرے پر بکھیر رکھی ہے۔اس جنت ارض مکینوں کے سڈول جسم، نرگسی آنکھیں، دمکتی پیشانیاں، گلاب جیسے شاداب چہرے اور سرو کی طرح ابھرتے قد اس حقیقت کے شاہد ہیں۔کہ وہ آج نہیں بلکہ ازل سے ہی حسن حقیقی کے ترجمان ہیں۔کشمیر کے دلکش آبشار، چشمہ ہا، جو یہای روان اور صاف وشفاف دریا یہاں کی رونق کو دوبالا کرتے ہیں۔مناظر کی زیبائی اور لطافت ہوا، شادابی وفراوانی گُل وگلزار اور باغوں کی کثرت جمال پرستان اور جہانگردان کی توجہ اپنی اور پھیر لیتے ہیں۔نور الدین جہانگیر بن اکبر شاہ گورکانی ہند سنہ ۱۰۱۴ھ-سنہ ۱۰۳۷ھ سترہ بار کشمیر کو دیکھنے آئے۔وہ کشمیر کی خوبصورتی کے بارے میں "توزک جہانگری" میں یوں رقم طراز ہے۔

"کشمیر باغی است همیشه بهار با قلعه ای است آهین حصار ،پادشاهان را گلشنی است عشرت افزأ،درویشان را خلوتکده ای است دلگشا، چمنهای خوش و آبشار های دلکش از شرح و بیان افزون، آب روان و چشمه سارها از حساب و شمار بیرون،چندان که نظر کار کند سبزه است و آب روان، گل سرخ بنفشه و نرگس خود رو صحرا صحرا، انواع گلها و اقسام ریاحین از آن بیشتر است که به شمار در آید۔و بهار جان نگار، کوه و دشت از اقسام شکوفه مالا مال، در و دیوار و صحن و بام خانه ها، از مشعل لاله بزم افروز"

کشمیر کے لوگوں کی زبان کشمیری ہے۔اس زبان پر فارسی کا اس قدر اثر ہے، کہ تقریباً اسی فی صد الفاظ فارسی کے اس میں وارد ہوئے ہیں۔کشمیر میں فارسی چھٹی صدی ہجری کے اوایل میں کاروان مبلیغان اسلامی، جو ایران کے گونا گوں

MOHAMMAD IQBAL BABA
GURU NANAK DEV UNIVERSITY, AMRITSAR, PUNJAB

Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

انواح سے تبلیغات دینی کے واسطے آئے تھے۔ کشمیر میں اسلامی حکومت آٹھویں صدی ہجری میں استقرار پائی تھی۔ بادشاہٗ کشمیرلہاچن رگیال بورین چن موسوم بہ رنچن ۷۲۵ھ میں ایک ایرانی مبلغ سید شرف الدین عبدالرحمٰن موسوم بہ بلبل شاہ کے ہاتھوں مشرف بہ اسلام ہوئے۔ جبکہ وہ پہلے ایک بودائی تھا۔قبول اسلام کے بعد انھوں نے اپنا نام سلطان صدر الدین رکھا۔ بعدازین آپ کے خانوادہ کے ساتھ ساتھ دس ہزار سپاہیان اور دوسرے ارباب اقتدار نے بھی اسلام قبول کیا۔تو کہا جاسکتا ہے کہ سلطان صدرالدین اولین پادشاہ کشمیر تھا، اور سید شرف الدین عبدالرحمٰن بلبل شاہ پہلے ایرانی مبلغ تھے۔ جو اپنے مرشد کے حکم سے تبلیغات دینی اور اشاعت اسلام کی خاطر وارد گل پوش ہوئے تھے۔ وہ دراصل اہل خراسان تھے۔ بادشاہٗ کشمیر جو بلبل شاہ کے دست پاک سے مسلمان ہوا تھا، نے ۷۲۵ تا ۷۲۶ھ اپنے محل کے پہلو میں ایک خانقاہ اور مسجد تعمیر کرائی تھی۔ خانقاہ کے نزدیک ہی ایک لنگر کی بنیاد بھی ڈالی گئی تھی۔ شہر سرینگر میں آج بھی محلّہ بلبل لنکر معروف ہے۔ چناچہ فارسی کا یہی لفظ یعنی لنکر پھر معمولی تبدیلی کے ساتھ کشمیری کا لنگر بن گیا۔ یہی متذکرہ خانقاہ اور مسجد شریف کشمیر میں اولین علمی اور دینی تربیت گاہ شمار ہوتے ہیں۔ یہاں کے تشنگان علم نے ان سرچشمۂ علوم وادبیات اور فرہنگ ایران سے کافی فیض حاصل کیا۔ بلاشبہ کشمیر میں دین اسلام نے فارسی زبان میں ہی بہار دیکھی ہے۔اس حوالے سے فارسی کشمیریوں کے لئے مذہبی زبان بن گئی اور لوگ اس شرین زبان کے ساتھ کافی دلچسپی لینے لگے۔ سید شرف الدین جو ایرانی سادات کی ایک جماعت کے ساتھ سال ۷۲۵ھ میں تبلیغات اسلامی کے لئے کشمیر میں تشریف آور ہوئے تھے۔ سال ۷۲۷ھ میں وفات کر گئے۔

کشمیر کا پہلا مسلمان بادشاہ سلطان صدرالدین سال ۷۲۸ھ میں رحلت کر گئے۔ ان کی وفات کے بعد کشمیر بدنظمی کا شکار ہو گیا۔ چنانکہ اس وقت ان کا بیٹا شریف حیدر خان سن بلوغ کو نہ پہنچا تھا۔ لہذا مجبوراً تخت شاہی اس کی بیوی کوتہ رانی (کوٹہ رانی) اور بعد میں ادین دیو کے ہاتھ آ گیا۔ ان کی حکومت سال ۷۲۸ھ سے ۷۴۲ھ تک چلی۔ اس دوران سیاسی بدحالی اور سقوط کا شکار رہا۔ کیونکہ وہ مملکت داری اور رعیت پروری سے بے خبر تھے۔ انکی نااہلی اور ناعاقبت اندیشی کے سبب کشمیر نے سیاسی لحاظ سے ایک برے دور کو جھیلا ہے۔ آخر کار لوگ ان کے ظلم و جبر سے تنگ آ کر ان سے نفرت کرنے لگے، اور شمس الدین شاہمیر جو ایک اعلیٰ پایہ کا سردار تھا، کی پشت پناہی کرنے لگے۔ شاہمیر نے بھی بڑی ہوش مندی سے کچھ ارباب اقتدار کو اپنے ساتھ ملا کر سال ۷۴۲ھ میں باضابطہ طور عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لے لی۔

سلطان شمس الدین شاہمیر کشمیر میں خانوادۂ شاہمیریان کا بانی ہے۔ اس خاندان نے کشمیر پر تقریباً دوسوبیس سال تک حکومت کی۔ سال ۷۴۲ھ سے لے کر ۹۶۲ھ تک اس خاندان کے انیس حکمرانوں نے پشت در پشت حکومت کی۔ ان کی دورحکومت میں کشمیر فارسی زبان وادب کی ترقی اور پیشرفت کا عہد شمار کیا جاتا ہے۔ اس دور میں ایران اور کشمیر کے فرہنگی روابط کافی استوار ہوئے تھے۔ شاہمیری سلاطین نے کشمیر کو نہ صرف سیاسی استحکام بخشا ہے۔ بلکہ کافی حد تک ایرانی فرہنگ و ادب کو یہاں رواج دیا ہے۔ اس عہد میں کشمیر علم وادب کا گہوارہ ہونے کے ساتھ ساتھ، وسط ایشیأ سے آئے ہوئے بہت سارے علماء، فضلاء، صوفیان، شعراء، فقہاء اور ہنرمندان کی منزلگاہ بھی تھی۔ سلاطین کشمیر قلب عمیق سے ان کا استقبال کرتے تھے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ادبیات وشعر فارسی کا ایک بڑا ذخیرہ معرض وجود میں آ گیا۔ کشمیر ملک میں ایک بڑے اور اہم فارسی

ادب وفرہنگ کا مرکز شمار ہونے لگا۔

سلطان قطب الدین کے دور حکومت ۷۸۰ھ-۷۹۱ھ میں ایک بزرگترین ایرانی مبلغ حضرت سید علی ہمدانی وارد کشمیر ہوئے۔ جو کشمیر میں شاہمدان، علی ثانی اور امیر کبیر کے نام سے بھی کافی مشہور ہے۔ تاریخ نویسوں کے بقول شاہ ہمدان جہاں کے گوناگوں نقاط کی مسافرت کے بعد نشر واشاعت اسلام ورشد وارشاد کی خاطر تین مرتبہ کشمیر آئے۔ اکثر مورخان کی روایت کے مطابق ان کے ساتھ سات سوسادات، جن میں علماء، فضلاء اور فقہای ایرانی برای ترویج دین ومعارف اسلامی کے لئے کشمیر آئے۔

اس مرد حق اور عارف بزرگ نے زبان وفرہنگ، تمدن اور ہنرہای خوبصورت ایران کو سرزمین کشمیر میں متعارف کر دیا، یہاں تک کہ کشمیر "ایران صغیر" کے نام سے موسوم ہوگیا۔ اقبال لاہوریؔ اس مرد کامل اور ایرانی تہذیب وتمدن کے بارے میں یوں لکھتے ہے۔

سید السادات، سالار عجم	دست او معمار تقدیر امم
تا غزالی درس الله هو گرفت	ذکر و فکر از دو دمان او گرفت
مرشد آن کشور مینو نظیر	میر و درویش و سلاطین را مشیر
خط راآن شاه دریا آستین	داد علم و صنعت و تهذیب و دین
آفرید آن مرد ایران صغیر	با هنرهای غریب و دل پذیر
يك نگاه او گشاید صد گره	خیزد تیرش را به دل راهی بده

حضرت شاہ ہمدان اپنے زمانے کے بہت ہی بلند پایہ قلم کار تھے۔ آپ علم فقۂ، حدیث، لغت اور شعر کے استاد تھے۔ وہ نثر نگاری میں بھی خاصی مہارت رکھتے تھے۔ مورخین نے ان کے تصانیف کی تعداد ایک سو سے زیادہ لکھا ہیں۔ فقہ، سیاست، تصوف وعرفان، حکمت اور شعر واخلاق جیسے اہم موضوعات پر تحریر کردہ یہ تصانیف فارسی اور عربی میں دنیا کے مختلف کتابخانوں میں موجود ہیں۔ "ذخیرۃ الملوک" سیاست کے بارے میں لکھی گئی ہے۔ جو امام غزالیؔ کی تصنیف "نصیحہ الملوک" کی تقلید میں تحریر ہوئی ہے۔ آپ کے مناجات پیر ہرات خواجہ عبداللہ انصاریؔ کی تقلید میں لکھے گئے ہیں۔ شاہ ہمدان سن ۷۸۶ھ میں بہتر (۷۲) سال کی عمر میں پاخلی کے مقام پر وفات پاگئے۔ آپ کو کولاب (تاجیکستان) میں مدفن کیا گیا۔

اس طرح کشمیر پورے ہند میں ایک ایسی جگہ تھی، کہ جہاں دین اسلام کی ترویج وگسترش فارسی میں انجام پائی۔ چونکہ ایران اور وسط ایشیأ سے آئے ہوئے مبلیغان اسلامی کی زبان فارسی تھی۔ اس طرح تبلیغ کا کام فارسی میں ہی انجام دیتے تھے۔ لیکن کشمیری لوگ فارسی زبان وادب سے ناآشنا تھے۔ لہذا فطری طور سے ایرانی مبلیغان اور کشمیریوں کے درمیان نارسائی ابلاغ (کمنیکیشن گیپ) پیدا ہوگیا۔ جس کی وجہ دعوت اسلام میں مشکلات حائل ہوگئی۔ حالانکہ ان مشکلات کے ازالے کے لئے علمی ودینی مدارس کھولے گئے۔ جہاں پہ اہل کشمیر علوم ومعارف اسلامی اور زبان وادبیات فارسی اور ایرانی

فرہنگ وتمدن سے فیض یاب ہوگئے۔سلطان نے میر سید علی ہمدانی کی اقامت کا انتظام علاءالدین پورہ میں رکھا تھا۔سلطان اپنے رفقاء کے ساتھ اسی جگہ پر نماز پنجگانہ ادا کرتا تھا۔سلطان سکندر ۷۹۱ھ-۸۱۶ھ کے دورحکومت میں وہاں پر ایک خانقاہ تعمیر کیا گیا۔آج یہ خانقاہ معلیٰ کے نام سے معروف ہے۔فارسی ادب وفرہنگ اور معارف اسلامی کی توسیع میں خانقاہ مزبور کافی اہمیت کا حامل ہے۔

سلطان قطب الدین نے سرینگر کے نزدیک ایک نیا شہر قطب الدین پورہ تعمیر کرایا، جو بعد میں مرکز اہل فضل و دانش بن گیا۔اسی شہر میں سلطان نے پہلا مدرسۂ اسلامی بہ نام دارالعلوم بنوایا تھا۔جو طالبان علم کے لئے مرکز تعلیم وتربیت و آموزش قرار پایا۔علماء اور استادوں کی ایک اچھی خاصی تعداد اس سرچشمۂ علم سے بہرہ ور ہوئے ہیں۔ان میں سے ملا جمال الدین محدث بھی ہے۔جو شاہ ہمدان کے ساتھ کشمیر آئے تھے۔وہ علم حدیث میں کافی مہارت رکھتے تھے۔انھوں نے سرینگر میں عروۃ الوثقیٰ کے نام سے ایک مدرسہ تعمیر کروایا تھا۔یہ مدرسہ صدیوں تک ایک اہم تربیت گاہ اور منبع فیض تھا۔اس مدرسہ کے کھنڈرات آج بھی کوچہ عشائی میں دیکھے جا سکتے ہیں۔سرینگر میں محلّہ آروٹ بہت مشہور ہے،اور آروٹ وہی عروۃ الوثقیٰ کا تبدیل شدہ نام ہے۔

بہرحال کشمیر کے ذی الشعور طبقہ نے فارسی سیکھ لی اور بہت کم وقت میں اتنی مہارت حاصل کی کہ بہ آسانی فارسی میں بات کرتے تھے۔شعر کہتے تھے۔ملا احمد کشمیری نے ''فتاوی شہابی'' لکھی ہے۔جو سلطان شہاب الدین کے نام منسوب ہے۔دانش مند وطبیب شہاب الدین ابن عبدالکریم نے ''شفاء الامراض'' لکھ کر فارسی زبان وفرہنگ کی ایک بڑی خدمت انجام دی۔اس کتاب کو سن ۷۹۰ھ میں لکھا گیا تھا۔

بہ فضل خداوند و سعی شهاب	مرتب شد ابواب هذاالکتاب
ز هفت صد زیاده نود سال بود	دهم روز از ماه شوال بود

میر سید علی ہمدانی کے ساتھ آئے ہوئے علماء وفضلاء کی اچھی خاصی تعداد نے دیہات میں جا کر فارسی زبان وعلوم کی نشر واشاعت کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیا۔جس میں تاج الدین سمنانی،سید حسین سمنانی،پیر حاجی محمد قادری،سید محمد کاظم،شیخ قوام الدین بدخشی،سید محمد قریش،جلال الدین عطائی،مولانا جمال الدین محدث،رکن الدین،فخر الدین،کمال الدین،بہاء الدین وغیرہ کا نام قابل ذکر ہے۔سلطان قطب الدین کے دور میں پیر حاجی محمد قادری نے ایک سرکاری دارالعلوم قائم کیا تھا۔پیر حاجی حافظ قرآن تھے،اور پورے سات قرآت میں مہارت رکھتے تھے۔وہ شعر وشاعری میں بھی کافی دلچسپی لیتے تھے۔ان کا ایک شعر درج کیا جاتا ہے۔

زین جهان رفتیم و دل برداشتیم	ما جهان باز را جهان بگذاشتیم
ایمنی جستیم از دست اجل	وا دریغا ما غلط پنداشتیم

سید محمد کاظم کو سرکاری کتاب خانہ کا کتابدار مقرر کیا گیا تھا۔یہ کتابخانہ خانقاہ معلیٰ کے احاطہ میں واقع تھا۔شاہ ہمدان فارسی کتابوں کی ایک اچھی خاصی تعداد ایران سے کشمیر لائے تھے۔ان کی کچھ اپنی تصانیف بھی اس کتابخانہ کی زینت

تھی۔کمال الدین جو کہ عالم و فاضل تھا۔فارسی اور عربی میں اچھی مہارت رکھتا تھا۔وہ صاحب کشف وکرامات بھی تھے۔وہ جس محلّہ میں سکونت پزیر تھے، وفات کے بعد وہی دفن کئے گئے۔اور بعد میں وہ محلّہ ان کے نام پر رکھا گیا۔کمال الدین ،سلطان اور انکی اہل خانہ کی تربیت کے لئے مقرر تھا۔سید محمد قریشی علاقہ پیچ بہارہ کے لوگوں کی تربیت کے لئے مقرر تھا۔مولانا جمال الدین کشمیر کے لوگوں کی تعلیم و آداب دین کی تربیت پر فائز تھے۔تاج الدین سمنانی اور حسین سمنانی جو آپس میں بھائی تھے۔ان کو علاقہ کولگام کی لوگوں کی تربیت کے لئے مقرر کیا گیا تھا۔

سید علی ہمدانی کے صاحب زادے سید محمد ہمدانی جو سلطان سکندر ۷۹۱ھ-۸۱۶ھ کے دور حکومت میں بائیس سال کی عمر میں چھ سو علماء،فضلاء اور فقہا کے ساتھ وارد کشمیر ہوئے۔سید محمد ہمدانی کا شمار اعلیٰ پایہ مصنفوں میں ہوتا ہے۔انھوں نے سلطان سکندر کے لئے کتاب ''شرح شمسیہ'' لکھی۔جو علم منطق کے بارے میں ہے۔انکی دیگر تصنیفات میں ایک رسالہ بھی موجود ہے۔جو تصوف کے موضوع پر لکھی گئی ہے۔اور سلطان سکندر کے نام منسوب کی گئی تھی۔میر محمد ہمدانی کشمیر میں بارہ سال تک دینی تبلیغات میں مشغول رہا۔زبان وفرہنگ ایرانی کی ترقی میں انھوں نے اور ان کے دیگر رفقاء نے فعال نقوش چھوڑے ہیں۔

ان کے ساتھوں میں ایک مولانا احمد بن محمود بن کمال الدین السامانی ہے۔جس نے سلطان سکندر کے نام ایک کتاب لکھی تھی۔جس کا نام ''تنویر السراج'' ہے اور یہ فقہ کے موضوع پر لکھی گئی ہے۔سلطان سکندر کے دربار کا ایک فارسی گو شاعر ملہ احمد علامہ ہے۔بقول مصنف ''واقعات کشمیر'' علامہ نے سلطان کی وفات پر ایک مرثیہ لکھا ہے۔

کجا ست شاہ سکندر کجا ست میدانش   در انتظار ہلا کند گوی چو گانش
عجب کہ دیدہ شود گل شگفتہ در گلزار   عجب کہ کبك خرامد بہ ناز در کہسار
عجب کہ باغ نجندد چو مردم غافل   عجب کہ فلك کہ باغ نگرید بہ سان ابر بہار
بہ آب دیدہ بشوییدای مسلمانان   زمین روضئہ شہ را برای استظہار

سلطان سکندر کی وفات کے بارے میں ان کے چند اشعار اس طرح سے ہیں۔

زہمجو شاہ دل ہر کہ ہست پر خون است   جگر ز درد کباب است و دیدہ جیحون است
خدای داند و شاہ جہان و روح شریف   کہ حالت دل درویش بینوا چون است
ز دست دیدہ و دل خون ہمی خورم لیکن   میان دیدہ و دل نیز دعوی خون است

محمود بیہقی تخلص بہ درویش سلطان سکندر کے دربار کا شاعر تھا۔وہ صاحب دیوان شاعر تھا۔انھوں نے سلطان کی مدح میں قصائد بھی لکھے ہیں۔حالانکہ آج تک ان کا دیوان ناپید ہے۔درویش نے سلطان کی وفات پر مرثیہ بھی لکھا ہے۔جو''بہارستان شاہی''میں اس طرح درج ہے۔

فراق شاہ سکندر مرا بہ جان آورد   نہ آن چنان کہ چنان بر زبان توان آورد
خیال عارض او گر نہ آب حیوان بود   چرا بہ دیدۂ من حکم جاودان آورد

Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

ز بار فرقت او مختی که در دل ما است   ز صد یکی نتوانم که بر زبان آورد

سلطان سکندر، امیر تیمور گورگانی کا ہمعصر تھا۔ وہ بھی دوسرے شاہمیری حکمرانوں کی طرح فارسی کا دلدادہ تھا۔ ان کا دربار فارسی شعراء اور سخنوران کا گہوارہ تھا۔ یہ وہی زمانہ تھا جب سیہ چشمان کشمیری حافظ شیرازیؔ کے ترانوں پر رقص کرتے تھے۔ سلطان سکندر کے زمانے میں ہی شہر سرینگر میں سال ۷۹۸ھ کو خانقاہ معلیٰ کی بنیاد ڈالی گئی۔ جس نے کشمیر میں بہت دینی وعلمی خدمت انجام دی۔ کہا جاتا ہے کہ جامع مسجد سرینگر کا سنگ بنیاد ان ہی دنوں یعنی ۸۰۱ھ میں دو ایرانی علماء خواجہ صدرالدین خراسانی اور سید محمد لورستانی کے ہاتھوں ڈالا گیا تھا۔

سلطان زین العابدین (۸۲۳ھ-۸۷۴ھ) معروف بہ بڈ شاہ یعنی شاہ کبیر خاندان شاہمیری کا ایک بہت بڑا بادشاہ تھا۔ رعیت پروری کے حوالے سے ان کے جیسا بادشاہ تاریخ کشمیر میں پیدا نہیں ہوا۔ بڈ شاہ امور مملکت اور جہانبانی میں بھی ممتاز تھا۔ شاہزادگی کے ایام میں ان کے والد بزرگوار سلطان سکندر نے ان کو تحائف کے ساتھ امیر تیمور کے دربار میں بھیجا تھا۔ امیر تیمور ان کو سمرقند لے آئے اور قید کرلیا۔ امیر تیمور کی وفات کے بعد زین العابدین نے رہائی پائی۔ اس کے بعد انھوں نے سمرقند میں سات سال گذارے۔ اور گوناگون علوم کی تحصیل کی۔ واپسی پر انھوں نے کاریگروں کی ایک اچھی خاصی تعداد کشمیر لائی۔ جن میں شعراء، شال باف، کاغذ ساز، چوب کار، خطاط، صحاف، قالی باف، مہرکن، حکاک، زرگر، زین ساز اور قابلہ قابل ذکر ہیں۔ ''واقعات کشمیر'' میں یوں درج ہے۔

”سلطان به حسن نیت و اهتمام تمام۔۔۔به ترویج ارباب هنر پرداخت و صنعائعی که در آن وقت در این شهر نبود کتب دینیه عربی و فارسی از ولایت ایران وتوران خصوصاً خراسان که به کشمیر نزدیکتر بود به جد و اهتمام فراوان طلبید و ارباب حر فه را از مجلد و مشرز (کذافی الاصل) و کاغذ گروغیرهم که از ولایت خود آورده بود وجه مدد معاش داد به به حرفه خود سر گرم داشت۔۔۔۔۔ در ترویج علوم و اعزاز علماء و فضلاء بلغا و اهل حرفه و رعیت پروری به ابلغ و جوه کو شش می نمود۔“

سلطان زین العابدین سخن شناس اور سخن پرداز بھی تھے۔ شعر وسخن سے ان کو کافی لگاو تھا۔ وہ فارسی، کشمیری اور ہندی میں شعر کہتے تھے۔ شاعری میں وہ قطب تخلص کرتے تھے۔ ان کا نمونہ کلام پیش ہے۔

ا ی به گرد شمع رویت عالمی پروانه ای   وز لب شیرین تو شوری ست در هر خانه ای

ماه من گری توانی رحم کن بربیدلان   کز تو ماند این حکا یت در جهاں افسانه ای

من به چندین آشنائی می خورم خون جگر   آشنا را حال این است وای بربیگانه ای

گشته ام دیوانه و جائی ندارد خانه ام   شب به کوی یار باشم روز در ویرانه ای

قطب مسکین گر گناهی می کندعیش مکن   عیب نبود گر گناهی می کند دیوانه ای

سلطان زین العابدین ایک عالم تھےاور عالموں کی صحبت کو پسند کرتا تھا۔وہ مشاعروں میں بھی شریک ہوتے تھے۔ اورشعراءکوانعام واکرام سے بھی نوازتے تھے۔بقول چند مورخین بڈشاہ دوکتابوں کے مصنف بھی ہے۔ایک کا نام''شکایات'' جو دنیا کی بے ثباتی کے بارے میں لکھی گئی ہے۔اس میں ان کے اولادوں کی خیانت کاری، بدبینی وبداندیشی کا بھی ذکر ہے۔ جوتخت شاہی کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ جنگ کرتے تھے۔بڈشاہ کی دوسری تصنیف کا موضوع آتش بازی ہے۔اس کتاب کوانھوں نے امیر آتش حبیب کے ساتھ مکالمہ کی صورت میں لکھا ہے۔

سلطان زین العابدین کشمیر کے پہلے ایسے بادشاہ ہے،جنھوں نے اپنے دربار میں شیخ الاسلام اور ملک الشعرائی کا منصب دایئر کیا تھا۔مولانا کبیر کوشیخ الاسلام اور ملا احمد کشمیری کو ملک الشعرائی کے منصب پر فایئز کیا تھا۔بڈشاہ کے زمانے تک کشمیر کی رسمی زبان سانسکرت تھی۔لیکن ان کے دورحکومت میں فارسی نے کافی ترقی کی۔یہاں تک کہ آہستہ آہستہ فارسی نے سانسکرت کی جگہ لے لی۔اور فارسی کشمیر کی سرکاری زبان بن گئی۔سلطان نے فارسی کی گسترش وپھیلاو کی خاطر اپنے درالخلافہ نوشہرہ سرینگر میں ایک بڑا دارالترجمہ قائم کیا تھا۔''رامائن'' جو رام کی سرگذشت پر مبنی کتاب ہے اور''مہابھارت'' جس کا موضوع مذہبی رزم آرائی ہے۔ان دونوں کتابوں کا پہلی بار سانسکرت سے فارسی میں ترجمہ کیا گیا۔ ''کھتا سرت ساگر'' جو اساطیریوں کی قدیم ترین کہانیوں کا مجموعہ ہے۔پہلی بار ملا احمد کشمیریؔ کے ہاتھ سے سانسکرت سے فارسی میں ہوئی۔اس کا فارسی نام''بحرالاسمار'' رکھا گیا۔کشمیر کی قدیم ترین تاریخ اور ایک معروف کتاب''ترنگی راج'' کا بھی ملا احمد کشمیریؔ کی وساطت سے فارسی میں ترجمہ کیا گیا۔جس کا نام''شاہنامہ کشمیر'' رکھا گیا۔

شری وراس دور کا ایک بلند پایہ دانشور تھا۔سنسکرت میں وہ''راجاولی پتا کا وزینہ اور راج ترنگی'' نام کی دوکتابوں کا مصنف ہے۔مولانا عبدالرحمٰن جامیؔ کی نظم کردہ مثنوی''یوسف وزلیخا'' کو سال ۱۵۰۵ میلادی سنسکرت میں بہ نام''کتاکوتیکا'' ترجمہ کیا گیا۔ ملا احمد دارالترجمہ کے فارسی حصے کا مدیر اعلیٰ تھا،جبکہ بودھی بھٹ جواس عہد کے بلند پایہ دانش مندان میں شمار ہوتا تھا بخش سنسکرت کو دیکھتا تھا۔مورخین بودھی بھٹ کے بارے میں لکھتے ہیں، کہ انھوں نے''شاہنامہ فردوسی'' حفظ کیا ہوا تھا۔وہ سلطان کے سامنے''شاہنامہ'' کی داستانوں کوزبانی پیش کرتا تھا۔اس کے علاوہ بودھی علم موسیقی میں بھی مہارت رکھتا تھا۔جس کے بارے میں ان کی ایک تصنیف بھی ہے۔خراسان سے آئے ہوئے ملا عودی اور ملا جمیل دربار کے دوخوش خوان تھے۔جو اپنی خوبصورت اور دلکش آواز میں شعر پڑھا کرتے تھے۔

سلطان زین العابدین کے حکم سے دارالخلافہ کشمیر میں ایک سرکاری مدرسہ کی بنیاد ڈالی گئی تھی۔اس مدرسے میں درس وتدریس کے لئے ایران کے بلندمرتبہ معلمین کو دعوت دی جاتی تھی۔سلطان بیماروں کے علاج ومعالجہ کی خاطر، دور دراز علاقوں سے پزشکان کواس مدرسہ میں بلاتا تھا۔مذکورہ مدرسہ سے وابسطہ ایک مشہور طبیب شری بھٹ تھا۔زمان محمد بن احمد بن یوسف بن الیاس کا نام بھی اس زمانے کے نامورطبیبوں میں قابل ذکر ہے۔انھوں نے طب کے موضوع پر''کفایۂ منصوری'' کے نام سے ایک کتاب لکھی ہے۔جو آج بھی ہندوستان کے مختلف یونیورسٹیز میں طبابت کے سلیبس میں شامل ہے۔یہ کتاب ہندوستان میں چند بار چھپ چکی ہے۔

Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

سلطان زین العابدین کے دربار میں علماء، فضلاء، مفکرین، اور شعراء کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ جن میں ملا احمد کشمیری، محمد امین اویس، مولانا کبیر، ملا پارسا، قاضی حمید الدین، مولانا نادری، ملا ضیائی، ملا مدیحی، ملا احمد رومی، سید محمد مدنی، ملا محمد رومی کا نام قابل ذکر ہیں۔ قاضی حمید الدین اور مولانا نادری، بڈشاہی دربار کے مورخین تھے۔ جو سلطان اور دربار کے روزمرہ واقعات درج کرتے تھے۔ چناچہ درباری زبان فارسی تھی۔ تو کہا جاسکتا ہے، کہ ان دو مورخین کا فارسی کی ترقی اور پیشرفت میں ایک اھم رول ہے۔ قاضی ابراہیم نے اپنے والد قاضی حمید کی پیروی میں ''تاریخ کشمیر'' لکھی ہے۔ ملا نادری کشمیری تاریخ نویسی کے علاوہ شعروسخن کے ساتھ بھی کافی دلچسپی رکھتے تھے۔ ان کا کلام نہایت فصیح وبلیغ ہے۔ شاعری میں ان کی قابلیت اور استعداد کو مدنظر رکھ کر، ملا احمد کشمیری کی وفات کے بعد سلطان نے ان کو ملک الشعرائی کے منصب سے نوازا تھا۔

محمد امین منطقی بیہقی اس دور کے معروف شعراء میں شمار ہوتے ہے۔ وہ صاحب حال شاعر تھا۔ شاعری میں اویسؔ تخلص کرتا تھا۔ اسی مناسبت سے بابا میر اویس کے نام سے بھی جانے جاتے تھے۔ شہر سرینگر میں محلّہ اویسی صاحب انہی کے نام منسوب ہے۔ اسی مقام پر ان کی آرامگاہ بھی ہے۔ ان کے اشعار شیرینی اور چاشنی سے پُر ہیں۔ چناچہ افسوس کا مقام ہے کہ ان کا دیوان گرد فراموشی میں کہیں کھوگیا ہے۔ لیکن منطقی کے بعض اشعار اعظم دیدہ مری نے ''واقعات کشمیر'' میں ثبت کئے ہیں۔

عاشقان همتی که کردم ساز رخت بر بستم از مقام نیاز
عارفان رحمتی ز راه کرم که ندارم به جز شما همراز
واصلان جذبه ای ز عین رضا تا شوم با شما دمی دمساز

☆☆☆

منم آن رند جهان گرد مسیحا نفسی که من این هر دو جهان رانشمارم به خسی
اگر از عشق توام سر برود گوبرود هرگز این سرنهان تو نگویم به کسی

سلطان زین العابدین اور بادشاہ ایران شاہ رخ کے درمیان دوستانہ روابط تھے۔ ''تاریخ کشمیر'' میں درج ہے کہ وہ ایک دوسرے کو مکتوبات اور تحایف ارسال کرتے تھے۔ شاہ رخ نے ایک مرتبہ چھ برگذیدہ علماء کو کچھ نادرونایاب کتابوں کے ساتھ، بحیثیت تحفہ سلطان کے دربار میں میں بھیج دیا تھا۔

سلطان حسن شاہ کے دور ۸۷۷ھ-۸۸۹ھ میں ایران اور کشمیر کے فرہنگی و سیاسی روابط اور استوار ہو گئے تھے۔ حالانکہ حسن شاہ اور خراسان کے بادشاہ سلطان حسین بایقرا ۸۶۲ھ-۹۱۱ھ کے درمیان سرکاری سطح پر ایلچیان اور سفیران کا تبادلہ بھی ہوتا تھا۔ ان ہی دنوں میر شمس الدین عراقی بحیثیت سفیر کشمیر آئے تھے۔ میر شمس الدین عراقی اعلیٰ درجہ کے عالم وفاضل تھے۔ انھوں نے ہی کشمیر میں پہلی بار مسلک تشیع کا پرچار کیا تھا۔ انھوں نے ''رسالہ عقائد اور احوط'' کے نام سے دو کتابیں بھی لکھی ہیں۔ اس دور کی معروف تالیفات میں ایک ''تحفة الاحباب'' ہے۔ اس کے مصنف کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہے۔ یہ کتاب شیعہ عقائد اور میر شمس الدین کی تبلیغات کے متعلق ہے۔ مولانا حافظ بصیر اور قاضی محمد قدسی اس دور کے جید علماء میں شمار ہوتے ہیں۔ یہ دونوں علماء میر شمس الدین عراقی کے پیروکار تھے۔ میر نے سال ۹۱۰ھ میں بمقام محلّہ

جڈی بل سرینگر میں خانقاۂ نور بخشیہ کی بنیاد ڈالی تھی۔خانقاہ کے دروازے پر مولانا کمال کا یہ قطعہ منقش کیا گیا تھا۔

به ترتیب عمارت خانقاه نور بخشیه　　　مرتب شد ز حسن اهتمام مرشد دانا
ولی مقتد اشیخ المشایخ میر شمس الدین　　　که روشن ساخت فیض نور بخش دیده دلها

میرزا حیدر دوغلت کاشغری نے سال ۹۳۹ھ سے ۹۴۸ھ تک دس سال کشمیر پر حکومت کی۔لیکن انھوں نے خطبہ اور سکہ شاہمیری بادشاہ سلطان نازک شاہ کے نام ہی برقرار رکھا تھا۔میرزا دوغلت ''تاریخ رشیدی'' کے مصنف ہے۔اس تاریخ کو انھوں نے سال ۹۴۸ھ میں بمقام کشمیر مکمل کیا تھا۔''تاریخ رشیدی'' بعد میں عبدالرشید خان ولد ابوسعید خان والی کاشغر کے نام منسوب کی گئی تھا۔یہ کتاب تاریخ کشمیر کے اعتبار سے ایک معتبر و مستند ماخذ شمار کی جاتی ہے۔میرزا حیدر دوغلت تاریخ نویسی کے علاوہ شعروشاعری میں بھی کافی دلچسپی رکھتے تھے۔''مآثر الامرا'' میں ان کی یہ رباعی درج ہے۔

عاشق شده را اسیر غم باید بود　　　محنت کش ودردام(اصل : داد) ستم باید بود
یا از سر کوی یار باید بر خاست　　　یه از سگ کوی یار کم باید بود

میرزا حیدر نے کاشغر کے فنون اور دستکاریوں جیسے معماری، نقاشی، خطاطی، چوب کاری اور موسیقی کو کشمیر میں رواج دے کر، ان میں ایک نئی روح پھونک دی۔آخر کار سال ۹۵۷ھ میں میرزا دوغلت کا کشمیر میں قتل ہو گیا۔

شاہمیری دور کے آخری ایام میں فارسی کے دو بڑے معلم پیدا ہو گئے۔ان کے نام مولانا رضی الدین اور مولانا محمد آنی ہے۔انھوں نے فارسی کی ترقی اور ترویج کے لئے کافی کام کیا۔مولانا رضی الدین دارالعلوم قطب الدین میں سرگرم تعلیم و تربیت رہتے تھے۔کشمیر کے بہت سارے علماء ان کے علم سے فیض یاب ہوئے ہیں۔ملا آنی ایران کے مشہور شاعر عبدالرحمٰن جامؔی کا شاگرد تھا۔وہ فارسی نظم و نثر میں کافی مہارت رکھتا تھا۔ان کا ایک شعر درج کیا جاتا ہے۔

عرق نشسته ز بندم رخ نکوی تورا
زمن مرنج که می خواهم آبروی تورا

کتابیات

۱۔اکبرنامہ، ابوالفضل، الہ آباد یوپی، ۱۸۷۷ء
۲۔آئین اکبری، ابوالفضل، الہ آباد یوپی، ۱۹۲۲ء
۳۔اشجار الخلد، محمد اعظم دیدمری، مخطوط نمبر ۷۸۳ کتب خانہ مخطوطات کشمیر یونیورسٹی
۴۔باغ سلیمان، سعداللہ شاہ آبادی، مخطوط نمبر ۱۵ کتب خانہ مخطوطات کشمیر یونیورسٹی
۵۔بہارستان شاہی، نامعلوم، مخطوط نمبر ۲۴، ۶۹۱ کتب خانہ مخطوطات کشمیر یونیورسٹی
۶۔بہار گلشن کشمیر، پنڈت برج کشن کول، آلہ آباد ۱۹۳۱ء
۷۔پارسی سرایان کشمیر (اردو ترجمہ)، پرویز احمد و محمد اقبال بابا، کتاب محل پبلیشرز، سری نگر ۲۰۱۵ء
۸۔تاریخ سید علی، سید علی ماگرے، مخطوط نمبر ۷۳۹ کتب خانہ مخطوطات کشمیر یونیورسٹی
۹۔تاریخ بڈشاہی، محمد الدین فوق، گلشن پبلشرز، سری نگر ۱۹۹۰ء

۱۰۔ تاریخ حسن، پیر حسن شاہ کھویہامی، ریسرچ اینڈ پبلیشنگ ھاوس، سری نگر ۱۹۶۰ء
۱۱۔ تاریخ فرشتہ، (اردو ترجمہ) خواجہ عبدالحی ،مکتب ملت، یوپی ، ۲۰۰۴ء
۱۲۔ تاریخ کشمیر، حیدر ملک چاڈورہ، نسخہ خطی
۱۳۔ تزک جہانگیری، جہانگیر گورگانی، نول کشور، نئ دہلی ۱۹۷۱ء
۱۴۔ تذکرہ شعرای کشمیری پنڈتان، بہار گلشن کشمیر، جگ موہن رائے رینہ شوق، سری نگر
۱۵۔ جغرافیہ جموں و کشمیر (اردو ترجمہ)، کلہن پنڈت، گلشن پبلیشرز، سری نگر ۱۹۹۰ء
۱۶۔ رنچن سے رنجیت تک، م م مسعودی، میڈیا پبلیشرز، سری نگر ۱۹۹۳ء
۱۷۔ کشمیر، صوفی محمد الدین، سری نگر ۱۹۹۲ء
۱۸۔ کشمیر میں اشاعت اسلام، محمد اسحاق خان، گلشن پبلیشر سرینگر، ۲۰۰۲ء
۱۹۔ کشمیر کے فارسی ادب کی تاریخ، م م مسعودی، میڈیا پبلیشرز، سری نگر ۱۹۹۳ء
۲۰۔ کشمیر میں فارسی شاعری ابتداء وارتقاء، پروفیسر ڈاکٹر سیدہ رقیہ، شالیمار آرٹ پریس، سری نگر ۲۰۰۴ء
۲۱۔ کشمیر میں فارسی ادب کی تاریخ، پروفیسر عبدالقادر سروری، حیدرآباد ۱۹۶۸ء
۲۲۔ کشمیر کے فارسی شعراء، ڈاکٹر محمد صدیق نیازمند، اویس وقاص پبلیشنگ ھاوس، سری نگر ۱۹۹۶ء
۲۳۔ مآثرالامرا، نواب صمصام الدولہ شہنواز خان، انتشارات ایشیاٹک سوسایٹی آف بنگال کلکتہ ۱۸۸۸م
۲۴۔ منتخب التواریخ، بدایونی، دھلی، ۱۹۷۵ء
۲۵۔ نگارستان کشمیر، قاضی ظہور، سرینگر، ۲۰۰۲ء
۲۶۔ واقعات کشمیر، اعظم دیدمری، ریسرچ اینڈ پبلیشنگ ھاوس، سری نگر ۲۰۰۱ء

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

محفوظ احمد پوسوال*

حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ محبوب الٰہی: بحیثیت جلیل القدر صوفی

نام ونسب اورابتدائی زندگی:

اسم گرامی محمد ہے۔ اور متعدد القاب سے یاد کئے جاتے ہیں جن میں محبوب الٰہی، سلطان الاولیاء، سلطان المشائخ سلطان السلاطین زیادہ مشہور ہیں۔ حضرت شیخ کا خاندان بخارا سے ہجرت کر کے لاہور آیا۔ پھر وہاں سے بدایوں میں سکونت پذیر ہوا۔ آپ کا خاندان سادات کا مشہور ومقتدد خاندان تھا آپ کے والد ماجد کا اسم گرامی سید احمد اور دادا کا نام سید علی تھا۔ سلسلہ نسب پندرہ راسطوں سے حضرت علی کرم اللہ وجہ سے مل جاتا ہے۔ ماہ صفر ۲۳۴ھ/۶۳۴ھ میں شہر بدایوں میں آپ کی ولادت باسعادت ہوئی۔ اخلاق حسین دہلوی لکھتے ہیں کہ حضرت محبوب الٰہیؒ صفر کے مہینے میں آخری بدھ کے دن پیدا ہوئے۔ خواجہ محمد آپ کا نام رکھا گیا۔ اور نظام الدین آپ کا لقب ہوا۔ آپ کی والدہ ماجدہ پیار سے آپ کو نظام کہا کرتی تھیں۔[۱]

حضرت محبوب الٰہی کی عمر ابھی پانچ سال کی تھی کہ والد ماجد کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ اس لئے فرزند عزیز کی ساری ذمہ داری آپ کی والدہ ماجدہ سیدہ زلیخا کے سر آن پڑی۔ سیدہ زلیخا بڑی عابدہ وزاہدہ تھیں آپکی کرامات وبزرگی کے واقعات تذکرہ نویسوں نے لکھے ہیں۔ غرضیکہ اس صاحب کرامت وعابدہ خاتون کی زیر سایہ آپ کی تربیت ہوئی والدہ ماجدہ نے قرآن مجید پڑھنے کے لئے مکتب میں بٹھایا۔ کیونکہ حافظہ قوی اور ذہن سلیم تھا۔ تھوڑے ہی عرصہ میں قرآن مجید تمام کرلیا اور عربی کی ابتدائی تعلیم حاصل کرنی شروع کی اور تھوڑے ہی عرصہ میں ختم کرلی۔ فقہ کی کتاب قدوری بدایوں کے مشہور عالم مولانا علاء الدین اصولی سے کر کے اس کتاب کو ختم کرنے کے سلسلہ میں آپ کی والدہ محترمہ نے شہر کے علماء اور مشائخ کو جمع کر کے اپنے ہاتھ کے بنے سوت کا عمامہ بطور دستار فضیلت آپ کے سر پر بندھوایا۔ دستار فضیلت باندھتے وقت کسی صاحب حال نے پیشن گوئی کی کہ اس لڑکے کا سر کسی انسان کے سامنے نہیں جھکے گا۔ آپ کی زندگی نے اس پیشن گوئی کو سچ ثابت کر دیا مزید تعلیم کے لئے آپ والدہ کے ساتھ دہلی تشریف لائے اور وہاں کے مشہور عالم دین شمس الدین اور مولانا کمال الدین زاہد سے علوم ظاہری کی تکمیل فرمائی ہر دو بزرگ اپنے عہد کے مشہور علماء وفضلا میں سے تھے اور اس عہد کے حکمران بلبن پر بہت اثر تھا۔ سید ذاکر حسین شاہ فرماتے ہیں کہ آپ ظاہری علوم کے مایہ صد افتخار عالم دین ہیں۔ آپ کے چند اساتذہ کے نام یہ ہیں فقہ و ادب عربی آپ نے علامہ علاء الدین اصولی سے پڑھے۔ پندرہ سال کی عمر میں بدایون چھوڑ کر دہلی تشریف لائے اور وہاں شیخ شمس الدین خوارزمی سے مقامات حریری پڑھی۔ حریری کے چالیس مقالے آپ کو زبانی یاد تھے۔ شیخ گرامی کمال الدین محمد الزاہد سے مشارق الانوار پڑھی اور اس کے کچھ حصے زبانی یاد فرمائے تاکہ صرف ادب ہی یاد نہ ہو اپنے مرشد حق حضرت

HAZRAT KHWAJA NIZAMUDDIN AULIYA............ (Pg.No. 114 TO 119)
MAHFOOZ AHMAD POSWAL
POONCH, JAMMU & KASHMIR

فریدالدین گنج شکر سے قرآن حکیم کی تفسیر، عوارف المعارف، التمہید مؤلف شیخ ابوالشکور سالمی جیسی اہم علمی کتابیں پڑھیں۔ یہ کتابیں اجودھن (پاک پٹن) شریف، میں رہ کر پڑھیں۔ [2] اور وہ ہر دو کا بہت قدر دان تھا۔ تھوڑے ہی عرصہ میں آپ نے علوم ظاہری کی سند فراغ وفضیلت حاصل کر لی اور ان علوم میں بھی کمال حاصل کیا چنانچہ آپ کا شمار تحریر علماء میں ہوتا تھا اور آپ کی خانقاہ جس طرح علوم باطنی کا مرکز تھی اسی طرح ظاہری علوم اور درس وتدریس کا بھی چشمۂ فیض تھی۔

حضرت بابا فرید گنجشکر کی خدمت میں:

حضرت کیوں کہ دنیا کی رہنمائی کے لئے تشریف لائے تھے اس لئے قدرت نے بچپن ہی سے باطنی انوار سے سرفراز کیا تھا۔ لیکن علوم ظاہری سے فارغ ہونے کے بعد ایک روحانی رہنما کی ضرورت شدت سے محسوس کی اسی اثنا میں لوگوں سے حضرت بابا فرید گنجشکر کے احوال سے مطلع ہوئے اسلئے باباصاحت سے ملاقات کا شوق دل میں پیدا ہو گیا اور وفور شوق میں برابر چلتے رہے اور جب اجودھن (پاک پٹن) پہنچے فوراً باباصاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے باباصاحب نے دیکھتے ہی یہ شعر پڑھا۔

اے آتـــــش فـــــراقـــــت دلهــــا کبــــاب کـــــرده
سیـــــلاب اشتیـــــاقـــــت جـــــانهــــا خــــراب کـــــرده

اور اسی وقت اپنے سر سے اتار کر ملاہ چارتر کی مرید کے سر پر رکھ دی حضرت محبوب الٰہی اپنے پیر دستگیر کی صحبت میں تعلیم وتربیت پاتے رہے یہاں تک کہ چند ہی روز میں اپنی غیر معمولی ریاضت اور عبادت کی بنا پر راہ سلوک ومعرفت میں کمال حاصل کر لیا حضرت کو اپنے پیرومرشد سے بے حد محبت تھی۔ چنانچہ آپ دہلی سے کئی بار مرشد سے فیوض وبرکات حاصل کرنے لے لئے (اجودھن پاک پٹن) تشریف لے جاتے تھے ایک بار مرشد نے اپنے عزیز مرید کے لئے خداوند تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کی کہ الٰہی میرا یہ مرید تجھ سے جو کچھ مانگے اسے عطا فرمایا کر۔ پیرومرشد کی یہ پرخلوص دعا بارگاہ الٰہی میں قبول ہوئی۔ اسی لئے آپ محبوب الٰہی کہلائے۔ آخری بار جب اجودھن مرشد سے ملنے تشریف لے گئے تو واپسی کے وقت پیرومرشد نے درد بھرے لہجہ میں کہا شاید آئندہ تم مجھ سے نہ مل سکو۔ میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ تجھے نیک بخت بنائے۔ انشاء اللہ تم ایسا درخت ہوگے جس کے سایہ میں مخلوق خدا آرام پائے گی۔ اور فیض پائے گی۔ تم مجاہدہ برابر کرتے رہنا اس سے غافل نہ ہونا بابا گنجشکر کا جب وصال ہوا تو محبوب الٰہی مرشد کے پاس موجود نہ تھے لیکن مرشد ان کو ملا تھا اپنے عزیز ترین مرید کے پاس دہلی بھیجا۔

حضرت محبوب الٰہی کا دہلی میں قیام:

بابا فرید گنجشکر نے جب یہ دیکھا کہ حضرت محبوب الٰہی روحانی دولت سے مالامال ہو چکے ہیں تو آپ نے دہلی میں قیام کرنے کا حکم دیا رخصت کرتے وقت مرید کو دو باتوں کی نصیحت فرمائی ای یہ کہ اگر کسی سے قرض لیا تو جلد ادا کرنے کی کوشش کرنا دوسرے اپنے دشمنوں کو ہر حال میں خوش رکھنے کی کوشش کرنا۔ چنانچہ جب آپ دہلی تشریف لائے تو شہر میں آبادی کی کثرت کی وجہ سے آپ کو عبادت وریاضت کے لئے کوئی پرسکون جگہ نہ ملی اس لئے دہلی سے متصل ایک جگہ غیاث پور میں آکر فروکش ہوئے۔ شروع میں یہاں کے قیام کے زمانہ میں بڑی عُسرت اور تنگی رہی۔

تین تین روز کے فاقے ہوتے تھے آپ یہ فرماتے تھے کہ جب گھر میں کھانے کی کوئی چیز نہ ہوتی تھی تو میری والدہ ماجدہ کہا کرتیں تھیں کہ آج ہم لوگ اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں مجھے والدہ کے اس جملہ سے بڑی لذت ملتی تھی صاحب سیر الاولیاو میر خورد کا بیان ہے کہ جب حضرت محبوب الٰہی غیاث پور میں سکونت رکھتے تھے وہ زمانہ بڑی عسرت اور تنگی سے گزرا۔آپ کے مکان میں ایک زنبیل لٹکی رہتی تھی۔افطار کے وقت جب اسے ہلایا جاتا تو اس میں سے روٹی کے خشک ٹکڑے گرتے لوگ انہیں ٹکڑوں کو حضرت کے سامنے رکھ دیتے جس سے آپ روزہ افطار کرتے۔سلطان جلال الدین خلجی کو آپ کی اس تنگدستی کا حال جب معلوم ہوا تو کچھ تحائف آپ کی خدمت میں بھیجے اور کہلا بھیجا کہ آپ حکم دیں تو چند گاؤں آپ کی خدمت گذاروں کے لئے نذر کئے جائیں ااپ نے تحائف واپس کردیے اور بادشاہ کو کہلا بھیجا کہ مجھے اور میرے خدمت گذاروں کو تمہارے گاؤں کی جرورت نہیں میرا اوران کا خدا کارساز ہے۔ [۳]

اسی زمانہ میں شیخ برہان الدین غریب اور شیخ کمال الدین یعقوب جو آگے چل کر آپ کے خلیفہ ہوئے آپ کی خدمت میں رہتے تھے ایک دفعہ مسلسل کئی روز کا فاقہ ہوگیا۔پڑوس کی ایک نیک بی بی نے کچھ آٹا بھیجا شیخ کمال الدین نے آٹے کو مٹی کے ایک برتن میں ڈال کر آگ پر چڑھادیا اسی وقت ایک گدڑ ربود درویش آپہنچا اور کچھ کھانے کو مانگا۔محبوب الٰہی نے دیگ کو اٹھا کر درویش کے سامنے رکھ دیا اس نے دیگ سے کچھ گرم گرم لقمے منہ میں ڈالے پھر دیگ اٹھا کر زمین پر پٹک دیا اور یہ کہتا ہوا خلا میں گم ہوگیا۔

شیخ نظام الدین اولیاء کو حضرت بابا فرید گنجشکر نے نعمت باطن سے نوازا میں نے ان کی فقیری کی دیگ کو توڑ ڈالا اب وہ ظاہر اور باطن کی نعمتوں کے سلطان ہوگئے۔اس عجیب وغریب واقعہ کے بعد محبوب الٰہی کا فقر وفاقہ جاتا رہا اور فتوحات کا یہ حال ہوگیا کہ دولت کا دریا دروازے کے آگے بہتا تھا کوئی وقت فتوحات سے خالی نہ ہوتا اس کے ساتھ ہی ساتھ آپ کی محبوبیت اور ہر دلعزیزی اس قدر بڑھ گئی کہ آپ کی خانقاہ کے گرد ہر وقت ایک ہجوم رہتا امیر وغریب سب ہی آپ کے چشمۂ فیض سے سیراب ہوتے اور آپ کی شہرت ہندوستان کے گوشے گوشے میں پھیل گئی۔

حضرت کی عبادت وریاضت:

بابا گنج شکر نے اپنے مرید کو رخصت کرتے وقت اور عطائے خلافت کے وقت چند نصیحتیں کی تھیں۔جن کا خلاصہ یہ تھا: ہمیشہ مجاہدہ میں مشغول رہنا شاگردوں کو تعلیم دینا۔دنیا کی تمام خواہشات کو ترک کردیں۔خلوت نشین بنیں اور خلوت میں طرح طرح کی عبادت سے معمور ہوں۔محبوب الٰہی نے اپنے پیرومرشد کی ان نصائح پر نہایت سختی و پابندی سے عمل کیا۔

حضرت کی جود وسخا:

آپ کا مطبخ ہمیشہ گرم رہا۔کئی ہزار فقرا ومساکین روزانہ کھانا کھاتے۔خانقاہ میں جو کچھ آتا شام تک تقسیم ہوجاتا حکم تھا کہ کوئی چیز بچا کر نہ رکھی جائے۔جب خانقاہ میں زیادہ مال واسباب جمع ہوجاتا آپ رونے لگتے اور حکم ہوتا کہ سب کو اسی وقت تقسیم کردیا جائے۔جمعہ کے روز تمام خانقاہ کو خالی کرنے کا حکم دیتے۔خانقاہ میں کوئی چیز باقی نہیں رہتی نوکر آکر کہتا ہے کہ جھاڑو تک دیدی گئی ہے اب کوئی چیز موجود نہیں۔اس پر آپ اظہار اطمینان فرماتے اس کے بعد جامع مسجد تشریف لے

جاتے اور اطمنان سے نماز ادا فرماتے۔

حضرت محبوب الٰہی کے عظیم کارنامے:

علاء الدین خلجی کے عہد میں محبوب الٰہی کے فیوض و برکات سے ملک میں عام انقلاب پیدا ہوا۔آپ کی نظر کیمیا اثر سے خواص وعدام میں خاص غیر معلومی تبدیلیاں بھی پیدا ہوئیں ۔ایک دنیا آپ کے انفاس متبرکہ سے روشن ہوئی۔ایک عالم نے ااپ کی بیعت کا ہاتھ پکڑا۔گناہگاروں نے توبہ کی بے نمازی ہمیشہ کے لئے نماز کے پابند ہوگئے آپ کے اخلاق حمیدہ اور ترک دنیا کے معامالت کو دیکھتے سے لوگوں کے دلوں میں دنیا کی محبت اور حرض و ہوس کم ہوگئی۔آپ کی عبادات اور معاملات کی برکت سے لوگوں کے معاملات میں بھی سچائی پیدا ہوگئی اور اس دینی بارش کی محبت اور اخلاق کے اثر سے خداوند تعالیٰ کے فیض کی بارش دنیا میں ہونے لگی آپ سے متاثر ہو کر سلطان علاء الدین نے ملک کی بہتری کے لئے تمام نشہ آور چیزوں اور فسق وفجور کے سامان کو نہایت سختی سے روک دیا۔حضرت محبوب الٰہی نے بیعت کا عام دروازہ کھول رکھا تھا۔گناہ گاروں کو خرقہ سے نوازتے اوران سے توبہ کراتے تھےاور خاص وعام،غریب ودولت مند بادشاہ وفقیر،عالم وجاہل،شریف اور زردیل،شہری اور دیہاتی،غازی ومجاہد،آزاد وغلام۔سب کو توبہ اور پاکی کی تعلیم دیتے تھےلوگ نوافل کے اس قدر پابند ہوگئے تھے۔مساجد میں نفل پڑھنے والوں کا ہجوم ہوتا بادشاہ کے محل بہت سے امراء لشکری حضرت کے مرید ہوتے تھےاور چاشت واشراق کی نمازیں ادا کرتے تھے۔

عام لوگ ایام بیض اور عشرہ ذی الحجہ کے روزے رکھتے تھے ہر محلّہ میں صلحاء کا اجتماع ہوتا۔عہد علائی کے آخری چند سالوں میں شراب،معشوق،فسق وفجور جوا،فحاشی وغیرہ کا نام تک لوگوں کی زبان پر نہ آتا تھا۔حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے شیخ کو جنید بغدادی اور بایزید بسطامی کے مثل پیدا کیا تھا آپ کے خلیفہ خواجہ برہان الدین غریب نے دکن میں اور حضرت شیخ شرف الدین بوعلی قلندر نے پانی پت کے علاقہ میں ہزاروں غیر مسلموں کو حلقہ بگوش اسلام کیا۔آپ کا فیض ہندوستان تک محدود نہ رہا بلکہ چین بھی اس چشمہ خیر سے سیراب ہوا۔چین میں بھی یہ سلسلہ قائم رہا۔چین میں حضرت کہ پہلے خلیفہ خواجہ سالار ہن بن تھے۔

حضرت محبوب الٰہی کی تعلیمات اور ملفوظات:

فرمایا کہ جب سالک عبادب اور ریاضت کا آغاز کرتا ہے اور اس کو نفس پر گرانی محسوس ہوتی ہے لیکن جب وہ صدق دل سے اس کو جاری رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کو توفیق ہوتی ہے اور اس کی مشکل آسان ہوجاتی ہے علم اور علماٗ کے متعلق فرمایا۔علم اکتسابی ہے اور عقل فطری۔ایک دفعہ خلیفہ عمر ابن عبدالعزیز نے مکحول شامی کر لکھا کہ تو نے علم سیکھا تو لوگوں میں عزیز گرامی قدر رہو اب تو اس پر عمل کر،تاکہ خدا کے نزدیک عزیز اور گرامی قدر رہو۔ابن متارک کا قول ہے کہ جب میں نے علم دنیا طلب کیا تو اس نے میرا اخروی علم مٹا دیا اس لئے میں نے اسے ترک کردیا۔سالک کے متعلق فرمایا: کہ سالک میں چار چیزوں سے کمال پیدا ہوتا ہے (۱) کم کھانا (۳) کم بولنا (۳) کم سونا (۴) لوگوں سے کم میل جول رکھنا۔حق العباد کو حقوق کی اہمیت کو ظہر کرتے ہوئے فرمایا:

''مومن کے دل کو ستانا اللہ تبارک وتعالیٰ کو تکلیف پہنچانا ہے''

مومن وہ ہے کہ اگر وہ مشرق میں ہے اور مغرب میں ایک مومن کے پاؤں میں کانٹا چبھے تو اس کو یہاں درد محسوس ہو۔ درویش کو جب کسی سے تکلیف پہنچے تو اس کے دل سے کسی حال میں بھی بددعا نہ نکلے۔ ہمسایہ کے حقوق کے متعلق فرمایا وہ قرض مانگے تو اس کو قرض دو اس کی کوئی ضرورت ہو تو پوری کرو بیماری میں اس کی عیادت کرو ہر مصیبت میں اس کی غمخواری کرو۔

شریعت کی پابندی کی بہت تاکید فرماتے تھے۔ اس سلسلہ میں آپ نے فرمایا کہ ہمارے خواجگاہ فرماتے ہے کہ اگر کوئی شخص کسی مقام سے گرے تو شرع میں گرے۔ اگر اس سے وہ گر گیا تو پھر اس کے لئے کوئی ٹھکانہ نہیں۔

بار بار فرماتے تھے وہی لوگ مشائخ ہیں جن کے ظاہر و باطن دونوں ہی آراستہ ہیں۔ نماز جمعہ کے متلق فرمایا کہ مسافر اور مریض کے علاوہ اگر کوئی شخص ایک جمعہ کی نماز میں شرکت نہیں کرتا۔ تو اس کے دل میں ایک سیاہ نقطہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر دو جمعہ شرکت نہ کرے تو دو سیاہ نقطے پڑ جاتے ہیں اور تین جمعہ شرکت نہ کرنے کی وجہ سے تمام دل سیاہ ہو جاتا ہے۔ سماع کو چند شرطوں کے ساتھ جائز کہتے تھے وہ شرطیں یہ ہیں (۱) سنانے والا لڑکا اور عورت نہ ہو۔ (۲) جو چیز سنی جائے وہ تمام لغویات سے اور خلاف شرع امور سے پاک ہو۔ (۳) جو سنے خدا کے لئے سنے۔ (۴) بجانے کے آلات جیسے ڈھول چنگ و رباب وغیرہ نہ ہوں۔

محبوب الٰہی کی وفات:

وفات سے کچھ دنوں پہلے خواب میں دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ فرما رہے ہیں ''نظام الدین! تم سے ملنے کا بڑا اشتیاق ہے۔ اس خواب کے بعد سے آپ پر عجیب کیفیت طاری ہوگئی۔ اور سفر آخرت کے لئے بے چین رہنے لگے۔ وفات سے چالیس روز پیشتر کھانا پینا بالکل ترک کر دیا تھا۔ اس عرصہ میں کھانے کی برکت نہ سونگھی۔ آہ زاری اس حد تک غالب ہوگئی تھی کہ ایک ساعت بھی چشم مبارک سے آنسو نہیں تھمتے تھے مرض الموت کی شدت ہوئی تو دوا پینے کے لئے کہا گیا لیکن فرمایا:

''بیمار عشق کی دوا صرف دیدار جیب ہے''

وصال کے روز لنگر خانہ اور اس کے ساتھ جتنی چیزیں تھیں غربا و مساکین میں سب تقسیم کر دیں۔ آپ کے خاص خادم اقبالؔ نے کچھ غلہ درویشوں کے لئے رکھ لیا معلوم ہوا تو خفا ہوئے اور کہا اس غلہ کو کیوں باقی رکھا۔ فوراً لٹا دو اور چنانچہ ایسا ہی کیا گیا سکر اور تحریر میں غلبہ ہو گیا ایک وقت کی نماز کئی کئی بار پڑھتے اور پھر زبان مبارک پر یہ مصرعہ جاری ہو جاتا ''میرویم و میرویم و میرویم'' وفات سے تھوڑی دیر پہلے اپنے مرید و خلیفہ خواجہ شیخ نصیر الدین چراغ کو تبرکات حضرت بابا فرید دیں اور فرمایا۔ دہلی میں رہنا اور لوگوں کی سختیاں برداشت کرنا اس کے بعد صبح کی نماز پڑھی جب آفتاب مشرق سے نمودار ہو رہا تھا۔ اس وقت یہ علم و عمل اور صدق وصفا کا پیکر واصل الحق ہو گیا تاریخ وفات روز چہار شنبہ ۱۸ ربیع الاول ۷۲۵ھ ہے۔ مزار مبارک دہلی میں مرجع خاص و عام ہے مزار مبارک کی زیارت و حاضری کے وقت عجیب کیفیت محسوس ہوتی ہے۔ ہر وقت آپ کو مزار پر ایک میلہ سا لگا رہتا ہے ساری عمر شادی نہیں کی۔

اس لئے کوئی اولاد نہیں چھوڑی۔ روحانی اولاد اور خلفا بڑی کثرت سے ہوئے جن میں حضرت شیخ نصیرالدین چراغ دہلوی، حضرت امیر خسرو، حضرت شیخ حسام الدینؒ، حضرت شیخ برہان الدینؒ، حضرت شیخ شمس الدینؒ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ان حضرات نے آپ کی تعلیمات کو زندہ رکھا اور رسول اکرمؐ کے لائے ہوئے دین کی خدمت کی ان کوششیں بارگاہ ایزدی میں شرف قبول سے آراستہ ہوئیں۔

منابع وماخذ:

۱) چیف ایڈیٹر: ڈاکٹر سید عبدالحمید ضیائی، خصوصی شمارہ، عرفان وتصوف اسلامی در ہند جلد یکم، خانہ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران، ۱۸، تلک مارک نئی دہلی۔۱۱۰۰۰۱ شمارہ ۲۰۹، جولائی تا ستمبر ۲۰۰۸ء۔

۲) کپتان واحد بخش سیال چشتی صابری نظامی، مقام گنج شکرؒ ناشر ارشد برادرس بال اول جنوری ۱۹۹۷ء ص ۱۱۲۔

۳) مولانا سید محمد میاں صاحب، ناظم عمومی جمیعۃ علماء ئیں پانی پت اور بزرگانِ پانی پت، کتابستان، گلی قاسم کان، دہلی، ۶ ص ۱۵۴

۴) سید ذاکر حسین شاہ، المصطفیٰ والمرتضیٰ، ناشر ضیاء القرآن پبلیکیشنز لاہور، اشاعت جولائی ۲۰۰۳ء ص ۳۳۸۔

۵) اخلاق حسین دہلوی، حیات طیبہ حضرت محبوب الٰہیؒ، ناشر فضل برادران لال محل حضرت نظام الدین نئی دہلی ستمبر ۱۳ طبع اول ۱۳۸۳ھ/۱۹۶۴ء

۶) سید محمد بن مبارک کرمانیؒ، سیر الاولیاء، ناشر فرحین پبلشنگ کمپنی، نئی دہلی اشاعت طبع اول ۱۴۱۱ھ م ۱۹۹۰ء ص ۱۰۰

۷) مولانا الحاج کپتان واحد بخش سیال چشتی م مراۃ الاسرار، ناشر مکتبہ جام نور ۴۲۲، مٹیا محل جامع مسجد دہلی اشاعت محرم الحرام ۱۴۱۸ھ ۱۹۹۷ء ص ۶۷۷

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

زاہد اقبال شیخ*

ڈوگرہ دورِ کشمیر سے پہلے کی فوجی میراث کا تاریخی جائزہ

تلخیص: کشمیر کی سیاسی تاریخ پر بھرپور مطالعہ اور تحقیق کی گئی ہے۔ جب کہ عسکری تاریخ (Military History) یا تو سیاسی تاریخ کے تابع رہی ہے یا تاریخ دانوں کی نظر سے اوجھل رہی ہے۔ اس تحقیقی مقالے کا مقصد کشمیر کی تاریخ کے اس فراموش شدہ پہلو کو اجاگر کرنا ہے۔ دستیاب تاریخی وسائل کا جائزہ لے کر زیر مطالعہ موضوع کا جائزہ لینے کی کوشش کی گئی ہے۔ مکمل جانچ سے فوجی مہمات کی نسبتاً نامعلوم تاریخ کا پتہ چلتا ہے اور سلطنتوں، خاندانوں اور دیگر ثقافتی اثرات کے درمیان پیچیدہ تعلقات کے بارے میں بصیرت فراہم ہوتی ہے۔ ڈوگرہ (Dogra) دور سے پہلے کے کشمیر کے جغرافیائی سیاسی سرگرمیوں کی ایک جامع تصویر دینے کے لیے اہم تاریخی واقعات، جیسے اتحاد و جنگیں وغیرہ کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا ہے۔

فوجی میراث کا جائزہ:

قدیم کشمیر کی ایک جامع اور شاندار فوجی میراث رہی ہے۔ سیاسی اور عسکری تاریخ کا ایک دوسرے سے گہرا تعلق ہے اور وہ ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ درحقیقت کشمیر کی فوجی تاریخ کشمیر کے پہلے بادشاہ گونند اول (Gonand-I) کی تاج پوشی سے شروع ہوتی ہے۔ کشمیر موریا، کشان سلطنت اور بعد میں گپتا سلطنت کا حصہ تھا۔ اس نے ہندوستان اور وسطی ایشیا کے درمیان تجارتی اور ثقافتی تبادلے کے لیے ایک سنگم کے طور پر کام کیا۔ اس دور میں یہ خطہ نسبتاً پرامن تھا۔ وادی کشمیر اپنی خوبصورتی کے لئے پوری دُنیا میں مشہور ہے اس میں خوبصورت اور دلکش پہاڑیاں بھی ہے جنہوں نہ صرف کشمیر کی خوبصورتی میں اضافہ کیا ہے بلکہ قدرتی طور پر ایک مضبوط قلعہ بندی کا کام بھی کیا ہے جس سے وادی کشمیر دشمنوں کے حملوں سے محفوظ رہی ہے۔

قدیم کشمیر میں کارکوٹا خاندان کا للیتاڈتیا مکتپیڈا (Lalitaditya Muktapida) (724-761ء) اپنی فوجی طاقت وذہانت کے لیے جانا جاتا ہے۔ P.N.K. Bamzai نے اپنی رائے دیتے ہوئے کہا ہے کہ ''ایسا لگتا ہے کہ اس کی فوج بنیادی طور پر شمالی علاقوں سے بھرتی ہوتی تھی اور اس کے کمانڈر انچیف (Commander-in-chief)، کنکونیا (Cankunya) سمیت ان کے زیادہ تر جرنیل بھی اسی علاقے سے آئے تھے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ چین میں تانگ حکمرانی (Tan'g Rule) کے زوال کی وجہ سے کشمیری حکمران نے بہت سے فوجی جوانوں کو اپنی طرف متوجہ کیا اور للیتا دتیہ ان کے تجربے اور جنگی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانے میں پیچھے نہیں رہے۔ ''جب للیتا دتیہ نے پنجاب کے زرخیز میدانوں میں اپنی عظیم فوج کی قیادت کی، تو پنجاب اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں رہنے والے لوگوں نے خوشی سے اور

DOGRAH DAUR E KASMIR SE PAHLE KI FAUJI MEERAS KA........... (Pg.No. 120 TO 125)
ZAHID IQBAL SHEIKH, RESEARCH SCHOLAR
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY, HYDERABAD, TELANGANA

بغیر کسی مزاحمت کے اس کی حکمرانی کے تابع ہو گئے۔" تانترے (Tantray)، ایکنا گاز (Ekanagas)، لاوانیاس (Lavanayas) اور دمراز (Damras) کو بنیادی طور پر شاہی فوج میں بھرتی کیا جاتا تھا۔ برہمنوں کو بھی فوج میں بھرتی کیا جاتا تھا۔ پنجاب اور سرحدی صوبوں جیسے ملحقہ علاقوں کے قبائل کے لوگوں کو بھی فوج میں بھرتی کیا گیا تھا۔ ہمیں اس بات کے ثبوت بھی ملے ہیں کہ کس طرح عام سپاہی اپنی محنت سے فوج میں کمانڈر بنے۔ چنڈال (Chandal) کو رات کے چوکیدار کے طور پر بھرتی کیا گیا تھا، اور ڈومباز (Dombas) نے بھی فوجی خدمات اور صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے اور یہ لوگ ماہر جنگجو بھی تھے۔ ایک چرواہا جس کا نام تُنگا (Tunga) تھا ملکہ دیدا (Queen Didda) (981-1003ء) کی فوج کا کمانڈر انچیف بنایا گیا تھا۔ سنگرام راجا (1003-1028ء) نے اپنی فوج کو تنگا کی سربراہی میں ہندوشاہی خاندان کے ترلوچن پال کو (1010-1022ء) محمود غزنوی (998-1030ء) کے خلاف مدد کے لیے بھیجا تھا۔

جب ہم فوج کی نظام کی بات کرتے ہیں تو بادشاہ فوج کا سربرہ ہوا کرتا تھا۔ بادشاہ کے نیچے فوج کا کمانڈر انچیف کمپانیسا یا کمپنادھیپتی (Kampanesa or Kampanadhipati)، کمپناپتی (Kampanapti) کے نام سے جانا جاتا تھا۔ ایک اہم فوجی عہدہ دار دُوارپتی یا دوواردھیپا (Dvarpati or Dvaradhipa) (سرحدی چوکیوں کا کمانڈر) تھا۔ ایک اور سرکاری عہد دار ڈرینگیشا یا ڈرنگدھیپا (Drangesa or Drangadhipa) ڈرنگا (Dranga) (واچ ٹاور) کا نگراں ہوا کرتا تھا۔

کلہانہ (Kalhana) ہمیں بتاتے ہیں کہ کشمیر میں فوج چار روایتی بازوں پر مشتمل تھی یعنی گھوڑسوار فوج (Cavalry)، پیادہ (Infantry)، ہاتھی (Elephants) اور لٹر (Litters) (رتھ کی بجائے) جنہیں اٹھارہ ڈویژنوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ تاہم فوج کی بڑی طاقت اس کی گھوڑسوار ہوا کرتی تھی۔ کلہانہ نے ذکر کیا ہے کہ گھوڑوں کی خریداری پر بھاری رقم خرچ کی جاتی تھی۔ انہوں نے چمڑے کی کویراس (leather cuirass) کے استعمال کا بھی حوالہ دیا ہے۔ ہاتھیوں نے نقل و حمل، لڑائی اور دفاع سمیت مختلف کردار ادا کیے ہیں۔ ہاتھی زیادہ تر ونڈھیاس (Vindhyas)، آسام (Assam) اور کلنگا (Kalinga) سے لائے جاتے تھے۔ '' کنگ ہرشا (King Harsha) کے کمانڈر انچیف کندرپا (Kandarpa) کے بہادر کارناموں کو بیان کرتے ہوئے، کلہانہ نے لکھا ہے" کہ اس نے راجوری کی جنگ میں آتشی تیروں کا استعمال کیا تھا۔" آتش گیر ہتھیار (agnya-astra) اور سلینگ (slings) کشمیری سپاہیوں کے مشہور ہتھیار تھے، باقی تلواریں، برچھی وغیرہ کا بھی بھرپور استعمال کیا جاتا تھا۔ کشمیری سپاہی میدانی علاقوں کے ساتھ ساتھ پہاڑی علاقوں میں اپنی گوریلا جنگ کے لئے مشہور تھے۔ ہم کلہانہ کی فراہم کردہ معلومات پر انحصار کرتے ہیں وہ لکھتے ہیں کہ "جیاپیڈا (Jayapida) کی فوج 80,000 تھی جس میں جاگیرداروں کی ٹکڑیا بھی شامل تھی، جب کہ للیتادتیہ (Lalitaditya) کی فوج ایک لاکھ سے زائد تھی۔ شنکرورمن (Shankarvarman) کی فوج 900,000 پیدل سپاہیوں، 300 ہاتھیوں اور 100,000 گھڑسواروں پر مشتمل تھی۔"

چودویں صدی تا انیس ویں صدی تک:

چودویں صدی میں، شاہ میر خاندان نے کشمیر میں مسلم حکمرانی قائم کی۔ بعد میں ان کی جانشین چک خاندان اور مغلوں نے کی۔قدیم دور کی طرح ہمارے پاس قرون وسطیٰ کے کشمیر کی عسکری تاریخ سے متعلق بھی بہت کم ذرائع ملتے ہیں جس کی وجہ سے ہم قرون وسطی کے کشمیر میں مسلح افواج کی ایک مکمل داستان تیار کرنے سے قاصر ہیں۔قرون وسطی کے دور میں کشمیر میں فوجی نظام قدیم دور کے مقابلے میں نمایاں طور پر مختلف اور الگ نہیں تھا۔1586ء میں کشمیر میں مغل حکومت کے قیام کے فوراً بعد، اکبر نے چکوں (Chaks) کی فوج کو ختم کر دیا، جو خاص طور پر، راجپوت، سید اور دیگر جنگجو قبائل سے بھرتی کیے جاتے تھے۔

جی ایم ڈی صوفی (G.M.D.Sofi) نے ذکر کیا ہے:"مسلمانوں کے دورِ حکومت میں کشمیر میں فوج کی اہم رُکن پیدل فوج اور گھڑ سوار تھے۔" دوسری طرف P.N.K.Bamzai نے ذکر کیا ہے کہ "فوج چار قسموں پر مشتمل تھی-قایم افوج، صوبائی دستے، جاگیرداری افواج، اور رضا کار۔قایم افوج گھڑ سوار فوج، پیدل فوج، ہاتھی دستے اور توپ خانے پر مشتمل ہوا کرتی تھی۔ اور یہ لوگ زیادہ تر کھاسہ (Khasas)، راجپوت (Rajputs)، ماگرے (Magray)، چک (Chak)، رائناز (Rainas) اور دیگر قبائل سے بھرتی کیے جاتے تھے۔کشمیر کے سلطانوں کے دور میں، ماگرے اور چک مسلح افواج میں افسروں کے عہدے پر فائز ہوا کرتے تھے۔فوجیوں کو زیادہ تر پونچھ، راجوری، بڈیل، بارہمولہ اور مظفرآباد سے بھرتی کیا جاتا تھا۔سلطانوں کے دورِ حکومت میں نائکس (Nayaks) کو سرحدی چوکیوں اور گزرگاہوں کا نگراں بنایا جاتا تھا۔ وادی کے دفاع کے لیے گُزرگاہوں کا دفاع اہم تھا۔ چارلس جے راجرز (Charles J. Rodgers) کے الفاظ میں سلطان شہاب الدین (1354-73ء) "ایک عظیم فاتح بادشاہ تھا اور کوئی ایسا دن نہیں گُزرتا تھا جس میں اس کی فوجوں کی طرف سے کسی فتح کی اطلاع موصول نہ ہوتی ہو۔ قندھار اور غزنی کے حکمراں اس سے خوف کھاتے تھے۔فوج کی نظامت ونگرانی کے لیے ایک اہم عہدہ دار ہوا کرتا تھا جس کو میر بخشی کہا جاتا تھا۔ میر بخشی (Musater Master) کا ذکر کشمیر کی تاریخ میں پہلی بار علی شاہ کے دورِ حکومت (1413-20ء) میں ہوا ہے۔سلطان زین العابدین کی جانشینی کے وقت اس کی فوج 100,000 پیادہ اور 30,000 گھڑ سواروں پر مشتمل تھی۔ سریوارا (Srivara) نے لکھا ہے کہ سلطان زین العابدین (1420-1470ء) کے دور میں پہلی بار میر بخشی حبیب کی نگرانی میں کشمیر میں اسلحہ تیار کیا جاتا تھا۔ اسے توپ بنانے کی تکنیک ایجاد کرنے کا سہرا دیا گیا ہے، لیکن اس کا استعمال زیادہ وسیع نہیں تھا۔اس نے اپنی فوج کو دوبارہ منظم کیا اور اس کے جنرل جسارت کھوکر (Jasrat Khokar) نے پنجاب تک فوجی مہم کی قیادت کی۔ابوالفضل نے اس بات کی تصدیق کرتے ہوئے لکھا ہے کہ زین العابدین نے سندھ کے حکمران جام نندا (Jam Nanda) کے زیر انتظام علاقوں پر قبضہ کر لیا تھا۔

چک سلطنت کے زوال کے بعد کشمیر مغلیہ سلطنت کا حصہ بن گیا اور پھر بعد میں افغانوں نے اپنی حکومت کشمیر میں قایم کی۔چکس کے بعد کشمیر کی فوجی تاریخ مغلوں اور افغانوں کے ساتھ ضم ہو گئی۔جب کشمیر میں مغل حکومت پوری طرح سے

قایم ہوئی تو مغلوں نے وادی سے شاہی فوج کا کچھ حصہ واپس لے لیا اور کشمیر کی اندرونی اور بیرونی سلامتی کے لیے وادی سے 4,892 گھڑسوار اور 92,400 پیدل فوج بھرتی کی۔ بیرن چارلس ہیگل (Baron Charles Hugel) نے ذکر کیا ہے کہ ''افغانوں نے کشمیر میں نظم وضبط چلانے کے لئے 20,000 فوجی رکھے تھے'' حالانکہ جارج فورسٹر (George Forsters) نے لکھا ہے کہ جب آزاد خان جو کہ ایک افغان گورنر تھے 1783 میں کشمیر میں بغاوت کو دبا دیا تو اس کے بعد پوری وادی میں صرف ''تقریباً تین ہزار گھوڑسواروں اور پیادوں سے امن واماں قایم کیا''۔ وہ آتشی بندوقوں اور تلواروں کے استعمال میں ماہر تھے۔ صوفی (Sofi) نے اپنی رائے دیتے ہوئے لکھا ہے کہ مغل اور افغان دونوں نے فوجی خدمات میں کشمیریوں کے اندراج پر پابندی لگا دی تھی جس کی وجہ سے کشمیریوں کی تعداد فوج میں نہ کے برابر تھی لیکن عطا محمد خان (افغان گورنر) نے کشمیریوں کو فوج میں بھرتی کرنے کے لیے چند اقدامات کیے تھے۔ صوفی جس نے لیفٹیننٹ نیوال (Lieutenant Newall) کا تذکرتے ہوئے 1854 میں لکھا تھا ''موجودہ دور میں، اگرچہ کشمیری لوگ جسمانی طاقت کے لحاظ سے قابل ذکر ہے، لیکن وہ اب ان تمام خوبیوں کے خواہاں ہیں جن کی وجہ سے وہ پہلے ممتاز تھے۔''

جب افغان حکومت کمزور ہوئی تو اُس وقت رنجیت سنگ پنجاب اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں اپنی حکومت قائم کر چکے تھے۔ اب اُس نے کشمیر کو لاہور دربار کے ساتھی جوڑنے کا فیصلہ کیا اور اپنے جنرل مصر دیوان چند کو بھیجا، جسے گلاب سنگھ نے 1819 عیسوی میں کشمیر فتح کرنے کے لیے فوجی مدد فراہم کی تھی۔ ہیوگل (Hugel) نے 1835 میں کشمیر میں سکھ فوج کی تعداد کے بارے میں بتایا ہے کہ وادی میں سکھ فوج ''تقریباً بارہ یا چودہ سو آدمی تھے جو کہ دو رجمنٹوں پر مشتمل تھی۔''

بمباس اور کھوکھا وادی جہلم کے جنگجو قبائل تھے، وہ عام طور پر اپنے علاقوں میں سکھ فوج کو ہراساں کرتے تھے۔ 1843ء میں، زبردست خان (Zabardast Khan) کی قیادت میں 7000 سکھ فوجیوں کو تباہ کر دیا۔ گورنر شیخ غلام محی الدین کے بیٹے شیخ امام الدین کی قیادت میں 12 ہزار سکھ فوج کو ان قبائل کے ہاتھوں بری طرح شکست ہوئی۔ مغلوں کی طرف سے کشمیر کی فتح کے ساتھ ہی کشمیریوں نے فوجی خدمات میں اپنا مقام کھو دیا۔ اس رجحان کو افغانوں اور سکھوں نے آگے بڑھایا اور اسے انیسویں صدی کے دوسرے نصف سے ڈوگروں نے بھی جاری وساری رکھا۔ اس کے بعد کشمیر کی فوجی ارتقاء مغلوں، افغانوں اور سکھوں کے فوجی بیانیے سے جڑا ہوا ہے کیونکہ کشمیر ان کے زیر اقتدار آیا اور ان کے حکومتوں کا حصہ رہا۔ معاہدہ امرتسر کے ذریعے کشمیر مہاراجہ گلاب سنگھ کے حوالے کر دیا گیا جس سے سیاسی اور فوجی تاریخ میں ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔

حوالہ جات:

P. N. K. Kamzai, *Culture And Political History Of Kashmir*, Vol. I, II, III, New Delhi: M. D. Publications Ltd., 1994.

M.A. Stein, trans. *Kalhana's Rajatarangini: A Chronicle of the Kings of Kashmir*, Vol. I. Delhi: Motilal Banarsidass Publishers Private Limited, 2009.

Walter Roper Lawrence, *The Valley of Kashmir*, London: Oxford University Press,

1895.

G.M.D. Sofi, Kashir: Being a History of Kashmir From the Earliest Times to Our Own, Lahore: University of the Punjab, 1948.

Charles J. Rodgers, *Journal of the Asiatic Society of Bengal.*

Abul Fazl, *Ain-i-Akbari.* Translated by Henry Sullivan Jarrett, Vol. II, Delhi: Manohar Publishers & Distributors, 1949.

Baron Chalres Hugel, *Travels in Kashmir and the Punjab*, London: John Petheram , 1845.

George Forster, *A Journey from Bengal to England, Through the Northern Part of India, Kashmire, Afghanistan, and Persia; and Into Russia, by the Caspian Sea,* London: R. Faulder, 1798.

Godfrey Thomas Vigne, *Travels in Kashmir, Ladak, Iskardo, the Countries Adjoining the Mountain-Course of the Indus, and the Himalaya, North of the Panjab,* Vol. II, London: Henry Colburn Publisher, 1844.

The Army in India and Its Evolution, Calcutta: Govt of India Press, 1924.

Cunningham, Joseph Davey. *A History of the Sikhs, from the Origin of the Nation to the Battles of the Sutlej.* London: John Murray, 1849.

Badehra, Ganeshdas. *Rajdarshini.* translated by Sukhdev Singh Charak, Jammu: Jay Kay Book House, 1991.

Digby, William. *Condemned Unheard: The Government of India and H.H. The Maharaja of Kashmir.* London: Indian Political Agency, 1890.

Irvine, William. *The Army of the Indian Moghuls.* First published in 1903. Delhi: Low Price Publication, 2012.

Galwan, Ghulam Rassul. *Servants of Sahibs.* London: Simpkin, Marshall, Hamilton, 1923.

Neve, Arthur. *Thirty Years In Kashmir.* London: Edward Arnold, 1913.reprinted M.D. Publications.

Panikar, K.M. *The Founding of the Kashmir State: A biography of Maharaj Gulab Singh 1792-1858.* London: George Allen and Unwin, 1930, reprinted 1953.

Ram, Dewan Kripa. *Gulabanama.* translated by Sukhdev Singh Charak, New Delhi: Light and Life, 1977.

Bhatia, H. S. *Military history of British India, 1607-1947*. New Delhi: Deep & Deep Publications, 1977.

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

ڈاکٹر سید تصور مہدی*

''فتوح السلاطین'' ہندوستانی تاریخ کا ایک اہم ماخذ

چکیدہ: فارسی زبان وادب کا ابلاغ اور فروغ علاء الدین حسن گنگوی کے دور حکومت سے ہی ہونے لگا کیونکہ اس نے فارسی جاننے والوں کو ہندوستان کے جنوب میں آباد ہونے کی دعوت دی تھی۔ حسن بہمنی کے فرمان کے بعد دہلی اور بعض دیگر ہندوستانی شہروں کے ساتھ ساتھ ایران اور دیگر سرزمینوں سے ہندوستان کے جنوب میں علماء، عرفاء، سائنسدانوں، شاعروں، فنکاروں اور تاجروں کی ہجرت شروع ہوئی اور دن بدن پھیلتی گئی۔ انہیں مہاجرین میں ایک نام صاحب فتوح السلاطین **عبد الملک عصامی** کا بھی ہے۔

کلیدی الفاظ: فتوح السلاطین، عصامی، شاہنامہ، فردوسی، بہمنی تغلق

یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ ہندوستان اور ایران کا تاریخی، سیاسی، ثقافتی اور زبان ہر اعتبار سے گہرا تعلق رہا ہے۔ بعض محققین اس کی قدمت ۶۰۰ سال قبل مسیح بیان کرتے ہیں۔ اسناد و مدارک اس حقیقت کو بیان کرتے ہیں کہ ساسانیوں کے عہد میں ہندوایران کا یہ ارتباط اور بھی گہرا ہو گیا تھا۔ اسلام آنے کے بعد یہ تعلق اتنا عمیق ہوا کہ دونوں ممالک ایک ہی چنے کی دو دال شمار کئے جانے لگے۔ ۱۰۰۱ء میں جب محمود غزنوی نے ہندوستان پر حملہ کیا تو یہ فرق بھی مٹا دیا اور یکے بعد دیگرے ایسی حکومتوں کی تشکیل عمل میں آتی رہی جس نے تقریباً ۸۰۰ سال تک فارسی زبان وادب کو ہندوستان میں خوب پروان چڑھایا۔ اگرچہ فارسی زبان کو کمزور اور اسے ترک کرنے کی بہت کوششیں کی گئیں، خاص طور پر اُس زمانے میں جب انگریزوں کا اس سرزمین پر غلبہ تھا، اس کے باوجود فارسی زبان کے ذرائع سے فائدہ اٹھائے بغیر ہندوستان کی ثقافت اور تہذیب کا مطالعہ نامکمل اور ناممکن ہے۔

جب فارسی زبان ہندوستان میں غزنوی اور غوری لشکر کے ہمراہ اور بعد میں بابری فوج کے ساتھ پروان چڑھی تو نتیجتاً گیارویں صدی سے انیسویں صدی تک بتدریج تبدیلی اور ارتقاء کے دور سے گزرتی رہی۔ یہ میٹھی زبان جو شروع میں اجنبی بن کر رہی لیکن عرصہ نہ گزرنے پایا کہ فارسی نے ہندوستان میں اپنا مسکن بنالیا اور آٹھ صدیوں تک دنیا کے مختلف مقامات سے علماء، شعراء اور صوفیاء یہاں آتے رہے جس کے نتیجے میں فارسی کا پودہ ایک تناور درخت میں تبدیل ہو گیا اور اس میں بہترین ثمر بھی آنے لگے۔ لغت کے میدان میں ایک خاص ہندوستانی لہجۂ تکلم وجود میں آیا جسے ''ہندوستانی فارسی'' کہا جانے لگا اور شاعری کی دنیا میں ایک خاص مکتبۂ فکر قائم ہوا جسے ''سبک ہندی'' کے نام سے یاد کیا جانے لگا۔ جب مغل شہنشاہ ظہیر الدین

FUTUHUS SALATEEN: HINDUSTANI TAREEKH KA EK AHEM MAAKHAZ (Pg.No. 126 TO 132)
DR. SYED TASAWWUR MEHDI, ASSISTANT PROFESSOR
DEPARTMENT OF PERSIAN, ORIENTAL COLLEGE, PATNA, BIHAR

محمد بابر نے کابل سے دہلی کا ارادہ کیا تو اس کے ہمرکاب بے شمار شعراء و ادباء ہندوستان تشریف لائے، یہاں تک کہ جب جلال الدین محمد اکبر کا زمانہ آیا، اسکی حکومت کا ستارہ اپنے اوج پر پہنچا اور قوت وجاہ وجلال کے ساتھ عطا و بخشش کا سلسلہ شروع ہوا تو ایران سے سخنوروں کا ایک سیلاب آگرہ کا احرام باندھ کر عازم ہندوستان ہوا، جن کی آمد سے فارسی کا مستقبل روشن نظر آنے لگا۔ اکبر نے بھی اس مہم میں مختلف انداز میں اپنا نام درج کرایا۔ اسے خود بھی فارسی شعر کا شوق تھا جس کے نتیجہ میں اس نے اشعار کہنے شروع کئے، اس شعر کی نسبت اکبر کی جانب دی جاتی ہے

عمر همه در فراق و هجر بگذشت، با درد و الم
این عمر گرانمایه چه ارزان بگذشت، در رنج و ستم
عمری که بشد صرف سمرقند و هری، با عیش و طرب
افسوس که در آگره ویران بگذشت، با غصه و غم(۱)

ترجمہ: فراق وہجر کے باعث تمام عمر درد والم میں گذر گئی، یہ قیمتی عمر کتنی ہی سستی رنج وغم میں گذر گئی، جو زندگی عیش وعشرت کے ساتھ سمرقند اور ہرات میں گذری تھی، افسوس کہ وہی زندگی آگرہ آنے کے بعد غم واندوہ کے سبب ویران ہوگئی۔

تاریخ اور تذکرہ نویسوں نے بادشاہوں، شہزادوں اور شہزادیوں کی بدیہہ گوئی کی مختلف داستانیں بیان کی ہیں۔ مغلوں کے ہم پلہ جنوب ہند کے بادشاہوں خواہ وہ بہمنی ہوں، عادل شاہی ہوں، نظام شاہی ہوں یا قطب شاہی سبھی نے فارسی زبان وادب کے ارتقاء میں مکمل حصہ لیا۔ چودہویں صدی کے وسط یعنی تقریباً ۱۳۴۷ عیسوی سے دکن میں مسلمانوں کی حکومت قائم ہوئی جن میں سب سے نمایاں بہمنی، نظام شاہی اور عادل شاہی خاندان تھے۔ ان سلسلوں کے اکثر حکمراں فارسی ادب وشاعری کے دلدادہ تھے اور فارسی شعراء کی حوصلہ افزائی کیا کرتے تھے۔ یہ بات بہت مشہور ہے کہ محمود شاہ دکنی نے خواجہ حافظ شیرازی کو دکن آنے کی دعوت دی تھی۔ آج بھی وہاں کی مساجد، محلات اور عمارتوں کے کھنڈھروں میں ان بادشاہوں کی بہت سی فارسی تحریریں باقی ہیں(۲)۔

دکن میں جو پہلی حکومت وجود میں آئی وہ بہمنی حکومت تھی، اس سلسلے کا بانی علاء الدین حسن شاہ تھا جو کہ غیاث الدین تغلق کے دربار کے نجومی گنگو برہمنی کا ملازم تھا۔ علاء الدین کی دیانتداری نے گنگو اور غیاث الدین دونوں ہی کو بہت متاثر کیا تھا۔ تاریخ فرشتہ کے مصنف اس کی دیانتداری کے سلسلہ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

"حسن کارمند برهمن که اهل دهلی بود، روزی تشتی پر از طلا از ارباب خود می یابد ولی با دیانت تمام تشت را پیش آقای خود می برد، آقا هم از وفای حسن خوشحال شده او را پیش ولی عهد سلطنت محمد بن تغلق می آورد ولی عهد سلطنت هم از حسن خوشحال شده از غیاث الدین برایش سفارش می کند"۔ (۳)

ترجمہ: حسن، برہمن کا ملازم جو کی دہلی کا رہنے والا تھا، اسے ایک دن اپنے مالک کے گھر سونے سے بھرا ہوا تشت ملا، لیکن پوری

دیانتداری کے ساتھ اس نے وہ تشت اپنے آقا کو لوٹا دیا۔ مالک اپنے غلام کی اس وفاداری پر بہت خوش ہوا اور اسے ولی عہد سلطنت محمد بن تغلق کے پاس لے گیا، واقعہ سن کر وہ بھی بہت خوش ہوا اور غیاث الدین تغلق سے حسن کی سفارش کی۔

کہا جاتا ہے کہ حضرت نظام الدین اولیاء نے حسن گنگوی کی اہمیت کے بارے میں پہلے ہی آگاہ کر دیا تھا، ایک دن غیاث الدین تغلق کا بیٹا محمد بن تغلق نظام الدین اولیاء کے حضور سے رخصت ہو رہا تھا اسی وقت حسن گنگوی حضور کی زیارت کو پہنچے۔ شیخ نے فرمایا: ''سلطانی آمد و سلطانی رفت'' یعنی ایک سلطان آیا اور ایک سلطان چلا گیا۔ شیخ کے دسترخوان پر بھی حسن کی خوب پذیرائی ہوا کرتی تھی۔ غالباً اسی نشست میں شیخ کی جانب سے اطلاع دی گئی تھی کہ وہ ایک دن دکن کا سلطان بنے گا (۴)۔ یہ بات سچ ثابت ہوئی حسن تدبیر، شیخ نظام الدین اولیاء کے نیک فال اور خود حسن گنگوی کی خوش نصیبی کے سبب ۲۴ ربیع الثانی ۷۴۸ھ بروز جمعہ قطب الدین مسجد میں دکن کی سلطنت کا تاج سر پر رکھا گیا (۵)۔

فارسی زبان و ادب کا ابلاغ اور فروغ علاء الدین حسن گنگوی کے دور حکومت سے ہی ہونے لگا کیونکہ اس نے فارسی جاننے والوں کو ہندوستان کے جنوب میں آباد ہونے کی دعوت دی تھی۔ حسن بہمنی کے فرمان کے بعد دہلی اور بعض دیگر ہندوستانی شہروں کے ساتھ ساتھ ایران اور دیگر سرزمینوں سے ہندوستان کے جنوب میں علماء، عرفاء، سائنسدانوں، شاعروں، فنکاروں اور تاجروں کی ہجرت شروع ہوئی اور دن بدن پھیلتی گئی۔ انہیں مہاجرین میں ایک نام صاحب فتوح السلاطین **عبد الملک عصامی** کا بھی ہے۔ ان سب کے باوجود جنوبی ہند و ایران کے تعلقات کو مستحکم بنانے میں مذہب تشیع کے کردار کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے۔

عصامی کا زندگی نامہ

دکن کی جانب ہجرت کرنے والوں کی ایک لمبی فہرست ہے لیکن جن شعراء و ادباء کو بے پناہ شہرت ملی ان میں ایک نمایاں اور عظیم نام فتوح السلاطین کے شاعر عبد الملک عصامی کا ہے، جس منظومہ کو ہم **شاہنامۂ دکن** کے نام سے بھی جانتے ہیں۔ عصامی کی ولادت ۷۱۱ھ کے لگ بھگ دہلی میں ہوئی۔ اس کا خاندان سمرقند کے رؤسا میں سے ایک تھا لیکن اس کی نشو و نما ہندوستان میں ہوئی تھی جبکہ شہرت دکن سے حاصل ہوئی۔ فتوح السلاطین کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے آباء و اجداد کا تعلق عصام سے تھا اسی نسبت کی بنا پر انھوں نے اپنا لقب عصامی رکھا تھا یہاں تک اس نے اپنا تخلص بھی یہی اختیار کیا۔ وہ خود اس بارے میں کہتا ہے:۔

یکی بود روشن دل و نیک نام　　　　چراغی از دودۂ بو عصام
هم از فخر ملک عصامی به هند　　　　بزاده بدان گوهر دلپسند (۶)

عصامی کہ آباء و اجداد میں سے پہلا شخص جو ہندوستان آیا وہ فخر الملک عصامی تھا۔ خود عصامی کہ مطابق وہ بنی عباس کے خلفاء میں ایک خلیفہ کے دربار میں وزارت کے عہدے پر فائز تھے لیکن کسی سبب خلیفہ سے ناراض ہو گئے اور وزارت سے استعفیٰ دے کر اپنے رشتہ داروں کے ساتھ ہندوستان چلے آئے۔ جب وہ ملتان پہنچے تو ان کے چند رشتہ دار وہیں رک گئے اور ملتان میں آباد ہو گئے جبکہ فخر الملک بقیہ رشتہ داروں کو لے کر دہلی آ گئے۔ ان دنوں ہندوستان کا حکمران شمس الدین التمش تھا،

جب سلطان نے سنا کہ بغداد کا وزیر آیا ہے تو اس کے استقبال کے لئے چند فرسخ خود گیا اور انہیں اپنا وزیر مقرر کیا۔(۷)

عصامی جو کہ دہلی میں پیدا ہوا تھا اس نے اپنی زندگی آغاز سے سولہ(۱۶) سال کی عمر تک اپنے دادا عزالدین عصامی کے سایہ میں دہلی میں ہی گزاری۔ ۷۲۶ھ میں جب محمد بن تغلق نے دولت آباد کو دارالحکومت بنایا تو اس نے تمام سرکاری اور غیر سرکاری ملازمین کو دہلی چھوڑ کر دولت آباد منتقل ہونے کا حکم دیا۔مجبوراً نوّے(۹۰)سال کی عمر میں عصامی کے دادا عزالدین کو بھی اپنے پوتے کے ساتھ نقل مکانی کرنا پڑی۔باوجود اس کے کہ وہ کافی ضعیف اور بوڑھے ہو چکے تھے،سفر کرنا انکے لئے ممکن نہ تھا،انہوں نے دولت آباد جانے کا ارادہ کیا کیونکہ انکے پاس کوئی اور چارہ نہ تھا۔لیکن وہ سفر کی سختیوں کی تعب نہ لا سکے اور درمیان راہ ہی اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔عصامی نے سفر کی ان سختیوں اور پریشانیوں کو یوں بیان کیا ہے۔:

چون آن پیر فرخ عصامی نژاد
به حد نود سالگی سر نهاد
ابا خلق دهلی در آن روزگار
برون کرد از دهلیش شهریار
چون خدامش از شهر بیرونش کشید
نشسته به مهدی به تلپت رسید(۸)

ڈاکٹر ابوالقاسم رادفر کی تحریر کے مطابق عصامی نے اپنی زندگی سولہ(۱۶) سال کی عمر سے چالیس سال(۴۰) سال کی عمر تک دولت آباد میں گزاری۔اس دوران وہ سلطان محمد بن تغلق کے بہت سے جبر، بغاوت اور مظالم کا گواہ رہا۔اس صورت حال نے اسے بہت غمگین اور پریشان کر رکھا تھا جس کی وجہ سے اس نے ہندوستان ترک کر کے ۷۵۰ہجری میں حرمین شریفین جانے کا ارادہ کیا۔لیکن ہندوستان سے ہجرت کرنے سے پہلے وہ اپنی ایک یادگار چھوڑنا چاہتا تھا،اسی مناسبت سے اس نے ایک ایسے موضوع کا انتخاب کیا جو شاعری اور تاریخ کا امتزاج تھا،اپنی اس خواہش کی تکمیل کے لئے اس نے قاضی بہاالدین جو کہ سلطان علاءالدین حسن بہمنی کے دربار سے منسلک تھا اس کی حمایت اور خود سلطان علاءالدین حسن بہمنی کی اجازت سے مثنوی نظم کرنا شروع کی۔سب سے پہلے اس نے حمد،نعت،منقبت اور سلطان کی مدح میں اشعار نظم کئے اور اسے سلطان حسن کی خدمت میں پیش کیا، ان اشعار کو ملاحظہ کرنے کے بعد بادشاہ بہت خوش ہوا اور اس نے عصامی کو ہندوستان کی تارخ نظم کرنے کی اجازت دے دی۔کتاب مکمل کرنے کے بعد عصامی نے اس کا نام فتوح السلاطین رکھا۔یہ عصامی کا آخری ادبی اثر تھا جو زمانے کی آفات سے محفوظ رہا کیونکہ اس کے دو دیوان ضائع ہو چکے ہیں جن کا کوئی پتہ نہیں ہے۔فتوح السلاطین کی تکمیل کے وقت اسکی عمر ۴۰ سال تھی،مثنوی تمام کرنے کے بعد اس نے حرمین شریفین کی جانب ہجرت کی۔کہا جاتا ہے کہ عصامی نے اسی پاک سرزمین پر وفات پائی اور وہاں سے واپس نہ آیا۔(۹)

فتوح السلاطین

فتوح السلاطین ہندوستان کے بادشاہوں کی منظوم تاریخ ہے۔اس منظوم نامہ کا آغاز محمود غزنوی کے تذکرے سے

ہوتا ہے، محمد بن تغلق کے واقعات کو تفصیل سے بیان کرتا ہے اور سلطان علاء الدین بہمن شاہ کے تذکرہ پر ختم ہو جاتا ہے۔ دکن کی یہ منظوم تاریخ بہمنی خاندان کے بانی کے حالات کو تفصیل سے بیان کرتی ہے۔ عصامی بھی درباری شاعروں کی مانند اپنے ولی کی مبالغہ آرائی کی حد تک تعریف کرتا ہے اور اسے عظیم بادشاہوں میں شمار کرتا ہے۔

ایک نقطۂ نظر سے فتوح السلاطین، فردوسی کے شاہنامہ کا جواب ہے اور دوسرے نقطۂ نظر سے یہ شاہنامہ کا ایک ضمیمہ اور تکملہ ہے کیونکہ شاہنامے میں فردوسی نے حضرت آدمؑ سے لے کر محمود غزنوی تک ایرانی بادشاہوں کے قصے سنائے ہیں اور عصامی نے سلطان محمود غزنوی سے لے کر اپنے زمانے تک کے بادشاہوں کے تمام واقعات اور فتوحات کو شاہنامے کی بحر (متقارب) میں سال بہ سال اور ماہ بہ ماہ تفصیل سے ترتیب دیا ہے۔(۱۰) تاہم عصامی کی فتوح السلاطین کا ایک قابل ذکر امتیاز یہ ہے کہ، یہ رزمیہ مثنوی حیرت انگیز اور ناقابل یقین افسانوں سے پاک ہے۔ فتوح السلاطین کے پہلوان و سورما فردوسی کے شاہنامے کے سورما کی طرح طاقت اور حوصلے میں کبھی بھی انسانی حدود سے خارج نہیں ہوتے۔

جس طرح شاہنامہ خدا کی حمد اور توحید سے شروع ہوتا ہے اور فردوسی کہتا ہے:

بنام خداوند جان و خرد کزین برتر اندیشه برنگزرد

عصامی بھی فتوح السلاطین کا آغاز حمد و توحید سے کرتا ہے اور کہتا ہے:

بـــنـــام خدا وند هر دو جهـــان کـــنـــد ابتدا نـامـــه کـــار آگـهـــان
هـر آن نـامـه کـآغـازز آن نام شد درانـجـام کاوش سرانجام شد۱۱

خود عصامی کے مطابق انہوں نے اپنی مثنوی میں فردوسی اور نظامی کی تقلید کی ہے لیکن فتوح السلاطین کی مخصوص خصوصیات کو مدنظر رکھتے ہوئے کہا جا سکتا ہے کہ یہ پیروی فقط ظاہری یعنی ہیئت اور اسلوب کی ہے بقیہ چیزوں میں ان دونوں رزمیہ مثنویوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔ عصامی نے بھی اس کا تبصرہ کرتے ہوئے فردوسی کے شاہنامے کو مور، خمسۂ نظامی کو بلبل اور اپنے منظومہ کو طوطے سے تشبیہ دی ہے اور ہر ایک کی خصوصیت کو الگ الگ بیان کیا ہے۔۱۲

دوشـاعـر دریـن فـن چـون کارآگهان ربـودنـد گـویـی کـمـال از جهـان
یـــکـــی جـــلـــوه داد طـــاؤس را چـــو فـــردوس آر اســـت طـوس را
دوم بـــــلـــبـــــل آورد انـــــدر نـــــوا شـــرف داد مـــر گـــلـشـــن گـنـجـه را
بـــکـــردم مـــن آن هـــر دو راپـیـــروی شـــدم پـیـــرو هـــر دو در مـثـــنـــوی
ز طـــاؤس و بـــلـبـل بـــه هـــنـــدوستـــان یـــکـــی طـــوطـی زاد شـــکـــر فـشـــان

فتوح السلاطین تاریخ اور شاعری کا دلکشا امتزاج ہے، اس نظم میں عصامی نے ادب کو تاریخ کی بنیاد پر استوار کیا ہے اور اپنی شاعری کو دم مسیح کے ساتھ تازہ زندگی بخشی ہے تاہم اس میں شاعرانہ تخیل کا بھی بھرپور استعمال کیا ہے۔ اس نے تاریخی واقعات کو نہایت ہی دیانت اور سچائی سے بیان کیا ہے، تاریخ گوئی میں زرہ برابر بھی حق گوئی کا دامن نہیں چھوڑا ہے۔ عصامی نے دستاویزی اور مستند لیکن شاعرانہ تاریخ پیش کی ہے۔ اس نے دانشمندوں اور قدیم تاریخی کتب کا سہارا لیتے ہوئے ایک صحیح

تاریخ ہمارے حوالے کی ہے۔ وہ خود اس بارے میں کہتا ہے:۔

حدیثی کہ بشنیدم از باستان | کشیدم بہ نظمش درین داستان
دگر آنچہ اندر کتب یافتم | سر از درج آن نیز کم تافتم
حکایت شاهان هندوستان | طلب کردم از باخرد دوستان
همہ با تواریخ کردم رجو | چو دیدم موافق اصول و فروع (۱۳)

ہم سبھی جانتے ہیں کہ فردوسی نے شاہنامہ کو ترتیب دینے کے لئے بہت محنت کی اور اس کام میں اسے مکمل تیس (۳۰) سال لگے، جس کا ذکر خود اس نے اپنے ایک شعر کے ذریعہ کیا ہے:۔

بسی رنج بردم درین سال سی | عجم زنده کردم بدین پارسی

فردوسی کی طرح عصامی نے بھی فتوح السلاطین کو نظم کرنے میں بہت محنت کی ہے اور اس نے اپنی کوششوں کا اظہار اس طرح کیا ہے:۔

به تحقیق افسانه ای کهن | ببردم بسی رنج در هر سخن

عصامی نے رزم اور بزم دونوں میدان میں اپنی قابلیت دکھائی ہے۔ اس نے حقیقت کے ساتھ، بادشاہوں کے خوف کے بغیر اس تاریخ کو نظم کیا ہے۔ اس کے علاوہ اسے بادشاہوں سے کسی قسم کی کوئی لالچ نہ تھی، اسی لئے اس نے غیر جانبداری سے ہر سچ کو عین مطابق لکھا ہے، حتیٰ کہ سیاسی معاملات میں بھی اپنی رائے کا اظہار پوری آزادی کے ساتھ کیا ہے۔

نتیجہ: خلاصہ یہ ہے کہ ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت کے قیام کے بعد تاریخ، ثقافت اور معاشرت میں بہت سی تبدیلیاں رونما ہوئیں جن میں سرفہرست یہ تبدیلی آئی کہ فارسی زبان کو اس ملک کی سرکاری زبان کے طور پر تسلیم کیا جانے لگا اور ایران سے ادیبوں اور شاعروں کی ہجرت ہونے لگی، جس کے نتیجہ میں ہندوستان میں شاعری، نثر نگاری اور اسلامی تاریخ نویسی کے بہت سے آثار وجود میں آئے۔ اسی زمانے میں امیر خسرو دہلوی اور عصامی جیسے شاعروں نے تاریخی مثنوی کی شکل میں کئی منظومہ چھوڑا جس کی بنا پر ہندوستانی فارسی شاعری قابل افتخار بن گئی۔ جس طرح فردوسی کے شاہنامے اور نظامی کے خمسہ کا فارسی ادب میں بڑا مقام ہے اسی طرح عصامی کی فتوح السلاطین کو بھی اپنی صوری اور معنوی خوبیوں کے لحاظ سے ان دو شاہکاروں سے کم نہیں سمجھا جانا چاہئے۔

بہت افسوس کے ساتھ لکھنا پڑتا ہے کہ بہمنی دور کے بیشتر ادبی سرمایہ ختم ہو چکے ہیں اس کے باوجود یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ جب تک فتوح السلاطین موجود ہے کافی ہے اور کوئی بھی تاریخی تحقیق فتوح السلاطین سے مراجعہ کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتی۔

منابع:

۱۔ حکمت، علی اصغر، سرزمین هند، ص ۹۸۔ چاپخانہ دانشگاہ طهران ۱۳۳۷ش
۲۔ حکمت، علی اصغر، نقش پارسی بر احجار هند، ص ۸۲۔ کلکتہ ۱۳۳۶ش
۳۔ فرشتہ، محمد قاسم، تاریخ فرشتہ، ج ۲، ص ۹۳۵۔ مترجم خواجہ عبدالحی۔ المیزان، لاہور
۴۔ شعیب، شعیب اعظمی، فارسی ادب بہ عہد سلاطین تغلق، ص ۸۱۔ انڈو پرشین سوسائٹی، نئی دہلی ۱۹۸۴

Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

۵۔فرشتہ،محمد قاسم،تاریخ فرشتہ، ج ۲،ص ۵۴۴۔مترجم خواجہ عبدالحی ۔المیز ان، لاہور

۶۔عصامی،عبدالملک،فتوح السلاطین،ص ۱۴۸۔مصحح ،اے۔ایس۔یوشع ، مدراس یونیورسیٹی ۱۹۸۴

۷۔ایضاً،ص۲

۸۔ایضاً،ص ۴۴۸

۹۔مجلّہ زبان وادبیات فارسی،ص ۶۰۔(بررسی جنبہ ھای ادبی فتوح السلاطین عصامی)ش۔۲، بھار ۱۳۸۵

۱۰۔عصامی،عبدالملک،فتوح السلاطین،ص ۶۰۹۔بیت ۱۵ تا ۱۹۔مصحح ،اے۔ایس۔یوشع ، مدراس یونیورسیٹی ۱۹۸۴

۱۱۔ ایضاً،ص۱

۱۲۔عصامی،عبدالملک،فتوح السلاطین،ص ۶۰۹۔بیت ۷ تا ۱۲۔مصحح ،اے۔ایس۔یوشع ، مدراس یونیورسیٹی ۱۹۸۴

۱۳۔ایضاً،ص ۶۱۴

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

پروفیسر رضوان اللہ آروی*

بہار کے فارسی اساتذہ سیریز-۱۰

پروفیسر عبدالغفار انصاری

پروفیسر عبدالغفار انصاری بن حاجی عبدالواحد انصاری مرحوم، ناتھ نگر بھاگلپور میں ۳۱/جنوری ۱۹۳۹ء کو پیدا ہوئے۔ابتدائی تعلیم ناتھ نگر کے ہی قریب واقع الجبریہ اسکول میں ہوئی جہاں مولانا عبدالقادر مرحوم ان کے استاد تھے۔بعد ازاں سکھراج رائے انگلش ہائی اسکول ناتھ نگر سے انہوں نے پانچویں جماعت سے میٹریکولیشن تک کی تعلیم مکمل کی۔حصول تعلیم کے اُس ابتدائی زمانے میں ان کے اردو فارسی کے قابل ذکر اساتذہ میں مولانا محمد اسحاق چمپانگری، مسٹر عزیز احمد بھاگلپوری اور مولانا عبدالغفار چمپانگری شامل ہیں۔جبکہ ابتدائی انگریزی کی تعلیم انہوں نے ماسٹر شعیب صاحب مرحوم اور ماسٹر احتشام مرحوم سے حاصل کی۔۱۹۵۳ء میں میٹرک پاس کیا اور ۱۹۵۵ء میں ٹی۔ان۔جے۔کالج بھاگلپور (بہار یونیورسٹی) سے انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں کامیابی حاصل کی۔پھر اسی کالج سے انہوں نے ۱۹۵۷ء میں فارسی میں بی۔اے آنرز کیا اور تمغۂ طلائی بھی حاصل کیا۔اس کے بعد پٹنہ یونیورسٹی میں ان کا داخلہ ہوا جہاں سے انہوں نے بالترتیب ۱۹۵۹ء اور ۱۹۶۰ء میں ایم۔اے (فارسی) اور ایم۔اے (اردو) کے امتحانات میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔تعلیمی سلسلہ کے اس شاندار رکارڈ کو برقرار رکھتے ہوئے انہوں نے ۱۹۶۷ء میں ایران اور مشرق وسطیٰ کی تاریخ وتمدن اور فرہنگ پر مقالہ لکھ کر تہران یونیورسٹی سے ڈیپ لٹ کیا۔بعد ازاں ۱۹۶۸ء میں بھاگلپور یونیورسٹی سے علی قلی خاں والہ داغستانی کی حیات وخدمات پر تحقیقی مقالہ لکھ کر پہلے فارسی میں پی ایچ ڈی کی اور پھر ۱۹۷۶ء میں اسی یونیورسٹی سے آقا محمد کاظم والہ اصفہانی کی حیات وخدمات پر تحقیقی مقالہ لکھ کر ڈی لٹ کی سند حاصل کی۔کالج اور یونیورسٹی کی سطح پر اردو فارسی کے ان کے اساتذہ میں ڈاکٹر سید احمد حسن، پروفیسر عبد الاحد، پروفیسر سید صدرالدین احمد، سابق صدر شعبہ فارسی، ٹی این بی کالج بھاگلپور، پروفیسر سید حسن، پروفیسر ڈاکٹر اقبال حسین، پروفیسر عبدالمنان بیدل، پروفیسر سید شاہ عطاء الرحمٰن عطا کاکوی اور پروفیسر فیاض الدین حیدر شامل ہیں۔جبکہ ان کے ایرانی اساتذہ میں ڈاکٹر مجتبیٰ مینوی، ڈاکٹر ذبیح اللہ صفا، ڈاکٹر مجوب، ڈاکٹر شہیدی، ڈاکٹر رضا زادہ شفق اور ڈاکٹر بدیع الزماں فروزانفر وغیرہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

۶/مئی ۱۹۶۴ء کو حاجی محمد عنایت اللہ (بھیکن پور، بھاگلپور) کی اکلوتی صاحبزادی روحہ بانو سے آپ کا نکاح ہوا۔واضح رہے کہ یہ خاندان حضرت مولانا فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی کے ارادتمندوں میں شامل تھا۔اللہ نے انہیں کئی اولاد سے نوازا، جن میں ابوذر غفاری، شمع ناز، عبدالقادر، عبدالخالق، ابوجعفر، ابوریحان اور ابوسلمان شامل ہیں۔پروفیسر عبدالغفار

PROFESSOR ABDUL GHAFOOR ANSARI (Pg.No. 133 TO 149)
PROFESSOR RIZWANULLAH ARVI
PATNA, BIHAR

انصاری صاحب کی ملازمت کی ابتدا مارواڑی کالج کشن گنج میں اردو، فارسی لکچرر کی حیثیت سے ہوئی جہاں انہوں نے ۶/ستمبر ۱۹۶۰ء سے ۷/ستمبر ۱۹۶۱ء تک تدریسی خدمات انجام دیں۔ پھر ٹی این بی کالج بھاگلپور میں ۸/ستمبر ۱۹۶۱ء سے ۱۲/جنوری ۱۹۷۸ء تک ان کی تدریسی خدمات کا سلسلہ جاری رہا، جہاں وہ ترقی کے بعد ریڈر بھی ہوئے اور صدر شعبہ فارسی کے منصب پر بھی فائز ہوئے۔ بعد ازاں یو جی سی کے ضابطہ کے مطابق انہیں پروفیسر شپ میں ترقی ملی اور بھاگلپور یونیورسٹی کے پوسٹ گریجویٹ شعبہ فارسی میں ان کا تبادلہ ہوا جہاں انہیں ۲/جنوری ۱۹۸۶ء کو صدر شعبہ کا منصب تفویض ہوا۔ اور اسی منصب سے وہ ۳۱/جنوری ۱۹۹۹ء کو ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔ درس و تدریس کے دوران ان کے کئی تلامذہ بھی ان سے کسب فیض کرنے کے بعد یا ان کی نگرانی میں پی ایچ ڈی کرنے کے بعد خود استادی کے منصب پر فائز ہوئے۔ ان میں ڈاکٹر محمد شہاب الدین، ڈاکٹر محمد عرفان، ڈاکٹر محمد قمر الدین، محمد گوہر علی انصاری، ڈاکٹر حنان سبحانی، ڈاکٹر محمد کمال لدین مضطر اور ڈاکٹر محمد صابر علی وغیرہ شامل ہیں۔ اسی دوران انہوں نے ایران وعراق کے مقدس مقامات و مقابر کی زیارت کی اور مختلف شعرا کے مزارات پر بھی حاضری دی۔ سبکدوشی کے بعد حیات مستعار کے بقیہ ایام گزار کر رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ۲۰/ نومبر ۲۰۰۲ء کو انہوں نے پٹنہ کے ایک پرائیویٹ نرسنگ ہوم میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ آپ کا جنازہ بھاگلپور لایا گیا جہاں تاتارپور مسجد کے سامنے تراویح کی نماز کے بعد آپ کی نماز جنازہ ادا کی گئی اور آپ کی وصیت کے مطابق اُس مسجد کے احاطہ میں دفن کیا گیا جس کی زمین آپ نے خود خرید کر وقف کی تھی اور مسجد تعمیر کرائی تھی اور اس کے احاطہ میں اپنی قبر کے لئے جگہ بھی مخصوص کر دی تھی۔ اس مسجد کا نام مسجد نبی کریم ہے۔ مسجد میں ایک مدرسہ بھی اسی نام سے قائم ہے جہاں ملت کے نونہالوں کو دینی علوم کے ساتھ عصری علوم سے بھی آراستہ کیا جا رہا ہے۔

تصنیف و تالیف کے معاملے میں ڈاکٹر عبدالغفار انصاری صاحب اپنے کثیر التصانیف اساتذہ (جن میں پروفیسر سید حسن بھی شامل تھے) کے نقش قدم پر چلے اور اپنے اساتذہ ہی کی طرح انہوں نے بھی یادگار اور پائدار تحقیقی کارنامے انجام دیئے۔ چونکہ انہیں تصوف اور صوفیہ کرام سے بھی گہری عقیدت تھی، لہٰذا مذہب و تصوف اور صوفیہ کرام کی شخصیات اور ان کے علمی کارناموں کے حوالے سے بھی ان کی کئی کتابیں منظر عام پر آئیں۔ ان سب کا مختصر تعارف ذیل میں پیش کیا جا رہا ہے جس سے ان کی علمی حیثیت کا بھی اندازہ ہوگا اور حیرت بھی ہوگی کہ مرکز سے دور رہ کر انہوں نے ایک ایسے زمانے میں کیسے اتنا سارا مواد حاصل کیا جب آج کی طرح سہولتیں بھی میسر نہیں تھیں۔ اُن کے تحقیقی کارنامے اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ درس و تدریس کے بعد انہوں نے ایک لمحہ بھی ضائع نہیں کیا اور خانقاہ شہبازیہ کی لائبریری سمیت شہر کے مختلف کتب خانوں میں محفوظ نادر علمی ذخیروں سے مسلسل استفادہ کرتے ہوئے اپنی پوری زندگی تصنیف و تالیف میں بسر کر دی۔

گلچینی از، دیوان آقا محمد کاظم والہ اصفہانی۔ (با مقدمہ) آقا محمد کاظم اصفہانی کا یہ دیوان کئی نسخوں سے موازنہ کرنے کے بعد پروفیسر عبدالغفار انصاری صاحب نے ترتیب دیا ہے اور اپنے مبسوط مقدمہ کے ساتھ شائع کیا ہے جس میں انہوں نے والہ اصفہانی کی حیات اور اس کے علمی کارناموں کے ساتھ اس کے عادات و خصائل پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ اور اس کے لئے انہوں نے والہ کے معاصر ماً خذ یا کم از کم اس کے عہد کے قریب ترین منابع سے رجوع کیا ہے۔ والہ

کی پیدائش نادر شاہ کے عہد میں ۱۱۵۰ھ کے آس پاس اصفہان میں ہوئی۔اسی لئے اسے اصفہانی کہا جاتا ہے۔مختلف مأخذ سے انہوں نے جو اقتباس نقل کئے ہیں،اس سے پتہ چلتا ہے کہ والہ اصفہانی ایک پاکیزہ اور خوشحال خاندان سے تعلق رکھتا تھا اور خود بھی نیک خصلت کا حامل تھا۔شاعری کی مختلف اصناف کے ساتھ علم عروض پر بھی اسے قدرت حاصل تھی۔خاص طور پر اسے خوشنویسی اور خطاطی میں کمال حاصل تھا اور دور دراز سے لوگ اس فن کو سیکھنے کے لئے اس کے پاس آتے تھے۔اس نے عراق اور عرب وغیرہ کی سیاحت بھی کی تھی اور ہندوستان آنے کا بھی آرزومند تھا،مگر اس کی یہ آرزو پوری نہ ہوسکی۔حالانکہ وہ ہندوستان کے نوابین اور امراء کے رابطہ میں تھا۔حیدرآباد دکن کے میر نظام علی خاں اور عماد الملک غازی الدین خاں فیروز جنگ کی مدح میں اس کے قصائد بھی ملتے ہیں۔لیکن اس کے باوجود ہندوستان آنے کا اس کا خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہوسکا۔یہ اور بات ہے کہ ہندوستان کی ستائش میں اس کے اشعار آج بھی یادگار ہیں۔عبدالغفار انصاری صاحب نے ان اشعار کو نقل بھی کیا ہے۔۱۲۲۹ھ میں اصفہان میں والہ اصفہانی کی وفات ہوئی۔

اصفہان،تہران اور لندن کے مختلف کتب خانوں میں محفوظ والہ اصفہانی کے دیوان کے قلمی نسخوں کی دریافت اور پھر ان سب کے موازنہ کے بعد اس دیوان کی ترتیب وتدوین کی تفصیل انہوں نے بیان کی ہے اور اسی ذیل میں والہ اصفہانی کے معاصر شعرا کے ساتھ اس کے ہم تخلص شعرا کا بھی ذکر کیا ہے جس میں علی قلی خاں والہ داغستانی خاصی شہرت کا حامل ہے۔آخر میں والہ کے مکمل دیوان کا متن پیش کیا گیا ہے جس میں سب سے پہلی نظم ہندوستان کی تعریف وتوصیف میں ہے اور دوسری اصفہان کی ستائش میں۔پھر'قصائد' کا سلسلہ شروع ہوتا ہے جس میں میر نظام علی خاں صوبہ دار دکن حیدرآباد اور بادشاہ فتح علی قاجار اور عماد الملک غازی الدین خاں بہادر فیروز جنگ وغیرہ کی مدح میں کہے گئے ان کے قصائد شامل ہیں۔مختلف شخصیات اور عمارات کے بارے میں کئی قطعات تاریخ بھی دیوان کی زینت ہیں۔آخر میں ۹۲/غزلیات کا انتخاب ہے جس کی ترتیب میں حروف تہجی کا خیال رکھا گیا ہے۔دیوان کا خاتمہ والہ اصفہانی کے اقوال زریں پر ہوتا ہے جو انہوں نے عربی زبان میں لوگوں کی نصیحت اور ان کی اصلاح کے لئے خطاب کی شکل میں کہے ہیں۔اس دیوان کو مرتب کرکے عبدالغفار انصاری صاحب نے محمد کاظم اصفہانی کو گویا از سرنو دریافت کیا ہے۔اس لئے کہ ان کے حالات زندگی اور ان کا کلام دونوں آسانی سے دستیاب نہیں ہیں۔اس سلسلہ میں وہ خود دلیل راہ بنے ہیں اور والہ اصفہانی کے حالات قلمبند کرنے کے ساتھ ان کے کلام کی روشنی میں ان کی شاعری کا مختصر مگر جامع جائزہ لیا ہے۔مثلاً وہ لکھتے ہیں:

> "بنده دیوان واله اصفهانی را مطالعه کردوخیال دارد که اشعار واله اصفهانی رنگین،ساده،پخته،پُرمغز،شیریں و پُر از سلاست و فصاحت اند۔بی شبه واله اصفهانی در زمرۂ شعرای همزمان مقام بلندی داشت۔"
>
> (کتاب ہذا۔ ص ۹)

محمد کاظم والہ اصفہانی کے حوالے سے یہ کتاب ایک معتبر مأخذ کی حیثیت رکھتی ہے اور اس پر کچھ بھی لکھنے کے لئے اس کتاب سے استفادہ ناگزیر ہے۔

عہد محمد شاہی کے چند اہم فارسی شعرا۔ یہ کتاب، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، عہد محمد شاہی کے چند اہم اور منتخب شعرا کی حیات و خدمات اور ان کے علمی کارناموں کے جائزے پر محیط ہے۔ ان شعرا میں شیخ علی حزیں کے علاوہ شاہ فقیراللہ آفریں، میر شمس الدین فقیر عباسی، سراج الدین علی خاں آرزو، میر غلام علی آزاد بلگرامی اور نظام الملک آصف جاہ وغیرہ شامل ہیں۔ کتاب کے دیباچہ میں مصنف نے محمد شاہ کے عہد میں ابتر سیاسی صورتحال کا نقشہ کھینچنے کے باوجود اُس دور میں شعر و ادب کے ساتھ مختلف فنون لطیفہ میں ہونے والی ترقیوں کا بھی ذکر کیا ہے اور اُس دور کو 'فارسی شاعری کا آخری زرّیں دور' قرار دیا ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے کئی ایسے واقعات کا ذکر کیا ہے جس سے شعر و ادب میں محمد شاہ کی دلچسپی کا ثبوت ملتا ہے۔ اور اپنی اسی دلچسپی کی وجہ سے اس نے شعرا کی سرپرستی کے ساتھ دیگر فنون لطیفہ مثلاً موسیقی اور علم نجوم وغیرہ کو بھی حیات نو بخشی جو عہد عالمگیری میں زوال پذیر ہو چکی تھیں۔ مصنف نے دیباچہ میں درجنوں ایسے شعرا کا نام لکھا ہے جو محمد شاہ کے عہد میں اعلا عہدوں پر فائز ہوئے اور مختلف قسم کے مناصب اور وزارت سے نوازے گئے۔

شیخ علی حزیں کا تذکرہ اس کتاب میں سرفہرست ہے جس میں مصنف نے ایران سے ہندوستان تک کے اس کے احوال کا مفصل جائزہ لیا ہے جس میں اس کی ولادت سے لے کر اس کی وفات تک کے اہم واقعات سمٹ کر آ گئے ہیں۔ شاہ فقیراللہ آفریں لاہوری نسبتاً کم معروف شاعر ہیں، لیکن مصنف نے نہ صرف ان کے حالات کو تفصیل سے بیان کیا ہے بلکہ ان کے تلامذہ کا بھی ذکر کیا ہے اور ان کی تصانیف کی فہرست بھی درج کر دی ہے۔ اسی طرح نظام الملک آصف جاہ کی پہچان اگرچہ شاعر کی حیثیت سے نہیں ہے، لیکن مصنف نے ان کے شاعرانہ پہلو پر ہی اپنی توجہ مرکوز رکھی ہے اور ان کے ضخیم دیوان سے بطور مثال ان کے اشعار بھی پیش کئے ہیں۔ اُس دور کے جن چند اہم شعرا کو نظرانداز کیا گیا اور ان کے شاعرانہ کمال کے باوجود ان پر توجہ نہیں دی گئی، ان میں میر شمس الدین فقیر عباسی بھی شامل ہیں۔ مصنف نے تفصیل سے ان کی حیات و خدمات اور ان کی نثری تصانیف کے ساتھ ان کی شاعری کا بھی بھرپور تجزیہ کیا ہے۔ اور فارسی ادب میں انہیں ان کا صحیح مقام دلانے کی کامیاب کوشش کی ہے۔ آخر میں انہوں نے سراج الدین علی خاں آرزو اور میر غلام علی آزاد بلگرامی کے بارے میں بھی تفصیل سے لکھا ہے جن کے علمی کارناموں اور شاعرانہ ارتفاع کا ایک جہان معترف ہے۔

یہ کتاب ایک ایسے بادشاہ کے دور کی ادبی و تہذیبی داستان ہے جس کو 'رنگیلا' کہہ کر عام طور پر اسے ہدف ملامت و تمسخر بنایا گیا۔ جبکہ شعرا کی سرپرستی اور علم و ادب کے فروغ وارتقا میں اس کے اہم کردار اور اس کی مخلصانہ کوششوں کا اعتراف کیا جانا چاہئے تھا۔ یہ دور اس لئے بھی اہم ہے کہ اسی دور میں اردو شاعری بھی نمو پذیر ہونے لگی تھی اور فارسی شعرا بھی اردو میں طبع آزمائی کرنے لگے تھے۔ خود محمد شاہ کے اردو میں شعر کہنے کی روایت ملتی ہے۔ ایسی کتابیں نہ صرف ادبا و شعرا کو، بلکہ ایک مکمل عہد کو بھی ادب میں اس کا صحیح مقام دلانے میں کامیاب رہتی ہیں۔

احوال و افکار و آثار آقا محمد کاظم والہ اصفہانی۔ فخرالدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ کے مالی تعاون سے شائع ہونے والی یہ کتاب، دراصل وہ تحقیقی مقالہ ہے جس پر بھاگلپور یونیورسٹی نے پروفیسر عبدالغفار انصاری صاحب کو ۱۹۷۶ء میں فارسی میں ڈی لٹ کی سند عطا کی تھی۔ مجموعی طور پر یہ کتاب گیارہ ابواب پر مشتمل ہے جس کے دیباچہ میں مصنف نے اس موضوع

کے انتخاب کی روداد بیان کرتے ہوئے اپنے ایران کے سفر میں اس کے کلام کی دریافت کا قصہ بیان کیا ہے اور یہ بھی کہ وہاں ان کے استاد پروفیسر بدیع الزماں فروزانفر نے اس پر کام کرنے کے لئے انہیں تحریک بھی دی اور والہ کے ایک نادر قلمی نسخہ کی نشاندہی بھی کی جو خود والہ کے اپنے خط میں ہے۔بعد میں مصنف نے اس نسخہ کو دیکھا اور اس کی سادگی،سلاست،لطافت،دلکشی اور شیرینی سے متاثر بھی ہوئے۔اس کے بعد انہوں نے والہ کے مقبرے پر بھی حاضری دی۔تاہم اس کے تئیں ناقدین کی عدم توجہی پر انہیں مایوسی بھی ہوئی۔دیباچہ کے آخر میں انہوں نے اجمالاً والہ اصفہانی کے دور کی سیاسی وادبی صورتحال پر روشنی ڈالی ہے۔لیکن اس اجمال کی تفصیل کتاب کے پہلے باب میں ملتی ہے جس میں انہوں نے شرح و بسط کے ساتھ آقا محمد کاظم والہ اصفہانی کے عہد میں ایران و ہند کی سیاسی و ادبی صورتحال کے بارے میں لکھا ہے۔دوسرے باب کا عنوان ہے'والہ اصفہانی،تواریخ،تذکرے اورسوانح کی روشنی میں'۔اس باب میں مصنف نے اپنی طرف سے کچھ لکھنے کی بجائے مختلف تذکرہ نگاروں کی اُن آراء کو جمع کردیا ہے جوانہوں نے والہ اصفہانی کے تعلق سے لکھا ہے۔ان تذکروں میں مجمع الفصحاء،تذکرہ اختر اور نگارستان وغیرہ اہم اور قابل ذکر ہیں۔تیسرا اور چوتھا باب آقا محمد کاظم اصفہانی کے حالات زندگی کے لئے مختص ہے جس کا عنوان ہے''شرح احوال آقا محمد کاظم والہ اصفہانی''اس باب میں والہ کی ولادت سے لےکراس کی وفات تک کے تمام واقعات کا احاطہ کرلیا گیا ہے۔پانچویں باب میں آقا محمد کاظم والہ اصفہانی کی سیرت وکردار پر روشنی ڈالی گئی ہے اوراس کی بلندظرفی اوراعلا اخلاق کا اعتراف کیا گیا ہے۔چھٹے باب میں محمد کاظم والہ اصفہانی کی شاعری کا مفصل تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے اور مختلف اصناف شعر میں اس کے باکمال مظاہرہ کی روشنی میں فارسی ادب کی تاریخ میں ایک شاعر کی حیثیت سے اس کا مقام متعین کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔یہ باب دیگر تمام ابواب سے اس لحاظ سے اہم ہے کہ یہ کتاب کے بنیادی موضوع سے راست تعلق رکھتا ہے۔ساتویں باب میں والہ کے معاصرین کے تعارف کے ساتھ ان کی شاعری کا مختصراً جائزہ بھی لیا گیا ہے۔ان میں سید احمد ہاتف،سید محمد شعلہ،مشتاق اصفہانی،عاشق اصفہانی،سحاب اصفہانی اورعبدالرزاق مفتون وغیرہ شامل ہیں۔آٹھویں باب میں والہ اصفہانی کے ممدوحین کا ذکر کیا گیا ہے جس میں ادباوشعرا اورتذکرہ نگاروں کے علاوہ شاہان وقت بھی شامل ہیں۔مصنف نے ان تمام ممدوحین کا مفصل تعارف بھی پیش کیا ہے جن کی تعداد تقریباً ۲۰/کے آس پاس ہے۔کتاب کا نواں باب والہ کی اُن عرفانی تعلیمات پر مشتمل ہے جو وہ اپنے مریدوں اور عقیدتمندوں کودیا کرتے تھے۔دسواں باب والہ کے ہم تخلص شعرا کے ذکر پر مشتمل ہے اور گیارہویں اورآخری باب میں اس کے اشعار کا انتخاب پیش کیا گیا ہے۔نہایت جامعیت کے ساتھ ترتیب دیئے گئے ان تمام ابواب میں مصنف نے والہ کے عہد کے سیاسی وادبی منظرنامہ کے تناظر میں خوداس کے شعری وادبی امتیازات کواس کے تمام خصوصیات وتلازمات کے ساتھ نمایاں اوراجاگرکیا ہے۔

احوال وافکار وآثار علی قلی خاں والہ داغستانی۔فخرالدین علی احمد میموریل کمیٹی لکھنؤ کے مالی تعاون سے شائع ہونے والی یہ کتاب دراصل پروفیسر عبدالغفار صاحب کا وہ تحقیقی مقالہ ہے جس پر انہیں اپریل ۱۹۶۸ءمیں بھاگلپور یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری تفویض ہوئی تھی۔کتاب کے پیش لفظ میں اس کی مفصل روداد بیان کرتے ہوئے انہوں نے لکھا ہے کہ

انہوں نے اپنے استادمحترم پروفیسر سید حسن صاحب (صدر شعبہ فارسی، پٹنہ یونیورسٹی پٹنہ) کے مشورے پر اس موضوع کا انتخاب کیا اور پھر مطالعہ کے دوران یہ محسوس بھی کیا کہ ایک باکمال شاعراور تذکرہ نگار ہونے کے باوجود فارسی ادبیات کے مؤرخین نے اسے نظر انداز کیا اور اس کی سوانح حیات پر بھی توجہ نہیں دی۔اسی لئے اس کے حالات بہت کم دستیاب ہیں۔اصفہان میں پیدا ہونے والے اس شاعر کی ہندوستان سے قدیم اور گہری وابستگی کا ذکر کرتے ہوئے مصنف نے لکھا ہے کہ والہ داغستانی نے اپنا معروف زمانہ تذکرہ' ریاض الشعراء' یہیں ترتیب دیا ہے جس میں اس نے ہندوستانی شعرا کے شاعرانہ کمال کا بھی اعتراف کیا ہے جو عام طور پر ایرانی شعرانہیں کرتے۔اسی متوازن اور معتدل اندازفکر کے سبب اُس کو مقبولیت بھی حاصل ہوئی اور مختلف بادشاہوں کے عہد میں وہ اعلی مناصب سے بھی نوازا گیا۔ بعدازاں اس کے تذکرہ کے امتیازات اوراس کی عشقیہ زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے مصنف نے کئی ایسے واقعات کا بیان کیا ہے جواس کے کردار کی بلندی کو ثابت کرتے ہیں۔آخر میں انہوں نے مقالہ کی تیاری کے سلسلے میں ہندوستان اور ایران کے علاوہ لندن کے بھی کتب خانوں سے والہ داغستانی کے دیوان کے حصول اور پھر ان سے مقایسہ وموازنہ کی روداد قلمبند کی ہے۔

مجموعی طور پر یہ کتاب ۱۳/ابواب پر مشتمل ہے جس کے پہلے باب میں مصنف نے والہ داغستانی کے عہد میں ایران اور ہندوستان کے سیاسی وادبی حالات پر روشنی ڈالی ہے اور نادر شاہ اور احمد شاہ ابدالی کی جنگوں اوران کے حملوں کا مفصل احوال بیان کیا ہے۔ یہ کتاب اُس عہد کے پُرآشوب سیاسی حالات کی عکاسی کرتی ہے۔اِس میں اُس دور کی ادبی صورتحال پر بہت کم گفتگو کی گئی ہے۔دوسرے باب کا عنوان ہے 'والہ داغستانی تواریخ، تذکرے اور سوانح کی روشنی میں' اس باب میں مصنف نے اپنی طرف سے کچھ لکھنے کی بجائے صرف اُن تذکروں سے ایسے اقتباسات کو نقل کیا ہے جس میں شاعر کے حالات لکھے گئے ہیں۔ان تذکروں میں 'سفینۂ ہندی، مجمع النفائس، خزانۂ عامرہ اور آتشکدہ وغیرہ شامل ہیں۔تیسرے باب کا عنوان ہے۔' شرح احوال والہ داغستانی' اور عنوان کی مناسبت سے مصنف نے والہ کے حالات زندگی پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے اوراس کے اوائل زندگی، تعلیم وتربیت، ایران میں اس کے شب وروز، اصفہان ترک کرنے کا سبب اور ہندوستان میں اس کی آمد، خدا آباد، لاڑکانہ، بھکر، ملتان، لاہور، دہلی اور اودھ وغیرہ میں اس کا قیام، محمد شاہ احمد شاہ اور عالمگیر ثانی کے درباروں میں اس کے عہدے اور مناصب جیسے ذیلی عنوانات قائم کرکے والہ کی زندگی کی تمام جہتوں کا احاطہ کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔چوتھے باب میں والہ داغستانی اور خدیجہ سلطان کے معاشقہ کا احوال بیان کیا گیا ہے اور اپنے ناکام عشق کی آگ میں والہ کو جس طرح تڑپتے ہوئے دکھایا گیا ہے، اس کو دیکھتے ہوئے نیاز فتحپوری کا یہ قول سچ معلوم ہوتا ہے جو خود مصنف نے نقل کیا ہے۔۔''فارسی میں صرف والہ داغستانی ہی تنہا ایسا شاعر ہے جس کا ذکر قیس وفرہاد کے ساتھ ہونا چاہئے۔۔'' واضح رہے کہ اس عشقیہ داستان کو انہوں نے مزید تفصیل کے ساتھ اپنے ایک مفصل مضمون میں الگ سے قلمبند کیا ہے جو' ایران کی لیلیٰ' کے عنوان سے بہار اردو اکادمی، پٹنہ کے رسالہ' زبان وادب' کے ستمبر ۱۹۷۹ء کے شمارے میں شائع ہوا ہے۔(اس کا ذکر آگے آتا ہے) پانچواں باب والہ داغستانی کے اواخر زندگی کے حالات، سال وفات اور مدفن کے بارے میں ہے۔اس کے بعد چھٹے باب میں والہ داغستانی کی سیرت وشخصیت پر روشنی ڈالی گئی ہے اور اسے ایک نیک، مہذب، دیندار، بلند کردار اور

بہترین صفات کا حامل شخص قرار دیا گیا ہے۔ساتواں باب والہ داغستانی کی تصنیفات وتألیفات اور طرز نگارش کے بارے میں ہے جس میں اس کی شاعری کے ساتھ نثر میں اس کی تذکرہ نگاری کا مفصل تحقیقی وتنقیدی جائزہ لیا گیا ہے۔اس ذیل میں ضمناً اس کے مکتوبات کا بھی تعارف پیش کیا گیا ہے۔کتاب کے آٹھویں باب میں والہ داغستانی کے اپنے معاصرین سے روابط پر گفتگو کی گئی ہے،جن میں شیخ علی حزیں،شاہ فقیر اللہ،نظام الملک آصف جاہ،سراج الدین علی خاں آرزو اور میر شمس الدین فقیر عباسی وغیرہ شامل ہیں۔کتاب کے نویں باب میں والہ داغستانی کے ممدوحین مثلاً سعادت علی خاں نیشاپوری،شیخ جعفر راہب اور قزلباش خاں امید وغیرہ کا ذکر کیا گیا ہے۔دسویں باب میں اُن لغات ومصطلحات کی فہرست دی گئی ہے جن کا استعمال والہ نے اپنی شاعری میں نہایت خوبصورتی سے کیا ہے۔گیارہویں باب میں والہ کے تلامذہ،بارہویں باب میں اس کے اہل وعیال اور تیرہویں باب میں اس کے ہم تخلص شعرا کا ذکر ہے۔اس طرح والہ داغستانی کے حوالے سے یہ کتاب اپنی جامعیت اور کیفیت وکمیت کے لحاظ سے اس کے بارے میں دیگر تمام کتابوں سے بے نیاز کر دیتی ہے۔

برگزیدہ اشعار مولانا سید محمد والہ موسوی۔ایران کے معروف شاعر محمد کاظم والہ اصفہانی کی حیات وکارنامے پر ڈاکٹر عبدالغفار انصاری صاحب نے ۱۹۷۶ء میں ڈی لٹ کی تھی اور ان کا تحقیقی مقالہ کتابی صورت میں چھپ کر منظر عام پر بھی آچکا ہے۔اس سے پہلے اس کے ہم تخلص شاعر علی قلی خاں والہ داغستانی کی حیات وشاعری پر ۱۹۶۸ء میں وہ پی ایچ ڈی کر چکے تھے۔یہ کتاب بھی شائع ہو چکی ہے۔والہ موسوی،والہ اصفہانی کا تیسرا اہم تخلص شاعر ہے جس کے منتخب اشعار کو ترتیب دے کر انہوں نے شائع کیا ہے اور ''شرح احوال وآثار مولانا سید محمد والہ موسوی'' کے عنوان سے ایک مبسوط مقدمہ بھی لکھا ہے جس میں انہوں نے اس کے حالات پر روشنی ڈالتے ہوئے اسے 'یکی از شعرای گمنام ہند' لکھا ہے۔مصنف کے مطابق،حیدر آباد میں پیدا ہونے والے اس شاعر کا سلسلہ نسب امام ہفتم (مذہب امامیہ) تک پہنچتا ہے۔اپنے مولد حیدر آباد میں ہی ۱۱۸۴ھ میں اس کی وفات بھی ہوئی۔وہ صوفی مزاج شخص تھا اور خود اپنے حالات کو پوشیدہ رکھنا چاہتا تھا۔یہی وجہ ہے کہ اس کے حالات بہت کم دستیاب ہیں۔تاہم اس نے اپنے اشعار میں آیات قرآنی اور احادیث نبوی کے ساتھ مختلف علوم وفنون کے مصطلحات کا جس طرح برجستہ استعمال کیا ہے،اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس کو اپنے وقت کے بہترین علما اور اساتذہ کی علمی رہنمائی حاصل تھی۔اس کی کتاب 'مثنوی نجم الہدیٰ' میں خاص طور پر اس کے علمی کمال کا اظہار ہوا ہے جس میں اس نے مولانا روم کے طرز وروش کی پیروی کی ہے۔مصنف نے اس مثنوی کے عارفانہ موضوعات ومضامین کی روشنی میں اس کی شاعری پر بصیرت افروز گفتگو کی ہے اور علم عروض کی روشنی میں اس کے فنی امتیازات سے بھی بحث کی ہے۔

مصنف نے زیر بحث شاعر سید محمد والہ موسوی کے آثار کے ذیل میں سب سے پہلے اس کی مثنوی 'مثنوی نجم الہدیٰ' کا ہی تعارف پیش کیا ہے۔اور چار کواکب اور پھر کئی لمعات پر مشتمل اُن تمام عناوین کو نقل بھی کیا ہے جس کے تحت شاعر نے اپنا مافی الضمیر بیان کیا ہے۔ان عنوانات میں حسن خُلق،فضیلت صدق وقباحت کذب،مذمت حرص وطمع،غرور وتکبر،نفاق وحسد،کسب علم وحکمت،فضیلت حیا وتوبہ،تسلیم ورضا،اخلاص ویقین،تقوی وتوکل،عبودیت اور عشق حقیقی وغیرہ شامل ہیں۔فارسی ادبیات کے بعض مؤرخین،بشمول ڈاکٹر علی رضا نقوی،نے غلطی سے اس کو والہ داغستانی کی مثنوی لکھ دیا تھا

۔ پروفیسر عبدالغفار انصاری صاحب نے اس غلطی کی اصلاح کرتے ہوئے اس کے مختلف قلمی نسخوں کی روشنی میں (جس میں خدا بخش نسخہ بھی شامل ہے) اس کو دلائل و براہین کے ساتھ والہ موسوی کی مثنوی ثابت کیا ہے۔ والہ موسوی کی دوسری کتاب 'دستورالنظم' کا تعارف پیش کرتے ہوئے پروفیسر انصاری صاحب نے لکھا ہے کہ اصول شاعری اور علم عروض کے موضوع پر لکھی گئی یہ کتاب والہ نے اپنے دوستوں کی فرمائش پر لکھی تھی۔ مختلف کتب خانوں میں محفوظ اس کے بھی کئی قلمی نسخوں کی انہوں نے نشاندہی کی ہے۔ 'مرزا نامہ' والہ موسوی کی تیسری تصنیف ہے۔ اس کو بھی غلطی سے والہ داغستانی کی تصنیف سمجھ لیا گیا تھا ۔لیکن ایشیاٹک سوسائٹی میں موجود اس کے قلمی نسخہ کی مدد سے پروفیسر عبدالغفار انصاری صاحب اس کو والہ موسوی کی تصنیف ثابت کرنے میں کامیاب رہے، جس میں مرزا شیر افگن گجراتی کی داستان عشق بیان کی گئی ہے۔ والہ کی مثنوی 'نجم الہدیٰ' کے اسلوب سے اس کے اسلوب کی مماثلت بھی اسے والہ موسوی کی تصنیف ثابت کرتی ہے۔ اس کے علاوہ والہ داغستانی کے دیوان پر بھی پروفیسر انصاری صاحب نے تحقیقی کام کیا ہے، جس میں ان کے بقول، اس مثنوی کا ذکر کہیں نہیں ملتا۔

آخر میں 'مثنوی نجم الہدیٰ' کا متن تو پیش کیا گیا ہے، لیکن شاید یہ مکمل متن نہیں ہے۔ اس لئے کہ خود مصنف نے اپنے مقدمہ میں چار کواکب پر مشتمل مثنوی کے عنوانات کی جو فہرست دی ہے، متن میں وہ تمام عنوانات نہیں ہیں۔ متن کا خاتمہ تیسرے کوکب کے آخری عنوان 'محبت با خدا و عشق حقیقی' پر ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد آخری یعنی کوکب چہارم کا ایک بھی عنوان اس میں نہیں ملتا جس کی فہرست خود مصنف نے مقدمہ میں دی ہے۔ مصنف نے اس سلسلہ میں کوئی صراحت نہیں کی ہے اور متن کی ناتکمیلیت کی کوئی توجیہ بھی نہیں کی ہے۔ تاہم ایک نادر و نایاب مثنوی کی بازیافت، اس کے صحیح اور اصل مصنف کے تعین کے ساتھ، فارسی کے متصوفانہ ادب میں ایک بڑا کارنامہ ہے جس کو پروفیسر عبدالغفار انصاری صاحب کی علمی شخصیت کے ایک اہم حوالہ کی حیثیت سے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

حضرت مولانا شہباز محمد دیوروی ثم بھاگلپوری۔ پروفیسر عبدالغفار صاحب، فارسی زبان و ادب کے عالم، محقق اور ناقد ہونے کے باوجود مذہبی خیال اور صوفیانہ مزاج کے حامل تھے اور صوفیہ کرام سے، خاص طور پر حضرت مولانا شہباز محمد بھاگلپوری سے انہیں گہری عقیدت تھی۔ اسی لئے وہ خود کو صوفی کہلانے سے زیادہ صوفیوں کا غلام کہلانا پسند کرتے تھے۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اپنی کتاب 'عہد محمد شاہی کے فارسی شعرا' کا انتساب ایک صوفی بزرگ حضرت مولانا محمد علی نزگوی ثم اکبرنگری کے نام کرتے ہوئے اپنا یہ پسندیدہ شعر بھی لکھا ہے ؎

مرا ای دوستاں صوفی مدانید نیم صوفی غلام صوفیانم

اپنے اسی مخصوص صوفیانہ مزاج کے سبب انہوں نے دین و مذہب، تصوف اور صوفیہ کرام کے تعلق سے بھی کئی کتابیں لکھی ہیں اور ان میں یہ کتاب خصوصی اہمیت کی حامل ہے۔ اس لئے کہ وہاں کے زیب سجادہ حضرت مولانا سید شاہ امین العالم کے حکم سے اور ان کے ذاتی و خاندانی کتب خانہ کی مدد سے انہوں نے نہایت تحقیق و تفحص سے یہ کتاب ترتیب دی ہے۔ دیباچہ میں اس کی تفصیل بیان کرتے ہوئے انہوں نے خود لکھا ہے کہ ان کے ذاتی کتب خانہ میں فرامین، دستاویز اور نسب ناموں کے علاوہ کئی ایسے قلمی نسخے بھی ملے جن کا کسی دوسری جگہ ملنے کا امکان نہیں تھا۔ اتنے سارے مواد کی فراہمی کے

بعد ہی یہ کتاب صاحب سوانح کی سوانح حیات کا مکمل نمونہ بن کر سامنے آئی۔

مجموعی طور پر ۱۸/ابواب/عنوانات کے تحت اس کتاب کو تقسیم کیا گیا ہے جس کے پہلے باب میں حضرت مولانا شہباز محمد بھاگلپوریؒ کے اسلاف کے وطن بخارا کا ذکر کیا گیا ہے اور پھر ان کے نسب نامہ کی تفصیل دی گئی ہے جو مولائے کائنات حضرت علی کرم اللہ وجہ کی ذات اقدس تک منتہی ہوتا ہے۔اسی ذیل میں مصنف نے خانقاہ شہبازیہ کے مختلف سجادگان کی شخصیت اوران کے علمی کارناموں کا تعارف بھی پیش کیا ہے۔اس کے بعد دیورا میں حضرت مولانا شہباز محمد بھاگلپوریؒ کے آباواجداد کی تشریف آوری کا پس منظر بیان کیا ہے جہاں حضرت مولانا شہباز محمد بھاگلپوریؒ کی ولادت ہوئی تھی اور تقریباً ۳۰/سال تک وہیں آپ کا قیام بھی رہا تھا۔اس کے بعد خود حضرت مولانا شہبازؒ کی اپنی تحریر کے حوالے سے مصنف نے حضرت کے والدین کا ذکر کیا ہے اور پھر آپ کی تعلیم وتربیت کی تفصیل بیان کی ہے۔۹۸۵ھ میں حضرت کی بھاگلپور تشریف آوری کا ذکر کیا گیا ہے۔حالانکہ اُس وقت آپ کی شہرت زیادہ نہیں تھی۔لیکن پھر آپ کی پاکیزہ سیرت اور بزرگانہ صفات کی وجہ سے لوگ آپ کی طرف مائل ہونے لگے،جس کا ذکر مصنف نے'سیرت' کے عنوان کے تحت کیا ہے۔آخر میں'سال وصال اور مدفن' کے زیرعنوان مصنف نے ۱۶/صفر ۱۰۵۰ھ میں آپ کے وصال کا ذکر کیا ہے اور بھاگلپور میں آپ کے مقبرے کی تعمیر کا احوال لکھا ہے۔'حضرت مولانا شہباز محمد کے کرامات' کے عنوان سے اُن کی کئی کرامتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔بعدازاں شاہجہاں سمیت کئی مغل بادشاہوں اور شہزادوں سے آپ کے روابط کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔اس کی وجہ سے اس کتاب کو تاریخی جہت بھی حاصل ہوگئی ہے۔پھر آپ کے برادران،صاحبزادگان،خلفاء سجادگان اور خاندان کے دیگر افراد کا ذکر ان کی علمی تصانیف کے تعارف کے ساتھ کیا گیا ہے۔'حضرت مولانا شہباز محمد کے خانوادے میں جاگیر اور جائداد کی قبولیت' کے عنوان سے بھی ایک باب قائم کیا گیا ہے۔اس قسم کا کوئی باب عام طور سوانح کی کتابوں میں نہیں ملتا۔یہ اس سوانح کا انفراد واختصاص ہے۔آخر میں حضرت مولانا شہباز محمد کے تمام خلفاءعظام کی سیرت وسوانح کے ساتھ ان کے علمی کارناموں پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے،جن میں پٹنہ کے حضرت شاہ ارزانیؒ بھی شامل ہیں۔مصنف نے صاحب سوانح کے حوالے سے کسی بھی پہلو کو تشنہ نہیں چھوڑا ہے اوران کی سیرت وشخصیت کی تمام جہتوں کو اس انداز سے ترتیب دیا ہے کہ یہ کتاب ان کے عہد کا بھی ایک اہم حوالہ بن گئی ہے۔

ستین شریف عربی مع اردو ترجمہ۔صرف ۳۲/صفحات پر مشتمل یہ مختصر سا کتابچہ حضرت مولانا شہباز محمد بھاگلپوریؒ کی نادراور بیش بہا تالیف ہے جس میں ۶۰/منتخب احادیث کے عربی متن کے ساتھ اس کا اردو ترجمہ بھی پیش کیا گیا ہے۔خاص بات یہ ہے کہ ان احادیث کا انتخاب حضرت شہباز محمد بھاگلپوریؒ نے خود آنحضور ﷺ سے تصدیق کے بعد کیا ہے۔(اس کا ذکر آگے آتا ہے)۶۰/احادیث کی تعداد کی مناسبت سے اس کا نام ستین شریف رکھا گیا ہے۔اس کی شرح مولانا احسن اللہؒ نے لکھی ہے۔افادۂ عام کی غرض سے ڈاکٹر انصاری صاحب نے عربی کے ایک استاد سے اس کا اردو میں ترجمہ کرایا،لیکن اُن کی خواہش کے مطابق اُن کا نام ظاہر نہیں کیا۔کتاب کے متن اور ترجمہ سے پہلے ڈاکٹر عبدالغفار صاحب نے حضرت مولانا شہباز محمدؒ کی تصنیفات وتالیفات اوران کی عرفانی تعلیمات کے حوالے سے دوصفحاتی مضمون لکھا ہے جس میں انہوں نے یہ

صراحت کی ہے کہ ۶۰/احادیث کا یہ انتخاب حضرت مولانا شہباز محمدؒ نے خود کیا تھا اور ان کی تحقیق وتصدیق، مولانا احسن اللہؒ کے بیان کے مطابق، حضرت شہباز محمدؒ نے حضور اکرم ﷺ سے عالم روحانی میں کی تھی۔اس لئے ان احادیث کو کمزور اور ضعیف سمجھنا درست نہیں ہے۔ڈاکٹر عبدالغفار صاحب نے اس کتاب کے قلمی نسخہ سے مولانا احسن اللہؒ کے بیان کو من وعن نقل کیا ہے۔ (ص ۵۔۶)احادیث کا یہ انتخاب بنیادی طور پر سنت رسول ﷺ کی پیروی کرنے کے ترغیب آمیز جذبے کے تحت کیا گیا ہے۔جس پر خود حضرت مولانا شہبازؒ بختی سے عمل کرتے تھے اور اپنے تمام مریدین ومتوسلین کو بھی حضور ﷺ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے دیکھنا چاہتے تھے۔

حضرت مولانا محمد علی نزگوی ثم اکبرنگری۔ حضرت مولانا شہباز بھاگلپوریؒ ہی کی مانند حضرت مولانا محمد علی نزگویؒ سے بھی ڈاکٹر عبدالغفار انصاری صاحب کو بیحد عقیدت تھی جس کا ثبوت ان کی کتاب 'عہد محمد شاہی کے چند ممتاز شعرا' کی اشاعت کے وقت ہی مل گیا تھا جب انہوں نے اس کتاب کا انتساب حضرت مولانا محمد علی نزگویؒ کے نام سے کرتے ہوئے یہ جملہ لکھا تھا ۔''میں اس کتاب کو حضرت مولانا محمد علی نزگویؒ ثم اکبرنگری کے نام منسوب کرتا ہوں جو عالم دین اور عارف کامل تھے۔''اس کتاب کا انتساب بھی انہوں نے آستانۂ عالیہ شہبازیہ کے سجادہ نشیں حضرت الحاج سید شاہ صفی العالم کے نام کیا ہے جو اس مقدس خانوادے سے ان کی گہری عقیدت کا پتہ دیتا ہے۔کئی ابواب میں منقسم اس کتاب کو انہوں نے اس انداز سے ترتیب دیا ہے کہ حضرت مولانا محمد علی نزگویؒ کے مکمل حالات زندگی کے ساتھ ان کی سیرت وشخصیت، دیگر بزرگوں سے ان کے روابط و مراسم اور خود ان کے پیر ومرشد حضرت مولانا سید شاہ اشرف العالم بھاگلپوری کے سوانحی کوائف بھی ابھر کر سامنے آگئے ہیں۔دیباچہ میں مصنف نے حضرت مولانا سے اپنی ملاقاتوں کا احوال لکھا ہے اور کچھ سبق آموز واقعات بھی بیان کئے ہیں۔اسی ذیل میں ان کی علمیت اور ادبی ذوق پر بھی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے لکھا ہے کہ سو سال کی عمر میں بھی ان کو اردو فارسی کے ہزاروں اشعار یاد تھے۔ان کے انتقال کے بعد مصنف کو وہ قلمی نسخہ بھی دستیاب ہوا جس میں انہوں نے اپنے دست مبارک سے تقریباً تین ہزار سے بھی زیادہ اشعار لکھے تھے۔آپ کے صاحبزادگان اور دیگر معتبر خاندانی ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کی بنیاد پر انہوں نے یہ کتاب ترتیب دی ہے جس کے پہلے باب کا عنوان ہے۔''حضرت مولانا محمد علی نزگوی ثم اکبر نگری کی زندگی کے حالات۔'' محلہ نزگہ میں پیدا ہونے والے حضرت مولانا محمد علی نزگویؒ کے والد کا نام محمد فہیم تھا جو اپنی قلیل آمدنی کے سبب ہمیشہ تنگدستی کا شکار رہے۔بچپن کی عسرت اور پھر ان کی ابتدائی تعلیم کا ذکر کرتے ہوئے مصنف نے حسن آباد کے ایک مدرسہ میں ان کی ملازمت کا ذکر کیا ہے اور اسی دوران حضرت مولانا اشرف العالم صاحب بھاگلپوریؒ سے ان کی بیعت وارادات کی روداد بھی قلمبند کی ہے۔اسی ذیل میں دیگر بزرگوں سے بھی ان کے نیازمندانہ روابط کا ذکر کیا ہے۔

دوسرے باب میں حسن آباد کو ترک کرنے اور اکبرنگر میں قیام کرنے کی روداد قلمبند کی گئی ہے جس کا عنوان ہے ۔''سبب ترک حسن آباد اور قیام اکبرنگر۔'' مصنف نے وہاں کے لوگوں کی آپ کی ذات سے بے پناہ عقیدت ومحبت کے ساتھ آپ کے فیض سے وہاں کے معاشرے میں پھیلی ہوئی بدعات وخرافات کے خاتمہ کا بھی ذکر کیا ہے۔اگلے باب میں آپ کے پیر ومرشد حضرت مولانا سید شاہ اشرف العالم صاحب کے سوانحی کوائف درج کئے گئے ہیں جس میں حضرت مولانا شہباز محمد

بھاگلپوریؒ سمیت آپ کے آبا واجداد کا ذکر کیا گیا ہے۔اس جہت سے یہ باب تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔سوانحی کوائف کے ذیل میں مصنف نے ان کے علمی اکتسابات کے ساتھ ان کی کئی تصانیف کا تعارف بھی پیش کیا ہے۔چونکہ صاحب سوانح کو حضرت مولانا فضل الرحمٰن گنج مرادآبادیؒ سے بھی بے پناہ عقیدت تھی، چنانچہ مصنف نے ان کے لئے ''حضرت مولانا فضل الرحمٰن گنج مرادآبادی سے والہانہ محبت'' کے عنوان سے ایک الگ باب ہی مختص کر دیا ہے اور تفصیل سے ان کی عظمت و بزرگی کا حال قلمبند کیا ہے۔بعدازاں ایک الگ باب میں صاحب سوانح کی سیرت و شخصیت پر روشنی ڈالتے ہوئے مصنف نے ان کی سخاوت،غریبوں اور حاجتمندوں کی حاجت روائی،ملت کے لئے دردمندی اور ان کی فطری تواضع و خاکساری جیسے اوصاف کو خاص طور پر اجالا ہے اور اس سلسلے میں کئی واقعات بھی بیان کئے ہیں۔'سال وفات اور مدفن' کے زیر عنوان کتاب کے آخری باب میں مصنف نے آپ کے مرض الموت اور پھر ۸/اپریل ۱۹۷۷ء کو آپ کی وفات کا دلگداز احوال بیان کیا ہے۔ماضی قریب کے ایک بزرگ کی یہ سوانح بلاشبہ قرون اولیٰ کی یاد تازہ کرتی ہے جس کی ایک ایک سطر سے مصنف کے خلوص و عقیدت اور نیازمندی کا اظہار ہوتا ہے۔

صراط مستقیم۔صرف ۱۵/صفحات پر مشتمل یہ دینی و مذہبی کتابچہ اصلاحی جذبے کے تحت لکھا گیا ہے جس میں لوگوں کو سنت رسول ﷺ کی پیروی کرنے کی تلقین کی گئی ہے اور اس سلسلہ میں مختلف بزرگوں کی زندگی کے واقعات اور ان کے اقوال زرّیں کو بھی پیش کیا گیا ہے۔ان بزرگوں میں حضرت غوث الاعظمؒ اور حضرت مجدد الف ثانی کے علاوہ حضرت مولانا شہبازؒ بھی شامل ہیں۔ان تینوں میں مؤخرالذکر کا ذکر مصنف نے قدرے تفصیل سے کیا ہے۔اسی ذیل میں انہوں نے ان کے اور ان کے فرزندوں کے کئی اصلاحی اقدامات کا بھی ذکر کیا ہے جو لوگوں کو مسلکی اعتدال و توازن کی طرف راغب کرتے ہیں اور تشدد پسندی سے دور رہنے کی تلقین کرتے ہیں۔اسی مناسبت سے بریلوی مسلک کے لوگوں کا بھی ذکر آیا ہے جن کی تشدد پسندی کو مصنف پسند نہیں کرتے اور ان پر خاصی تنقید بھی کرتے ہیں۔تاہم وہ ہر مسلک کے بزرگوں سے عقیدت رکھتے ہیں اور ان کی دینی و مذہبی خدمات کا اعتراف بھی کرتے ہیں۔اپنے موضوع کے لحاظ سے یہ کتاب انسان کو سیدھا راستہ دکھاتی ہے ،شاید اسی لئے اس کا نام صراط مستقیم رکھا گیا ہے۔

پروفیسر عبدالغفار انصاری صاحب کی دیگر تصنیفات میں ان کی ایک کتاب 'نادرات قشنگ' بھی شامل ہے۔لیکن یہ ان کی کوئی نئی کتاب نہیں ہے ، بلکہ ان کی پانچ مطبوعہ کتابوں حضرت مولانا شہباز محمد بھاگلپوری،حضرت مولانا محمد علی نرگوی،عہد محمد شاہی کے چند فارسی شعرا،گلچینی از دیوان آقا محمد کاظم والہ اصفہانی اور برگزیدہ اشعار مولانا سید محمد والہ موسوی کا مجموعہ ہے جس کو ان کی کلیات بھی کہا جا سکتا ہے۔اس کے علاوہ پروفیسر انصاری صاحب کی دیگر تصنیفات کے ذیل میں ان کی مزید چند کتابوں کا ذکر ملتا ہے۔مثلاً (۱) حیات حضرت سید شاہ اشرف العالم بھاگلپوری (۲) بھاگلپور تاریخ کے آئینہ میں (۳) شعرای قاچار (۴) گنجینۂ معرفت اور (۵) سفرنامہ ایران و عراق۔افسوس ہے کہ یہ سب کتابیں مجھے تلاش بسیار کے باوجود دستیاب نہ ہو سکیں۔

مستقل کتابوں کے علاوہ فارسی ادبیات کے حوالے سے پروفیسر انصاری صاحب کے کئی گرانقدر مقالات مختلف

رسائل میں شائع ہوئے ۔لیکن انہیں یکجا کر کے مجموعہ مضامین کی صورت نہیں دی جا سکی جس کی وجہ سے ان تمام مضامین کا حصول مشکل ہو گیا ہے ۔تاہم تلاش وجستجو کے بعد جو مضامین مجھے دستیاب ہوئے ان میں ایک اہم مضمون 'فارسی کے چند ہندو شعراء ومؤرخین' کے موضوع پر ہے جو ہندوستان میں فارسی ادبیات کے فروغ وارتقامیں ہندوادیبوں،شاعروں اور مصنفوں کی خدمات کے اعتراف میں لکھا گیا ہے ۔یہ مضمون پہلے شعبۂ فارسی ، پٹنہ یونیورسٹی کے زیراہتمام ۱۶رمئی ۲۰۰۲ء میں منعقد ایک سیمینار میں پیش کیا گیا اور بعد میں خدابخش لائبریری جرنل (نمبر ۱۳۰) کی زینت بنا۔اس مقالے میں پروفیسر انصاری صاحب نے عہد مغلیہ میں ابھرنے والے چند ایسے نمائندہ ہندوادیبوں،شاعروں اور تذکرہ نگاروں کی علمی وادبی خدمات کا احاطہ کیا ہے جنہوں نے متنوع موضوعات کے تحت اپنی تخلیقات پیش کر کے فارسی نظم ونثر کی مختلف اصناف کے دامن کو وسیع کیا ہے ۔ان ہندوادباوشعراء میں راجہ ٹوڈرمل،مرزامنوہر توسنی، چندر بھان برہمن، آنندرام مخلص،لچھمی نرائن شفیق، بندرابن داس خوشگو،سیالکوٹی مل وارستہ،منشی ٹیک چند بہار اور سرب سنگھ دیوانہ شامل ہیں ۔پروفیسر انصاری صاحب نے ان سب کے مختصر سوانحی کوائف کے ساتھ ان کی تصنیفات کا بھی مختصر تعارف پیش کیا ہے جس سے مختلف موضوعات پر ان کی دسترس اور مہارت کا اندازہ ہوتا ہے ۔خاص بات یہ ہے کہ انہوں نے مختلف تذکروں میں شامل ان کے ایسے اشعار کو بھی ڈھونڈھ نکالا ہے جو آسانی سے دستیاب نہیں ہوتے ۔اسی میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی مدح میں مرزامنوہر توسنی کے یہ اشعار بھی شامل ہیں ۔

علی بگزیدۂ لطف الہ است   به محشر مهربان را عذر خواه است

نه گنجد وصف حیدر در بیانها   بود در منقبت قاصر زبانها

نادر اشعار کے علاوہ انہوں نے چند غیر معروف ہندوادیبوں اور مؤرخوں کی چند ایسی کتابوں کا بھی ذکر کیا ہے جس کا ذکر عام طور پر ان کی تصنیفات کے ذیل میں نہیں ملتا۔ان میں رائے امر سنگھ خوشدل کی کتاب 'بزم خیال' (جو انگریزوں کی تاریخ پر لکھی گئی ہے) نرائن کول عاجز کی کتاب 'تاریخ کشمیر' بھیم سین پسر رگھونندن داس کی کتاب 'تاریخ دلکشا' (جس میں عہد اورنگزیب سے شاہ عالم تک کی تاریخ درج ہے) اور منشی ہیرامن ولد گردھرداس کی کتاب 'گوالیار نامہ' شامل ہے ۔اس کے علاوہ عہد مغلیہ میں بندرابن داس کے ہم نام ایک مصنف بندرابن داس بہادرشاہی کا بھی انہوں نے ذکر کیا ہے جنہوں نے فن تاریخ میں 'لب التواریخ ھند' کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی ۔ان غیر معروف ادیبوں اور مؤرخوں کی کتابوں کے ساتھ انہوں نے اُس دور کے معروف ادیبوں اور مؤرخوں کی اِن کتابوں کا بھی تعارف پیش کیا ہے ۔چہار چمن،منشآت برہمن (چندبھان برہمن) تاریخ محمد شاہی (خوشحال چند) گل رعنا،شام غریباں (لچھمی نرائن شفیق) اور سفینۂ خوشگو (بندرابن داس خوشگو) مضمون کا اختتام انہوں نے امرت لعل عشرت کے ذکر پر کیا ہے جو بنارس ہندو یونیورسٹی میں فارسی کے پروفیسر تھے،اس مضمون کو بقامت کہتر بقیمت بہتر کا مصداق قرار دیا جاسکتا ہے جس میں انہوں نے اختصار کے ساتھ اکبر سے لے کر عہد مغلیہ کے آخر تک کے ہندوادیبوں اور شاعروں کی علمی وادبی خدمات کا احاطہ کرلیا ہے ۔

اسی طرح میر غلام علی آزاد بلگرامی کی حیات وخدمات کے حوالے سے پروفیسر انصاری صاحب کا ایک مقالہ بھی بہت اہم ہے جو دہلی سے شائع ہونے والے رسالہ برہان کی زینت بنا۔(نومبر ۱۹۷۸ء) یہ مقالہ آزاد بلگرامی کی شخصیت اور

ان کے علمی کارناموں کی ہر جہت پر محیط ہے۔ مقالے کے آغاز میں انہوں نے آزاد بلگرامی کی پیدائش اوران کی ابتدائی تعلیم کا ذکر کرنے کے بعد والہ داغستانی سے ان کی ملاقاتوں کا احوال بیان کیا ہے۔ آزاد بلگرامی نے والہ داغستانی کے بارے میں کچھ ایسی باتیں بھی لکھی ہیں جو دیگر تذکرہ نویسوں کے یہاں نہیں ملتیں اور اسکی وجہ یہ ہے انہیں والہ داغستانی سے براہ راست ملاقات کا شرف حاصل رہا ہے۔ مصنف کا یہ بھی خیال ہے کہ والہ داغستانی سے قربت کے سبب ہی انہوں نے اپنے تذکرہ 'خزانۂ عامرہ' کی تالیف کے دوران والہ کے تذکرہ 'ریاض الشعراء' سے خاص طور پر استفادہ کیا ہے۔ والہ داغستانی کے علاوہ اُس عہد کے دیگر ادبا و شعراء سے بھی آزاد بلگرامی سے تعلقات کا ذکر مصنف نے کیا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اپنے ہم عصروں میں مقبول تھے اور قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ آخر میں انہوں نے آزاد بلگرامی کی تصنیفات کا مختصر تعارف بھی پیش کیا ہے۔ یہ مقالہ آزاد بلگرامی کی حیات کے مختلف ادوار کا نیز ان کے علمی کارناموں کا احاطہ کرنے کے ساتھ اُس دور کے ادبی منظرنامہ کو بھی نمایاں کرتا ہے۔

فارسی ادبیات کے حوالے سے پروفیسر انصاری صاحب کا تیسرا اہم مضمون 'ایران کی لیلیٰ' کے عنوان سے رسالہ زبان وادب پٹنہ میں شائع ہوا (ستمبر ۱۹۷۹ء) جو ایران کے معروف شاعر علی قلی خاں والہ داغستانی اور اس کی محبوبہ خدیجہ سلطان کے عشقیہ داستان پر مبنی ہے۔ ایران کی لیلیٰ کہی جانے والی خدیجہ سلطان کی شخصیت اور اس کی سوانح حیات پر روشنی ڈالتے ہوئے پروفیسر عبدالغفار صاحب نے تفصیل سے ان دونوں کے ناکام عشق کی المناک روداد قلمبند کی ہے اور دونوں کے ایسے کئی اشعار پیش کئے ہیں جن سے ان دونوں کے حزنیہ جذبات کی ترجمانی وعکاسی ہوتی ہے۔ مثنوی والہ وسلطان اور دیگر معاصر تذکروں کے حوالے سے پروفیسر انصاری صاحب نے خدیجہ سلطان کے حسن ودلکشی کے ساتھ اُن حالات کو بھی تفصیل سے بیان کیا ہے جس کے تحت خدیجہ سلطان اپنے محبوب سے جدا ہوکر دیگر امراء سے نکاح کرنے پر مجبور ہوگئی تھی۔ نادر شاہ کے قبضے میں اس کے کچھ دنوں تک رہنے کی بات بھی انصاری صاحب نے لکھی ہے اور نادر شاہ کے قتل کے پس پردہ کئی محرکات میں سے ایک محرک خدیجہ سلطان سے عشق کے بھی امکان سے انہوں نے انکار نہیں کیا ہے۔ بعد ازاں خدیجہ سلطان کے اصل عاشق علی قلی خاں والہ داغستانی کی سوانح حیات انہوں نے تفصیل سے لکھی ہے اور اسے خدیجہ سلطان کا عمزاد بھی بتایا ہے۔ والہ داغستانی کے بیان اور اس کے کئی اشعار کے حوالے سے انہوں نے ثابت کیا ہے کہ دونوں مکتبی تعلیم کے دوران ہی ایک دوسرے کی محبت میں گرفتار ہوگئے تھے، یہاں تک کہ خدیجہ کے مختلف لوگوں کی زوجیت میں رہنے کے باوجود والہ داغستانی نے اسے کبھی فراموش نہیں کیا۔ یہی نہیں اس کے عشق کا یہ سلسلہ ایران سے دراز ہوکر ہندوستان تک پہنچا۔ اس لئے والہ داغستانی ہندوستان آنے کے بعد بھی خدیجہ کو مسلسل خطوط لکھتا رہا جو اُس وقت اصفہان میں رہتی تھی۔ بعد میں محبت کے ہاتھوں مجبور ہوکر خدیجہ سلطان خود اپنے محبوب سے ملنے کے لئے ہندوستان کے لئے روانہ ہوئی۔ مگر وصال محبوب اس کے نصیب میں نہیں تھا۔ راستے میں ہی اس کا انتقال ہوگیا۔ اس المناک عشقیہ داستان میں شدت تاثر کی یہ کیفیت ان دونوں کے دائمی ہجر میں ہی پوشیدہ ہے۔ ان حالات کے تناظر میں پروفیسر عبدالغفار انصاری صاحب نے بجا طور پر خدیجہ کو دنیا کی ہیروئین میں سرفہرست قرار دیا ہے کہ روئے زمین پر ایسی آزمائش کسی اور کی نہیں ہوئی ہوگی۔ مصنف نے اس عشقیہ داستان

کے ذیل میں والہ داغستانی کی قلمی فتوحات کا بھی ذکر کیا ہے جس میں اس کے تذکرہ 'ریاض الشعراء' کو اہم مقام حاصل ہے جو اس نے ہندوستان میں ہی ترتیب دیا تھا اور اپنے انہی علمی مشاغل کے سبب اہل علم اور اہل دل اور اہل اقتدار کے حلقوں میں بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔احمد شاہ ابدالی اور عالمگیر ثانی کے عہد میں اس کو مختلف مناصب سے نوازا گیا جو اس کی مقبولیت کا ثبوت ہے۔ان سب واقعات کی تفصیلات پیش کرنے سے مضمون نگار کا ایک مقصد یہ دکھانا بھی ہے کہ ان تمام حصولیابیوں کے باوجود اس نے خدیجہ سلطان کو کبھی فراموش نہیں کیا اور اس کی جدائی میں اشعار بھی کہتا رہا۔ہجر و فراق کے یہ اشعار کثرت سے اس کے دیوان میں موجود ہیں۔اس سلسلے میں انہوں نے یہ انکشاف بھی کیا ہے کہ اس کی مثنوی والہ و سلطان مکمل اسی عشقیہ داستان کا بیانیہ ہے جس کو خود اس نے ایران خدیجہ سلطان کے پاس بھیجا تھا اور خدیجہ سلطان نے اس کے جواب میں خود بھی اشعار کہے تھے۔دونوں عاشق و معشوق کی مہر لگی ہوئی اس کے ایک نایاب قلمی نسخے کی زیارت تبریز میں پروفیسر انصاری صاحب نے کی تھی جو آقای جعفر سلطان کے ذاتی کتب خانہ میں موجود تھا۔آخر میں اس نسخے سے دونوں کے اشعار بھی انہوں نے نقل کئے ہیں جو جذبات عشق سے لبریز ہیں۔ایک نہایت معتبر ماٴخذ سے ایران کی یہ دلچسپ عشقیہ داستان مکمل ربط و تسلسل کے ساتھ اپنے عہد و ماحول کے تناظر میں شاید پہلی بار اتنی تفصیل سے لکھی گئی ہے اور یہی اس مضمون کا انفراد و اختصاص ہے۔

رسالہ زبان و ادب ہی میں شائع ہونے والے پروفیسر انصاری صاحب کے دو اور مضامین قابل ذکر ہیں جن میں سے ایک کا عنوان ہے۔'ایک گمنام شاعر کی مدح میں سودا کے قصیدے۔'(مئی ۱۹۸۰ء) یہ مضمون تحقیق اور تاریخی انکشاف کا حسین امتزاج ہے جس میں انہوں نے 'گمنام شاعر' کی شخصیت سے یہ کہتے ہوئے پردہ اٹھایا ہے کہ وہ کوئی اور نہیں، ہندوستان کا وزیر اعظم اور نظام الملک آصف جاہ کا پوتا عماد الملک غازی الدین خاں نظام تھا جو شاہ عالم ثانی کے عہد سلطنت میں تقریباً تین دہائیوں تک گوشہ نشیں رہا اور شاید اسی لئے اس کا کلام مشتہر نہ ہوسکا۔حالانکہ یہ دلچسپ بات ہے کہ اس کا کلام نقل ہوکر برٹش میوزیم لندن ضرور پہنچ گیا جہاں وہ اب بھی محفوظ ہے۔آغاز میں مضمون نگار نے عماد الملک کے حالات زندگی اور اس کے علمی کمال پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے اور اس کے لئے بھی مواد سودا کے قصائد نے ہی فراہم کیا ہے۔عام تذکروں میں اس کے حالات بہت کم ملتے ہیں۔بعد از اں مضمون نگار نے سودا کی شخصیت اور اس کی شاعرانہ جہات کا مفصل جائزہ لیا ہے اور فارسی شعرا سے اس کا موازنہ کر کے صنف قصیدہ میں اس کے فنی امتیازات سے بحث کی ہے۔آخر میں انہوں نے سودا کے اُن قصائد کا جائزہ لیا ہے جو عماد الملک کی مدح و توصیف میں ہیں اور جن سے اس کی علمی شخصیت کے مختلف پہلو ابھر کر سامنے آتے ہیں۔ان قصائد سے یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ سودا، عماد الملک کے علمی کمال کے قائل تھے اور اس کے شاعرانہ محاسن کے معترف بھی۔یہ اور بات ہے کہ وہ باکمال شاعر گمنام رہ گیا۔سودا کے قصائد نے ہی علمی دنیا میں اس کو متعارف کرایا اور اس حوالے سے پروفیسر عبدالغفار صاحب نے یہ مضمون لکھ کر اس کے تعارف کو مزید روشن کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔

رسالہ زبان و ادب (جولائی تا ستمبر ۱۹۸۳ء) میں دوسرا اہم مضمون تاریخی نوعیت کا ہے جو شاہ عالم ثانی کی زندگی کی المناک تصویر پیش کرتا ہے اور جس کا عنوان ہے۔'' شاہ عالم ثانی آفتاب، چندروز پٹنہ میں۔'' مضمون کا آغاز گلزار باغ پٹنہ

کے قریب واقع اُس تاریخی عمارت کے ذکر سے ہوتا ہے جہاں مضمون نگار کے مطابق،۱۷۵۹ء میں شاہ عالم ثانی کی رسم تاجپوشی ہوئی تھی جب وہ عماد الملک غازی الدین خاں نظام کے خوف سے پٹنہ میں مقیم تھا۔ پروفیسر انصاری نے اس عمارت کو بچشم خود دیکھا تھا۔ انہوں نے بیگم عابدہ احمد کے ایک مضمون کے حوالے سے یہ بھی لکھا ہے کہ قاضی عبدالودود صاحب نے بھی انہیں (بیگم عابدہ احمد کو) یہ عمارت دکھاتے ہوئے اس بات کی تصدیق کی تھی کہ اسی عمارت میں شہزادہ عالمگیر شاہ عالم ثانی کی تخت نشینی یا رسم تاجپوشی ہوئی تھی۔ شاہ عالم ثانی کے پٹنہ میں قیام کے اسباب اور اس دور کے تاریخی منظرنامے کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے اس دور کے واقعات پر نظر ڈالی ہے جس میں شاہ عالم ثانی کے والد بادشاہ عالمگیر ثانی کے قتل کا المناک واقعہ بھی شامل ہے جنہوں نے شاہ عالم ثانی کو اپنا ولی عہد بنایا تھا۔ عماد الملک کے خوف سے ہی انہوں نے اپنے بیٹے کو ہانسی کی طرف بھیج دیا تھا تا کہ وہ وہاں فوج جمع کر کے اس کا مقابلہ کر سکے۔ پھر عماد الملک کی سازشوں کی تفصیلات بیان کرنے کے بعد مضمون نگار نے شاہ عالم ثانی کی دہلی آمد اور عماد الملک کے سپاہیوں کے ساتھ جنگ میں اس کی شکست کا احوال بیان کیا ہے جس کے بعد ہی اس نے عظیم آباد پٹنہ کی طرف مراجعت کی۔ اس راہ میں اس کو دوست اور دشمن دونوں ملے جس کا مفصل تذکرہ انہوں نے 'سیر المتاخرین' کے حوالے سے کیا ہے۔ پروفیسر انصاری کا یہ بیانیہ اس پُر آشوب دور کا سیاسی منظرنامہ ہمارے سامنے لاتا ہے جو ہوس اقتدار اور قتل و غارتگری سے عبارت تھا۔ نیز یہ بیانیہ اس حقیقت کو بھی عیاں کرتا ہے کہ شاہ عالم ثانی کی پٹنہ آمد اختیاری نہیں بلکہ اجباری تھی کہ وہ حالات کے ہاتھوں مجبور ہو کر یہاں پہنچا تھا۔ حالانکہ بعد میں حالات سازگار ہونے کے بعد وہ دہلی پہنچا اور ہندوستان کے تخت پر جلوہ افروز ہو کر تقریباً تین دہائیوں تک حکمرانی کی۔ یہ اور بات ہے کہ اس کی حکومت کا ۴۷ رسالہ دور مختلف قسم کے مصائب و آلام کا ایک المناک باب ہے۔ بنیادی طور پر تاریخی نوعیت کے اس مضمون کا رشتہ شعر و ادب سے جوڑتے ہوئے مصنف نے شاہ عالم ثانی کو اردو فارسی کا صاحب دیوان شاعر قرار دیا ہے جو آفتاب تخلص کے ساتھ شاعری کرتا تھا۔ انہوں نے برٹش میوزیم لندن اور انڈیا آفس لائبریری میں محفوظ اس کے دیوان فارسی کے قلمی نسخے کا بھی ذکر کیا ہے جس کا عکس بھی انہوں نے حاصل کیا تھا۔ شاہ عالم ثانی کے شاعر ہونے کے ثبوت کے طور پر انہوں نے اس کے یہ اشعار بھی پیش کئے ہیں جو شاہ عالم نے اپنی آنکھیں نکالے جانے کے المناک واقعہ کے پس منظر میں لکھا تھا ؎

چو حادثه بر خاست پئے خواری ما — داد برباد سرو برگ جهانداری ما
چشم من کنده شد از جور فلك بد تر شد — که نه بینم که کند غیر جهانداری ما
داد افغان بچه شوکت شاهی برباد — کیست جز ذات خدائے که کند یاری ما

ان اشعار سے فارسی شاعری میں شاہ عالم کی قدرت و مہارت کا اندازہ ہوتا ہے اور شاید اس کی شخصیت کے اسی شاعرانہ جہت سے متاثر ہو کر سودا جیسے قادر الکلام شاعر نے اس کی مدح میں پُر زور قصیدہ بھی کہا تھا جو اس کی کلیات میں شامل ہے اور جس کے چند اشعار مصنف نے نقل بھی کئے ہیں۔ اس مضمون کے عنوان سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے یہ مضمون شاہ عالم کے صرف پٹنہ میں قیام کے ذکر تک محدود ہے۔ لیکن سچ یہ ہے کہ اس کا کینوا س پھیل کر پورے ہندوستان اور شاہ عالم کے مکمل عہد سلطنت تک کا احاطہ کرتا ہے اور یہی اس کا نشان امتیاز ہے۔

صفدر جنگ کی شخصیت اور اس کی حیات و خدمات کے حوالے سے پروفیسر انصاری صاحب کا تاریخی نوعیت ہی کا ایک دوسرا مضمون رسالہ 'فروغ اردو، لکھنؤ کی زینت بنا۔ (جون ۱۹۷۷ء) آغاز میں مضمون نگار نے ہندوستان اور ایران کے قدیم روابط اور فارسی و سنسکرت زبانوں کے درمیان گہرے رشتوں کا ذکر کرتے ہوئے عہد مغلیہ میں بالخصوص جہانگیر اور شاہجہاں کے عہد میں ہندوستان میں فارسی ادب و شاعری کے منظرنامے پر روشنی ڈالی ہے اور طالب آملی، صائب تبریزی اور ابو طالب کلیم کا خاص طور پر ذکر کیا ہے جو ان دونوں بادشاہوں کے دربار سے وابستہ تھے۔ اُس زمانے میں ایران سے فارسی شعراء کی مسلسل ہندوستان آمد کا بیان کرتے ہوئے نہایت ڈرامائی انداز میں انہوں نے محمد مقیم نامی ایک تباہ و خستہ حال شخص کا ذکر کیا ہے جو اس زمانے میں (اپریل ۱۷۳۳ء میں) ہندوستان کے شہر سورت میں وارد ہوا اور اُس وقت کسی کو اس کا گمان بھی نہیں تھا کہ آگے چل کر وہ شخص ہندوستان کا وزیر اعظم بنے گا اور تاریخ میں صفدر جنگ کے نام سے شہرت حاصل کرے گا۔ اس کے بعد اس کی زندگی کی دیگر تفصیلات بیان کرتے ہوئے انہوں نے برہان الملک کی بیٹی صدر النساء سے اس کی شادی کا احوال بیان کیا ہے جس کے بعد صفدر جنگ کو اودھ کا نائب صوبیدار بنایا گیا اور محمد شاہ نے اس کو پہلے ابو المنصور کا خطاب دیا اور پھر صفدر جنگ کے خطاب سے نوازا۔ ۱۱۴۴ء میں اس کا بیٹا جلال الدین حیدر پیدا ہوا جو تاریخ میں شجاع الدولہ کے نام سے مشہور ہوا اور اودھ کا تیسرا نواب بنا۔

بعد ازاں صفدر جنگ کے خطوط کے حوالے سے ڈاکٹر انصاری صاحب نے فارسی میں اس کی بہترین صلاحیت کو اجاگر کیا ہے اور برہان الملک کی تربیت میں رہ کر اس کی بہترین طرز حکمرانی کی بھی مثالیں پیش کی ہیں۔ آگے چل کر مضمون نگار نے اس نکتہ کی بھی صراحت کی ہے کہ صفدر جنگ نے برہان الملک سے صرف طرز حکمرانی نہیں سیکھی تھی بلکہ علم و ادب کا ذوق اور شعراء کی سرپرستی بھی اس کی تربیت ہی کا نتیجہ تھا۔ چنانچہ ڈاکٹر عبد الغفار انصاری نے تقریباً ایک درجن ایسے شعراء کا نام لکھا ہے جو صفدر جنگ کے زیر سرپرستی شعر و ادب کی تخلیق میں مصروف تھے۔ ان میں خاص طور پر مرزا عظیما اکسیر قابل ذکر ہیں صفدر جنگ جس کی شاعری کا بیحد معترف اور مداح تھا اور اس کی عزت بھی کرتا تھا۔ اسی ذیل میں انہوں نے نامور تذکرہ نگار اور شاعر علی قلی خاں والہ داغستانی کا بھی ذکر کیا ہے جس سے صفدر جنگ کے گہرے تعلقات تھے اور اس کی شان میں اس نے قصیدہ بھی کہا تھا۔ والہ داغستانی نے صفدر جنگ سے اپنے مخلصانہ تعلقات کو اس کی موت کے بعد بھی نبھایا اور اس کے بیٹے شجاع الدولہ کی تخت نشینی میں بہت اہم کردار ادا کیا۔ ۱۷۵۱ء میں صفدر جنگ کے انتقال کے بیان اور اس کے مقبرہ کی تعمیر کے ذکر پر یہ مضمون ختم ہوتا ہے جو دہلی میں صفدر جنگ مقبرہ کے نام سے مشہور ہے جو ایک تاریخی یادگار بھی ہے اور اہم سیاحتی مقام بھی۔ عام طور پر ایران سے ہندوستان ہجرت کرنے والے مہاجر شعراء پر مضامین لکھے جاتے رہے ہیں، لیکن ایران سے ہجرت کرنے والی تاریخ کی ایک اہم سیاسی شخصیت کا شاید یہ اولین بیانیہ ہے جو اس کو امتیازی حیثیت عطا کرتا ہے۔

ان مضامین کے علاوہ بھی پروفیسر انصاری صاحب کے کئی اور مضامین کی اشاعت کی اطلاع ملتی ہے جو مختلف اوقات میں ایران و ہند کے مختلف رسائل کی زینت بنے۔ مثلاً 'مہاتما گاندھی و ایرانیان' (مطبوعہ مجلّہ دانشگاہ، بھاگلپور۔ ۱۹۷۰ء) 'شاعر ایرانی کہ عاشق ہند بود' (مطبوعہ مجلّہ ارمغان، تہران۔ ۱۳۵۶ھ ش) مولانا سید والہ

موسوی (مطبوعہ: ماہنامہ وحید تہران۔ رمضان ۱۳۹۸ھ) وغیرہ۔ افسوس کہ ان رسائل کے حصول میں مجھے کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔ لہذا صرف ان کے ذکر پر اکتفا کئے بغیر اور کوئی چارہ نہیں، جیسے ان کی دستیاب نہ ہونے والی کتابوں کے صرف نام پر اکتفا کیا گیا ہے۔ یہ کتابیں اور مقالات دستیاب ہو جاتے تو یقین ہے کہ ان کی علمی و ادبی شخصیت کے کچھ اور نئے جہانوں کی دریافت ہو سکتی تھی۔

منابع:

۱۔ گلچینی از دیوان آقا محمد کاظم والہ اصفہانی (بامقدمہ) گرد آورندہ: دکتر عبد الغفار انصاری۔ چاپخانہ۔ دی آزاد پریس، سبز بیاغ، پٹنہ۔ تاریخ چاپ۔ اکتبر ۱۹۷۶ء

۲۔ عہد محمد شاہی کے چند فارسی شعراء۔ مرتبہ: ڈاکٹر عبد الغفار انصاری۔ مطبع۔ دی آزاد پریس۔ سبز بیاغ، پٹنہ۔ سنہ اشاعت۔ ۱۹۷۷ء

۳۔ احوال و آثار و افکار آقا محمد کاظم والہ اصفہانی۔ مؤلف۔ ڈاکٹر عبد الغفار انصاری۔ تقسیم کار: نکھار پبلی کیشنز۔ مؤناتھ بھنجن (یوپی) پہلا ایڈیشن۔ مارچ ۱۹۸۵ء

۴۔ احوال و افکار و آثار علی قلی خاں والہ داغستانی۔ مرتب: ڈاکٹر عبد الغفار انصاری۔ تقسیم کار: نکھار پبلی کیشنز۔ مؤناتھ بھنجن (یوپی) پہلا ایڈیشن۔ جون ۱۹۸۳ء

۵۔ رسالہ برہان، دہلی۔ مدیر: سعید احمد اکبر آبادی۔ شمارہ ۵۔ نومبر ۱۹۷۸ء

۶۔ صراط مستقیم۔ مؤلف۔ ڈاکٹر عبد الغفار انصاری

۷۔ برگزیدہ اشعار مولانا سید محمد والہ موسوی (بامقدمہ) گرد آورندہ: دکتر عبد الغفار انصاری۔ اشاعت۔ ۱۹۸۲ء

۸۔ پاسداران زبان و ادبیات فارسی در ہند۔ تہیہ شدہ در مرکز تحقیقات زبان فارسی در ہند، دہلی نو۔ اشاعت۔ محرم الحرام۔ ۱۴۰۶ھ

۹۔ حضرت مولانا شہباز محمد دیوروی ثم بھاگلپوری۔ مرتبہ: ڈاکٹر عبد الغفار انصاری۔ ناشر: محمد معین دفتری۔ حبیب پور بھاگلپور۔ اشاعت۔ نومبر ۱۹۸۲ء

۱۰۔ حضرت مولانا محمد علی نرگوی ثم اکبر نگری۔ مرتب: ڈاکٹر عبد الغفار انصاری

۱۱۔ ستین شریف عربی مع اردو ترجمہ۔ تالیف: حضرت مولانا شہباز محمد بھاگلپوری۔ مرتب: ڈاکٹر عبد الغفار انصاری۔ ناشر: ابو ذر غفاری۔ تاتار پور بھاگلپور۔ دسمبر ۱۹۸۲ء

۱۲۔ رسالہ زبان و ادب، پٹنہ۔ مدیر: شین مظفر پوری۔ ناشر: بہار اردو اکادمی، پٹنہ۔ ستمبر ۱۹۷۹ء اور مئی ۱۹۸۰ء

۱۳۔ رسالہ زبان و ادب، پٹنہ۔ مدیر: محمد یونس۔ ناشر: بہار اردو اکادمی، پٹنہ۔ جولائی تا ستمبر ۱۹۸۳ء

۱۴۔ ماہنامہ فروغ اردو، لکھنؤ۔ مدیر: محمد حسین شمس علوی قاسمی کاکوروی۔ جون، ۱۹۷۷ء

۱۵۔ خدا بخش لائبریری جرنل، پٹنہ۔ مدیر: ڈاکٹر محمد ضیاء الدین انصاری۔ ناشر: خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ۔ نمبر ۱۳۰۔ اکتوبر۔ دسمبر ۲۰۰۲ء

☆☆☆

DABEER (An International Peer Reviewed Refereed Indexed & UGC Care Listed Journal) S.No. 28
Vol:-12, Issue:- 1 (JANUARY -MARCH 2025) ISSN :2394-5567

زیب النساء*

مثنوی بینش الابصار: ایک تحقیقی وتنقیدی جائزہ

فارسی ادب میں مثنوی ایک قدیم اور معتبر صنف ہے، جس نے علم، حکمت، اخلاقیات اور عرفان کی ترویج میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس سلسلے میں مثنوی بینش الابصار اپنی فصاحت، ادبی شگفتگی اور اخلاقی و روحانی مضامین کی بنا پر ممتاز ہے۔ یہ مثنوی نظامی گنجوی کی مثنوی مخزن الاسرار کی پیروی میں بحر سریع "مفتعلن مفتعلن مفتعلن مفتعلن" پر کہی گئی ہے اور اس میں شاعر نے مختلف موضوعات کو نہایت دلکش اور فصیح انداز میں بیان کیا ہے۔

بینش کشمیری، متخلص بینش، گیارہویں صدی ہجری/سترہویں صدی عیسوی کے معروف فارسی گو شاعر ہیں۔ ان کی شاعری اخلاقی، عرفانی اور سماجی موضوعات کے لحاظ سے نمایاں ہے اور یہ ادب کے طلبہ و محققین کے لیے مطالعہ و تحقیق کا اہم ذریعہ ہے۔ بینش کشمیری اصل میں ایرانی النسل تھے لیکن ان کی پرورش کشمیر میں ہوئی۔ ان کا اصل نام میر جعفر بیگ تھا اور بعض تذکروں میں ان کا نام محمد اسماعیل یا ملا اسماعیل بھی ذکر ہے۔ ابتدائی تعلیم مکمل کرنے کے بعد انہوں نے دہلی (شاہجہان آباد) کا سفر کیا، جہاں وہ دربار کے ادبی حلقوں میں شامل ہوئے اور دربار کے امراء کی مدح میں قصائد پیش کیے۔ زندگی کے آخری ایام میں واپس کشمیر آئے اور وہیں وفات پا گئے۔

بینش کشمیری کا زمانہ مغلیہ سلطنت کے ادبی و ثقافتی عروج کا دور تھا۔ اس زمانے میں فارسی زبان نے ہندوستان میں ادبی، علمی اور درباری ثقافت میں اہم مقام حاصل کیا تھا۔ فارسی شاعری اور درباری ماحول کا امتزاج ہند وایرانی ادب کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتا رہا۔ بینش کشمیری نے اس ماحول میں نہ صرف ادبی محافل میں حصہ لیا بلکہ اخلاقی و عرفانی مضامین کی ترویج بھی کی۔

بینش کشمیری کے ادبی رجحانات درج ذیل ہیں:-

اخلاقی و عرفانی مضامین: روحانی بیداری، خدا کی وحدانیت، انسانی اوصاف۔

سماجی اور درباری موضوعات: امراء کی مدح اور شہری زندگی کے رنگ۔

زبان و بیان کی خصوصیات: سادہ، روان اور دلنشین، جس سے کلام آج بھی آسان فہم اور دلکش ہے۔

بینش کشمیری کی ادبی خدمات:

بینش کشمیری نے فارسی ادب میں غزل اور مثنوی کے روایتی اسلوب کو برقرار رکھتے ہوئے اپنے کلام میں اخلاقی و عرفانی مضامین کو نمایاں کیا۔ ان کی اہم مثنویات درج ذیل ہیں:

MASNAWI BEENASH UL ABSAAR: EK TAHQIQI WA TANQIDI JAYEZA (Pg.No. 150 TO 154)
ZEBUNNISA, RESEARCH SCHOLAR
DEPARTMENT OF PERSIAN, ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY, ALIGARH (U.P.)

۱. بینش الابصار—وزن مخزن الاسرار، بادشاہ اورنگزیب کے نام منسوب

۲. گنج روان—اسکندر نامہ کی تقلید، دربار و امراء کی مدح

۳. گلدستہ—لیلی ومجنون کے مقابل، آفرینش عالم پر مشتمل

۴. شورِ خیال—بنارس کے دو عاشقوں کی داستان

۵. رشتۂ گوہر—اہلِ مازندران کی عشق کہانی

۶. جواہر خانہ—اورنگزیب کی مدح اور تبریز و بغداد کے مناظر

بینش کشمیری کے کلیات و دیوان کے نسخے موزہ برطانیہ، موزہ سالار جنگ، بانکی پور، اکیڈمی سلیمانوف اور تاشکند میں محفوظ ہیں، جو ان کے کلام کی ادبی اور تاریخی اہمیت کو ظاہر کرتے ہیں۔

مثنوی بینش الابصار: تنقیدی جائزہ

مثنوی بینش الابصار کو چار بنیادی حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

۱. آغاز حمدِ باری تعالیٰ: یہاں خدا کی قدرت، رحمت اور خالق ومخلوق کے تعلقات اجاگر کیے گئے ہیں

۲. خدا کی عظمت وحضور ﷺ کی منقبت: واقعہ معراج اور حضور اکرم ﷺ کی مناقب کا بیان شامل ہے۔

۳. انسانی اوصاف واخلاقی تعلیمات: محبت، صبر، سخاوت، عبادت، عاجزی اور قناعت جیسے اعلیٰ اوصاف پر روشنی ڈالی گئی ہے، اور دنیاوی حرص وہوس سے اجتناب کی تلقین کی گئی ہے۔

۴. دہلی وکشمیر کی تصویر کشی:

دہلی: علم، عدل، جمال، تہذیب اور روحانیت کا حسین امتزاج، شیخ نظام الدین اولیاء کی موجودگی اسے روحانی مرکز بناتی ہے۔

کشمیر: جنت نظیر وادی، باغات، جھرنے، پہاڑ اور خوشبوؤں سے بھرپور فطری حسن۔

''مثنوی بینش الابصار میں دہلی کی تعریف نہایت بلیغ انداز میں کی گئی ہے۔ بینش دہلی کو ایسا شہر قرار دیتے ہیں جہاں علم، عدل، جمال، تہذیب اور روحانیت ایک حسین امتزاج کی صورت میں جلوہ گر ہیں۔ دہلی کے لوگوں کو وہ فصیح، حسین، صاحبِ علم اور باکردار قرار دیتے ہیں۔ بینش کے نزدیک اس شہر کے بازاروں میں راست گوئی اور گھروں میں شرافت پائی جاتی ہے، جب کہ شیخ نظام الدین اولیاء جیسے بزرگوں کی موجودگی دہلی کو روحانی مرکز بناتی ہے۔ دہلی کو بینش نے اورنگ زیب کی سلطنت کا دل کہا ہے، جو اپنی ثقافت، حسن اور عدل کی بنا پر عالم میں ممتاز ہے۔ اسی طرح مثنوی میں کشمیر کی تصویر بھی دلنشین انداز میں سامنے آتی ہے۔ بینش کشمیر کو جنت نظیر وادی قرار دیتے ہیں جس کے باغات، گل لالہ، جھرنے، پہاڑ اور معطر ہوائیں حسنِ فطرت کی معراج ہیں۔ ان کے نزدیک کشمیر کی صبح تازگی سے لبریز، شام خوشبو سے معمور اور ہوائیں سکون وشادمانی کی پیامبر ہیں۔ کشمیر کو ایسا باغ قرار دیا ہے جہاں ہر پھول نغمہ سرا، ہر غنچہ عاشق اور ہر ہوا بوسہ زن محسوس ہوتی ہے۔ کشمیر ان کے نزدیک حسن وروحانیت کا مرکز ہے، جس کے مشاہدے سے آنکھ کو قرار اور دل کو سرور نصیب ہوتا ہے۔''

روحانی واخلاقی پیغام:

مثنوی ہر شعر میں علم، حکمت اور محبت کی خوشبو رکھتی ہے۔ اس کے اہم پیغامات یہ ہیں: روحانی بیداری اور خدا کی وحدانیت، نفس کی پاکیزگی اور اخلاقی زندگی، صبر، عاجزی اور قناعت، دنیاوی حرص وہوس سے اجتناب وغیرہ وغیرہ۔

بینش نے اپنی مثنوی کو ایک روشن چراغ اور قیمتی غنچہ کہا ہے جس کے ہر شعر سے علم، حکمت اور محبت کی خوشبو آتی ہے۔ وہ اس کلام کو اہلِ دل اور اہلِ علم کے لیے ایک بیش قیمت تحفہ سمجھتے ہیں اور حسد کرنے والوں کو یہ پیغام دیتے ہیں کہ دل سے جلنے والے چراغ کی روشنی ان کے لیے میسر نہیں۔ مثنوی بینش الابصار کا مرکزی پیغام روحانی بیداری ہے۔ بینش خدا کی وحدانیت، نفس کی پاکیزگی اور اخلاقی زندگی کی تلقین کرتے ہیں۔ وہ دنیا کی ناپائیداری اور فانی حیثیت کو اجاگر کرتے ہوئے دنیاوی لذتوں سے بے رغبتی اور آخرت کی کامیابی پر توجہ دینے کی نصیحت کرتے ہیں۔ صبر، عاجزی اور قناعت کو اعلیٰ اوصاف قرار دیتے ہوئے وہ یہ احساس دلاتے ہیں کہ دنیاوی حرص وہوس اور دولت کی اندھی دوڑ انسان کو اخلاقی زوال کی طرف لے جاتی ہے۔ ان تعلیمات سے بینش کشمیری کی صوفیانہ فکر اور عملی اخلاقیات سے وابستگی پوری طرح نمایاں ہے۔

یہ مثنوی محض ایک شعری تخلیق نہیں بلکہ ایک مکمل روحانی دستور العمل ہے جو دنیوی زندگی اور اخروی کامیابی کے درمیان توازن قائم کرنے کی تلقین کرتی ہے۔ بینش نے الٰہی محبت کو سب سے برتر محبت اور انسان کی حقیقی منزل قرار دیا ہے۔ انہوں نے خوبصورت زبان، موزوں بحر اور موثر تمثیلات کے ساتھ اخلاقی حکایات اور مثالیں پیش کی ہیں جو انسان کو متوازن اور نیک زندگی گزارنے کی ترغیب دیتی ہیں۔ مثنوی بینش ابصار کا مواد اور اسکے موضوعات فارسی مثنوی کی روایتی خصوصیات کا خوبصورتی سے ہم آہنگ ہے۔ مثلاً:

عرق پاك توای نور تن　　شبنم گل آب شود در چمن
نیست تراسایه اگر در حساب　　مایه دست تو بود آفتاب
سایه کجا نیر اعلی کجا　　هست تفاوت زکجا تا کجا
صبح ازل بخت نکوروی تو　　شام ابد سایه کیسوی تو
کرد ره تو چمن نه فلك　　خل قدای تو چو باغ فدك
حیرت نعت توام از یاد برد　　پرده مژگان مرا باد برد
هر که بود گوش بر آواز تو　　به شنود از حمد خدا را ز تو
واحد حق را با حد حد یکی است　　احمد و محمود و محمد یکی است

(مجموعہ مثنویات، بینش کشمیری، نسخہ خطی سالار جنگ میوزیم حیدرآباد، نمبر ۳۰۳۵، ص ۸، ۹)

مثنوی کی ساخت:

مثنوی کے موضوعات اور مناجات درج ذیل ہیں: - مناجات بدرگاہ واہب العطیات - نعت حضرت سید المرسلین ﷺ - صفت عشق، صبر، کرم، عبادت، فقر، عزلت، قناعت - تعریف دہلی اور کشمیر - خاتمہ ومناجات بدرگاہ رب العالمین۔ مثنوی بینش ابصار کے ابتدائی اشعار میں بینش نے جذباتی اور روحانی تجربات کو نظم کیا ہے۔ اس کے بعد مناجات پروردگار،

نعت،صفت لیلہ المعراج، پادشاہ وقت اورنگزیب کی مدح،اس کے بعد صفت عشق،صفت صبر،صفت کرم،صفت عبادت صفت فقر،صفت قناعت،عیب جویی،صفت محبت،صفت خاموشی کے احوال کونہایت دلکش انداز میں نظم کیا ہے اوران موضوعات کو تمثیلی انداز میں بیان کیا گیا ہے۔اس کے بعد کشمیر کی تعریف میں اشعار کہے ہیں اور پھر مثنوی کا خاتمہ لکھا ہے۔مثنوی کے شروع کے اشعار ضائع ہو چکے ہیں،لیکن جن اشعار سے یہ مثنوی شروع ہوتی ہے وہ نہایت ہی دلکش ہیں۔مثنوی کی ساخت،ترتیب اورموضوعات کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

۱۔مناجات بدرگاه واهب العطیات

۲۔نعت حضرت سید المرسلین وخاتم النبیین صلی الله علیه وسلم

۳۔ نعت سرور کاینات خلاصه موجودات علیه افضل الصلوات

٤ هردوسرا شفیع روز جزا محمد مصطفی صلی الله علیه وسلم

٥۔صفت لیلة المعراج

٦۔مدح زینت بخش تاج وسربر خاقان عالمگیر خلدالله ملکه

٧۔تعریف سخن که گوهر تابناك آفرینش انسان است

٨۔ستایش کلام معجزنظام باری تعالی اعظم شانه

٩۔صفت عشق

١٠۔صفت صبر

١١۔ صفت کرم

١٢۔صفت عبادت

١٣۔صفت فقر

١٤۔صفت کیندوری

١٥۔صفت عزلت

١٦۔صفت قناعت

١٧۔صفت عیب جوئی

١٨۔ صفت محبت

١٩۔ صفت خاموشی

٢٠۔صفت احوال

٢١۔تعریف دهلی

٢٢۔تعریف کشمیر جنت نظیر

۲۳۔خاتمہ

۲٤۔ مناجات بدر گاہ رب العالمین و غا فر المجرمین تقدست اسماہ

مثنوی بینش الابصار ایک ایسی مثنوی ہے جو اپنی انفرادیت اور ادبی شان سے نمایاں ہے جو مختلف موضوعات پر مبنی ہے۔ بینش کشمیری نے اس میں روحانیت، قدرت، انسانی رویّے اور زندگی کے سفر کی پیچیدگیوں کو خوبصورتی سے بیان کیا ہے۔ انہوں نے جذبات کو گہری اور دلکش تصویروں کے ذریعے پیش کیا ہے، جیسے قدرتی مناظر، آسمانی نشانیاں، اور ثقافتی علامتیں۔ ان کی شاعری میں جنت کی خوشبو، خوابوں کی دنیا، اور دلوں کے درد جیسے احساسات کو محسوس کیا جاسکتا ہے۔

بینش علم کی روشنی کی طرف رہنمائی کرتے ہیں، کہ علم حاصل کریں، عاجزی اختیار کریں، اور زندگی کی حقیقتوں کا سامنا کریں۔ چاہے وہ کسی عظیم شخصیت کی مدح ہو، صبر وسخاوت کی تعریف، یا محبت کی گہرائی، ہر شعر خود کی زندگی پر غور کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ اس مثنوی کا اختتام ہمیں سوچنے پر مجبور کرتا ہے، یہ خوبصورت تصویروں اور گہرے خیالات کے ذریعے انسانی تجربے کی خوبصورتی اور پیچیدگی کو اجاگر کرتی ہے۔ بینش کشمیری کی سادہ زبان اور نرم انداز انسان کو ایک روحانی اور فکری سفر پر لے جاتا ہے، جہاں زندگی کے گہرے راز کھلتے چلے جاتے ہیں۔

بینش کشمیری کا مقام واثرات:

بینش کشمیری فارسی ادب کے نمایاں شعراء میں شامل ہیں۔ انہوں نے نہ صرف نظامی گنجوی کی مثنوی روایت کو ہندوستانی ثقافت میں زندہ رکھا بلکہ اپنے اشعار میں فارسی زبان کی شستگی کے ساتھ ہندوستانی معاشرت کی خوشبو بھی پیش کی۔ ان کی شاعری نے اخلاقی، عرفانی اور انسانی اقدار کو فروغ دیا اور آج بھی مطالعہ کا اہم موضوع ہے۔

بینش کشمیری نے فارسی ادب میں نیا رنگ اور روح بھری۔ مثنوی بینش الابصار نہ صرف ادبی لحاظ سے ممتاز ہے بلکہ اس میں اخلاقی، روحانی اور انسانی تربیت کے مضامین بھی موجود ہیں۔ شاعر کی زندگی، ادبی خدمات اور مثنوی کے موضوعات ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ہیں، جو فارسی ادب کے طلبہ اور محققین کے لیے تحقیق اور مطالعہ کا بہترین ذریعہ ہیں۔

منابع وماخذ:

- مجموعہ مثنویات، بینش کشمیری، نسخہ خطی سالار جنگ میوزیم حیدر آباد، نمبر ۳۰۳۵،
- آذر بیگدلی، لطف علی۔ آتشکدہ، بمبئی، ۱۲۷۷ھ
- آرزو، علی خاں۔ مجمع النفائس، نسخہ عکسی، کتب خانہ مرکزی
- احمد، ظہور الدین۔ پاکستان میں فارسی ادب کی تاریخ
- احمد علی ہاشمی سندیلوی۔ مخزن الغرائب
- ٹیکو، جی۔ ایل۔ پارسی سرایان کشمیر
- خلیل، علی ابراہیم۔ صحف ابراہیم
- صفا، ذبیح اللہ۔ تاریخ ادبیات در ایران

☆☆☆

ISSN: 2394-5567 (UGC Care Listed) S. No. 28

بخواندم یکی مرد هندی دبیر   سخن گوی و گوینده و یادگیر

(فردوسی)

DABEER

(An International Peer Reviewed Refereed Quarterly Literary Research Journal for Persian Literature)

VOLUME: 12 ISSUE: 1

JANUARY – MARCH 2025

Editor

Ahmad Naved Yasir Azlan Hyder

Address: Dabeer Hasan Memorial Library

12, Choudhri Mohalla, Kakori,Lucknow,

U.P.-226101 (INDIA)

Email: dabeerpersian@rediffmail.com

Mob. No. 09410478973

Website: www.dabeerpersian.co.in

Review Committee

Dr. Syed Bashir Hasan, Department of History, AMU, Aligarh

Dr. Satya Prakash Tiwari, Department of Education, MU, Pindwara, Rajasthan

Dr. Aamir Riyaz, Department of Philosophy, AMU, Aligarh

Dr. Indu Bala, Department of History, MGGC, Tarn-Taran, Punjab

Dr. Abdul Aziz Khan, Department of Hifzane Sehat, Unani Medicine, AMU, Aligarh

Dr. Neha, Centre of Multidiisciplinary Studies and Research, SVSU, Meerut

Mr. Meraj Ahmad, School of Journalism &Mass Communication, MANUU, Hyderabad

Editorial Board

Dr. Pankoj Kanti Sarkar, Department of Philosophy, DTSKSM, West Bengal

Dr.Ruby Tabassum, Department of History, GDC, Haridwar

Dr. Rajesh Sarkar, Department of Sanskrit, BHU, Varanasi

Dr. Asma Kazmi, Department of Fine Arts, AMU, Aligarh

(Vaidya) Dr. Mrityunjay Dwivedi, Medical Officer (CH), PMCHS, U.P.

Dr. Rafe Akhlaq Ansari, Department of Ilaj Bittadbeer, ZVMCH, MUHS, Nashik

Dr. Rohma Javed Rasheed, Department of History & Culture, JMI, New Delhi

Dr. Zaid Ahmad Siddiqui, Department of Philosophy, AMU, Aligarh

Mr. Tariq Jameel Ansari, Sir Syed Academy, AMU, ALigarh

Dr. Md Ehtashamul Islam Khan, Ph.D. in English, Aligarh Muslim University, Aligarh

Co-Editor	Indexed in:
Dr. Mohammad Anash Dr. Mohd. Rashid Mrs. Zeha Khan	IIFS, RG, rekhta, School&CollegeListings

CONTENT

S. NO.	TITLE	AUTHOR	PG. NO.
1	ANALYTICAL STUDY OF DEVELOPMENT OF HIGHER EDUCATION IN POST INDEPENDENCE INDIA	DR. DEEPAK PANCHOLI / DR. SATYAPRAKASH TIWARI	5
2	ECONOMIC POLICIES OF THE ROHILKHAND DYNASTY	DR. NEHA	11
3	COMMON ELEMENTS IN THE POETRY OF MIRA BAI AND ZEBUNNISA	DR. QAISER AHMAD	19
4	EXPLANATION OF THE WORD TALENT FROM PHILOSOPHICAL AND PSYCHOLOGICAL POINT OF VIEW	DR. SATYAPRAKASH TIWARI	24
5	WRITING DEVOTION: JAHANARA'S RISALA-I-SAHIBIYA	ROHMA JAVED RASHID	35
6	A SIKH DIASPORA: NATION AND MIGRATION	DR. GEETANJALI	40
7	A STUDY ON DIMASA CULTURE: AN OVERVIEW	DR. DIPALEE HAFLONGBER	46
8	IMPORTANCE OF ETHICS IN EDUCATION: AN OBSERVATION	DR. PANKOJ KANTI SARKAR	51
9	SEBK-I-HINDI: THE ENDURING LEGACY AND FAR-SPANNING INFLUENCE OF A CROSS-CULTURAL LITERARY TRADITION	HASAN SAIYAF	59
10	WOMEN EDUCATION IN JAMMU AND KASHMIR FROM 1846-1931	AFROZ AHMAD PAREY	64
11	LADAKH: A TRADING ENTREPOT BETWEEN CENTRAL ASIA AND INDIA DURING THE DOGRA PERIOD	MUBARIK ALI / DR. SASHA	71
12	TRACING THE JEWISH ODYSSEY TO INDIA AND UNVEILLING THE BENE EPHRAIM COMMUNITY'S HISTORICAL AND CULTURAL TAPAESTRY IN ANDHRA PRADESH	RATNA SUCCESSENA JAPAN PULLA	88
13	THE CLASH OF SECULARISM AND ISLAMIC GOVERNANCE: CHALLENGES AND RESPONSES IN THE MUSLIM WORLD	MOHD SUALH	107
14	SHADOWS OF AFFICTION: NAVIGATING DISEASES IN PERSIAN LITERARY LANDSCAPE	PEERZADA OWAIS ADIL / NEELOFAR SHAFI / HAADIYAH CHISHTI	117
15	POSSIBILITY OF 'IDEAL STATE' AND 'PHILOSOPHER KING':	ALI AHMED / DR. SAMIKSHYA	125

	PLATO VERSUS POPPER	GOHAIN	
16	CHALLENGES RELATED TO THE PRESERVATION OF THE IMPORTANT HERITAGE OF INDIAN CULTURE IN RAMPUR	ARTI TRIPATHI	135
17	VERNACULAR LIBRARY TRADITION IN EARLY MODERN INDIA	AYUSH JAIWAL	143
18	ARCHITECTURE OF SWARNA KALEESWARAR TEMPLE AT KALAYARKOVIL – A STUDY	B. KANAGA / Dr. R Balaji	159
19	EVOLUTION OF MILITARY STRUCTURE IN THE DELHI SULTANATE	KSHITIJ	163
20	INTER-CONNECTION BETWEEN CONSCIOUSNESS AND INNATENES AFTER DESCARTES AND LOCKE WITH QURANIC PERSPECTIVE	MOHASINA KHATUN	171
21	COMMUNICATING POWER: THE EPISTOLARY TRADITION IN THE MUGHAL EMPIRE	NAZREEN	182
22	BENGALI PERIODICAL 'ANTAHPUR': PRECURSOR OF WOMEN AWARENESS IN EARLY 20TH CENTURY BENGAL	RAKHI DAS / DR. TUHINA ISLAM	195
23	BHAGAT SINGH AND HIS PERSPECTIVE ON CASTE SYSTEM	SAHIL / DR. SHEFALI CHAUHAN	202
24	ARCHITECTURAL LEGACY OF THE MADURAI NAYAK DYNASTY A SOUTH ASIAN PERSPECTIVE	SP. JEYASEELAN / DR. S. SARAVANAN	209
25	STUDY OF PLACE NAMES OF WESTERN ODISHA IN POST COLONIAL ERA: "A CASE STUDY ON AMBABHONA BLOCK OF BARGARH DISTRICT"	SUDHANSU SEKHAR PANDA	220
26	THE IRAN SOCIETY: PRESERVER OF PERSIAN HERITAGE IN KOLKATA	AMBREEN ALAMGIR	231
27	A DIACHRONIC STUDY OF LINGUISTIC PATTERNS IN IRANIAN CHILDREN'S LITERATURE	DR. MANDANA KOLAHDOZ MOHAMMADI	235

DR. DEEPAK PANCHOLI (1)

Associate Professor, Department of Education, Madhav University, Pindwara, Sirohi (Rajasthan)

DR. SATYAPRAKASH TIWARI

Associate Professor, Department of Education, Madhav University, Pindwara, Sirohi (Rajasthan)

ANALYTICAL STUDY OF DEVELOPMENT OF HIGHER EDUCATION IN POST INDEPENDENCE INDIA

Abstract: Education is a life-long process which brings about desired changes in the behavior of a person by increasing experiences. Education is the main source of development of any nation. Proper development of human resources is essential for the development of any country. The important task of development of human resources can be possible only through education. Higher education has an important place in terms of development of human resources. Education is the source of light which guides us in different spheres of life. Higher education is that form of education, which gives functional and temperamental specialty to man, that is, higher education orients man towards the uniqueness of life.

Preamble: Higher education provides the foundation for technological discovery and innovation. Supplies high quality skilled manpower to the economy. Modernity prevails in society through the outputs of the higher education system. It provides the basis for social leadership. It acts as a mantra in promoting universal values such as humanity, tolerance, international goodwill etc. Therefore, its importance and development cannot be denied.

Higher Education in Independent India:

In the constantly changing new social and political conditions of independent India, there was a need for such an education system which would provide a new direction to the youth so that they could give India a definite place in the world. With this objective in mind, the Government of India on 4 November 1948 appointed University Education Commission under the chairmanship of Dr.Sarvepalli Radhakrishnan. The main objectives of the Commission are to present a report on Indian University education and to suggest improvements and extensions which were desirable to meet the present and future needs of the country.

The main objectives of University Education Commission was:

- Creating citizens who make democracy successful,
- All round development of students,
- To build the spirit of national discipline, international understanding, spiritual development, justice, liberty, equality and fraternity;

- To produce youth who can assume leadership in the political, administrative and professional fields.
- To coordinate diverse types of knowledge among the students of the University and to provide opportunities for spiritual growth along with knowledge by giving opportunities and means for its achievement.
- Paying attention not only to the mental development but also to the physical development of the students. To create such personalities in India who are in politics, administration.
- To prepare such personalities in India who can represent healthfully in politics, administration, business, industry and commerce etc.
- To establish ideals of morality and good behavior in the youth of the universities and to develop qualities like character, personality and discipline.

The aim of the university is not only to impart book knowledge to the students but also to develop a completely new vision of continuous thinking, contemplation and investigation to the students here, which will not only help in the all-round development of that person but also helps in fulfilling the needs of the society and the nation and can develop such a consciousness in the youth which can equip them with all human qualities they can make real human beings[1]. If the University performs its duties properly, the welfare of the nation and the people can be achieved.

But at present, the purpose of universities has been reduced to mere book knowledge. The circumstances of the country have changed, but the objective of higher education which was set by the British to serve their selfish interests continues even after independence[2]. Even today, the purpose of an Indian graduate is limited to getting a degree and for that degree is no more than a certificate to appear in competitive examinations. Today's student joins graduating classes only for the purpose of holding a degree and not for the development of knowledge and personality.

Causes of progress in higher education:

1. In the beginning we had to import intellectual ideas, new technologies, etc. from abroad, we had to depend on them for our progress, so we had to leave dependence on others for our own progress. Higher education was needed for the development of its curriculum. For this approach, rapid progress was made in higher education. When someone develops new ideas, we need educated manpower for their implementation, as well as for planned economic development, we also need educated human resources. To meet this need, the progress of higher education was greatly affected.

2. Attention was paid to the progress of higher education to bring people who had been backward and downtrodden for many years or centuries into the mainstream of the country.

3. The increase in the rate of literacy with the universalization of primary education necessitated a greater number of secondary schools and similarly more number of higher educational institutions were required for imparting higher education to the students coming out of them. To fulfill this need, emphasis was laid on the progress of higher education.

Progress of Higher Education in Present India:

After independence, there was considerable progress in the Indian higher education system. In 1957, 2.1 lakh boys and girls were getting higher education in 20 universities and 500 colleges. At present, there are 40,760 colleges with 711 universities and university-level institutions in which 265.85 lakh boys and girls are getting higher education[3]. But even today, even after the opening of enough universities and the increase in the number of affiliated colleges, all the interested students are not able to get admission easily. The higher education system in India is best organized, deeply classified into various levels and mainly publicly controlled, dedicated and funded.

This elaborate system was dedicated almost entirely by the central and state governments until the 1980s. In 1990, 90 percent of public higher education was in India, 88 percent in Australia (1988), 89.40 percent in France (1984), and 90 percent in Norway (1987). But the rate of return of higher education is one per cent as compared to 25 per cent in the primary education. Therefore, it has now been termed as non-merit good. Due to scarcity of resources and increasing demand for resources in other sectors, India is unable to spend 60.6 per cent of its Gross National Product on education, which was stated in the Education Policy of 1964-65.

Privatization of higher Education:

Privatization refers to an area in which there is no involvement of the government. The opening of private higher education institutions by reducing the participation of the government in the field of higher education is called privatization of higher education. Privatization of higher education in India is essentially about reducing the government's economic share. We can divided the privatization of higher education in to four parts, which are as follows - Extreme Privatization - In this type of privatization, there is government intervention but very little. Strong Privatization- In this type of privatization of higher education, the management of higher education is public, but the entire money is arranged by private institutions (students' fees are others). Moderate Privatization- Under this, finance for higher education is arranged from other government sources. Pseudo Privatization – This means the management of higher education by private institutions at government expense.

Various policies and recommendations related to privatization of higher education:

The Radhakrishnan Commission (1948-49), while giving the responsibility of higher education to the government, said that financial assistance does not mean government interference in universities. In the Commission's own words, "Higher education is undoubtedly the responsibility of the government, but government aid should not be construed as government control over educational policies and programmes." Privatization was started by adopting it in letter and spirit. The National Policy on Education (1986) states, "To the extent possible, resources will be mobilized in the following various ways – collection of funds, taking help of local people, increasing fees at the higher education level and making better use of available resources[3]." This also encouraged privatization.

In 1991, a new economic policy was implemented, which led to the reduction of L.P.Q. System i.e. Licensing, Permit and Quota System has been replaced by L.P.Q. The system

i.e. liberalization, privatization and globalization system was adopted. After the implementation of this policy, It was argued that the government is unable to mobilize the huge amount required to improve the quality of education and to make higher education new information technology oriented and employment oriented. Therefore, there is a need to mobilize resources from other sources. In the budget speech in 1993, the then Finance Minister Dr. Manmohan Singh announced a number of inducements to encourage resources from private sources for higher education. Income tax exemption for such industries was increased from 50 percent to 100 percent. The International Commission on Education for the 21st Century in its report "Learning the Teaser with in 1996" said that it is not only fair but also desirable to raise money from private sources when the national budget is under considerable pressure.

In a report on "Expenditure on Education in Developing Countries" by the World Bank, it was said that in view of the lack of financial resources, parents should take a large part of the expenditure on education. In 1993 after the budget speech of the Finance Minister of India and encouraged by the liberalization process under the new industrial policy, the business class also started taking interest in higher education[4]. As a result, two members of the Economic Advisory Council to the Prime Minister, Mr.Mukesh Ambani and Mr.Kumar Mangalam Birla, in a report titled "A Policy, Framework for Reforms in Education" on April 24, 2000, strongly advocated for the removal of the government from the field of higher education and making higher education self-financed. In the opinion of this special study group, higher education benefits only a few special people rather than the general public, so the expenditure on this student should be borne by the student. The report advocates a market-based education system based on the principle of cost and benefit.

The government is also trying its best to position higher educational institutions as competitors in the business of education getting maximum economic benefits through self-financing courses. As a result, government institutions have also started selling funded degrees like coaching centers and private colleges.

In 2002 AD Regarding self-financing institutions and courses, Supreme Court said that "50 percent of the entire seats will be enrolled on the basis of merit and their fees will be exactly the same as the government educational institutions charge and the remaining 50 percent seats will be paid whose fees etc. will be higher than others[5]." The National Knowledge Commission (2005) headed by Sam Pitroda had stressed the need for private investment in education to promote higher education, and his proposal was strongly supported by reformists in the government, the commission had also suggested that private capital should be for attracting investment and not for profit.

The government should provide public resources, especially in the form of land clearance. The National Knowledge Commission had suggested increasing resources to provide financial assistance to universities. It also suggested universities to make profits from land to raise money. Universities should be given rules to use their land as a financial resource. The National Knowledge Commission says that the huge cost should be met by charging hefty fees from the students. At the same time, the higher education sector should be encouraged to have close linkages with industry. The National Knowledge Commission assessed that private investment in university teaching is almost negligible, while there is privatization in professional education.

Administration of Private Sector Tribunals:

According to the National Education Commission (1964-66) report, even today 33.2 percent of the institutions in the whole country are in the private sector. These include 70 percent institutions at pre-primary level, 22.2 percent at primary level, 27.11 percent at upper primary level, 79 percent special education, 69.2 percent at secondary level, 57.4 percent at vocational education level and 78.8 percent institutions at higher education level. Thus, the private sector is taking the lead in the field of pre-primary, secondary, vocational, higher education, specialized education.

Types of Private Education Tribunals:

